ں نصاب ی ریب برجہ سب بطفالون اورمنت سنہ ۱۹۰۶ء جبری کرایا گیا ہے۔ کوئی صاحب بلا اجازت تحریری شیخ احمد تاجر کتب لاہور نہ چھاپے

تلک آیات الکتاب المبین

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب ہدایت نصاب نافع ہر صبی و شیخ و شاب مسمّٰے بہ

کنوز الفرقان

بضبط

مصطلحات القرآن

از تالیفات مولوی وحید الزمان صاحب حیدرآبادی باہتمام شیخ احمد تاجر کتب و مالک مطبع احمدی لاہور

در مطبع احمدی واقع لاہور مطبوع گردید

کے کارخانہ میں ہر ایک قسم کی کتابیں ست کفایت سے مل سکتی ہیں۔ الشتہار ۱۱ شعبان ۱۳۲۳ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد از حمد و صلوٰۃ برادران مومنین اتباع سید المرسلین صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین کی خدمت بابرکت میں یہ التماس ہے کہ آج کل زمانہ جیسا پُرآشوب ہے وہ آپ کو بخوبی معلوم ہے بوجہ قرب قیامت و بعد زمانہ نبوت طرح طرح کے فتن اور فسادات پیدا ہو رہے ہیں۔ اُدھر سے مخالفین اسلام جو اتفاقات زمانہ سے برسر دولت و حکومت ہیں ہر وقت یہ کوشاں رہتے ہیں کہ جس طرح سے ہو سکے مسلمان اپنے قواعد اسلام کو نسیاً منسیاً کر ڈالیں۔ چونکہ دنیا کی طلب آجکل اکثر قلوب پر غالب ہے اسلیے عہد طفولیت سے ہی اُسی کے خیال میں، ساعی اور منہمک ہو کر تحصیل قرآن اور حدیث سے جن پر بنائے اصول ایمان ہے بالکل غافل رہتے ہیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ادنی سے ادنے مخالفین کے اوہام اور وساوس اُنکے دلوں میں بیٹھ جاتے ہیں اور اس دنیائے دنی کی فکر میں اپنی سعادت ابدی اور حیات سرمدی کو بالکل کھو بیٹھتے ہیں۔ اور بڑی وجہ آجکل تباہی ایمان اور شیوع تنصر اور دہریت اور الحاد کی یہی ہو رہی ہے کہ اطفال اہل اسلام ابتدائی نشو و نما و شروع تربیت اور تعلیم کے اصول ایمان سے غافل رکھے جاتے ہیں بلکہ علی الرغم اصول مخالفین کی تعلیم دیجاتی ہے اسکا سبب کچھ تو غفلت اور کاہلی اہل اسلام ہی کچھ حکومت اور شوکت مخالفین اسلام کچھ تنگی و ضیق و فقر و محتاجی اہل اسلام ہمارے زمانہ میں ملک ہند میں سو مسلمانوں میں ایک ہی کہاتا پیتا اور خوش اور محظوظ اور تونگر اور غنی نظر نہیں آتا پیٹ کی مار بُری ہوتی ہے پس اسکی فکر میں وہ یہی چاہتے ہیں کہ اُنکی اولاد کچھ کمانے کے لائق ہو جاوے اور بہت نہیں تو تھوڑی سی ہی بکدوشی اُنکو حاصل ہو اسلیے بچوں کو عقل آتے ہی وہ انگریزی مدرسوں میں داخل کر دیے جاتے ہیں جہاں بجائے اصول قرآنی کے اصول بائیبل سے ہر وقت اُنکے کان بھرے جاتے ہیں اور رفتہ رفتہ یہ مخالف خیالات اُنکے دلوں میں ایسے جم جاتے ہیں کہ سن رشد کو پہنچکر وہ یا تو دہری ہو جاتے ہیں یا نصرانی لاحول ولا قوۃ الا باللہ خیر مخالفین اسلام کا تو فتنہ تباہی تھا آج کل بعضے نام کے مسلمان ایسے پیدا ہو گئے ہیں جنکا وجود مسلمانوں کے حق میں آریہ اور برہمو سماج اور پادریوں سے بھی زیادہ سمّ قاتل ہے۔ یہ لوگ بظاہر اسلام کی ہمدردی اور خیر خواہی کا دم بھرتے ہیں اور پردہ مسلمانوں کی بیخ کنی اور بربادی چاہتے ہیں یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ایسے وقت میں ان فتنوں سے بچنے کی کوئی صورت اس سے بہتر نظر نہیں آتی کہ جہانتک ہو سکے قرآن پاک کے مضامین نہایت آسانی اور سہولت کے ساتھ مسلمانوں میں شائع کیے جائیں قرآن پاک میں تمام باتیں موجود ہیں توحید اور تہذیب اخلاق اور قصص اور تاریخی حالات مگر مشکل یہ ہے کہ قرآن پاک ایک مبسوط کتاب ہے اور دوسرے غیر مسلسل کیونکہ قرآن پاک بدفعات ۲۳ سال میں ہمارے سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا اسلیے ہر وقت جیسے جیسے ضرورت لاحق ہوتی گئی ویسے ہی حکام اترتے گئے توراۃ شریف کیطرح قرآن پاک مجموعہ کے طور پر نہیں اترا اور نہ ہر ایک قسم کے مضامین ضرور جداگانہ ابواب اور فصول میں بیان کیے جاتے اب موجودہ قرآن شریف کی تعلیم بغیر اسکے نہیں ہو سکتی کہ سارا قرآن شریف من اولہ الی آخرہ بچوں کو پڑھایا جاوے اور بوجہ قلت فرصت اور ضیق معاش کے نہ تو اطفال کے والدین کو اکثر موقع ملتا ہے اور نہ خود اطفال استقدر محنت و مشقت اپنے اوپر گوارا کرتے ہیں الا ماشاء اللہ اگر کسی بچہ نے دو تین پاروں کا ترجمہ سمجھکر بھی پڑھا تو بہت سے اہم اعتقادات اور اصول سے جنکا ذکر دوسرے پاروں میں ہے وہ غافل رہجاتا ہے فقیر نے اسوقت بخیال فائدہ رسانی اہل اسلام و صیانت و حفاظت اہل ایمان بالہام ربانی یہ قصد مصمم کیا کہ قرآن پاک کی ترتیب بطور ابواب کر دیجائے، اس طرح سے کہ پہلے اثبات باری تعالےٰ اور توحید اور صفات الٰہی کی آیتیں تمام ذکر کی جائیں پھر دوسرے عقائد کی پھر نبوت کی پھر احکام فقہی کی پھر

فہرست ابواب تبویب القرآن مع ضبط مضامین الفرقان

مقدمہ کتاب

اعتقادیات

۱	باب	خدا کا ثبوت
۲	باب	توحید کا بیان
۳	باب	شرک کا رد
۴	باب	اللہ کے نام اور صفات ثبوتی اور سلبی
۵	باب	اللہ کی تعریف اور ثناء
۶	باب	اللہ کی آزمائش
۷	باب	اللہ پر جھوٹ باندھنا
۸	باب	کفر کا عذاب
۹	باب	اللہ کی نعمتوں کا بیان
۱۰	باب	اللہ کی نشانیوں اور اگلی امتوں کی تباہی کا بیان
۱۱	باب	فرشتوں کا بیان
۱۲	باب	جن اور شیطان اور جادو اور کہانت کا بیان
۱۳	باب	تقدیر کا بیان
۱۴	باب	لوح محفوظ کا بیان
۱۵	باب	ایمان اور اسلام کا بیان
۱۶	باب	وحی اور پیغمبری کا ثبوت
۱۷	باب	پیغمبروں کی صفات اور نشانیاں دکھلانے سے اُن کا عجز
۱۸	باب	اللہ اور رسول کی اطاعت کا حکم
۱۹	باب	پیغمبروں کی تسلی اور تشفی
۲۰	باب	پیغمبروں کا بیان
۲۱	باب	قرآن کے صفات کا بیان
۲۲	باب	اوامر اور نواہی اور اخلاق کا بیان اور حضرت لقمان کا ذکر
۲۳	باب	علم کی فضیلت
۲۴	باب	قیامت اور حشر نشر حساب کتاب کا بیان -
۲۵	باب	مومنین اور محسنین اور متقین کے صفات اور انکے بہشتی ہونے کا بیان
۲۶	باب	اعراف کا بیان
۲۷	باب	جنت اور اسکی نعمتوں کا بیان
۲۸	باب	مشرک اور کفار کے صفات اور انکے دوزخی ہونے کا بیان
۲۹	باب	فاسقوں کا بیان
۳۰	باب	منافقوں کا بیان
۳۱	باب	دوزخ اور اسکی تکلیفوں کا بیان
۳۲	باب	مساجد اور قبلہ کا بیان

فقہ القرآن

۳۳	باب	طہارت کا بیان
۳۴	باب	نماز اور زکوٰۃ اور صدقہ کا بیان
۳۵	باب	روزہ اور اعتکاف اور شب قدر کا بیان
۳۶	باب	عمرہ اور حج اور طواف اور سعی اور احرام اور انکے متعلقات کا بیان
۳۷	باب	قرآن میں جو دعائیں مذکور ہیں
۳۸	باب	عورتوں اور آنحضرتؐ کے ازواج مطہرات اور پردے کا بیان -
۳۹	باب	یتیموں کا بیان
۴۰	باب	نکاح اور مہر اور زوجیت کے حقوق کا بیان
۴۱	باب	طلاق اور رجعت کا بیان
۴۲	باب	رضاع اور نفقہ کا بیان
۴۳	باب	لعان کا بیان
۴۴	باب	ظہار اور تبنی کا بیان
۴۵	باب	عدت کا بیان
۴۶	باب	خلع کا بیان
۴۷	باب	رہن اور بیع اور امانت کا بیان
۴۸	باب	سود کا بیان
۴۹	باب	قرض کا بیان
۵۰	باب	قسم کا بیان
۵۱	باب	حلال حرام کردہ کا بیان
۵۲	باب	گواہی کا بیان
۵۳	باب	حکم اور فیصلہ کا بیان
۵۴	باب	جہاد اور غزوہ اور ہجرت اور شہادت اور بیعت کا بیان
۵۵	باب	حدود اور قصاص اور قتل اور دیت کا بیان
۵۶	باب	وصیت کا بیان
۵۷	باب	ترکہ کا بیان

قصص القرآن

۵۸	باب	آدم اور ہابیل و قابیل اور ابلیس کا قصہ
۵۹	باب	حضرت موسیٰ اور ہارون اور قارون اور طالوت اور عزیر اور بنی اسرائیل اور اہل کتاب کے حالات اور صفات
۶۰	باب	حضرت یعقوب کا قصہ
۶۱	باب	حضرت عیسیٰ اور مریم اور زکریا اور یحییٰ کا ذکر اور نصاریٰ کا رد
۶۲	باب	حضرت داؤد اور سلیمان اور ہاروت و ماروت اور سبا کے حالات
۶۳	باب	حضرت ابراہیم اور اسمٰعیل اور کعبے کے حالات
۶۴	باب	حضرت نوح کے حالات
۶۵	باب	حضرت ہودؑ کے حالات اور قوم عاد کا بیان
۶۶	باب	حضرت صالحؑ کے حالات اور قوم ثمود کا بیان
۶۷	باب	حضرت لوطؑ کے حالات اور مؤتفکات کا بیان
۶۸	باب	حضرت شعیبؑ کے حالات
۶۹	باب	حضرت ایوبؑ کا قصہ
۷۰	باب	حضرت ادریسؑ کا ذکر
۷۱	باب	حضرت الیاسؑ کا ذکر
۷۲	باب	خندق والوں کا قصہ
۷۳	باب	اصحاب الفیل کا قصہ
۷۴	باب	حضرت یوسفؑ کا قصہ
۷۵	باب	حضرت یونسؑ کا قصہ
۷۶	باب	اصحاب الکہف کا ذکر
۷۷	باب	اصحاب القریہ کا قصہ
۷۸	باب	قصہ ذوالقرنین و یاجوج و ماجوج -

المتفرقات

۷۹	باب	دنیا کی مذمت آخرت کی تعریف کا بیان
۸۰	باب	تقلید کی مذمت کا بیان
۸۱	باب	بشارت اور خوشخبری کا بیان
۸۲	باب	ڈرانا اور تحذیر کا بیان
۸۳	باب	مغفرت اور توبہ اور استغفار کا بیان
۸۴	باب	شفاعت کا بیان
۸۵	باب	کوئی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائیگا
۸۶	باب	اعمال کا تولا جانا
۸۷	باب	جزا اور بدلے کا بیان
۸۸	باب	تکلیف اور مواخذے کا بیان
۸۹	باب	انتظار کرنے کا بیان
۹۰	باب	اولاد کو قتل کرنے کا بیان
۹۱	باب	کانا پھوسی اور سرگوشی کا بیان
۹۲	باب	گمان کا بیان
۹۳	باب	ناپ تول پورا کرنے کا بیان
۹۴	باب	نیکیوں کا دو چند سے چند ثواب ملنا اور برائی کا بدلا برابر
۹۵	باب	انسان کی فطرت اور طبیعت اور اس کی پیدائش کا بیان
۹۶	باب	ایک کا دوسرے سے مقابلہ اور مشابہت اور برابری اور ہمسری
۹۷	باب	اللہ پاک نے کن کن چیزوں کی قسم کھائی ہے اُن کا بیان
۹۸	باب	کہاوتوں اور مثلوں کا بیان
۹۹	باب	ابولہب کا حال
۱۰۰	باب	موت کا بیان
۱۰۱	باب	متفرق باتیں

قرآن مجید کی تمام ایکسو چودہ ۱۱۴ سورتوں کی نمبروار فہرست جسکے دیکھنے سے یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ ہر ایک سورت کا کون سا نمبر اور وہ کس کس پارے میں ہے

نام سورت	نمبر	پارہ
سورۂ فاتحہ	۱	۱
سورۂ بقرہ	۲	۱-۲-۳
سورۂ آل عمران	۳	۳-۴
سورۂ نسا	۴	۴-۵-۶
سورۂ مائدہ	۵	۶-۷
سورۂ انعام	۶	۷-۸
سورۂ اعراف	۷	۸-۹
سورۂ انفال	۸	۹-۱۰
سورۂ توبہ	۹	۱۰-۱۱
سورۂ یونس	۱۰	۱۱
سورہ ہود	۱۱	۱۱-۱۲
سورۂ یوسف	۱۲	۱۲-۱۳
سورۂ رعد	۱۳	۱۳
سورۂ ابراہیم	۱۴	۱۳
سورۂ حجر	۱۵	۱۳-۱۴
سورۂ نحل	۱۶	۱۴
سورۂ بنی اسرائیل	۱۷	۱۵
سورۂ کہف	۱۸	۱۵-۱۶
سورۂ مریم	۱۹	۱۶
سورۂ طٰہٰ	۲۰	۱۶
سورۂ انبیا	۲۱	۱۷
سورۂ حج	۲۲	۱۷
سورۂ مومنون	۲۳	۱۸
سورۂ نور	۲۴	۱۸
سورۂ فرقان	۲۵	۱۸-۱۹
سورۂ شعرا	۲۶	۱۹
سورۂ نمل	۲۷	۱۹-۲۰
سورۂ قصص	۲۸	۲۰
سورۂ عنکبوت	۲۹	۲۰-۲۱
سورۂ روم	۳۰	۲۱
سورۂ لقمان	۳۱	۲۱
سورۂ سجدہ	۳۲	۲۱
سورۂ احزاب	۳۳	۲۱
سورۂ سبا	۳۴	۲۲
سورۂ فاطر	۳۵	۲۲
سورۂ یٰسین	۳۶	۲۲-۲۳
سورۂ صافات	۳۷	۲۳
سورۂ ص	۳۸	۲۳
سورۂ زمر	۳۹	۲۳-۲۴
سورۂ مومن	۴۰	۲۴
سورۂ حم سجدہ	۴۱	۲۴-۲۵
سورۂ حم عسق	۴۲	۲۵
سورۂ زخرف	۴۳	۲۵
سورۂ دخان	۴۴	۲۵
سورۂ جاثیہ	۴۵	۲۵
سورۂ احقاف	۴۶	۲۶
سورۂ محمدؐ	۴۷	۲۶
سورۂ فتح	۴۸	۲۶
سورۂ حجرات	۴۹	۲۶
سورۂ ق	۵۰	۲۶
سورۂ ذاریات	۵۱	۲۶
سورۂ طور	۵۲	۲۷
سورۂ والنجم	۵۳	۲۷
سورۂ قمر	۵۴	۲۷
سورۂ رحمان	۵۵	۲۷
سورۂ واقعہ	۵۶	۲۷
سورۂ حدید	۵۷	۲۷
سورۂ مجادلہ	۵۸	۲۸
سورۂ حشر	۵۹	۲۸
سورۂ ممتحنہ	۶۰	۲۸
سورۂ صف	۶۱	۲۸
سورۂ جمعہ	۶۲	۲۸
سورۂ منافقون	۶۳	۲۸
سورۂ تغابن	۶۴	۲۸
سورۂ طلاق	۶۵	۲۸
سورۂ تحریم	۶۶	۲۸
سورۂ ملک	۶۷	۲۹
سورۂ نون	۶۸	۲۹
سورۂ حاقہ	۶۹	۲۹
سورۂ معارج	۷۰	۲۹
سورۂ نوح	۷۱	۲۹
سورۂ جن	۷۲	۲۹
سورۂ مزمل	۷۳	۲۹
سورۂ مدثر	۷۴	۲۹
سورۂ قیامہ	۷۵	۲۹
سورۂ دہر	۷۶	۲۹
سورۂ المرسلات	۷۷	۲۹
سورۂ نبا	۷۸	۳۰
سورۂ والنازعات	۷۹	″
سورۂ عبس	۸۰	″
سورۂ کورت	۸۱	″
سورۂ انفطر	۸۲	″
سورۂ مطففین	۸۳	″
سورۂ انشقت	۸۴	″
سورۂ بروج	۸۵	″
سورۂ طارق	۸۶	″
سورۂ اعلیٰ	۸۷	″
سورۂ غاشیہ	۸۸	″
سورۂ فجر	۸۹	″
سورۂ بلد	۹۰	″
سورۂ والشمس	۹۱	″
سورۂ واللیل	۹۲	″
سورۂ والضحیٰ	۹۳	″
سورۂ الم نشرح	۹۴	″
سورۂ والتین	۹۵	″
سورۂ اقرا	۹۶	۳۰
سورۂ قدر	۹۷	″
سورۂ لم یکن	۹۸	″
سورۂ زلزال	۹۹	″
سورۂ والعادیات	۱۰۰	″
سورۂ قارعہ	۱۰۱	″
سورۂ تکاثر	۱۰۲	″
سورۂ عصر	۱۰۳	″
سورۂ ہمزہ	۱۰۴	″
سورۂ فیل	۱۰۵	″
سورۂ قریش	۱۰۶	″
سورۂ ماعون	۱۰۷	″
سورۂ کوثر	۱۰۸	″
سورۂ کافرون	۱۰۹	″
سورۂ نصر	۱۱۰	″
سورۂ لہب	۱۱۱	″
سورۂ اخلاص	۱۱۲	″
سورۂ فلق	۱۱۳	″
سورۂ ناس	۱۱۴	″

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اثبات الٰہ — خدا کا ثبوت

پارہ	سورت	رکوع		
۱	البقرۃ ۲	۳	كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ وَكُنْتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝ هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝	تم خدا کو کیسے نہیں مانتے پہلے تم میں جان نہ تھی پھر تم میں جان ڈالی پھر تم کو مار ڈالے گا پھر تم کو جلائیگا پھر تم کو اُسی کے پاس جانا ہے وہی خدا ہے جس نے تمہارے لیئے سب کچھ جو زمین میں ہے بنایا پھر آسمان کی طرف چڑھ گیا اور سات آسمان ہموار بنائے اور وہ ہر چیز کو جانتا ہے۔
۷	الانعام ۶	۱	هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ثُمَّ قَضَىٰ أَجَلًا ۖ وَأَجَلٌ مُسَمًّى عِنْدَهُ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُونَ ۝	اُسی خدا نے تم کو مٹی سے بنایا پھر میعاد ٹھہرا دی اور ایک (دوسرا) وعدہ ٹھہرا رکھا ہے اُسکے پاس پھر بھی تم (اسکی قدرت میں) شک کرتے ہو
۷	الانعام ۶	۹	وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ	اور وہی خدا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو درستی کے ساتھ پیدا کیا
۷	الانعام ۶	۱۲	وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُوا بِهَا فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي أَنْشَأَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَمُسْتَوْدَعٌ ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَفْقَهُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَأَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُتَرَاكِبًا وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَجَنَّاتٍ مِنْ أَعْنَابٍ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۗ انْظُرُوا إِلَىٰ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَيَنْعِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكُمْ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝	اور اُسی (خدا) نے تمہارے لیئے تارے بنائے کہ جنگل اور دریا کے اندھیروں میں (رات کو) اُنسے راہ کا پتا لگاؤ جو لوگ علم رکھتے ہیں انکے لیئے ہمنے کھولکر نشانیاں بیان کردی ہیں۔ اور اُسی (خدا) نے تمکو ایک جان سے پیدا کیا پھر (تمہارے لیئے) ایک ٹھہرنے کی جگہ ہے اور ایک سونپے جانے کی جو لوگ سمجھ رکھتے ہیں اُنکے لیئے ہمنے کھولکر نشانیاں بیان کردی ہیں۔ اور اُسی (خدا) نے آسمان سے پانی برسایا پھر اُسی پانی سے ہمنے ہر چیز کے مولکے نکالے پھر اُس میں ہری ہری پلیں نکالیں (شاخیں) اُنسے ہم گتھے ہوئے (جڑے ہوئے) دانے نکالتے ہیں اور کھجور کے گابھے میں سے گچھے (زمین پر) لٹکے ہوئے (یا جھکے ہوئے) اور انگور کے باغ اور زیتون اور انار جو ایک دوسرے سے (صورت میں) ملتے ہیں اور (مزے میں) نہیں ملتے ان چیزوں کے پھل دیکھو جب یہ پھلیں اور اُنکا پکنا دیکھو بے شک ان چیزوں میں ایمان والوں کے لیئے نشانیاں ہیں۔
۸	الانعام ۶	۱۷	وَهُوَ الَّذِي أَنْشَأَ جَنَّاتٍ مَعْرُوشَاتٍ وَغَيْرَ مَعْرُوشَاتٍ وَالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا أُكُلُهُ	اور وہی خدا ہے جس نے باغ پیدا کیے چھتریوں پر چڑھے ہوئے اور بے چڑھے ہوئے اور کھجور کے درخت اور کھیت (اناج کے) جنکے پھل طرح طرح کے

قصص اور امثال کی پھر اخلاق کی پھر دوسرے متفرق ابواب کی اس طرح پر قرآن پاک کے مرتب ہوجانے سے یہ فائدہ متصور ہے کہ کم سن بچے اگر شروع کے دو تین باب ہی سمجھ کر پڑھ لینگے تو اُنکے عقائد درست اور مستحکم ہوجائینگے اور مخالفین کے مغویانہ خیالات سے وہ محفوظ اور مصون رہینگے بحول اللہ وقوتہ وہو علی کل شی قدیر **دوسرا فائدہ** اس میں یہ ہے کہ علماء اور واعظین جس آیت کی تفسیر دیکھنا چاہینگے وہ آیت آسانی سے اُنکو تفسیر کی کتابوں میں ملجائے گی کیونکہ ہر آیت اپنے متعلقہ باب میں لکھی گئی ہے اور اُسکے شروع میں پارہ رکوع اور سورت کا نمبر دیدیا گیا ہے۔ **تیسرا فائدہ** اس میں یہ ہے کہ مخالفین اسلام کے مقابلہ اور مناظرہ میں ہر طرح کے مضامین قرآن پاک سے بآسانی بتائے جاسکتے ہیں میرے ایک دوست کہتے تھے کہ ایک پادری نے اُن سے کہا کہ تمہارے قرآن میں اخلاق کی آیتیں بہت ہی کم ہیں میں اُسکو سر دست قائل نہ کرسکا چونکہ اخلاق کے متعلق مجھ کو ایک یا دو ہی آیتیں اُسوقت مستحضر تھیں **چوتھا فائدہ** یہ ہے کہ وہ مسائل جو قرآن پاک میں منصوص ہیں اور جنکے خلاف کسی کا قول قابل تسلیم نہیں ہوسکتا ہر ایک شخص کو بآسانی مستحضر رہینگے اور وہ جھوٹے ہمدردان اہل اسلام کو جو منافق صفت ہیں آسانی کے ساتھ الزام دے سکیگا بہرحال اگرچہ یہ امر ایک نیا امر ہے جو آجتک مسلمانوں میں کسی نے نہیں کیا مگر چونکہ میری نیت بخیر ہے اور انما الاعمال بالنیات اسلیے میں یہ کہتا ہوں فی ذلک عاقبۃ محمودۃ وغایۃ مسعودۃ ان شاء اللہ تعالی وہو حسبی ونعم الوکیل **فائدہ** اس طرح پر مرتب قرآن مجید کا نام میں نے **تبویب القرآن** رکھا ہے جو اسم بامسمّٰی ہے تبویب کی صورت یہ ہے کہ ہر ایک قسم مضمون کے لیے ایک جداگانہ باب قرار دیا ہے اور ساری قرآن پاک کو من اولہ الی آخرہ مطالعہ کرکے اُس قسم کی آیتوں کو اُسی کے متعلق باب میں ذکر کیا ہے آیت شریفہ کے آخری الحاقات کا جیسے ان اللہ علی کل شئ قدیر یا وہو السمیع العلیم وغیرہ کا لحاظ نہیں کیا کیونکہ ایسا کرنے سے پھر بالکل تبویب ناممکن ہوجاتی بلکہ ہر آیت شریفہ کے اصل مضمون مابہ المقصود پر لحاظ کرکے اُسکو متعلقہ باب میں مندرج کیا ہے اور مزید آسانی کے لیے آیت کے شروع میں نمبر سورت اور نمبر رکوع کا اشارہ ہندسوں میں کردیا ہے۔ ہر ایک سورت کے سورہ فاتحہ سے لیکر سورۂ ناس تک مسلسل نمبر ڈالے گئے ہیں جنکی تعداد ۱۱۴ ہے اگر کئی آیات متصلاً ایک ہی مضمون کی وارد ہیں تو اُن سب کو ایک ہی جگہ بہ ترتیب قرآنی لکھ کر اُنکے اول میں سورت اور رکوع کا نمبر تحریر کردیا ہے اگر کسی آیت میں دو اہم مطلب مذکور ہیں تو تکمیل فائدے کیلئے اُس آیت کو مکرر دو یا تین بابوں میں بھی ذکر کیا ہے مگر ایسے اتفاقات بہت کم ہوئے ہیں پس درحقیقت یہ تبویب القرآن سارے قرآن پر مشتمل ہی مع شیئے زائد اور اگرچہ یہ ممکن تھا کہ تحسین عبارت اور تلخیص مضمون کے لیے میں بعضے قصص میں سے آیات مکررہ حذف کردیتا مگر اس قسم کا تصرف کلام الٰہی میں سوء ادب خیال کیا گیا اور مصلحت دینی اور شرعی کے بھی خلاف سمجھا گیا اسلیے مکررہ آیتوں کو اپنے حال پر بحال رکھا گیا اور گو بحیثیت اجتماعی ان آیات کی تکرار بادی النظر میں خلاف فصاحت معلوم ہوتی ہے مگر صرف اس لحاظ سے کہ تبویب القرآن کی غایۃ اور غرض دوسری ہی ہے یہ تکرار کچھ مضر نہ سمجھی گئی یعنی تبویب القرآن سے یہ مقصود نہیں کہ لوگ اسکی تلاوت کریں۔ تلاوت اور قرارت کے لیے تو اصل قرآن موجود ہے اُسی کا دور رکھیں صرف مضامین کے انضباط اور تعلیم اطفال خورد سال اور ضرورت کے وقت ہر مضمون کے استخراج کے لیے یہ تبویب القرآن بنائی گئی ہے۔ اور اس میں کوئی شرعی قباحت نہیں ہے بلکہ جب میری نیت اس محنت اور جانفشانی سے بخیر ہے تو میں ہر طرح اس کے اجر اور ثواب کا امیدوار ہوں۔ ولن یترکم اعمالکم اور ان اللہ لا یضیع عمل عامل منکم الآیہ +

خاکسار وحید الزمان عفا اللہ عنہ

۱۱	یونس	۳	۱۱ هُوَ الَّذِیْ یُسَیِّرُکُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ حَتّٰۤی اِذَا کُنْتُمْ فِی الْفُلْکِ ۚ وَجَرَیْنَ بِهِمْ بِرِیْحٍ طَیِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِیْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ وَّظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ اُحِیْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۚ لَئِنْ اَنْجَیْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الشّٰکِرِیْنَ ۝ فَلَمَّاۤ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ یَبْغُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ ؕ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْیُکُمْ عَلٰۤی اَنْفُسِکُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۫ ثُمَّ اِلَیْنَا مَرْجِعُکُمْ فَنُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝	۱۱ وہی خدا ہے جو خشکی اور تری (زمین اور پانی) میں تم کو لیے پھرتا ہے یہاں تک کہ جب تم کشتیوں میں ہوتے ہو اور موافق ہوا سے وہ لوگوں کو لے کر چلتی ہیں اور لوگ اُسپر خوش ہو جاتے ہیں (ایکبارگی) زور کی آندھی چلنے لگتی ہے اور ہر طرف سے پانی کی لہر اُنپر آپہونچتی ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ اب (بلا میں) گھر گئے بس (اُس وقت) خالص خدا ہی کو مانکر اُس سے دعا کرنے لگتے ہیں (اے خدا) اگر تو ہمکو اس بلا سے چھوڑا دے تو بیشک ہم (تیرے) شکرگذار ہونگے۔ پھر جب خدا انکو (اس مصیبت سے) چھوڑا دیتا ہے تو ملک میں ناحق کی شرارت کرنے لگتے ہیں لوگو تمہاری شرارت کا وبال خود تمہاری جان پر پڑیگا یہ دنیا کی زندگی کا (چند روزہ) مزہ ہے پھر (آخر) تمکو ہمارے پاس لوٹکر آنا ہے ہم تم کو جو تم کرتے تھے (اُسکی سزا دیکر) جتلا دینگے۔
۱۱	یونس	۴	۱۲ قُلْ مَنْ یَّرْزُقُکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ یَّمْلِکُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ یُّخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَمَنْ یُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَیَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ فَذٰلِکُمُ اللّٰهُ رَبُّکُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۖ فَاَنّٰی تُصْرَفُوْنَ ۝ کَذٰلِکَ حَقَّتْ کَلِمَتُ رَبِّکَ عَلَی الَّذِیْنَ فَسَقُوْۤا اَنَّهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝	۱۲ پوچھ تو سہی تم کو آسمان اور زمین میں کون روزی دیتا ہے اور (تمہارے) کانوں اور آنکھوں کا کون مالک ہے اور مردہ سے زندہ اور زندہ سے مردہ کون نکالتا ہے اور (دنیا کے) کاموں کو کون چلاتا ہے تو ضرور کہینگے کہ اللہ پھر تو یہہ کہا اچھا تو پھر تم شرک سے کیوں نہیں بچتے یہی تو اللہ تمہارا سچا مالک اور سچ بات معلوم ہو جانے پر اسکو نہ ماننا گمراہی نہیں تو پھر کیا ہے تم کدھر پھرے جا رہے ہو (اے پیغمبر) اسیطرح تیرے مالک کا فرمانا ان گنہگاروں پر پورا ہوا کہ وہ ایمان لانے والے نہیں۔
۱۱	یونس	۷	۱۳ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الَّیْلَ لِتَسْکُنُوْا فِیْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ۝	۱۳ خدا وہی ہے جس نے رات کو اسلیئے بنایا کہ تم اسمیں آرام کرو اور دن کو اسلیئے کہ دیکھو بھالو اسمیں سننے والوں کے لیے البتہ نشانیاں ہیں۔
۱۲	ہود	۱	۱۴ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ وَّکَانَ عَرْشُهٗ عَلَی الْمَآءِ لِیَبْلُوَکُمْ اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّکُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ لَیَقُوْلَنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝	۱۴ اور وہی خدا ہے جس نے چھہ دن میں آسمان اور زمین بنائے اور اُسکا تخت پانی پر تھا کہ تم کو آزمائے کون تم میں اچھے کام کرتا ہے اور (اے پیغمبر) اگر تو (ان کافروں سے) کہے تم بے شک مرنے کے بعد جی اٹھوگے تو وہ کافر ضرور کہینگے یہہ (تمہاری بات) تو ایک کھلے جادو کی طرح ہے اور بس۔
۱۳	الرعد	۱	۱۵ اَللّٰهُ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ کُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّکُمْ بِلِقَآءِ رَبِّکُمْ تُوْقِنُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ	۱۵ اللہ تعالیٰ وہ (قدرت والا) ہے جس نے آسمانوں کو بے سہارے اونچا (کھڑا) کیا تم دیکھ رہے ہو پھر عرش پر چڑھا اور چاند اور سورج کو کام پر لگایا ہر ایک ایک ٹھہری ہوئی مدت تک چل رہا ہے سارے جہان کا انتظام کرتا ہے اپنی (قدرت کی) نشانیاں تفصیل کے ساتھ بیان کرتا ہے اسلیے کہ تم کو اپنے مالک سے ملنے کا یقین ہو اور اسی خدا نے زمین کو پھیلایا

پارہ	سورت	رکوع		
۸	الانعام ۶	۱۷ (۱۶)	وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۚ كُلُوا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۚ وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ۚ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۚ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۚ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ	اور زیتون اور انار جو (دیکھنے مین) ایکدوسرے سے ملتے ہین اور (مزے مین) نہین ملتے اور چوپائے جانورون مین سے اُسنے بوجھ لادنے والے اور زمین سے لگے ہوئے پیدا کیے (لوگو) خدا نے جو تم کو رزق دیا اسمین سے کھاؤ اور شیطان کے قدمونپر مت چلو کیونکہ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے نر مادہ ملاکر آٹھ قسم ہین (یعنے چار جوڑی) دو بھیڑ مین (نر اور مادہ) اور دو بکری مین (نر اور مادہ) (اے پیغمبر) کہدے کیا خدا نے دونو نرون کو حرام کیا ہے یا دونو مادون کو (بھیڑ اور بکری کو) یا اُن دونو مادون کو پیٹ مین جو (بچہ) ہے اسکو اگر تم سچے ہو تو مجھ کو سند کے ساتھ بتاؤ اور اونٹ مین سے دو (نر اور مادہ) اور گائے مین سے دو (نر اور مادہ) (اے پیغمبر) کہدے کیا خدا نے دونو نرونکو حرام کیا ہے یا دونو مادون کو یا دونو مادون کے پیٹ مین جو (بچہ) ہے اسکو کیا تم اُس وقت حاضر تھے جس وقت اللہ نے اسکا حکم دیا۔
۸	انعام	۲۰	وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ ۚ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝	اور وہی خدا ہے جس نے تم کو زمین مین نائب بنایا اور تم مین سے ایک کے درجے دوسرے پر بلند کیے اسلیے کہ تم کو جو دیا ہے اسمین تمکو آزمائے بے شک تیرا مالک جلد سزا دینے والا ہے اور (اُسکے ساتھ ہی) بخشنے والا مہربان (بھی) ہے۔
۸	الاعراف	۷	وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۚ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ۚ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝	اور وہی خدا ہے جو مینہ سے پہلے ہواؤن کو بھیجتا ہے وہ خوشخبری دیتی ہین یہان تک کہ جب ہوائین بوجھل بادل کو لاد لاتی ہین تو ہم اُسکو مری (اجاڑ سوکھی) بستی کی طرف ہانک لے جاتی ہین پھر وہان پانی برساتی ہین پھر پانی سے ہر قسم کے پھل اگاتی ہین اسی طرح ہم مردون کو بھی (زمین سے) نکالین گے تاکہ تم سوچو اور جس بستی کی مٹی اچھی ہے وہان خدا کے حکم سے پیداوار (بھی اچھی) ہوتی ہے اور جسکی مٹی خراب ہے وہان پیداوار نہین ہوتی مگر مشکل سے ہم اسی طرح پھیر پھیر کر اپنی نشانیان اُن لوگون کے لیے بیان کرتے ہین جو شکرگذار ہین۔
۹	الاعراف	۲۴	هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ	اور وہی ہے جس نے تم کو ایک جان (آدم) سے پیدا کیا اور اُسی سے اُسکا جوڑا نکالا تاکہ اُسکا دل اُس سے لگ جائے۔
۱۱	یونس	۱	هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۚ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝	وہی خدا ہے جس نے سورج کو (خود) چمکتا بنایا اور چاند کو (سورج سے) روشن (کیا) اور چاند کی منزلین مقرر کین اس لیے کہ تم سالون کا شمار اور حساب کرو اللہ نے یہ سب حکمت ہی کے ساتھ بنایا ہے وہ سمجھنے والون کو لیئے اپنی قدرت کی) نشانیان بیان کرتا ہے۔ بے شک جو لوگ خدا سے ڈرتے ہین انکے لیے رات اور دن کے آگے پیچھے آنے جانے مین اور اللہ نے جو چیزین آسمان اور زمین مین بنائی ہین اُن مین نشانیان ہین۔

۱۵	بنی اسرائیل	۷	رَبُّكُمُ الَّذِي يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ۝	(لوگو) تمہارا مالک وہ ہے جو سمندر میں تمہارے لئے جہاز چلاتا ہے اسلیے کہ تم اسکا فضل چاہو بے شک وہ تم پہ مہربان ہے
۱۷	الانبیاء	۳	وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ۝	اور وہی (خدا) ہے جس نے رات اور دن بنائے اور سورج اور چاند (اور تارے) ہر ایک (اپنے) ایک آسمان میں تیر رہے ہیں۔
۱۷	الحج	۹	وَهُوَ الَّذِي أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۗ إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ ۝	اور اُسی نے (پہلی بار جب تم بے جان تھے) تم کو جلایا پھر تم کو مار ڈالیگا (پھر حشر کے دن) تم کو جلائیگا بے شک آدمی بڑا ناشکرا ہے
۱۸	المؤمنون	۵	وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۖ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝	اور وہی (خدا) ہے جس نے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تم (ان نعمتوں کا) بہت کم شکر کرتے ہو۔ اور وہی (خدا) ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلایا اور اُسی کے پاس (قیامت کے دن) اکٹھا کیے جاؤ گے۔ اور وہی (خدا) ہے جو (ہر جاندار کو) جلاتا ہے اور مارتا ہے اور رات دن کا ایر پھیر بھی وہی کرتا ہے کیا تم کو عقل نہیں۔
۱۹	الفرقان	۵	وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا وَالنَّوْمَ سُبَاتًا وَجَعَلَ النَّهَارَ نُشُورًا ۝ وَهُوَ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۖ وَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا ۝ لِّنُحْيِيَ بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا وَنُسْقِيَهُ مِمَّا خَلَقْنَا أَنْعَامًا وَأَنَاسِيَّ كَثِيرًا ۝	اور وہی خدا ہے جس نے رات کو تمہارا اوڑھنا (پردہ) اور نیند کو آرام بنایا اور دن کو جی اٹھنا بنایا اور وہی خدا ہے جس نے اپنی رحمت (اترنے) سے (یعنے پانی برسنے سے پہلے اُسکی خوشخبری دینے کے لیئے ہواؤں کو بھیجا اور ہم نے آسمان سے پاک کرنے والا پانی بھیجا اس لیئے کہ ہم اُسکی وجہ سے مری ہوئی بستی کو زندہ کریں اور اپنی خلقت میں سے بہت سے جانوروں اور آدمیوں کو پلائیں۔
۱۹	الفرقان	۵	وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هَٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهَٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَحِجْرًا مَّحْجُورًا ۝ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ۝	اور وہی خدا ہے جس نے دو دریاؤں کو ملا کر بہایا ایک تو میٹھا ہے خوشگوار اور دوسرا کھاری بہت کھاری (یا کڑوا) اور دونوں کے بیچ میں (ظاہری یا اپنی قدرت کی) ایک آڑ اور مضبوط روک بنائی۔ اور وہی خدا ہے جس نے پانی (نطفے) سے آدمی کو بنایا پھر خون اور دامادی کا رشتہ اُسکے لیئے قائم کیا اور
۱۹	الفرقان	۶	وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ أَرَادَ أَن يَذَّكَّرَ أَوْ أَرَادَ شُكُورًا ۝	اور وہی خدا ہے جس نے اُس شخص کے لیئے جو (خدا کی قدرتوں میں) غور کرنا چاہتا ہے (یا اُسکی نعمتوں کا) شکر کرنا چاہتا ہے رات اور دن کو ایک کے پیچھے ایک آتے جاتے بنایا
۲۱	الروم	۳	وَهُوَ الَّذِي يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ ۚ وَلَهُ الْمَثَلُ الْأَعْلَىٰ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝	اور وہی خدا ہے جو شروع میں پیدا کرتا ہے ..... پھر دوبارہ پیدا کریگا اور دوبارہ بنانا اُسپر (پہلی بار بنانے سے) زیادہ آسان ہے اور جو بات آسمان اور زمین میں سب سے بڑھ چڑھ کر ہے وہ اُسمیں موجود ہے اور وہ زبردست ہے حکمت والا
۲۲	الاحزاب	۶	هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا ۝	وہی خدا ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اسکے فرشتے (تمہارے لیئے دعا کرتے ہیں) اسلیئے کہ تم کو (کفر کی) تاریکیوں سے نکالکر (اسلام کی) روشنی میں لائے اور وہ ایماندار پر مہربان ہے
۲۲	فاطر	۵	هُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ ۚ	وہی خدا ہے جس نے تم کو زمین میں (اگلوں کا) جانشین بنایا۔
۲۴	المؤمن	۲	هُوَ الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُم مِّنَ السَّمَاءِ رِزْقًا ۚ وَمَا يَتَذَكَّرُ إِلَّا مَن يُنِيبُ ۝	وہی (خدا) ہے جو تم کو نشانیاں دکھلاتا ہے اور آسمان سے تمہارے لیئے روزی اتارتا ہے اور نصیحت وہی مانتا ہے جو (خدا کی طرف) رجوع ہوتا ہے۔

پارہ	سورت	رکوع		
			وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْهَارًا ۚ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ جَعَلَ فِيهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ وَفِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجَاوِرَاتٌ وَجَنَّاتٌ مِّنْ أَعْنَابٍ وَزَرْعٌ وَنَخِيلٌ صِنْوَانٌ وَغَيْرُ صِنْوَانٍ يُسْقَىٰ بِمَاءٍ وَاحِدٍ ۚ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلَىٰ بَعْضٍ فِي الْأُكُلِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ	اور اُسمین تہامنے والے پہاڑ اور دریا بنائے اور ہر قسم کے میوون کا ایک ایک جوڑ دو دو کا اسمین پیدا کیا رات سے دن کو چھپا لیتا ہے بیشک ان باتون مین اُن لوگون کے لیئے نشانیان ہین جو سوچتے بچارتے ہین اور (خود زمین مین (طرح طرح کے) ٹکڑے ہین ایکدوسرے سے ملے ہوئے اور انگور کے باغ ہین اور کھیت ہین اور کھجور کے درخت دوشاخے (اور جڑ ایک) اور الگ الگ جڑ والے سب کو ایک ہی پانی دیا جاتا ہے اور (باوجود اسکے) ہم مزے مین ایک کو دوسرے سے بڑہاتے ہین بیشک ان باتون مین ان لوگون کے لیئے قدرت کی نشانیان ہین جو عقل رکھتے ہین
۱۳	الرعد ۱۳	۲	هُوَ الَّذِي يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَطَمَعًا وَيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيفَتِهِ ۖ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللَّهِ ۚ وَهُوَ شَدِيدُ الْمِحَالِ ۝	وہی خدا ہے جو تم کو ڈرانے کو اور امید دلانے کو بجلی کی چمک دکھلاتا ہے اور بوجھل بادلون کو پیدا کرتا ہے اور گرج (کڑک) اسکی تعریف کی تسبیح پڑہتی ہے اور فرشتے بھی ڈر کے مارے اور (وہی خدا) کڑاکے بھیجتا ہے پھر جس پر چاہتا ہے انکو گراتا ہے اور وہ (کافر) اللہ تعالیٰ کے مقدمے مین جھگڑتے ہین حالانکہ اللہ تعالیٰ کی پکڑ بہت سخت ہے۔
۱۳	ابراھیم ۱۴	۲	قَالَتْ رُسُلُهُمْ أَفِي اللَّهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ يَدْعُوكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى ۚ	انکے پیغمبروں نے (اُنسے) کہا کیا (تم کو) خدا مین (بھی) شک ہے جو آسمانون اور زمین کا انوکھا پیدا کرنے والا ہے وہ تم کو بلاتا ہے اسلیے کہ تمہارے گناہ معاف کردے اور ایک مدت مقرر تک تم کو مہلت دے۔
۱۴	النحل ۱۶	۲	هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لَّكُمْ مِنْهُ شَرَابٌ وَمِنْهُ شَجَرٌ فِيهِ تُسِيمُونَ ۝ يُنْبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُونَ وَالنَّخِيلَ وَالْأَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝ وَمَا ذَرَأَ لَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُوا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا ۖ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ وَأَلْقَىٰ فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِكُمْ وَأَنْهَارًا وَسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝ وَعَلَامَاتٍ ۚ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ ۝	وہی خدا ہے جس نے تمہارے لیئے آسمان سے پانی برسایا اسمین سے کچھ تمہارے پینے کا ہے اور کچھ ایسا ہے جس سے درخت اگتے ہین جن مین (جانورون کو) چراتے ہو اسی پانی سے خدا تمہارے لیئے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر طرح کے میوے اگاتا ہے جو لوگ سوچتے ہین انکے لیئے اسمین (خدا کی قدرت کی) نشانی ہے۔ اور اُسی خدا نے رات اور دن اور سورج اور چاند کو تمہارے کام مین لگایا اور تارے بھی اسکے حکم سے تابعدار ہین بے شک جو لوگ عقل رکھتے ہین اُنکے لیئے ان چیزون مین نشانیان ہین اور جو چیزین اُس نے زمین مین تمہارے لیئے پیدا کی ہین کئی رنگ کی ان مین بھی اُن لوگون کے لیئے جو غور کرتے ہین (اُسکی قدرت کی) نشانی ہے اور اسی خدا نے سمندر کو (بھی) تمہارے کام مین لگا دیا اسلیئے کہ اسمین سے (شکار کرکے) تازہ تازہ گوشت کھاؤ اور اسمین سے زیور (موتی مونگا وغیرہ) نکالکر پہنو اور تو دیکھتا ہے کشتیان (پانی کو) چیرتی ہوئی اسمین چلتی ہین اور اسلیئے کہ تم خدا کا فضل تلاش کرو اور اسلیئے کہ تم شکر کرو اور اسی خدا نے زمین مین بھاری بھاری پہاڑ گاڑ دیئے ایسا نہ ہو وہ اوندھا تم کو لیکر جھکے اور اسمین تم کو راہ ملنے کے لیئے ندیان اور رستے بنائے اور (بہت سی) نشانیان اور ستارون سے بھی انکو رستہ ملتا ہے

پارہ	سورت	رکوع		
۲۷	الحدید ۵۷	۱	اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ۝	یا انہوں نے آسمان اور زمین بنائے ہیں نہیں مگر یقین نہیں رکھتے۔
۲۷	الحدید ۵۷	۱	هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۝	وہی خدا ہے جس نے چھ دن میں آسمان اور زمین بنائے پھر عرش پر چڑھا۔
۲۷	الحدید ۵۷	۱	هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۝ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝	وہی تو اللہ ہے جو اپنے بندے (محمد صلعم) پر صاف صاف آیتیں (قرآن کی) اسلیے اتارتا ہے کہ تم کو (کفر کے) اندھیروں سے نکالکر (ایمان کے) اوجالے میں لائے اور بیشک اللہ تم لوگوں پر بہت شفقت کرنے والا مہربان ہے ۱۲
۲۸	الحشر ۵۹	۱	هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ۝	وہی خدا ہے جس نے اہل کتاب کے کافروں (بنی نضیر کے یہودیوں) کو پہلے حشر کے وقت انکے گھروں میں سے نکال باہر کیا۔
۲۸	الصف ۶۱	۱	هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝	وہی خدا ہے جس نے اپنے پیغمبر (حضرت محمد) کو ہدایت (قرآن) اور سچا دین دیکر بھیجا اسلیے کہ اسکو سب دینوں پر غالب کردے گو مشرک برا مانیں۔
۲۸	الجمعة ۶۲	۱	هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۗ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝	وہی خدا ہے جس نے عرب کے انپڑھ لوگوں میں انہی میں کا ایک پیغمبر بھیجا وہ انکو اللہ کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے (حالانکہ انپڑھ ہیں) اور انکو (شرک اور کفر کی گندگی سے) پاک کرتا ہے اور انکو (اللہ کی) کتاب اور سمجھ کی باتیں سکھلاتا ہے (دانائی اور عقلمندی کی) اور (اس پیغمبر کے آنے سے) پہلے تو وہ کھلی گمراہی میں تھے اور (اللہ نے اس پیغمبر کو) دوسرے لوگوں کی طرف بھی (بھیجا ہے) جو ابھی ان (عرب کے مسلمانوں) سے نہیں ملے اور وہ زبردست ہے حکمت والا ہے یہ پیغمبر اللہ کا فضل ہے وہ جس (بندے) کو چاہتا ہے سرفراز فرماتا ہے اور اللہ تو بڑے فضل والا ہے۔
۲۸	التغابن ۶۴	۱	هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝	وہی خدا ہے جس نے تم (سب) کو پیدا کیا اب تم میں کوئی کافر ہوا کوئی مومن (جیسا اُسنے تقدیر میں لکھا تھا) اور اللہ تمہارے (سب) کاموں کو دیکھ رہا ہے
۲۹	الملک ۶۷	۲	هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ۗ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ۝	وہی خدا تو ہے جس نے زمین کو (تمہارے چلنے پھرنے کیلیے) ملائم (نرم ہموار) کردیا اسکے رستوں میں چلتے پھرتے رہو اور اسکی دی ہوئی روزی (مزے سے) کھاؤ اور اسی کے پاس تم کو (مرے بعد) جی اُٹھ کر جانا ہے
۲۹	الملک ۶۷	۲	قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝	(اے پیغمبر) کہدے اسی خدا نے تم کو پیدا کیا اور اسی نے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تم بہت کم (اللہ کی نعمتوں کا) شکر کرتے ہو (اے پیغمبر) کہدے اسی خدا نے تم کو زمین میں پھیلایا (آدمی کی نسل بڑھائی) اور اسی کے پاس تم کو اکٹھا ہوکر (قیامت کے دن) جانا ہے

اِثْبَاتُ التَّوْحِيْدِ — توحید کا بیان

۱	البقرة ۲	۳	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝	لوگو اپنے مالک کی بندگی کرو جس نے بنایا تم کو اور تم سے پہلے (اگلے) لوگوں کو تم پرہیزگار ہو جاؤ گے امید رکھو۔
۱	البقرة ۲	۱۶	قُلْ اَتُحَاۗجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ	(اے پیغمبر) کہہ کیا اللہ (کے بارے) میں ہم سے جھگڑتے ہو (اسکے دین یا اسکے

پارہ	سورت	رکوع		
٢٤	المؤمن ٤٠	٧	هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُونُوا شُيُوخًا وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّىٰ مِن قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوا أَجَلًا مُّسَمًّى وَلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝ هُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ فَإِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ ۝	وہی خدا ہی جسنے تم کو مٹی سے بنایا پھر تمھاری نسل نطفے سے پھر جمے ہوئے خون کی پھر بچہ سا تم کو نکالتا ہے پھر (تمکو پرورش کرتا ہی) اسلیئے کہ تم اپنی جوانی کو پہونچو پھر (تمکو زندہ رکھتا ہی) اسلیئے کہ تم بوڑھے ہو اور کوئی کوئی تم مین ان وقتون سے پہلے ہی مرجاتا ہے اور (یہ سب) اسلیئے کہ تم (اپنے) مقرر وعدے تک پہونچو اور اسلیئے کہ تم سمجھو وہی خدا جلاتا ہے اور مارتا ہی تو جب کوئی کام کرنا چاہتا ہے اُس سے فرماتا ہے ہوجا وہ ہوجاتا ہے۔
٢٤	حم السجدۃ ٤١	٢	قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُونَ لَهُ أَندَادًا ذَٰلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن فَوْقِهَا وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَاءً لِّلسَّائِلِينَ ۝ ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِينَ ۝ فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ فِي يَوْمَيْنِ وَأَوْحَىٰ فِي كُلِّ سَمَاءٍ أَمْرَهَا وَزَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَحِفْظًا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۝	کہدو کیا تم اُس (خدا) کو نہین مانتے جس نے دو دن مین زمین بنائی اور تم (دوسرون کو) اسکے برابر والے سمجھتے ہو (حالانکہ) وہ تو سارے جہان کا مالک ہے اور اسمین پہاری پہر کم پہاڑ اوپر کہ بنائے اور اُس مین برکت رکھی اور وہان کے (رہنے والون کے لیئے) خوراکون کا بندوبست کیا یہ سب چار دن مین ہوا ٹھیک پوچھنے والون کے لیئے پھر پروردگار آسمان کی طرف چڑھا وہ ایک دھوان سا تھا اور آسمان اور زمین سے فرمایا خوشی سے خواہ زبردستی سے میرا حکم مانو دونون نے عرض کیا ہم خوشی سے تیرا حکم بجالانے کو حاضر ہین پھر دو دن مین سات آسمان بنائے اور ہر ایک آسمان مین جو کام کرنا تھا کیا اور ہمنے نزدیک والے (پہلے) آسمان کو چراغون (تاروں) سے سجایا اور اسکی حفاظت کی یہ انتظام اس (خدا) کا ہے جو زبردست علم والا۔
٢٥	الشوری ٤٢	٣	وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَعْفُو عَنِ السَّيِّئَاتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ۝	اور وہی خدا تو ہی جو اپنے بندون کی توبہ قبول کرتا ہی اور اُنکی (جرائم) معاف کردیتا ہے اور جو تم کرتے ہو وہ جانتا ہے۔
٢٥	الشوری ٤٢	٣	وَهُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِن بَعْدِ مَا قَنَطُوا وَيَنشُرُ رَحْمَتَهُ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيدُ ۝	اور وہی خدا ہے کہ (بندی جب بارش سے) ناامید ہوجاتے ہین) اُس وقت مینہ برساتا ہی اور اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے اور وہی کام بنانیوالا تعریف کے لائق ہے
٢٥	الزخرف ٤٣	٧	وَهُوَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ إِلَٰهٌ وَفِي الْأَرْضِ إِلَٰهٌ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ ۝	اور اُسی خدا کا پوجا آسمان مین ہوتا ہے اور اُسی خدا کا زمین مین اور وہ حکمت والا ہے سب جانتا ہے۔
٢٦	الفتح ٤٨	١	هُوَ الَّذِي أَنزَلَ السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَّعَ إِيمَانِهِمْ وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝	وہی خدا ہے جس نے مسلمانون کے دلون مین تسلی (اور تسلی) اتاری اس سے یہہ غرض تھی کہ (پہلے) ایمان کے ساتھ اُنکا ایمان اور بڑھ جائے اور آسمان اور زمین کی فوجین اللہ ہی کی ہین اور اللہ علم والا ہے حکمت والا۔
٢٦	الفتح ٤٨	٢	هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ۝	وہی خدا ہے جس نے اپنے پیغمبر (حضرت محمد ﷺ) کو ہدایت اور سچا دین دیکر اس لیے بھیجا کہ اسکو سب دینون پر غالب کردے اور اسلام کی سچائی کے لیئے) اللہ کی گواہی بس کرتی ہے۔
٢٧	الطور ٥٢	٢	أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ ۝	کیا وہ آپ ہی آپ (بغیر کسی بنانیوالے کے) بنگئے ہین یا انہون نے خود (اپنے تئین) بنالیا ہے

۱۶	الکہف	۱۳	قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ	۱۵ اے پیغمبر کہدے مین بھی تمہاری طرح ایک آدمی ہون (فرق یہ ہے کہ) مجھ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی آتی ہے کہ تمہارا خدا وہی ایک سچا خدا ہے ۱۶
〃	طٰہٰ	۵	اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝	۱۶ تمہارا (سچا) خدا اللہ تعالیٰ ہے جسکے سوا کوئی پوجا کے لائق نہین اُسکے علم مین ہر چیز سما گئی ہے۔
۱۷	الانبیا	۲	اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝	۱۷ کیا انہون نے زمین (مین سے نکال نکال کر مثلاً پتھر سونا چاندی پیتل وغیرہ سے) جو خدا بنائے ہین (یعنے بت) وہ (کسی کو مرنیکے بعد) زندہ کر سکتے ہین اگر آسمان اور زمین مین اللہ کے سوا اور دو سچے خدا ہوتے تو دونو (آسمان اور زمین)
〃	〃	۷	قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝	۱۸ کہدے مجھ تو بس یہی وحی آتی ہے اور کچھ نہین کہ تمہارا خدا وہی ایک خدا ہے تم تو اسکے تابعدار بنتے ہو یا نہین۔
〃	الحج	۵	فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ۭ	۱۹ تو (لوگو) تمہارا خدا وہی ایک خدا ہے اُسی کے تابعدار رہو۔
۲۰	القصص	۷	وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ	۲۰ اور وہی اللہ تعالیٰ ہے جسکے سوا کوئی سچا خدا نہین۔
۲۲	فاطر	۱	لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝	۲۱ کوئی سچا خدا نہین اُسکے سوا پھر تم کدہر الٹے جا رہے ہو
۲۳	والصفت	۱	اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝	۲۲ بے شک تم (سب) کا خدا ایک ہے۔
〃	ص	۱	اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝	۲۳ اُس نے کئی خداؤن کو ایک خدا کر دیا یہ تو بڑی انوکھی (تعجب کی) بات ہے۔
〃	〃	۵	وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝	۲۴ اور ایک خدا کے سوا جو (سب پر) دباؤ رکھنے والا ہے کوئی سچا خدا نہین
〃	الزمر	۱	سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝	۲۵ پاک ہے وہ تو اکیلا خدا ہے (سب پر) دباؤ رکھنے والا۔
۲۸	المؤمن	۲	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ	۲۶ اللہ کے سوا کوئی سچا خدا نہین۔
۱۶	طٰہٰ	۱	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۝	۲۷ وہی اللہ تعالیٰ ہے اُسکے سوا کوئی سچا خدا نہین اُسکے پیارے نام ہین

ردّ الشرک ۳ — باب ۳ شرک کا رد

۱	الفاتحہ	۱	اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝	۱ ہم تیری ہی بندگی کرتے ہین (یعنے تیرا ہی پوجا کرتے ہین) اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہین
۱	البقرۃ	۱۴	وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۭ سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلٌّ لَّهٗ قَانِتُوْنَ ۝	۲ اور کہتے ہین (معاذ اللہ) خدا اولاد رکھتا ہے وہ پاک ہے (سب سے نرالا کوئی اُسکے جوڑ کا نہین تو اسکی اولاد کہان ہو سکتی ہے) آسمان اور زمین مین جو کچھ ہے سب اُسی
۲	〃	۲۰	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۝	۳ کچھ لوگ ایسے بھی ہین جو اللہ کا شریک و سرنگو بھی بناتے ہین اور اللہ کے برابر اُنسے محبت کرتے ہین اور جو لوگ ایمان والے ہین وہ اللہ کی محبت سب سے زیادہ رکھتے ہین اگر ان ظالمون کو وہ بات معلوم ہوتی جو (قیامت کے دن) اللہ کا عذاب دیکھتے وقت معلوم ہوگی کہ سب کچھ قدرت (اور اختیار) اللہ ہی کو ہے اور اللہ کا عذاب بڑا سخت ہے
۳	ال عمران	۷	قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاۗءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـــًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا	۴ (اے پیغمبر ان سے) کہدے کتاب والو (یہود اور نصاریٰ) ایسی بات آجاؤ جو ہم مین اور تم مین برابر مانی جاتی ہے یعنے ہم سوا خدا کے کسی اور کو نہ پوجین اور اللہ کا شریک کسی چیز کو نہ بنائین اور ہم آپسمین ایکدوسرے کو رب بنائین

			وَلَنَا اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ۝	ہم اور ہمارے اعمال اور تم اور تمہارے اعمال اور ہم تو خالص اُسی کے ماننے والے ہیں
۲	البقرۃ	۱۹	وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝	(لوگو) تمہارا خدا وہی ایک خدا ہے اُسکے سوا کوئی سچا معبود نہیں بہت رحم کرنے والا مہربان ہے۔
۳	آل عمران	۲	شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝	اللہ اس بات کا گواہ ہے اُسکے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور فرشتے اور علم والے بھی (گواہ ہیں) انصاف کے ساتھ حکومت کر رہا ہے اُسکے سوا کوئی سچا معبود نہیں زبردست ہے حکمت والا۔
۵	النساء	۱۱	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ۝	اللہ تعالےٰ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں وہ تم کو ضرور قیامت کے دن اکٹھا کرے گا اسمیں کچھ شک نہیں اور اللہ تعالےٰ سے زیادہ کس کی بات سچی ہو سکتی ہے۔
۶	النساء	۲۳	اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝	اللہ تو بس اکیلا معبود ہے وہ بیٹا بیٹی سے پاک ہے اُسکی تو ملک ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اور اللہ تعالےٰ بس ہے کام بنانے والا۔
۶	المائدۃ	۱۰	لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ	بیشک وہ لوگ تو کافر ہو چکے جو کہتے ہیں اللہ تین میں کا ایک ہے حالانکہ ایک خدا کے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے۔
۷	الانعام	۱	وَهُوَ اللّٰهُ فِى السَّمٰوٰتِ وَفِى الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ۝	اور وہی ہے اللہ آسمانوں میں اور زمین میں تمہاری چھپی اور کھلی باتوں کو جانتا ہے اور تمہارے کام (بھی) جانتا ہے۔
۷	الانعام	۲	قُلْ اَىُّ شَىْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَاُوْحِىَ اِلَىَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِىْ بَرِىْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝	(اے پیغمبر) ان سے پوچھ) کہدو کس کی گواہی سب سے بڑی گواہی ہے کہہ اللہ گواہ ہے مجھ میں اور تم میں اور یہ قرآن (اللہ کی طرف سے) مجھ پر اتارا گیا ہے اسلیئے کہ میں تم کو اور جن لوگوں کو یہ قرآن پہونچے (قیامت تک) ڈراؤں کیا تم یہ گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ دوسرے خدا بھی ہیں (اے پیغمبر) کہدو میں (یہ) گواہی نہیں دونگا کہدو کوئی نہیں وہ اکیلا خدا ہے (اُسکا کوئی شریک نہیں) اور بیشک میں اُن چیزوں سے بیزار ہوں جنکو تم (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہو۔
۱۱	التوبۃ	۱۶	فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝	پھر اگر یہ لوگ نہ مانیں تو کہدو اللہ مجھ کو بس ہے اُسکے سوا کوئی سچا معبود نہیں اُسی پر میں بھروسا کرتا ہوں اور وہ بڑے تخت (یعنے عرش) کا مالک ہے
۱۳	الرعد	۲	وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝	اور صبح اور شام اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں جو آسمان میں ہیں اور زمین میں جو خوشی سے اور زور سے اور اُنکے سائے (پر چھائیاں بھی)۔
۱۴	النحل	۲	اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ	(لوگو) تم سب کا خدا ایک ہی خدا ہے۔
۱۴	النحل	۷	وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّاىَ فَارْهَبُوْنِ ۝	اور (اے لوگو) اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے دو خدا مت بناؤ بس وہی ایک ہی خدا ہے تو مجھ ہی سے ڈرو۔
۱۵	بنی اسرائیل	۵	قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِى الْعَرْشِ سَبِيْلًا ۝ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝	(اے پیغمبر) کہدے اگر خدا کے ساتھ اور معبود بھی ہوتے جیسے یہ لوگ کہتے ہیں تب تو عرش کے مالک تک ضرور کوئی رستہ ڈھونڈھ نکالتے وہ انکی (نالائق) باتوں سے پاک اور برتر ہے بہت برتر۔

الیہ ان شاء وتنسون ما تشرکون ۰
۱۳ قل ارءیتم ان اخذ اللہ سمعکم وابصارکم
وختم علی قلوبکم من الہ غیر اللہ
یاتیکم بہ انظر کیف نصرف الایت
ثم ہم یصدفون ۰
۱۴ قل انی نہیت ان اعبد الذین تدعون
من دون اللہ قل لا اتبع اہوآءکم قد
ضللت اذا وما انا من المہتدین ۰
۱۵ قل من ینجیکم من ظلمت البر والبحر
تدعونہ تضرعا وخفیۃ لئن انجنا
من ہذہ لنکونن من الشکرین ۰ قل اللہ
ینجیکم منہا ومن کل کرب ثم انتم تشرکون ۰
۱۶ قل ادعوا من دون اللہ ما لا ینفعنا و
لا یضرنا ونرد علی اعقابنا بعد اذ ہدنا
اللہ کالذی استہوتہ الشیطین فی الارض
حیران لہ اصحب یدعونہ الی الہدی
ائتنا قل ان ہدی اللہ ہو الہدی و
امرنا لنسلم لرب العلمین ۰
۱۷ ولو اشرکوا لحبط عنہم ما کانوا یعملون ۰
۱۸ وما قدروا اللہ حق قدرہ
۱۹ وجعلوا للہ شرکآء الجن وخلقہم وخرقوا
لہ بنین وبنت بغیر علم سبحنہ وتعلی
عما یصفون ۰ بدیع السموت والارض
انی یکون لہ ولد ولم تکن لہ صاحبۃ
وخلق کل شیء وہو بکل شیء علیم ذلکم
اللہ ربکم لا الہ الا ہو خالق کل
شیء فاعبدوہ وہو علی کل شیء وکیل
۲۰ افغیر اللہ ابتغی حکما

۲۱ وجعلوا للہ مما ذرا من الحرث
والانعام نصیبا فقالوا ہذا للہ
بزعمہم وہذا لشرکآئنا فما

۷ الانعام ۶ ۵
۷ ۷
۸ ۸
۹ ۹
۱۰ ۱۰
۱۱ ۱۱
۱۲ و ۱۳ ۱۲ و ۱۳
۱۴ ۱۴
۱۶ ۱۶

تو اُس مصیبت کو جسکے لیئے پکارتے تھے دور کر دیگا اور جنکو تم نے اُسکا شریک
(اے پیغمبرؐ) کہہ بھلا بتلاؤ تو سہی اگر اللہ تمہاری کان اور آنکھیں چھین لے
اور تمہارے دلونپر مہر کر دی تو کوئی اور خدا سوا اللہ کے (پھر) یہ چیز تمکو لا دے (اے پیغمبرؐ) دیکھو ہم (ان سے) پھیر پھیر کر (کیسی کیسی) دلیلیں
بیان کرتے ہیں اسپر بھی یہ نہیں سنتے
(اے پیغمبرؐ) کہدو مجھکو انکا پوجنا منع ہوا جنکو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو
(اور پوجتے ہو) کہدو میں تمہاری خواہشوں پر نہیں چلتا اگر چلوں تو میں
گمراہ ہو چکا اور راہ پانے والوں میں نہ رہا۔
(اے پیغمبرؐ) کہدو تم کو خشکی اور سمندر کے اندھیروں سے کون بچا کر لاتا ہے
تم آواز نکالکر اور چپکے سے اُسکو پکارتے ہو (اور کہتے ہو) اگر وہ ہم کو اس
(بلا) سے بچالے تو ہم ضرور (اُسکے) شکر گذاروں میں رہیں گے (اے پیغمبرؐ)
کہدو اللہ تم کو ان اندھیروں سے اور ہر ایک سختی سے نجات دیتا ہے پھر تم شرک کرتے ہو
(اے پیغمبرؐ) کہدو کیا ہم اللہ کے سوا انکو پکاریں جو ہمارا نہ بھلا کر سکتے ہیں
نہ برا کر سکتے ہیں اور جب اللہ ہم کو (سیدھی) راہ پر لگا چکا تو ہم الٹے
پاؤں (کفر کی طرف) لوٹ جائیں جیسے کسی کو بہوتنے (شیطان غول
بیابانی) جنگل میں بہکا کر حیران کر دیں اُسکے کچھ ساتھی ہوں جو اُسکو راہ
پر بلائیں (کہیں) ادھر آؤ (اے پیغمبرؐ) کہدو اللہ نے جو راہ بتائی وہی راہ
ہے اور ہم (مسلمانوں) کو تو یہ حکم ملا ہے کہ جو سارے جہان کا مالک ہے اُسکے تابعدار بنیں
اور اگر وہ لوگ شرک کرتے تو اُنکا کیا کرایا (سب) اکارت ہوتا۔
اور ان لوگوں نے اللہ کو جیسا پہچاننا چاہیئے تھا ویسا نہیں پہچانا
اور ان مشرکوں نے جنوں کو اللہ کا شریک بنا دیا حالانکہ اللہ ہی نے جنوں کو
پیدا کیا اور ان لوگوں نے نادانی سے اللہ کے لیئے بیٹوں اور بیٹیوں کو
تراش لیا وہ ان باتوں سے جو یہ بناتے ہیں پاک اور برتر ہے وہ
آسمانوں اور زمین کا ایجاد کرنیوالا ہے اُسکی اولاد (بیٹا یا بیٹی) کہاں
سے ہو گی جبکہ اُسکی کوئی جورو نہیں ہے اور اُسنے ہر چیز کو پیدا کیا اور
اور وہ ہر چیز کو جانتا ہے یہی اللہ تمہارا مالک ہے اُسکے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے
وہی ہر چیز کو پیدا کرنیوالا ہے اُسی کو پوجو اور وہی ہر چیز کا نگہبان ہے۔
(اے پیغمبرؐ ان لوگوں سے کہدو) کیا میں اللہ کے سوا اور کسی فیصلہ کرنیوالے کو ڈھونڈھوں
اور اللہ نے جو کھیت اور جانور (اور سویشی) پیدا کیئے ہیں اُن میں یہ کافر
اللہ کا ایک حصہ لگاتے ہیں اور اپنے خیال پر (جو غلط ہے)
یوں کہتے ہیں کہ یہ اللہ کا ہے اور یہ ہمارے معبودوں (بتوں) کا ہے پھر جو

		مِّن دُونِ اللّٰهِ ۚ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ ۝	اللہ ہی کو رب سمجھین پھر اگر وہ (اتنا سمجھانے پر بھی نہ مانین تو تم تو (اے مسلمانو اور پیمبر) کہدو تم گواہ رہو ہم تو (ایک خدا کے) تابعدار ہین
۵	النسآء	۶	وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا
〃	〃	۷	إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَن يَشَاءُ ۚ وَمَن يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرَىٰ إِثْمًا عَظِيمًا ۝
〃	〃	۱۸	إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَن يَشَاءُ ۚ وَمَن يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا ۝ إِن يَدْعُونَ مِن دُونِهِ إِلَّا إِنَاثًا ۖ وَإِن يَدْعُونَ إِلَّا شَيْطَانًا مَّرِيدًا ۝ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَأَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا ۝ وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ
۶	المآئدة	۱۰	إِنَّهُ مَن يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ ۖ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ ۝
〃	التوبۃ	۸	اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا اَنَّہٗ مَنْ یُّحَادِدِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَاَنَّ لَہٗ نَارَ جَھَنَّمَ خَالِدًا فِیْھَا ۭ ذٰلِکَ الْخِزْیُ الْعَظِیْمُ ۝	ان لوگون کو یہ معلوم نہین کہ جو اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسول سے بیر کرے اُس کے لیے دوزخ کی آگ رتیار ہے ہمیشہ اُس مین رہے گا یہ بڑی رسوائی ہے۔
۱۸	النور	۷	وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَیَخْشَ اللّٰہَ وَیَتَّقْہِ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝	اور جو شخص اللہ تعالےٰ اور اُسکے رسول کا حکم مان لے اور اللہ تعالےٰ سے (اگلے گناہون پر) ڈرتا رہے اور آیندہ اُس (کی نافرمانی) سے پرہیز کرے وہی کامیاب ہے۔
〃	〃	〃	قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَیْہِ مَا حُمِّلَ وَعَلَیْکُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ۭ وَاِنْ تُطِیْعُوْہُ تَھْتَدُوْا ۭ وَمَا عَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ۝	(اے پیغمبر) کہدو اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو پھر اگر تم نہ مانوگے تو رسول کا بوجھ اُسپر ہے اور تمہارا بوجھ تم پر ہے اور اگر تم رسول کے کہے پر چلوگے تو سیدھی راہ پر لگ جاؤگے ہدایت پاؤگے اور رسول پر اور کچھ نہین صاف حکم پہونچا دینا ہے۔
〃	〃	〃	وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝	اور نماز کو درستی سے ادا کرو اور زکوٰۃ دو اور رسول کا کہا مانو اس لئے کہ تم پر (اللہ) رحم ہو۔
۱۸	〃	۹	فَلْیَحْذَرِ الَّذِیْنَ یُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِہٖٓ اَنْ تُصِیْبَھُمْ فِتْنَۃٌ اَوْ یُصِیْبَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ	پھر جو لوگ پیغمبر ؐ کا حکم نہین مانتے انکو ڈرنا چاہیے (دنیا مین) کوئی مصیبت اُن پر آن پڑے یا (آخرت مین) کوئی تکلیف کا عذاب

۱۳	الرعد ۱۳	۵	وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝	اور (اے پیغمبر) تجھ سے پہلے بھی کئی پیغمبر ہنسی اڑا چکا ہے تو میں نے کافرون کو (چند روز تک) ڈھیلا چھوڑ دیا ہے پھر انکو دھر پکڑا تو میرا عذاب کیسا (سخت) تھا
۱۴	الحجر ۱۵	۶	إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ ۝ الَّذِينَ يَجْعَلُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ۝ وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ ۝	ہمنے تیری طرف سے ٹھٹھا مارنے والونکا کام تمام کر دیا جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرے معبود کو شریک کرتے ہین اب آگے چلکر انکو (اس ٹھٹھے اور شرک کا جو انجام ہی) وہ معلوم ہو جائیگا اور ہم جانتے ہین کہ کافر جو باتین کرتے ہین اُس سے تیرا دل تنگ ہوتا ہے
۱۵	الکہف ۱۸	۱	فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلَىٰ آثَارِهِمْ إِن لَّمْ يُؤْمِنُوا بِهَٰذَا الْحَدِيثِ أَسَفًا ۝	تو (اے پیغمبر ص) اگر یہ (کافر) اس قرآن پر یقین نہ لائین تو انکے پیچھے رنج کے مارے شاید تو اپنی جان گنوا دیگا (یہ تین ہلاک کرے گا۔
۱۷	الانبیاء ۲۱	۳	وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝	اور (تجھ سے پہلے جو پیغمبر ہوئے اُن کو بھی) مسخرہ بنایا آخر جو لوگ اُن مین سے ٹھٹھا کرتے تھے اُنپر خود وہی الٹ پڑا جس کا ٹھٹھا کرتے تھے۔
۱۷	الحج ۲۲	۶	وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَثَمُودُ وَقَوْمُ إِبْرَاهِيمَ وَقَوْمُ لُوطٍ وَأَصْحَابُ مَدْيَنَ وَكُذِّبَ مُوسَىٰ فَأَمْلَيْتُ لِلْكَافِرِينَ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ	اور اگر یہ کافر تجھ کو جھٹلائین (تو کچھ رنج کی بات نہین) انسے پہلی نوح ع اور عاد اور ثمود کی قومین (بھی اپنے اپنے پیغمبرون کو) جھٹلا چکے ہین اور ابراہیم ع اور لوط ع کی قومین بھی اور مدین والے (یعنے شعیب کی قوم بھی) اور موسیٰ بھی جھٹلایا گیا تو مین نے (چند روز تک) کافرونکو مہلت دی پھر انکو دھر پکڑا (تو تو نے دیکھا) میرا پلٹنا کیسا ہوا (کس بلا کا پلٹنا تھا)
۱۹	الشعراء ۲۶	۱	لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ أَلَّا يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ	(اے پیغمبر تو تو ایسا رنجیدہ معلوم ہوتا ہی) شاید تو اسبات پر کہ وہ (یعنے مکہ کے کافر) مسلمان کیون نہ ہوئے اپنے تئین گھونٹکر مار ڈالے گا۔
۲۰	النمل ۲۷	۶	وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُن فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ۝	اور (اے پیغمبر) تو ان کافرون (کے جھٹلانے) کا رنج مت کر اور ان کے داؤن سے جو وہ کرتے ہین تنگ نہ ہو۔
۲۰	العنکبوت ۲۹	۲	وَإِن تُكَذِّبُوا فَقَدْ كَذَّبَ أُمَمٌ مِّن قَبْلِكُمْ وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝	اور اگر تم مجھ کو جھٹلاؤ تو تم سے پہلی کئی امتین (اپنے پیغمبرون کو) جھٹلا چکے ہین اور پیغمبر کا کام اور کچھ نہین کہولکر (اللہ تعالیٰ کا) پیغام پہونچا دینا ہے۔
۲۱	لقمان ۳۱	۳	وَمَن كَفَرَ فَلَا يَحْزُنكَ كُفْرُهُ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَىٰ عَذَابٍ غَلِيظٍ ۝	اور جو شخص کفر کرے تو (اے پیغمبر) تو اسکے کفر سے رنجیدہ نہ ہو ایسے لوگون کو ہمارے پاس لوٹکر آنا ہی ہم انکو کام انکو (سزا دیکر) بتلا دینگے بیشک اللہ تعالیٰ دلون کی بات جانتا ہے ہم انکو تھوڑا سا (دنیا کا) مزہ اٹھانے دینگے پھر انکو سخت عذاب مین پکڑے جائین گے " " " " " "
۲۲	فاطر ۳۵	۱	وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝	اور (اے پیغمبر ص) اگر یہ لوگ تجھ کو جھٹلائین (تو کچھ تعجب کی بات نہین) تجھ سے پہلے بہت پیغمبر جھٹلائے جا چکے ہین اور اللہ ہی تک سب

۷	الانعام	۱	وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝
۷	″	۴	قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِى الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِى السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۚ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۘ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝
۶	المائدۃ	۶	يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ
۸	الانعام	۱۸	وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝
۱۱	یونس	۷	وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۘ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝
۱۲	ہود	۲	فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ۝ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ۘ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ وَّكِيْلٌ ۝
″	″	۱۰	وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۝

اور (اے پیغمبر) تجھ سے پہلے کئی پیغمبروں پر ٹھٹھا اڑ چکا ہے پر جنہوں نے اُنسے ٹھٹھا کیا تھا اُنپر وہی جس پر ٹھٹھا مارتے تھے اُلٹ پڑا

(اے پیغمبر) ہم جانتے ہین کہ انکی (کافرون کی) باتون سے تجھ کو رنج ہوتا ہے (وہ جو تجھ کو جھٹلاتے ہین) تو وہ تجھ کو (اصل مین انہین جھٹلاتے لیکن یہ ظالم اللہ تعالیٰ کی آیتون کا اظہار مین) انکار کرتے ہین اور تجھ سے پہلے بہت پیمبر جھٹلائے جا چکے ہین پھر انہون نے جھٹلائے جانے اور ستائے جانے پر صبر کیا یہانتک کہ ہماری مدد انکے پاس آ پہونچی اور اللہ تعالیٰ کی باتون کا کوئی بدلنے والا نہین اور (دوسرے) پیغمبرون کے کچھ قصے تو تجھ کو معلوم ہو چکے ہین اور اگر تجھ پر کافرون کا منہ پھیرنا (ایمان نہ لانا) سخت گذرتا ہے تو اگر تجھ سے ہو سکتا ہے کہ زمین مین ایک سرنگ یا آسمان تک ایک سیڑھی ڈھونڈ نکالے اور انکو ایک نشانی لاکر بتائے اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو سب کو راہ پر لگا دیتا (کافر کا نام باقی نہ رہتا) دیکھ تو ہرگز نادانون مین شریک مت ہو (اے پیغمبر تیری بات) وہی لوگ مانتے ہین جو سمجھ کر سنتے ہین اور مردون کو اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) جلا اوٹھائے گا پھر اُسی کی طرف لوٹائے جائینگے

اے پیغمبر جو لوگ کفر پر دوڑے پڑتے ہین اُنپر رنج نہ کر۔

(اے پیغمبر) اسپر بھی اگر یہود (یا مشرک) تجھکو جھٹلائین تو کہدے تمہارے مالک کی رحمت بہت کشادہ ہے اور اُسکا عذاب (جب) آئیگا) تو گنہگار لوگون سے ٹلنے والا نہین۔

اور (اے پیغمبر) تو ان (کافرون) کی باتون سے رنجیدہ نہ ہو کیونکہ ساری عزت اللہ تعالیٰ ہی کی ہے اور وہ (سب) سنتا جانتا ہے۔

تو (اے پیغمبر) کیا تو اس وحی مین سے جو تجھ پر آتی ہے کچھ چھوڑ دینا چاہتا ہے اور کیا تیرا دل اس بات پر خفا ہوتا ہے کہ وہ کہہ اٹھین تو اسپر ایک خزانہ کیون نہ اترتا یا ایک فرشتہ اسکے ساتھ کیون نہ آتا تو تو اور کچھ نہین صرف ڈرانیوالا ہے اور (باقی) سب چیز ین اللہ تعالیٰ کے ہاتھ مین ہین۔

اور ہم (اگلے) پیغمبرون کی سب وہ خبرین جن سے ہم تیرا دل مضبوط کرتے ہین تجھ سے بیان کرتے ہین۔

			اِلٰٓی اِبۡرٰهِیۡمَ وَاِسۡمٰعِیۡلَ وَاِسۡحٰقَ وَ یَعۡقُوۡبَ وَالۡاَسۡبَاطِ وَعِیۡسٰی وَ اَیُّوۡبَ وَیُوۡنُسَ وَهٰرُوۡنَ وَسُلَیۡمٰنَ ۚ وَاٰتَیۡنَا دَاوٗدَ زَبُوۡرًا ۚ وَرُسُلًا قَدۡ قَصَصۡنٰهُمۡ عَلَیۡکَ مِنۡ قَبۡلُ وَرُسُلًا لَّمۡ نَقۡصُصۡهُمۡ عَلَیۡکَ ؕ وَکَلَّمَ اللّٰهُ مُوۡسٰی تَکۡلِیۡمًا ۚ رُسُلًا مُّبَشِّرِیۡنَ وَمُنۡذِرِیۡنَ لِئَلَّا یَکُوۡنَ لِلنَّاسِ عَلَی اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعۡدَ الرُّسُلِ ؕ وَکَانَ اللّٰهُ عَزِیۡزًا حَکِیۡمًا ؕ	ابراہیم علیہ السلام اور اسمعیل ؑ اور اسحق ؑ اور یعقوب اور اُن کی اولاد اور عیسےٰ ؑ اور داؤد اور ایوب اور یونس ؑ اور ہارون ؑ اور سلیمان ؑ کی طرف ہی وحی بھیجی اور ہم نے داؤد کو زبور عنایت کی اور ہمنے کئی پیغمبر بھیجے جن کا حال ہم پہلے تجھسے بیان کر چکے ہین اور کئی پیغمبر ایسے بھیجے جن کا حال ہم نے تجھسے بیان نہین کیا اور موسیٰ ؑ سے تو اللہ نے بول کر باتین کین، ہمنے یہ سب پیغمبر جو (نیکون کو) خوشی سُنانے والے اور (بدکارونکو) ڈرانے والے تھے اس لیے بھیجے کہ پیغمبرون کے آجانیکے بعد پھر کوئی عذر لوگون کو اللہ کے سامنے باقی نہ رہے اور اللہ زبردست ہے حکمت والا -
۷	الانعام	۱۰	وَوَهَبۡنَا لَهٗۤ اِسۡحٰقَ وَیَعۡقُوۡبَ ؕ کُلًّا هَدَیۡنَا ۚ وَنُوۡحًا هَدَیۡنَا مِنۡ قَبۡلُ ؕ وَمِنۡ ذُرِّیَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَیۡمٰنَ وَاَیُّوۡبَ وَیُوۡسُفَ وَمُوۡسٰی وَهٰرُوۡنَ ؕ وَکَذٰلِکَ نَجۡزِی الۡمُحۡسِنِیۡنَ ۙ وَزَکَرِیَّا وَیَحۡیٰی وَعِیۡسٰی وَاِلۡیَاسَ ؕ کُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِیۡنَ ۙ وَاِسۡمٰعِیۡلَ وَالۡیَسَعَ وَیُوۡنُسَ وَلُوۡطًا ؕ وَکُلًّا فَضَّلۡنَا عَلَی الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ وَمِنۡ اٰبَآئِهِمۡ وَذُرِّیّٰتِهِمۡ وَاِخۡوَانِهِمۡ ۚ وَاجۡتَبَیۡنٰهُمۡ وَهَدَیۡنٰهُمۡ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ؕ ذٰلِکَ هُدَی اللّٰهِ یَهۡدِیۡ بِهٖ مَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوۡ اَشۡرَکُوۡا لَحَبِطَ عَنۡهُمۡ مَّا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ؕ اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ اٰتَیۡنٰهُمُ الۡکِتٰبَ وَالۡحُکۡمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنۡ یَّکۡفُرۡ بِهَا هٰۤؤُلَآءِ فَقَدۡ وَکَّلۡنَا بِهَا قَوۡمًا لَّیۡسُوۡا بِهَا بِکٰفِرِیۡنَ ؕ اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ هَدَی اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقۡتَدِهۡ ؕ قُلۡ لَّاۤ اَسۡـَٔلُکُمۡ عَلَیۡهِ اَجۡرًا ؕ اِنۡ هُوَ اِلَّا ذِکۡرٰی لِلۡعٰلَمِیۡنَ ؕ	اور ہمنے ابراہیم کو (بیٹا) اسحق اور (پوتا) یعقوب دیے اور ہر ایک کو راہ پر لگایا اور نوح کو تو ہم پہلے ہی راہ پر لگا چکے تھے اور ابراہیم (یا نوح) کی اولاد مین سے (ہمنے) داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسےٰ اور ہارون کو راہ پر لگایا اور نیکی کرنے والون کو ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہین اور زکریا اور یحییٰ (ابن ذکریا) اور عیسےٰ (ابن مریم بنت عمران) اور الیاس کو یہ سب نیک بختون مین سے تھے اور اسمعیل (ابن ابراہیم) اور الیسع اور یونس (ابن متی) اور لوط (ابن ہارن) کو اور ان سب کو ہمنے سارے جہان پر بزرگی دی اور اُنکے بعضے باپ دادون اور اولاد اور بھائیون کو بھی اور ہمنے اُن کو چن لیا اور انکو سیدھی راہ بتلائی یہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت ہے اپنے بندون مین سے جسکو چاہے سو بھیجے - اور اگر وہ لوگ شرک کرتے تو انکا کیا کرایا (سب) اکارت ہوتا انہی لوگون کو (پیغمبرون کو) ہمنے کتاب اور شریعت اور پیغمبری دی اگر یہ لوگ ان چیزون کو نہ مانین تو کچھ پرواہ نہین ہمنے اُن (پر ایمان لانے) کے لیے ایسے لوگونکو تیار کر دیا ہے جو اُن کا انکار نہین کرتے یہی (اٹھارہ پیغمبر) وہ لوگ ہین جن کو اللہ تعالےٰ نے راہ پر لگایا تو بھی انہی کی راہ پر چل (اے پیغمبر) کہدے مین قرآن سُنانے پر تمسے کچھ اجرت (مزدوری) نہین مانگتا قرآن تو اور کچھ نہین سارے جہان کے لیے نصیحت ہے
۱۵	بنی اسرائیل	۸	سُنَّةَ مَنۡ قَدۡ اَرۡسَلۡنَا قَبۡلَکَ مِنۡ	تجھ سے پہلے جتنے پیغمبر ہمنے بھیجے انکا یہی قاعدہ رہا ہے

۲۲	فاطر ۳۵	۲	افمن زین لہ سوء عملہ فرآہ حسنا فان اللہ یضل من یشاء ویہدی من یشاء فلا تذہب نفسک علیہم حسرات ان اللہ علیم بما یصنعون ۔
۲۲	″	۳	وان یکذبوک فقد کذبت الذین من قبلہم جاءتہم رسلہم بالبینت وبالزبر وبالکتب المنیر ثم اخذت الذین کفروا فکیف کان نکیر ۔
۲۳	یٰسٓ ۳۶	۵	فلا یحزنک قولہم انا نعلم ما یسرون وما یعلنون ۔
۲۴	حٰمٓ السجدۃ ۴۱	۷	ما یقال لک الا ما قد قیل للرسل من قبلک ان ربک لذو مغفرۃ وذو عقاب الیم ۔

الانبیاء

۳	آل عمران	۴	ان اللہ اصطفی آدم ونوحا وآل ابرٰہیم وآل عمران علی العلمین ذریۃ بعضہا من بعض واللہ سمیع علیم ۔
۳	″	۹	واذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما اٰتیتکم من کتب وحکمۃ ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ ولتنصرنہ قال ءاقررتم واخذتم علی ذلکم اصری قالوا اقررنا قال فاشہدوا وانا معکم من الشہدین فمن تولی بعد ذلک فاولئک ہم الفسقون ۔
۶	النساء	۲۳	انا اوحینا الیک کما اوحینا الی نوح والنبیین من بعدہ واوحینا

کیا وہ شخص جس کو اسکا برا کام بھلا سوجھایا گیا وہ اسکو بھلا سمجھنے لگا اللہ تعالے جسکو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسکو چاہتا ہے سیدھے رستے پر لگاتا تو اے پیغمبر تو لوگون پر افسوس کر کر کے اپنی جان مت کھو اللہ تعالے خوب جانتا ہے جو وہ کر رہے ہین ۔

اور اگر (اے پیغمبر) یہ کافر تجھ کو جھٹلائین (تو کچھ رنج نہ کر) انسے پہلے کافرون نے ان پیغمبرون کو جھٹلایا جونکے پاس کھلی نشانیان (معجزے) اور صحیفے اور چمکتی کتاب لیکر آئے تھے پھر جب ان کافرون نے نہ مانا تو مینے ان کافرون کو (عذاب مین) گرفتار کر لیا اور کسطرح انکو تباہ کر دیا ۔

تو اے پیغمبر تو ان کی باتون سے رنجیدہ مت کر ہم جانتے ہین جو وہ چھپاتے ہین اور جو کہو لتے ہین ۔

(اے پیغمبر) تجھ سے وہی کہا جاتا ہے جو تجھ سے پہلے (اگلے) پیغمبرون سے کہا جا چکا ہے بیشک تیرا مالک بخشنے والا بھی ہے اور (اسکے ساتھ ہی) تکلیف کا عذاب دینے والا بھی ہے ۔

باب ۲۰ پیغمبرون کا بیان

بیشک اللہ نے سارے جہان کے لوگون مین آدم ع اور نوح کو اور ابراہیم ع اور عمران کی اولاد کو چن لیا ہے (یا پسند کر لیا ہے) ایک خاندان دوسرے خاندان کی نسل سے اور اللہ سنتا جانتا ہے

اور (اے پیغمبر ان لوگون کو وہ وقت یاد دلاؤ) جب اللہ تعالے نے (بنی اسرائیل کے) پیغمبرون سے اقرار لیا (یا ہر ایک پیغمبر سے) مین جو تم کو کتاب اور شریعت دیتا ہون تو اگر کوئی رسول ایسا آئے جو تمہاری کتاب کو سچ بتائے ۔ تو اسپر ایمان لانا اور اسکی مدد کرنا اللہ تعالے نے فرمایا کیا تمنے یہ اقرار کیا اور میرے اس عہد کو قبول کیا (یہ بوجھ اپنے ذمہ لیا) انہون نے عرض کیا ہمنے اقرار کر لیا فرمایا (دیکھو) گواہ رہو (ایک دوسرے پر) اور مین (خدا) بھی تمہارے ساتھ گواہ ہون پھر اسکے بعد (یعنے اسقدر پکا اقرار ہونیکے بعد بھی) کوئی (اپنے عہد سے) پھر جائے تو بیشک وہی نافرمان ہین

بیشک ہمنے تیری طرف اوسی طرح وحی بھیجی جیسے ہمنے نوح اور اسکے دوسرے پیغمبرون کی طرف بھیجی اور ہمنے

			وَثَمُودُ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ وَإِخْوَانُ لُوطٍ ۝ وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ۝	نے اور ثمود اور عاد نے اور فرعون نے اور لوط کی قوم والون نے اور مدین کے رہنے والون نے اور تبع کی قوم والون نے جھٹلایا انمین سے ہر ایک نے پیغمبرون کو جھٹلایا آخر ہمارا عذاب انپر اتر کر رہا۔
۲۷	الحدید ۵۷	۴	لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَأَنْزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَنْ يَنْصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا وَإِبْرَاهِيمَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ فَمِنْهُمْ مُهْتَدٍ ۖ وَكَثِيرٌ مِنْهُمْ فَاسِقُونَ ۝ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلَىٰ آثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا	ہم تو اپنے پیغمبرون کو کھلی کھلی نشانیان دیکر بھیج چکے اور انکے ساتھ کتاب (توراۃ انجیل زبور قرآن وغیرہ) اور انصاف کا ترازو اتارا اسلیے کہ لوگ انصاف پر قائم رہین اور ہم ہی نے لوہا پیدا کیا اس سے بڑی لڑائی کا سامان بنتا ہے اور لوگون کو (بہت) فائدے ہوتے ہین اور اسکے پیدا کرنے سے یہ بھی مطلب ہے کہ اللہ دیکھے کہ کون بن دیکھے اللہ کے اور اسکے پیغمبرون کے مدد کرتا ہے بیشک اللہ زور والا ہے زبردست اور ہم نوح ؑ اور ابراہیم ؑ کو پیغمبر بنا کر بھیج چکے ہین اور انکی اولاد مین ہمنے پیغمبری اور کتاب کو (جاری) رکھا سو انمین سے انکی اولاد مین سے بعضے تو راہ پر آئے اور بہتیرے نافرمان ہی رہے پھر ہمنے انکے پیچھے پیغمبرونکا تار باندھ دیا۔
۲۵	الزخرف ۴۳	۴	وَاسْأَلْ مَنْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُسُلِنَا ۚ	(اور اے پیغمبر) تجھ سے پہلے جو ہم پیغمبر بھیج چکے ہین ان سے پوچھ لے۔

صفات القرآن

باب ۲۱ قرآن کی صفات کا بیان

۱	البقرہ ۲	۱	الٓمٓ ۝ ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ ۛ فِيهِ ۛ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ ۝ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ۝ وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝	اس کتاب مین (یعنے اسکے سچے ہونے مین اللہ تعالیٰ کی طرف سے) کوئی شک نہین ہے راہ بتاتی ہے ڈرنے والون کو جو بن دیکھے باتون پر یقین کرتے ہین (اسی کو غیب کہتے ہین) اور نماز کو درستی سے ادا کرتے ہین اور جو ہمنے دیا اس مین سے خرچ کرتے ہین۔ اور جو یقین کرتے ہین اس پر جو اترا تجھ پر اور جو اترا تجھ سے پہلے اور آخرت کا بھی یقین رکھتے ہین (قیامت کا اور حشر و نشر کا)
۲	//	۳	وَإِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ ۝	اور اگر تم کو شک ہے اس کلام مین جو ہمنے اوتارا اپنے بندے پر (یعنے قرآن مین) تو ایک ہی سورت اسکے جوڑ کی بنا لاؤ اور جو حمایتی تمہارے اللہ تعالیٰ کے سوا ہون انکو بھی بلا لو اور انسے مدد لو اس سورت کے بنانے مین اگر تم سچے ہو اگر ایسا نہین کرتے اور البتہ نہ کر سکو گے تو اس آگ سے بچو جس کے ایندھن آدمی اور پتھر ہین (یعنے لکڑیون کے بدلے آدمی جلین گے) وہ منکرون کے لیئے تیار ہے۔
//	//	۱۲	وَلَقَدْ أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ۖ وَمَا يَكْفُرُ بِهَا إِلَّا الْفَاسِقُونَ ۝	اور محمد ہمنے تجھ پر کھلی (اور صاف) آیتین اوتارین اور ان کو وہی نہین مانتے جو نافرمان ہین

			رُسُلَنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيلًا ۝	اور تو ہمارا قاعدہ بدلتا نہ پاے گا
۱۶	مریم	۴	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۝	یہ پیغمبر، وہ لوگ ہین جن پر اللہ تعالیٰ نے فضل کیا آدم ؑ کی اولاد مین سے اور اُن لوگون کی (اولاد مین سے) جنکو ہمنے نوح ؑ کے ساتھ (کشتی مین) چڑہا لیا تھا اور ابراہیم ؑ اور یعقوب ؑ کی اولاد مین سے اور (یہ) اُن لوگون مین سے ہین جن کو ہمنے ہدایت کی (سچی راہ بتلای) اور (انکو ساری خلقت مین سے پیغمبری کے لیے) چن لیا جب ان لوگونکو اللہ کی آیتین پڑہ کر سنای جاتی تہین تو سجدے مین گر پڑتے اور روتے ہوے
۱۷	الانبیاء ۵	۶	وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝	اور (یہ) اسمعیل اور ادریس اور ذوالکفل (پیغمبرون کو یاد کر) یہ سب صبر کرنے والون مین سے تہے اور ہمنے انکو اپنی رحمت مین داخل کیا کیونکہ وہ نیک بختون مین تہے۔
۱۸	المومنون ۶	۴	يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝	اے پیغمبر، ہمنے ہر زمانہ مین پیغمبرون کو یہی حکم دیا ہے (پیغمبرو تم ہی) پاکیزہ چیزین کہاؤ اور اچہے عمل کرتے رہو (جو شرع کے موافق ہون) جو تم کرتے ہو مین جانتا ہون
۲۱	الروم ۳۰	۵	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝	اور (اے پیغمبر) ہم تجھ سے پہلے کئی پیغمبر اُن کی قوم کی طرف بہیج چکے ہین وہ نشانیان (معجزے) لیکر انکے پاس آے مگر انہون نے نہ مانا آخر گناہگارون (نافرمانون) سے ہمنے بدلہ لیا اور ایمان والون کی مدد ہم کو ضرور تہی۔
۷	الاحزاب ۳۳	۱	وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝	اور (اے پیغمبر) وہ وقت یاد کر جب ہمنے پیغمبرون سے انکا اقرار لیا اور (خاص) تجھ سے بہی اور نوح ؑ اور ابراہیم ؑ اور موسے ؑ اور عیسے ؑ مریم کے بیٹے سے بہی اور ہمنے اُنسے پکا اقرار لیا اس سے یہ مطلب تہا کہ قیامت کے دن) سچون (پیغمبرون) سے اُنکے سچ کا حال پوچہے اور کافرون کے لیے تکلیف کا عذاب طیار رکہے
۲۳	والصّٰفّٰت ۳۷	۵	وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ۝ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝	اور ہم تو پہلے ہی اپنے بہیجے ہوے بندون کے (پیغمبرون کی) بابت فرما چکے ہین کہ آخر ایک روز ضرور انکو (ہماری) مدد پہنچیگی اور سلام ہے پیغمبرون پر
۲۴	المؤمن ۴۰	۸	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ۝	اور ہم تجھ سے پہلے بہت پیغمبر بہیج چکے ہین اُن کوئی ایسے ہین جن کا حال ہمنے تجھ کو سنایا اور کوئی ایسے ہین جن کا حال ہمنے تجھ کو نہین سنایا۔
۲۵	الزخرف ۴۳	۱	وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ۝	اور ہمنے اگلے لوگون مین بہت سے پیغمبر بہیجے۔
۲۶	ق ۵۰	۱	كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ	ان (مکہ کے) کافرون سے پہلے نوح ؑ کی قوم نے اور کوہ رس والون (شعیب کی قوم)

۶	المائدۃ	۳	قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۙ	بیشک اللہ تعالےٰ کی طرف سے تمہارے پاس نور آیا ہے اور قرآن
			يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ	جو بیان کرنے والا ہے اللہ اس سے (یعنے اس نور یا کتاب سے) ان لوگوں کو
			السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى	جو اس کی مرضی پر چلتے ہین (دوزخ سے) بچاؤ کی راہین دکھلاتا
			النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ	ہے اور اندھیرے (کفر) سے انکو نکالکر اپنے حکم سے اوجالے (اسلام) مین
			مُّسْتَقِيْمٍ ۝	لاتا ہے اور انکو (شریعت کا) سیدہا رستہ بتلاتا ہے۔
۷	الانعام	۱۱	وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ	اور یہ کتاب (بھی یعنے قرآن مجید) ہمنے اوتاری برکت والی اگلی کتابون کو
			الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى	سچ بتانے والی اسلیئے کہ تو مکہ اور اسکے گرداگرد (تمام جہان کے) لوگون کو
			وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ	ڈرائے اور جو لوگ آخرت کا یقین رکھتے ہین وہ قرآن پر (بھی ضرور)
			بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ	ایمان لائینگے اور وہ اپنی نماز کا (بھی ضرور) خیال رکھینگے
			يُحَافِظُوْنَ ۝	
〃	〃	۱۳	قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ	تمہارے مالک کی طرف سے تم کو دل کی آنکھین (دلیلین) پہونچ چکین اب
			فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا	جو کوئی دیکھے تو اپنا ہی فائدہ کریگا اور جو اندھا بن جائے تو اپنا ہی برا
			عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۝	کریگا اور مین تمہیدار وغہ (کہ زبردستی) نہین ہون۔
〃	〃	۱۴	وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ	اور ہم اسی طرح آیتون کو پھیر پھیر کر لاتے ہین اور اسلیئے کہ وہ کہین تو پڑھا
			وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝	ہوا ہے اور اسلیئے کہ جو علم والے ہین انکو صاف سمجھا دین
〃	〃	۱۴	اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ	(اے پیغمبر ان لوگون سے کہدے) کیا مین اللہ کے سوا اور کسی فیصلہ
			اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ۭ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ	کرنیوالے کو ڈھونڈھون اور وہی نے تمپر یہ کتاب (قرآن) اتاری جس مین
			الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ	کھلا بیان ہے اور جن لوگونکو ہمنے کتاب دی (دل مین) خوب جانتے ہین
			بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ	کہ قرآن سچ تیرے مالک کیطرف سے اترا ہے خیر تو ہرگز شک کرنے والون مین سے ہو
〃	〃	۱۵	وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ۭ قَدْ فَصَّلْنَا	اور (اے پیغمبر) یہ تیرے مالک کی سیدھی راہ ہے جو لوگ سمجھتے ہین انکے
			الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝	لیے ہمنے کھولکر (اپنی) آیتین بیان کردی ہین
〃	〃	۲۰	وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا	اور یہ کتاب (قرآن) برکت والی ہمنے اسکو اتارا تو (اے مکہ والو) اسپر چلو اور
			لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ	اسکے جھٹلانیسے بچتے رہو اسلیئے کہ تم پر (اللہ کی) رحمت ہو کہین تم ایسا
			الْكِتٰبُ عَلٰي طَآىِٕفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۪ وَاِنْ	نہ کہو ہمسے پہلے دو ہی گروہون (یہود و نصاریٰ) پر کتاب اتری اور ہم تو ان
			كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلُوْا	لوگونکے پڑھنے پڑھانیسے بےخبر تھے یا ایسا نہ کہو اگر ہمپر کتاب اترتی تو ہم
			لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى	انسے بڑھکر راہ پاتے لو اب تو تمہارے پاس تمہارے مالک کی
		۱	مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ	طرف سے دلیل اور ہدایت اور رحمت (سب چیزین)
			هُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ	آچکین
۸	الاعراف	۱	الٓمّٓصٓ ۝ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ	یہ کتاب تجھ پر اوتاری گئی ہے اسلیئے کہ تو اس سے (کافرونکو) ڈرائے اور
			صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى	ایمان والون کو نصیحت کرے اس لیے اس کے پہونچا دینے
			لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝	مین تیرا دل تنگ نہ ہو۔

۱	البقرۃ	۱۳	مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ۗ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝	ہم جو آیت منسوخ کر دیتے ہیں یا بھلا دیتے ہیں تو اُس سے بہتر یا ویسی دوسری لے آتے ہیں کیا تجھ کو معلوم نہیں اللہ تعالیٰ سب کچھ کر سکتا ہے
۳	آل عمران	۱	نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۙ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۗ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝	اُسنے (تھوڑا تھوڑا کرکے) تجھ پر سچی کتاب اتاری (قرآن) جو اگلی کتابوں کو سچ بتاتی ہے اور اُسی نے لوگوں کی ہدایت کے لیے قرآن مجید اُترنے سے پہلے توریت شریف اور انجیل مقدس اتاری اور اُسی نے فیصلہ اتارا جن لوگوں نے خدا کی آیتوں کا انکار کیا اُن کو سخت عذاب ہوگا اور اللہ زبردست ہے جو کوئی اُسکی کتاب اور پیغمبر کو زمانے اس سے بدلہ لینے والا
〃	〃	〃	هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ۗ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝	اُسی نے تجھ پر یہ کتاب اتاری (یعنے قرآن شریف) اُس میں کی بعضی آیتیں کھلی صاف مضمون کی ہیں وہ تو قرآن شریف کی جڑ ہیں اور بعضی آیتیں گول گول مضمون کی ہیں پر جنکے دل پھرے ہوئے ہیں وہ لوگوں کو گمراہ کرنے اور اصلی حقیقت دریافت کرنیکی نیت سے گول گول آیتوں کے پیچھے پڑ جاتے ہیں حالانکہ اصلی حقیقت اونکی اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جو پکے عالم ہیں وہ کہتے ہیں ہم اِنپر ایمان لائے یہ سب آیتیں ہمارے پروردگار کی طرف سے (اتری) ہیں اور جن کو عقل ہے وہی سمجھائے سمجھتے ہیں۔
۴	〃	۱۱	تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۗ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝	(اے پیغمبر) یہ اللہ کی سچی آیتیں ہیں جو ہم تجھکو (جبرائیل کی زبان سے) پڑھ کر سناتے ہیں اور اللہ جہان کے لوگوں پر ذرہ بھی ظلم کرنا نہیں چاہتا
〃	〃	۱۳	هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝	(یہ قرآن) لوگوں کے واسطے تو یہ ایک تاریخی بیان ہے اور جو لوگ اللہ سے ڈرتے ہیں اُنکے لیے ہدایت اور نصیحت بھی ہے۔
۵	النساء	۱۱	اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۗ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ۝	کیا لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے اور اگر وہ خدا کے سوا اور کہیں سے آیا ہوتا جیسے کافر اور منافق سمجھتے ہیں تو اسمیں بہت سا اختلاف پاتے
۶	〃	۲۴	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝	لوگو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے دلیل آچکی اور ہم نے تم پر ایک جگمگاتا نور بھیجا پھر جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور اُسکا سہارا لیا اُنکو اللہ تعالےٰ اپنی رحمت (جنت) اور فضل (دیدار الٰہی) میں داخل کرے گا اور اپنے تک پہونچنے کی سیدھی راہ اُنکو سوجھائے گا۔

			مِّن دُونِ اللّٰهِ إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ۝ فَإِلَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا أُنزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَأَن لَّا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَهَلْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ	بلا سکتے ہو بلا لو پھر اگر یہ کافر جو تمنے چاہا وہ نہ کر سکین تو تم یقین کرلو کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا علم لے کر اترا ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی سچا معبود نہین ہے تو کیا اب بھی تم مانتے ہو (یا نہین) ۔
۱۲	ہود ۱۱	۱۰	وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝	اور ہم اگلے پیغمبرون کی سب وہ خبرین جن سے ہم تیرا دل مضبوط کرتے ہین تجھ سے بیان کرتے ہین اور اس سورت مین جو حق بات تجھ کو پہونچ گئی اور مسلمانون کو نصیحت اور عبرت ہو گئی
۱۲	یوسف ۱۲	۱	الٓرٰ ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ ۝ إِنَّا أَنزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ هَٰذَا الْقُرْآنَ ۖ وَإِن كُنتَ مِن قَبْلِهِ لَمِنَ الْغَافِلِينَ ۝	یہ آیتین کھلی کتاب (قرآن) کی ہین ہمنے اس کتاب کو اتارا جو عربی زبان مین پڑھی جاتی ہے اس لیے کہ تم سمجھو ہم یہ قرآن تیرے پاس بھیجکر اچھے سے اچھا ایک قصہ تجھکو سناتے ہین اور تو اس (سورت کے اترنے) سے پہلے اس قصہ سے) بے خبر تھا ۔
۱۳		۱۲	لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝	جو لوگ عقل والے ہین اُن کو بیشک ان لوگون کے قصون سے عبرت ہوتی ہے قرآن کوئی بنی ہوئی (بنائی ہوئی) بات نہین ہے بلکہ قرآن اگلی کتابون کا سچا کرنے والا اور ہر چیز کو کھول کر بیان کرنے والا ہے اور ایمان دارون کے لیے ہدایت اور رحمت ہے
	الرعد ۱۳	۱	الٓمٓرٰ ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ ۗ وَالَّذِي أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ۝	(اے پیغمبر) یہ قرآن کی آیتین ہین اور تیری مالک کی طرف سے جو تجھپر اترا وہ حق ہے (سرتا پا سچ ہے) مگر اکثر لوگ نہین مانتے ۔
		۴	وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَىٰ ۗ	اور اگر کوئی قرآن ایسا ہوتا جس سے پہاڑ سرک جاتے یا زمین پھٹ جاتی (یا اس کی مسافت طے ہو جاتی) یا مردے بات کرنے لگتے
		۵	وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم بَعْدَ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ ۝	اور ایسے ہی ہمنے قرآن کو حکمت سے بھرا ہوا عربی زبان مین اوتارا اور اگر علم تیرے پاس آجانیکے بعد (پھر) تو ان کی خواہش پر چلے تو خدا تعالیٰ سے تیرا حمایتی اور بچانے والا کوئی نہ ہوگا
	ابراھیم ۱۴	۱	الٓرٰ ۚ كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِ رَبِّهِمْ إِلَىٰ صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ۝ اللّٰهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ	یہ ایک کتاب ہے جو ہمنے تجھپر اسلیے اتاری کہ تو لوگون کو انکے مالک کے حکم سے اندھیرون سے نکالکر (ایمان کی) روشنی مین لائے یعنے اس زبردست خوبیون والے خدا کے راہ پر جس خدا کا سب کچھ ہے جو آسمانون اور زمین مین ہے ۔
		۷	هَٰذَا بَلَاغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنذَرُوا بِهِ وَلِيَعْلَمُوا أَنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَلِيَذَّكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ	یہ قرآن، لوگون کو نصیحت کرنیکے لیے اور ڈرانے کے لیے اور یہ جاننے کے لیے کہ اللہ ہی ایک سچا معبود ہے اور بس اور عقلمند لوگون کو غور کرنے کے لیے کافی ہے

۸	الاعراف	۶	وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝
۹	〃	۲۴	هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ
۱۰	یونس	۱	الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝
〃	〃	۴	وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ
〃	〃	۶	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَاۗءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۭ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ
〃	〃	۱۰	فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔـلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَاۗءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝
〃	〃	۱۱	قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝
〃	ھود	۱	الٓرٰ ۣ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝
〃	〃	۲	اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ

اور (نہ ماننے تو ان کافرون) کو ایک کتاب ہی پہونچا دی جسمین ہمنے جانکر تفصیل سے (ہر ایک حکم) بیان کیا ہے وہ ایمان والون کے لیے ہدایت اور رحمت ہے

یہ قرآن کیا ہے) سوجہہ سمجھہ کی باتین ہین جو تمہارے مالک کی طرف سے آئین اور ایمان والون کے لیے ہدایت اور رحمت ہے اور جب قرآن پڑہا جائے تو کان لگاکر سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم ہو

یہ کچی کتاب (قرآن کی) آیتین ہین۔

اور یہ قرآن ایسا نہین ہے کہ اللہ تعالے کے سوا کوئی اس کو اپنے دل سے بنالے بلکہ وہ اگلی کتابون کو سچ بتاتا ہے اور ان کو کھولکر بیان کرتا ہے کوئی شبہ نہین وہ اللہ تعالے کی طرف سے (اترا ہے) جو سارے جہان کا مالک ہے کیا یہ لوگ (قرآن کی نسبت) کہتے ہین کہ اسکو پیغمبر نے بنا لیا ہے کہدے اگر تم سچے ہو تو ایک سورت تو اس کی سی بنا لاؤ اور اللہ تعالے کے سوا جن جن کو تم بلا سکو (اپنے مدد کے لیے) بلا لو ۔

لوگو تمہارے پاس تمہارے مالک کی طرف سے نصیحت (کی کتاب) اور دلون میں جو بیماریان ہین ان کی دوا اور ہدایت اور رحمت ایمانداروں کے لیے (اے پیغمبر) کہدے اللہ تعالے کے فضل اور رحمت پر (یعنی اس دولت پر) خوش ہونا چاہیے یہ اس سے بہتر ہے جو وہ سمیٹتے ہین۔

تو (اے پیغمبر) ہمنے جو تجھپر اتارا (یعنے قرآن) اس مین اگر تجھ کو شک ہو تو ان لوگون سے پوچھ لے جو تجھ سے پہلے کی کتاب (توریت) پڑہتے ہین بیشک تیرے مالک کی طرف سے تجھ کو سچی کتاب پہونچی تو ہرگز شک کرنے والون مین سے مت ہو اور ان لوگون مین مت ہو جنہون نے اللہ کی آیتون کو جھٹلایا (ایسا کرے) تو پھر تو ٹوٹا پانیوالون مین سے ہو۔

(اے پیغمبر) کہدے لوگو تمہارے پاس تمہارے مالک کی طرف سے سچ آچکا پھر جو کوئی راہ پر لگ جائے تو وہ اپنے ہی فائدے کے لیے راہ پر لگتا ہے اور جو کوئی بہک جائے وہ بہک کر اپنا ہی نقصان کرتا ہے اور مین تمہارا کڑوڑی نہین ہون۔

یہ ایسی کتاب ہے جس کی آیتین جانچ لی گئی ہین پھر کھولکر بیان کی گئی ہین حکمت والے خبردار کی طرف سے۔ (اتری ہے)

بلکہ وہ کافر کہتے ہین کہ اسنے قرآن کو (جھوٹ) بنا لیا ہے کہدے اگر تم سچے ہو تو قرآن کی طرح دس بنی ہوئی سورتین بنا کر لے آؤ اور خدا کے سوا تم جن جن کو

			مَّسْتُوْرًا ۝ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝	ڈالدیتے ہین اور اُنکے دلونپر ہم غلاف ڈالدیتے ہین اسلیئے کہ وہ قران کو نہ سمجھین اور اُنکے کانون مین بوجھ ڈالدیتے ہین اور جب تو قرآن مین اکیلے اپنے مالک کا ذکر کرتا ہے (اُنکے معبودون کا نام تک نہین لیتا) تو نفرت سے پیٹھ موڑکر بھاگ کھڑے ہوتے ہین
۱۵	بنی اسرائیل	۹	وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝	اور ہم قران مین سے جو اتارتے ہین وہ تندرستی اور رحمت ہی مسلمانون کے لیے اور کافرون کو تو اور زیادہ نقصان دیتا ہے
۱۵	〃	۱۰	وَاِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ۝	اور اگر ہم چاہین تو جو قرآن (وحی کے ذریعہ سے) ہمنے تجکو بھیجا ہے اسکو اُٹھالین پھر تو کوئی حمایتی ہمارے مقابلہ مین نہ پائیگا (جو قرآن کو دوبارہ لوٹالائے) مگر تیرے مالک کا رحم ہے بیشک تجھپر اُسکا بڑا فضل ہے
〃	〃		قُلْ لَّىِٕنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۚ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝	(اے پیغمبر) کہدو ایک دو شخص تو قرآن کیا بنا سکتے ہین) اگر سارے آدمی اور جن ملکر یہ چاہین کہ اس طرح کا قرآن (بنا) لائین تو بھی اُس طرح کا بنا کر) نہ لاسکین گے پڑے ایک کی ایک مدد بھی کرین اور ہمنے تو اس قرآن مین ہر ایک مطلب مثال کی طرح لوگون کو سمجھانیکے لیے پھیر پھیر کر بیان کیا ہے اُس پر بھی اکثر لوگ انکار کے سوا کچھ نہین مانتے ۔
۱۵	〃	۱۲	وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَي النَّاسِ عَلٰي مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ۝ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۝ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۝ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ۝	اور قرآن کو ہمنے سچائی کے ساتھ اُتارا اور اترا بھی سچائی کے ساتھ اور ہمنے تجکو اے پیغمبر اور کچھ نہین صرف مومنون کو خوشخبری سنانیوالا اور کافرون کو ڈرانیوالا بنا کر بھیجا اور قرآن کے ہمنے حصے حصے کر دیے اسلیئے کہ تم اُسے ٹھیر ٹھیر کے لوگون کو سناؤ اور اسی لیئے ہمنے اُسکو آہستہ آہستہ اُتارا (اے پیغمبر اُن کافرون سے) کہدو تم قرآن کو مانو یا نہ مانو جو لوگ قرآن اترنے سے پہلے علم دیے گئے تھے اُنکو جب پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو ٹھوڑیون کے بل وہ سجدے مین گر پڑتے ہین اور کہنے لگتے ہین ہمارا مالک خلاف وعدگی سے پاک ہے بیشک اُسکا وعدہ ہمارے مالک کا تھا وہ پورا ہوا اور ٹھوڑیون کے بل روتے ہوئے گرتے ہین اور قرآن اُنکی خشوع کو اور زیادہ بڑھا دیتا ہے
〃	الکہف	۱۸	وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝	اور (اے پیغمبر) تیرے مالک کی کتاب جو تجھپر بھیجی گئی ہے اُس کو پڑھتا رہ اُس کی باتون کو کوئی بدل نہین سکتا اور تجکو اُسکے سوا اور کہین پناہ نہ ملے گی
〃	〃	۸	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ۝	اور ہمنے اس قرآن مین لوگون کے (سمجھنے کے) لیے ہر طرح کی مثالین بار بار بیان کی ہین مگر (بات یہ ہے کہ) آدمی سب سے زیادہ جھگڑالو ہے

۱۴	الحجر ۱۵	۱	الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝	یہ کتاب اور کھلے قرآن کی آیتیں ہیں
〃	〃	۱	اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝	بیشک قرآن ہم ہی نے اوتارا ہے اور ہم اسکے نگہبان ہیں
〃	〃	۶	وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ۝	اور ہمنے تجھکو سات (سورتیں یا آیتیں) دین جو دُہرائی جاتی ہیں اور بڑا قرآن دیا۔
〃	〃	〃	كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ۝ فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝	جیسا (عذاب) ہمنے ان قسم کھانیوالوں پر اتارا جنہوں نے قرآن کی تکے بوٹیاں کرلیں تو قسم تیرے مالک کی ہم ان سب سے (اور کاموں کی) پرسش کرینگے جو وہ (دنیا میں) کرتے تھے۔
〃	النحل ۱۶	۸	وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝	اور ہمنے تجھپر یہ کتاب اسلیئے اوتاری ہے کہ تو لوگوں سے وہ باتیں کھولکر بیان کردی جن میں وہ اختلاف کر رہے ہیں اور یہ کتاب) ایمان والوں کو راہ سوجھانیوالی اور رحمت ہے
〃	〃	۱۲	وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝	اور ہمنے تجھپر یہ کتاب اُتاری (یعنے قرآن) جس میں ہر چیز کا اچھا بیان ہے اور مسلمانوں کو (دین کی سچی) راہ بتانیوالی اور رحمت اور خوشخبری ہے
〃	〃	۱۳	فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝	تو جب تو قرآن پڑھنا چاہے تو شیطان مردود (کے وسوسوں) سے اللہ کی پناہ مانگا کر
〃	〃	۱۴	وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ۭ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ۝	اور جب ہم ایک آیت کے بدل دوسری آیت اتارتے ہیں اور اللہ تم جو اتارتا ہے اس کو اس کی مصلحت کو خوب جانتا ہو تو کہتے ہیں تو تو بس اپنی دل سے (آیتیں) بنالیتا ہو بات یہ ہو کہ ان کافروں میں اکثر بے علم ہیں کہدے اس (قرآن) کو تو پاک روح (حضرت جبرائیل) سچائی کیساتھ (یا حکمت کیساتھ) تیرے مالک کے پاس سے اتارا ہے اسلیے کہ ایمان والوں کو ثابت کرے اور مسلمانوں کو ہدایت اور خوشخبری ہو اور ہم کو خوب معلوم ہے وہ کہتے ہیں کہ فلاں شخص اس کو (یعنے پیغمبر کو) سکھاجاتا ہے ان بیوقوفوں نے اتنا ہی نہیں سمجھا جس کا نام لگاتے ہیں اس کی تو زبان عجمی ہے اور یہ قرآن صاف عربی زبان میں ہے
۱۵	بنی اسرائیل ۱۷	۱	اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝	بیشک یہ قرآن وہ راہ بتاتا ہے جو بہت ٹھیک ہے اور جو ایمان دار لوگ نیک کام کرتے ہیں انکو یہ خوشخبری دیتا ہے کہ انکو (آخرت میں) بڑا اجر ملیگا (یعنے بہشت) اور اس نے ان کی بھی خبر دیتا ہے کہ) جو لوگ آخرت کا یقین نہیں رکھتے انکے لیے ہمنے تکلیف کا عذاب طیار رکھا ہے
〃	〃	۵	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۭ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۝	اور ہمنے اس قرآن میں یہ پھیر پھیر کر بیان کیا اسلیے کہ لوگ سمجھیں اور (اس پر) یہ ہو رہا ہے کہ) انکو نفرت بڑھ رہی ہے
〃	〃	〃	وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا	اور (اے پیغمبر) جب تو قرآن پڑھتا ہے تو ہم تجھ میں اور ان لوگوں کے بیچ میں جن کو آخرت پر یقین نہیں ایک گاڑھا پردہ

۱۹	الفرقان ۲۵	۵	وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۚ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝	اور ہمنے بارش کو ان لوگون مین پھیر پھیر کر آیا اسلیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کو سمجھین (اور اُس کی نعمت کا شکر کرین تو بھی اکثر لوگون نے ناشکری کے سوا کچھ (احسان) نہ مانا
〃	الشعراء ۲۶	۱	طٰسٓمٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝	یہ سورت) کھولکر سنانیوالی کتاب کی آیتین ہین
〃	〃	〃	وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ۝	اور اُنکا تو یہ قاعدہ ہی جب خدا کی طرف سے اُن کے پاس کوئی نئی نصیحت کی بات آئی ہے تو وہ اُس سے منہ پھیر لیتے ہین
〃	〃	۱۱	وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۝ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ۝ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ۝ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ۝ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ۝	اور بیشک یہ قرآن اُسی کا اتارا ہوا ہی جو سارے جہان کا مالک ہی اسکو سچی (امانتدار) روح (یعنے جبرائیل) صاف عربی زبان مین لیکر تیرے دل پر اتری ہے اسلیئے کہ تو لوگون کو (خدا کے عذاب سے) ڈرائے اور یہ (یعنے قرآن) اگلی پیغمبرون کی کتابون مین بھی موجود ہی کیا ان کافرون کو یہ نشانی (بس) نہین ہے کہ بنی اسرائیل کی عالم لوگ اُسکو جانتے ہین اور اگر ہم اس قرآن کو (جو عربی زبان مین ہے) کسی دوسرے ملک والے پر اتارتے (جس کی زبان اور ہوتی) اور وہ پیغمبر اُنکو پڑھکر (اس زبان کا قرآن) سناتا تو بھی یہ اسپر ایمان نہ لاتے ہمنے کافرون کے دلون مین ایسا ہی شبہ اور انکار ڈالدیا ہی وہ اسپر ایمان لانیوالے نہین جب تک تکلیف کا عذاب نہ دیکھین (یعنے موت یا قیامت کا) وہ تو ایک ہی ایکا آپہنچیگا اور اُن کو خبر نہ ہوگی اسوقت کہینگے کیا ہم کو کچھ مہلت ملسکتی ہی
〃	〃	〃	وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ۝ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ۝	اور شیطان یہ قرآن لیکر نہین اترے (جیسے کافر مردود خیال کرتے تھے) اور نہ ان کے لائق یہ کام ہی اور نہ وہ ایسا کرسکتے ہین وہ تو بیشک قرآن کے سننے سے ہٹا دیے گئے ہین
〃	النمل ۲۷	۱	طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝	یہ سورت قرآن اور کھلی کتاب کی آیتین ہین ایمان والون کے لیے ہدایت اور خوشخبری ہے جو نماز کو درستی سے ادا کرتے ہین اور زکوٰۃ دیتے ہین اور آخرت کا وہ یقین رکھتے ہین
〃	〃	〃	وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝	اور (اے پیغمبر) تجھے تو قرآن اُسکے پاس سے ملتا ہے جو حکمت والا خبردار ہے
۳۰	〃	۶	اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝	بیشک یہ قرآن بنے اسرائیل کو وہ بہت سی باتین بتا دیتا ہے جن مین وہ اختلاف کر رہے ہین اور بیشک یہ قرآن مسلمانون کے لیے ہدایت اور رحمت ہے
〃	〃	۷	وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝	اور (قرآن پڑھکر لوگون کو) سناتا رہون اب جو کوئی راہ پہ لگ جائی وہ اپنے ہی (بھلے کے) لیے راہ پر لگتا ہے اور جو کوئی بہک جائی (اسپر) کہنا مانے تو کہدے مین تو اور ڈرانیوالا ہی پیغمبرون کی طرح (میرا یہی کام ہی) ڈرانیوالا ہون

۱۶	مریم ۱۶	۶	فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنذِرَ بِهِ قَوْمًا لُّدًّا ۝	(اے پیغمبر) ہمنے تو قرآن کو تیری زبان مین اسلیے آسان کردیا کہ تو اسکو سنکر پرہیزگارون کو خوشخبری دے اور اکھڑ (جھگڑالو) لوگون کو ڈرائے
	طٰہٰ ۳۰	۵	وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِن لَّدُنَّا ذِكْرًا ۝ مَّنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهُ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وِزْرًا ۝ خَالِدِينَ فِيهِ ۖ وَسَاءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِمْلًا ۝	اور (ہمنے) تجھ کو اپنے پاس سے قرآن دیا جو لوگ اس سے (یعنے قرآن سے) منہ پھیرین وہ قیامت کے دن (گناہون کا) بوجھ لادی ہونگے ہمیشہ اُس مین (دبے) رہین گے اور قیامت کے دن یہ بوجھ انکو برا لگے گا۔
	〃	۶	وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا وَصَرَّفْنَا فِيهِ مِنَ الْوَعِيدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ۝ فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۗ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِن قَبْلِ أَن يُقْضَىٰ إِلَيْكَ وَحْيُهُ ۖ وَقُل رَّبِّ زِدْنِي عِلْمًا ۝	اور (جیسے) ہم نے تجھ سے اگلی خبرین بیان کین (ایسے ہی) ہمنے قرآن کو عربی زبان مین اوتارا اور اُس مین ڈر کی باتین بار بار سنائین (جگہ جگہ عذاب کا ذکر ہے) اسلیئے کہ لوگ ڈرین (گناہ سے بچے رہین) یا یہ قرآن اُن مین سوچ بچار پیدا کردے تو اللہ کی شان بلند ہے سچا بادشاہ ہے (اے پیغمبر) جبتک تجھپر قرآن کا اتارنا پورا نہ ہو (وحی ختم نہ ہو) جلدی نہ کر اور دعا کر کہ اے مالک میرے علم زیادہ کر
۱۷	الانبیاء ۳۱	۱	مَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّن رَّبِّهِم مُّحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوهُ وَهُمْ يَلْعَبُونَ ۝ لَاهِيَةً قُلُوبُهُمْ	اُن کے مالک کے پاس سے اُنپر جب کوئی نئی نصیحت آتی ہے تو اُسکو کھیل بنا کر سنتے ہین انکے دل کھیل مین لگے ہین
〃	〃	۱۰	لَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ كِتَابًا فِيهِ ذِكْرُكُمْ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝	(اے قریش کے لوگو) بیشک ہمنے تمپر ایسی کتاب اتاری ہے جس سے تمہاری عزت ہے کیا تم کو عقل نہین
〃	〃	۵۰	وَهَٰذَا ذِكْرٌ مُّبَارَكٌ أَنزَلْنَاهُ ۚ أَفَأَنتُمْ لَهُ مُنكِرُونَ ۝	اور یہ قرآن بھی نصیحت ہے برکت والا اسکو ہمنے اوتارا کیا تم اس کو نہین مانتے۔
〃	〃	۱۰۶	إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِينَ ۝	جو لوگ (اللہ تعالیٰ کی) بندگی کرنیوالے ہین اونکو یہ نصیحتین کافی ہین۔
〃	الحجر ۲۲	۲	وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَأَنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يُرِيدُ ۝	اور ہمنے قرآن کو اسی طرح اوتارا کھلی کھلی آیتین اور ہدایت تو جسکو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے
۱۸	النور ۲۴	۱	سُورَةٌ أَنزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا وَأَنزَلْنَا فِيهَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝	یہ ایک سورت ہے جسکو ہمنے اوتارا اور اسپر چلنا ہمنے لازم کیا اور اسمین کھلی کھلی باتین اوتارین اسلیئے کہ تم انکو یاد رکھو۔
〃	〃	۴	وَلَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ آيَاتٍ مُّبَيِّنَاتٍ وَمَثَلًا مِّنَ الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ۝	اور (اسلیئے) ہم نے تم کو کھلی کھلی آیتین اور جو لوگ تم سے پہلے گذرے ہین اُن کے حال اور پرہیزگارون کے لیئے نصیحت اتاری ہے۔
〃	〃	۶	لَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ مُّبَيِّنَاتٍ ۚ وَاللَّهُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ	ہم نے (اپنے پہچاننے کے لیے) کھلی کھلی نشانیان اتار چکے ہین اور (اسپر بھی) اللہ تعالیٰ جسکو چاہتا ہے سیدھے رستے پر لگاتا ہے
۱۹	الفرقان ۲۵	۳	وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ جُمْلَةً وَاحِدَةً ۚ	اور کافر کہتے ہین اس پیغمبر (یعنے حضرت محمد) پر قرآن سب کا سب ایکبارگی کیون نہین اترا
〃	〃	۳۰	وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هَٰذَا الْقُرْآنَ مَهْجُورًا ۝	اور پیغمبر (اُسوقت) یہ عرض کریگا مالک میرے (مین کیا کرون) میری قوم اس قرآن کو بیہودہ بیٹھی۔

۲۲	فاطر ۳۵	۴	وَالَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِیْرٌۢ بَصِیْرٌ ۝ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ	اور (اے پیغمبر) یہ کتاب جو ہمنے تیری طرف بھیجی ہے (بالکل) سچی ہے اور اگلی کتابون کو سچ بتاتی ہے بیشک اللہ تعالے اپنے بندون کی خبر رکھتا ہے (انکو) دیکھ رہا ہے پھر ہمنے تیرے بعد اس قرآن کا وارث اپنے اُن بندون کو کیا جن کو ہمنے چن لیا
۲۲	یٰسٓ ۳۶	۱	یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ ۝	یٰسٓ (اے پیغمبر) قسم ہے حکمت والے قرآن کی
〃	〃	〃	تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ۝ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّاۤ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝	(یہ قرآن) زبردست رحم والے (خدا) کا اوتارا ہوا ہے اسلیے کہ تو (بھی) اُن لوگونکو ڈرائے جنکے باپ دادے نہین ڈرائے گئے
۲۳	〃	۵	وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا یَنْۢبَغِیْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ ۝ لِّیُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَیًّا وَّیَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ ۝	اور ہمنے اس پیغمبر (حضرت محمد) کو شاعری نہین سکھلائی اور نہ شاعری اسکے لائق ہے (قرآن شعر نہین ہے) وہ تو نصیحت اور صاف صاف پڑھنے کی لایق کتاب ہے تاکہ وہ اس (کتاب) سے ڈرائے (یعنی) جو زندہ (دل) ہو اسکو ڈرائے اور منکرون پر اللہ کا فرمانا پورا ہو
〃	صٓ ۳۸	۱	صٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ ۝	صٓ قسم ہے قرآن کی جس مین نصیحت ہے
〃	〃	۳	كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَیْكَ مُبٰرَكٌ لِّیَدَّبَّرُوْۤا اٰیٰتِهٖ وَلِیَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝	(اے پیغمبر) یہ قرآن ایک ایسی کتاب ہے جسکو ہمنے تجھپر اوتارا (بڑی) برکتوالی اسلیے کہ لوگ اسکی آیتون مین غور کرین اور عقل والے اس سے نصیحت لین۔
〃	〃	۴	هٰذَا ذِكْرٌ ؕ	یہ تو (دنیا مین انکا) ذکر (خیر) ہے
〃	〃	۵	اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِیْنٍ ۝	قرآن اور کچھ نہین سارے جہان (جن اور آدمیون) کے لیے نصیحت ہے اور تم کو (اے کافرو) کچھ دنون بعد اسکی حقیقت ضرور معلوم ہو جائیگی
〃	الزمر ۳۹	۱	تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ ۝ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ	اس کتاب (یعنے قرآن) کا اتارنا اللہ تعالے کی طرف سے ہے جو زبردست ہے حکمت والا ہمنے یہ کتاب سچائی کے ساتھ تجھپر اوتاری
〃	〃	۳	اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ	اللہ تعالے نے بہت اچھی بات کتاب یعنے قرآن جس کی آیتین ملی جلی ہین) دوہرائی گئی جو لوگ اپنے مالک سے ڈرتے ہین اونکی کھال کے رونگٹے (اوسکو پڑھکر) کھڑے ہو جاتے ہین پھر اللہ تعالے کی یاد کی طرف اُنکی (بدن کے) پوست اور دل نرم ہو جاتے ہین
۲۳	〃	〃	وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ ۝ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ۝	اور ہمنے تو اس قرآن مین لوگون کے (سمجھانے) کے لئے (دین کی) ہر ایک مثال بیان کر دی ہے کسی طرح اونکو نصیحت ہو یہ قرآن عربی زبان مین ہے اسمین کوئی (طرح کا) پیچ نہین اسلیے کہ لوگ اسکو سمجھین اور (کفر سے) بچتے رہین۔
〃	〃	۴	اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ	(اے پیغمبر) ہمنے لوگون کے (سمجھانے کے) لیے تجھپر سچی کتاب اتاری (قرآن)
۲۴	المؤمن ۴۰	۱	حٰمٓ ۝ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝	اس کتاب (قرآن) کا اوتارنا اللہ کی طرف سے ہے جو زبردست ہے علم والا۔
جب سورج تاریک ہو جائے اور جب تارے جھڑ جائیں اور جب پہاڑ اوڑا دیے جائیں اور جب دس مہینے کی گابھن اونٹنیاں ماری پھریں اور جب جنگلی جانور (سب) اکٹھا کیے جائیں اور جب سمندر آگ ہو جائیں اور جب جانیں (بدنوں سے) جوڑی جائیں اور جب اُس لڑکی سے جو جیتی گاڑی گئی پوچھا جائے وہ کس قصور میں ماری گئی اور جب اعمال نامے پھیلائے جائیں اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے اور جب دوزخ دہکائی جائے (سلگائی جائے) اور جب بہشت (مومنوں کے) نزدیک لائی جائے اُس وقت ہر شخص جان لے گا وہ کیا لایا ہے۔

جب آسمان چر جائے اور جب ستارے جھڑ پڑیں اور جب سمندر بہ پڑیں اور جب قبریں اُلٹ دی جائیں (اُن میں سے مردے نکل پڑیں) اُس وقت ہر شخص جان لے گا جو (عمل) اُس نے آگے بھیجا اور جو پیچھے چھوڑا۔

اور (اے پیغمبرؐ) تو کیا جانے بدلے کا دن کیسا (سخت) ہوگا پھر (ہم ہی کہتے ہیں) تجھ کو کیا معلوم بدلے کا دن کیسا (سخت) ہوگا جس دن کوئی شخص دوسرے شخص کا کچھ فائدہ نہ کر سکے گا اور اس دن (کا) امر (سب) اللہ ہی کا ہوگا۔

جب آسمان پھٹ جائے اور اپنے مالک کا حکم مان لے اور اُسکو ماننا ہی چاہیے اور جب زمین (اونچ نیچ برابر کر کے) تان دی جائے اور جو کچھ اُسمیں ہے (مردے خزانے وغیرہ) وہ (سب) باہر ڈال دے اور خالی ہو جائے اور اپنے مالک کا حکم مان لے اور اُسکو ماننا ہی چاہیے۔

جس دن (آدمی کی) چھپی باتیں جانچی جائیں گی اُس دن نہ اُسکو کوئی زور ہوگا نہ اُسکا کوئی مدد کرنے والا۔

(اے پیغمبرؐ) تجھ کو پہنچا جانے والی (قیامت) کی خبر پہنچی ہے کتنے (لوگوں کے) منہ اُس دن جھکے ہوئے (وہ دوزخ میں) محنت مشقت کر رہے ہونگے تھک (کر چور ہو) گئے ہونگے بیحد گرم انگارے میں جا داخل ہونگے انکو ایک کھولتے ہوئے چشمے سے (پانی) پلایا جائیگا انکو ضریع کے سوا اور کوئی کھانا نصیب نہ ہوگا اُسکے کھانے سے نہ تو بدن موٹا ہوگا اور نہ بھوک بند ہوگی کتنے (لوگوں کے) منہ اُس دن تازے (خوش) ہونگے اپنی کوشش سے راضی وہ اونچے (بہشت کے) باغ میں رہیں گے وہاں کوئی بیہودہ بات نہ سنیں گے اُنمیں چشمے بہ رہے ہونگے۔

		فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا	اگر کوئی برا کام کر بیٹھتے ہین (یعنے کبیرہ گناہ) یا اپنے تئین نقصان
		اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۗ وَمَنْ	پہونچاتے ہین (یعنے صغیرہ گناہ) تو خدا کو یاد کرکے اُس سے اپنے
		يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۖ وَلَمْ يُصِرُّوْا	گناہون کی بخشش چاہتے ہین اور خدا کے سوا بخشنے والا اور
		عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ	کون ہے اور جان بوجھکر اپنے کیے پر ہٹ نہین کرتے انہی
		جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ	لوگون کا بدلہ اُنکے مالک کی طرف سے بخشش ہے اور باغ ہین
		تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا	جنکے تلے نہرین بہ رہی ہین ہمیشہ اُن مین رہین گے اور
		وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝	(نیک) کام کرنیوالون کی مزدوری کیسی عمدہ ہے ۔
۴	ال عمران ۳	لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ	لیکن جو لوگ اپنے مالک سے ڈرتے رہے (ایمان لائے نیک اعمال کیے)
		تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا	انکے لیے (آخرت مین) باغ ہین جنکے تلے نہرین بہ رہی ہین
		نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ	وہ ہمیشہ اُن مین رہین گے اللہ تعالہ کی طرف سے یہہ
		لِّلْاَبْرَارِ ۝	اُنکی مہمانی ہوگی اور جو (سامان) اللہ تعالہ کے پاس ہے نیکون کے لیے
۵	النساء ۸	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ	اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے انکو ہم باغون مین لیجائینگے
		جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ	جنکے تلے نہرین بہ رہی ہین وہ ہمیشہ ہمیشہ اُنمین رہین گے اُنکو
		فِيْهَآ اَبَدًا ۭ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۡ وَّ	صاف ستھری بی بیان ملین گی اور ہم انکو گھنے ہوئے سائے
		نُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ۝	مین لے جائین گے ۔
″	″ ۱۸	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ	اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُنکو ہم باغون مین لے جائین گے جنکے تلے نہرین بہ رہی ہونگی وہ ہمیشہ
		جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ	اُن مین رہین گے یہہ اللہ تعالہ کا سچا وعدہ ہے اور اللہ تعالہ سے
		فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ	بڑھکر بات کا سچا اور کون ہے ۔
		مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ۝	
″	″	وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى	اور جو کوئی کچھہ بھی نیکی کرے گا مرد ہو یا عورت بشرطیکہ ایماندار
		وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ	ہو تو اس قسم کے لوگ بہشت مین جائین گے اور کھجور کی گٹھلی
		وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ۝	کے شگاف برابر بھی اُنپر ظلم نہ ہوگا ۔
″	″ ۲۱	مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ	اگر تم لوگ (اللہ تعالہ کا) شکر کرو اور ایمان لاؤ تو اللہ تعالہ کو تمہارے
		وَاٰمَنْتُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ۝	عذاب دینے سے کیا فائدہ اور اللہ جل جلالہ قدردان ہے جانتا ہے
۶	″	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا	اور جو لوگ اللہ تعالہ اور اُسکے پیمبرون پر ایمان لائے اور اُن مین
		بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ	سے کسی کو جدا نہین سمجھا (سب کو سچا پیغمبر مانا) ایسے ہی لوگون
		اُجُوْرَهُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝	کو اللہ تعالہ انکے اجر (آخرت مین) دیگا اور اللہ تعالہ بخشنے والا مہربان ہے
″	″ ۲۴	فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	پھر جو لوگ (دنیا مین) ایمان رکھتے ہین اور نیک کام کرتے تھے
		فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ	انکو اُنکا پورا ثواب اور اپنے فضل سے اور زیادہ بھی دے گا ۔
″	المائدۃ ۲	وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اللہ تعالہ نے اُنکو بخشش اور
		لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝	بڑا ثواب دینے کا وعدہ کیا ہے ۔

وَدَخَلُوهُمْ فِي الْجَنَّةِ — صفات اور انکے بہشتی ہونے کا بیان

۱	البقرة ۲	۱	أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝	یہی لوگ اپنے پروردگار کے راہ پر ہین اور وہی مراد کو پہونچنے والے ہین۔
″	البقرة ۲	۸	إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالنَّصَارَىٰ وَالصَّابِئِينَ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝	بیشک مسلمان اور یہودی اور عیسائی اور صابی ان مین سے جو لوگ اللہ تعالے اور پچھلے دن پر ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُن کو اپنے مالک کے پاس اُن کی مزدوری ملے گی نہ اون کو ڈر ہوگا نہ رنج۔
″	″	۹	وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝	اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے وہ جنتی ہین ہمیشہ اس مین رہین گے۔
۲	″	۲۰	وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِّلَّهِ ۝	اور جو لوگ ایمان والے ہین وہ اللہ کی محبت سب سے زیادہ رکھتے ہین۔
۱	″	۱۳	بَلَىٰ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِندَ رَبِّهِ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝	بات یہ ہے کہ جس نے اپنا منہ خدا کے سامنے جھکا دیا اور نیک بھی ہے (یعنے سنت محمدی کا پیرو ہوا اور شریعت کا پابند) اسکو اپنے مالک کے پاس اپنا ثواب ملیگا اور آخرت مین ایسے لوگونکو) نہ ڈر ہوگا نہ غم۔
۳	″	۲۷	إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝	بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ملک کو (اللہ کے لیے) چھوڑا (ہجرت کی) اور خدا کی راہ مین لڑے انہی کو اللہ کی رحمت کی امید ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔
۳	″	۳۴	لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ ۖ قَد تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَن يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِن بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ لَا انفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ اللَّهُ وَلِيُّ الَّذِينَ آمَنُوا يُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۖ	دین مین زبردستی نہین نیک راہی اور گمراہی کھل گئی ہے پھر جو کوئی جھوٹے خدا کو نہ مانے اور اللہ پر ایمان لائے اُس نے مضبوط کنڈا تھام لیا جو ٹوٹنے والا نہین اور اللہ سنتا جانتا ہے اور ایمان والون کا مددگار ہے انکو کفر کے اندھیرے سے نکالکر (ایمان کی) روشنی مین لاتا ہے۔
۲	۵	۳۸	إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝	جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اور نماز کو درستی سے ادا کیا اور زکوۃ دی اُن کا ثواب اُنکے مالک کے پاس اُن کو ملے گا نہ اُن کو ڈر ہوگا نہ غم۔
″	ال عمران ۳	۲	الصَّابِرِينَ وَالصَّادِقِينَ وَالْقَانِتِينَ وَالْمُنفِقِينَ وَالْمُسْتَغْفِرِينَ بِالْأَسْحَارِ ۝	(وہ) کون لوگ ہین مصیبت پر صبر کرنیوالے اور سچ بولنے والے اور عاجزی کرنے والے (یا فرمانبردار) اور (اللہ کی راہ مین خرچ کرنیوالے اور پچھلی رات کو
۴	″	۱۴	الَّذِينَ يُنفِقُونَ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَالَّذِينَ إِذَا	جو فراغت اور تنگی (دونو حالون) مین خرچ کیے جاتے ہین اور غصہ پی جاتے ہین اور لوگون سے درگذر کرتے ہین (انکا قصور معاف کردیتے ہین) اور اللہ احسان کرنیوالون کو پسند کرتا ہے اور وہ جو

			هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝	ہمیشہ جنت ہی مین رہین گے -
۹	الاعراف	۲۲	وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ ۝	اور ہمنے جو لوگ پیدا کیے ہین ایک گروہ ایسا بھی ہے جو سچی بات سمجھاتے ہین اور سچا انصاف کرتے ہین -
۹	الانفال	۱	إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ۝ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۝ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَّهُمْ دَرَجَاتٌ عِندَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝	ایماندار تو وہی لوگ ہین کہ جب اللہ تعالہ کا نام لیا جاتا ہے تو انکے دل دہل جاتے ہین اور جب انکو اسکی آیتین پڑہ کر سنائی جاتی ہین تو انکے ایمان کو اور بڑہا دیتی ہین اور وہ اپنے مالک پر بہروسا کرتے ہین جو نماز کو درستی سے ادا کرتے ہین اور ہم نے جو اُن کو دیا ہے اُس مین سے خرچ کرتے ہین یہی لوگ پکے ایماندار ہین اُنکے لیے درجے ہین اُنکے مالک کے پاس اور بخشش ہے اور عزت کی روزی -
۱۰	التوبة	۹	وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَيُطِيعُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ أُولَٰئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللَّهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ وَعَدَ اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللَّهِ أَكْبَرُ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝	اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتین ایک دوسرے کے مددگار ہین اچھی بات سکھلاتے ہین اور بُری بات سے منع کرتے ہین اور نماز کو درستی کے ساتھ ادا کرتے ہین اور زکوۃ دیتے ہین اور اللہ تعالہ اور اُسکے رسول کا کہا مانتے ہین یہی لوگ ہین جن پر اللہ تعالہ ضرور رحم کرے گا بے شک اللہ تعالہ زبردست ہے حکمت والا مسلمان مرد اور مسلمان عورتون کے لیے اللہ تعالہ نے اُن باغون کا وعدہ فرمایا ہے جنکے تلے نہرین پڑی بہہ رہی ہین وہ ہمیشہ اُنمین رہین گے اور جنۃ العدن مین (رہنے کے لیے) عمدہ مکانون کا اور سب نعمتون سے بڑھکر خدا کی رضامندی ہوگی یہی بڑی کامیابی ہے -
۱۱		۱۳/۱۲	وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَنْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ قُرُبَاتٍ عِندَ اللَّهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُولِ ۚ أَلَا إِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ۚ سَيُدْخِلُهُمُ اللَّهُ فِي رَحْمَتِهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُم بِإِحْسَانٍ رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝	اور بعضے گنوار ایسے (بھی) ہین جو اللہ اور پچھلے دن (قیامت) پر ایمان رکھتے ہین اور جو خرچتے ہین اُسکو اپنے حق مین) اللہ تعالہ کی نزدیکی اور پیغمبر کی دعاء کا سبب سمجھتے ہین سُن لو بیشک اُنکا خرچنا اُنکی نزدیکی ہے (خداوند کریم سے) اللہ اُنکو ضرور اپنی رحمت مین لیگا بے شک اللہ تعالہ بخشنے والا مہربان ہے اور مہاجرین اور انصار مین سے جن لوگون نے اول ہجرت کی اور پہلے اسلام لائے اور جنہون نے نیکی کے ساتھ اُنکی پیروی کی اللہ تعالہ اُن سے راضی ہوا اور وہ اللہ تعالہ سے راضی ہوئے اور اللہ تعالہ نے اُنکے لیئے باغ تیار کر رکھے ہین جن کے تلے نہرین پڑی بہ رہی ہین وہ اُن مین ہمیشہ ہمیشہ رہین گے یہی بڑی کامیابی ہے -

۶	المائدۃ ۵	۸	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ۝ وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝	مسلمانو جو کوئی تم مین سے اپنے دین سے پھر جائے تو آگے اللہ تعالیٰ ایسے لوگون کو پیدا کرے گا جن سے اللہ تعالیٰ محبت کریگا اور وہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرین گے مسلمانون پر مہربان کافرون پر کڑے اللہ تعالیٰ کی راہ مین جہاد کرینگے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہین ڈرین گے یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسکو چاہے دے اور اللہ تعالیٰ کشایش والا ہے خبردار تمہارے دوست اللہ اور اسکا رسول اور ایمان والے ہین جو درستی سے نماز ادا کرتے ہین اور زکوۃ دیتے ہین اور وہ جھکے رہتے ہین اور جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلعم اور ایمان والون سے دوستی رکھے گا اور اللہ تعالیٰ ہی کا گروہ غالب رہے گا۔
〃	〃	۱۰	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝	جو لوگ (زبان سے) مسلمان ہین اور (دل مین منافق ہین اور یہود کی اور صابی اور نصاریٰ (ان مین سے) جو اللہ پر اور پچھلے دن پر ایمان لائین (دل سے یقین کرین) اور اچھے کام کرین تو انکو (قیامت کے دن) نہ ڈر ہوگا نہ (دنیا کا مال اسباب جانے کا) غم۔
〃	〃	۱۱	فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَاۗءُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝	انکے اس کہنے کے بدلے اللہ نے انکو باغ دیئے جنکے نیچے نہریں بہ رہی ہین ہمیشہ اُن مین رہین گے اور نیکون کا یہی بدلہ ہے
۷	الانعام ۶	۵	فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝	پھر جو لوگ ایمان لائے اور انہون نے اچھے کام کیے (پیغمبرون کا کہا مانا) انکو نہ ڈر ہوگا نہ غم۔
〃	〃	۶	وَاِذَا جَاۗءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْۗءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝	اور (اے پیغمبر) جب تیرے پاس وہ لوگ آئین جو ہماری آیتون پر ایمان لاتے ہین تو کہہ سلام علیکم تمہارے پروردگار نے اپنے اوپر یہ لکھ لیا ہے کہ وہ مہربانی کریگا (یعنے) جو کوئی تم مین سے نادانی سے کوئی گناہ کر بیٹھے پھر اسکے بعد توبہ کرے اور اپنے تئین سنوارلے تو وہ بخشنے والا مہربان ہے اور ہم اسیطرح کھولکر اپنی آیتین بیان کرتے ہین (تاکہ سب لوگ سمجھ جائین) اور گنہگارون کا رستہ صاف معلوم ہوجائے
〃	〃	۹	اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝	جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان مین ظلم (یعنے شرک) نہین ملایا انہین کو خاطر جمع ہے اور وہی راہ پر ہین۔
۸	الاعراف ۵		وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۚ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیئے اور ہم تو کسی پر اُسکی طاقت سے زیادہ بوجھ نہین ڈالتے وہ جنتی ہین۔

			اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝	نماز کو درستی سے ادا کیا اور جو ہمنے اُنکو (مال) دیا اُس مین سے چھپے اور کھلے (اللہ تعالہ کی راہ مین) خرچ کیا (زکوۃ دی) اور بُرائی کے بدل (اُنکون سے) بھلائی کی اُنہین لوگون کو پچھلا گھر ملیگا (وہ کیا ہے) رہنے کے باغ ہین جن مین وہ (خود) جائینگے اور اُنکے باپ دادون اور بی بیون اور اولاد مین سے جو نیک ہونگے اور (جنت کے) ہر ایک دروازے سے فرشتے اُنکے پاس آئینگے (کہینگے) تم سلامت رہو (یہ جو تم کو ملا) تمہارے صبر کا بدلہ ہے تم کو یہہ پچھلا گھر مبارک
۱۳	الرعد ۱۳	۴	اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝
۱۳	ابرھیم ۱۴	۴	وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۝
〃	〃	〃	يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ
۱۴	الحجر ۱۵	۴	اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ۝ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ۝
۱۴	النحل ۱۶	۴	وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَاۗءُوْنَ ۭ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

۳۴ جو ایمان لائے اور اُنکے دلون کو اللہ تعالہ کی یاد سے تسلی ہوتی ہے سن لو اللہ تعالہ ہی کی یاد سے دلون کو چین آتا ہے جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے اُنکو (آخرت مین) خوشی اور اچھا ٹھکانا ہے ۔

۳۵ اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے وہ (بہشت کے) باغون مین داخل کیے جاوینگے جنکے تلے نہرین بہ رہی ہونگی وہ اپنے مالک کے حکم سے اُنمین ہمیشہ رہینگے ملاقات اُنکی وہان

۳۶ جو لوگ ایماندار ہین اللہ تعالہ اُنکو ٹھیک بات (یعنے کلمہ شہادت) پر دنیا کی زندگی مین قائم رکھتا ہے اور آخرت مین بھی

۳۷ جو لوگ پرہیزگار ہین (شرک اور کفر سے بچتے ہین) وہ باغون اور چشمون مین ہونگے (اُنسے جاتے وقت فرشتے کہینگے) تم اُن مین سلامتی کے ساتھہ بے کھٹکے جاؤ اور جو کچھہ (دنیا مین) اُنکے دلون مین رنج تھا وہ ہم نکال ڈالینگے بھائی بھائی کی طرح تختون پر ایک دوسرے کے سامنے (بیٹھے) ہونگے اُنکو بہشت مین نہ کسی طرح

۳۸ اور جو لوگ پرہیزگار ہین (مومن ہین) اُنسے کہا گیا کہ تمہارے مالک نے کیا اُتارا تو کہنے لگے اچھا (اُتارا) جنہون نے بھلائی کی اُنکو اس دنیا مین بھی بھلائی ملے گی اور آخرت کا گھر تو (اُنکے لیے کہین) بہتر ہے اور پرہیزگارون کا گھر کیا اچھا ہے رہنے کے لیئے باغ ہین جن مین جائینگے اُنکے تلے نہرین پڑی بہ رہی ہین جو چاہینگے وہ اُنکے لئے وہان حاضر اللہ تعالہ پرہیزگارون کو ایسا ہی بدلہ دیگا جن کی جانین فرشتے جب نکالتے ہین تو وہ کفر (اور شرک سے) پاک ہوتے ہین فرشتے کہتے ہین تم سلامت رہو (مرنے سے) اپنے (نیک) کاموں کے بدل بہشت مین جا ڈٹو ۔

۱۱	التوبۃ	۱۴	التَّائِبُونَ الْعٰبِدُونَ الْحَامِدُونَ السَّائِحُونَ الرّٰكِعُونَ السّٰجِدُونَ الْاٰمِرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّاهُونَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُونَ لِحُدُودِ اللّٰهِ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۝	(یہ لوگ ایسے ہین) توبہ کرنے والے اللہ کی عبادت کرنے والے اللہ کی تعریف کرنے والے روزہ رکھنے والے رکوع کرنے والے سجدہ کرنیوالے (یعنے نمازی) اچھی بات کا حکم دینے والے بُری بات سے منع کرنیوالے اور اللہ تعالے نے جو حدین باندہ دی ہین اُن کو سنبھالنے والے اور ایسے مسلمانون کو خوشخبری دے ۔
۱۱	یونس	۱	اِنَّ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيمَانِهِمْ ۚ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِي جَنّٰتِ النَّعِيمِ ۝ دَعْوٰىهُمْ فِيهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ۝	بے شک جو لوگ ایمان لائے اور اُنھون نے ایمان کی وجہ سے نیک کام کیے اُن کا مالک اُن کو (جنت کا رستہ) دکھائیگا اُنکے تلے عیش کے باغون مین (ہر وقت) نہرین بہ رہی ہونگی آنکی پکار (اپنے خادمون کو) یہ ہوگی سبحنک اللھم اور (آپسمین) اُنکی ملاقات سلام اور اخیر پکار اُنکی یہ ہوگی الحمد للہ رب العلمین
″	″	۳	لِلَّذِينَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۖ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلَا ذِلَّةٌ ۚ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ	جن لوگون نے بھلائی کی اُنکو بھلائی ملیگی اور کچھ بڑھکر بھی اور اُنکے چہرون پر نہ کالک چھائیگی نہ رسوائی یہی لوگ جنتی ہین وہ اُسمین ہمیشہ رہین گے (یعنے جنت مین)
۷			اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ اَلَّذِينَ اٰمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ۝ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ لَا تَبْدِيلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ	سن رکھو جو لوگ اللہ تعالے کے ولی (دوست) ہین نہ اُنکو ڈر ہوگا نہ غم جو لوگ ایمان لائے اور پرہیزگار رہے اُنکے لیے دنیا کی زندگی مین بھی خوشی ہے اور آخرت مین بھی اللہ تعالے کی باتین بدل نہین سکتین یہی بڑی کامیابی ہے ۔
۱۲	ھود	۲	اِنَّ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۝	جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اور اپنے مالک کے سامنے عاجزی کرتے رہے وہی جنتی ہین جو ہمیشہ جنت مین رہین گے ۔
″	″	۹	وَاَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۖ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوذٍ ۝	اور جو لوگ نیک بخت ہونگے وہ جنت مین رہین گے ہمیشہ اُسی مین جب تک (جنت کے) آسمان اور زمین قائم رہین مگر جن کو تیرا مالک چاہے بخشش ہے جس کی کوئی انتہا نہین ۔
۱۳	الرعد	۳	اَلَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ ۝ وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوٓءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَ	اور اللہ تعالے کے ساتھ جو عہد ہوا ہے اُسکو پورا کرتے ہین اور قول شکنی نہین کرتے (اپنا اقرار نہین توڑتے) اور جس چیز کے جوڑنے کا اللہ تعالے نے حکم دیا ہے اُسکو جوڑے رکھتے ہین اور اپنے مالک سے ڈرتے ہین اور (قیامت کے دن) بُری طرح حساب ہونے سے خوف کرتے ہین اور جن لوگون نے اپنے مالک کی خوشی کے لیے صبر کیا اور

			فَلَا يَخَافُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ۝	اُسکو نہ بے انصافی کا ڈر ہوگا نہ حق تلفی کا۔
۱۶	طٰهٰ ۵۰	۷	فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ۝	تو جو کوئی میری ہدایت پر چلے نہ وہ (دنیا مین) بہکے گا اور نہ (آخرت مین)
۱۷	الانبیاء ۵۱	۷	فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ وَاِنَّا لَهٗ كَاتِبُوْنَ ۝	پیر جو کوئی نیک کامون مین سے کچھ کام کریگا اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو اسکی محنت اکارت نہ ہوگی اور ہم اسکے (کامون کو) لکھنے والے ہیں
〃	〃	〃	اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۝ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝	بے شک جن لوگون کے لیے ہماری طرف سے پہلے ہی بھلائی ہو چکی ہے (لکھی جا چکی ہے) وہ دوزخ سے دور رہین گے وہ تو دوزخ کی بھنک بھی نہ سنین گے ہمیشہ جو جی چاہے ہمین بسر کرینگے (ہر ایک خواہش پوری ہوگی) انکو بڑی گھبراہٹ (قیامت) کا کچھ رنج نہ ہوگا اور فرشتے (جنت کے دروازون پر) انکا استقبال کرینگے (کہین گے) یہی تو وہ دن ہے جسکا تم سے (دنیا مین) وعدہ کیا جاتا تھا۔
〃	〃	〃	وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ۝	اور ہم تو زبور مین لوح محفوظ کے بعد لکھ چکے ہین کہ (بہشت یا بیت المقدس کی) زمین کے مالک میرے نیک بندے ہونگے۔
۱۷	الحجر ۲۲	۲	اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝	جو لوگ ایمان لائے اور انہون نے اچھے کام کیے انکو (آخرت مین) اللہ تعالیٰ باغون مین لے جائیگا جنکے تلے نہرین پڑی بہ رہی ہین بے شک اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔
〃	〃	۳	اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ۝ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ۝	جو لوگ ایمان لائے اور انہون نے اچھے کام کیے انکو اللہ ایسے باغون مین لے جائیگا جنکے تلے نہرین پڑی بہ رہی ہین وہان انکو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائینگے اور انکا لباس ریشمی ہوگا اور انکو پاکیزہ بات کی طرف لے جائینگے اور خوبیون والے (خدا تعالیٰ) کی راہ پر لگائینگے۔
〃	〃	۵	اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝	اللہ تعالیٰ بے شک ایمان والون سے (انکے دشمنون کو) ہٹا دیگا کیونکہ اللہ تعالیٰ کسی دغا باز ناشکرے کو پسند نہین کرتا۔
〃	〃	۶	اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝	یہ (مسلمان) ایسے ہین کہ اگر ہم انکو ملک مین جما دین (انکی حکومت قائم کر دین) تو نماز کو درستی سے پڑہین گے اور زکوۃ دینگے اور اچھی بات کا حکم کرینگے اور بری بات سے منع کرینگے اور سب کامون کا
〃	〃	۷	فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝	پیر جو لوگ ایمان لائے اور انہون نے اچھے کام (بھی) کیے انکے لیے (آخرت مین گناہون کی) بخشش اور عزت کی روزی (یعنے بہشت) ہے
〃	〃	〃	فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝	تو جو لوگ ایمان لائے اور انہون نے اچھے کام کیے وہ آرام کے باغون مین ہونگے۔ (جنمین اڑ جائینگے)

۱۴	النحل ۱۶	۱۳	مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝	مرد ہو یا عورت جو کوئی ایمان کے ساتھ نیک کام کرے تو ہم (دنیا مین) اُس کی زندگی پاک زندگی کرین گے اور اُن کو (ایسے لوگون کو) ہم (قیامت مین) ضرور اُنکے بہتر کامون کا بدلہ دین گے۔
۱۴	۔	۱۶	اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝	کیونکہ اللہ تعالیٰ انہی لوگون کے ساتھ ہے جو پرہیزگار ہین (شرک اور کفر اور گناہون سے بچتے ہین) اور جو نیک ہین۔
۱۵	الکہف ۱۵	۴	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۝ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝	جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے تو اچھے کام کرنیوالے کا بدلہ ہم ضائع نہین ہونے دینگے ان لوگون کے لیے ہمیشہ رہنے کے باغ ہین جن کے تلے نہرین پڑی بہ رہی ہین اُن کو وہان سونے کے کنگن پہنائے جائین گے اور سبز مہین ریشمی کپڑے اور موٹے ریشمی کپڑے پہنین گے تختون پر تکیے لگائے بیٹھے ہونگے (سبحان اللہ اُنکا مونکا کیا اچھا بدلہ ملے گا اور بہشت بھی کیا عمدہ جگہ ہے۔
۱۶	۔	۱۲	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝	البتہ جو لوگ ایمان لائے اور اُنہون نے اچھے کام کیے اُنکی مہمانی فردوس کے باغ ہین وہ ہمیشہ اُن مین رہین گے کبھی اُن کو چھوڑنا نہ چاہین گے۔
۔	مریم ۱۹	۴	اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـــًٔا ۝ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ۝	مگر جو کوئی توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھے کام کرے تو ایسے لوگ بہشت مین جائین گے اور اُنپر ظلم نہ ہوگا (وہ بہشت کیا ہے) ہمیشہ رہنے کے باغ ہین جنکا اللہ نے اپنے بندون کو بن دیکھے وعدہ کیا ہے (بندون نے اُن باغون کو نہین دیکھا) بے شک اُسکا وعدہ آکر رہے گا (یا اُسکا وعدہ ضرور پورا ہوگا)
۔	۔	۵	وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ۭ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ۝	اور جو لوگ سیدہی راہ پر ہین اُنکو اور زیادہ اللہ تعالیٰ نیک کام کرنے کی ہدایت کرتا جاتا ہے اور قائم رہنے والی نیکیان تیرے مالک کے نزدیک اچھا بدلہ رکھتی ہین اور اچھا انجام۔
۔	۔	۶	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝	جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اللہ تعالیٰ اُنکی محبت (لوگون کے دلون مین) ڈال دے گا۔
۔	طٰہٰ ۲۰	۳	وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ۝	اور جو کوئی ایمان کہکر اُسکے سامنے حاضر ہوگا وہ (دنیا مین) نیک کام (بھی) کرچکا ہو تو ایسے لوگون کو بلند درجے ملینگے ہمیشہ رہنے کے باغ اُنکے تلے نہرین پڑی بہ رہی ہین وہ سدا اُن مین رہینگے اور جو کوئی (کفر اور گناہون کی نجاست سے پاک رہے) اُسکا یہی بدلہ ہے
۔	۔	۶	وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ	اور جو ایمان کے ساتھ اچھے کام کرے گا

			اِسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝	یہ لوگ اپنے کسی کام کے لیے تجھ سے جانے کی اجازت مانگیں تو جسکو تو چاہے ان مین سے اجازت دے اور اللہ سے اُنکی بخشش کی دعا کر بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے
۱۹	الفرقان ۲۵	۶	وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۝ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ۝ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ۝ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝	اور رحمٰن کے (نیک) بندے وہ ہین جو عاجزی کے ساتھ (یا آہستگی اور وقار کے ساتھ) زمین پر چلتے ہین اور جب جاہل لوگ اُن سے بہڑ جاتے ہین تو کہتے ہین (اچھا صاحب) سلام اور جو راتون کو اپنے مالک کے آگے سجدے اور قیام مین رہتے ہین اور جو (یون) دعا مانگتے ہین مالک ہمارے دوزخ کا عذاب ہمسے ٹالدے کیونکہ دوزخ کا عذاب کافرون اور گنہگارون کے لیے اٹل ہے وہ (ہر طرح) بری ہے وہان تھوڑی دیر رہنا ہو ہمیشہ رہنا ہو اور جو خرچ کرتے وقت بے کار (اپنا پیسہ) نہین اڑاتے اور نہ تنگی کرتے ہین (کہ ضرورت مین بھی نہ اڑھا ہین) اور بیچ بیچ مین اُنکا خرچ رہتا ہے اور جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے خدا کو نہین پکارتے اور جس جان کا مارنا اللہ نے حرام کیا ہے اُسکو نہین مارتے مگر حق پر (جیسے خون کے بدلے خون) اور زنا نہین کرتے اور جو کوئی یہ کام کریگا وہ (اپنے کیے کا) بدلہ پائیگا اُسکو قیامت کے دن دونا عذاب ہوگا اور وہ اُسمین ذلیل ہوکر ہمیشہ رہے گا مگر جو شخص (دنیا ہی مین ان گناہون سے) توبہ کرے اور ایمان لاوے اور نیک کام کرے تو ایسے لوگون کی برائیون کو اللہ نیکیون سے بدل دیگا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور جو کوئی (گناہ سے) توبہ کرے اور نیک کام کرے تو وہ اللہ کی طرف پورا پھر آتا ہے اور جو جھوٹی گواہی نہین دیتے (یا جھوٹ فریب نہین کرتے) اور جب بیہودہ کام پر انکا گذر (اتفاق سے) ہو تو عزت بچاکر چلدیتے ہین اور جنکو اُنکے مالک کی آیتین سنائی جاتی ہین تو وہ اندھے بہرے ہوکر اُنپر نہین گرتے اور جو یہ دعا کرتے ہین مالک ہمکو ہماری بیبیون اور اولاد سے ہماری آنکھین ٹھنڈی کر اور ہمکو پرہیزگارون کا سردار بنا اُن لوگون کو بہشت کے بالاخانے اُنکے صبر کے بدلے مین ملینگے اور وہان اُنکا دعا اور سلام سے استقبال کیا جائیگا ہمیشہ اسمین رہینگے وہ اچھا ٹھکانا اور اچھا مقام ہے۔
۱۹	النمل ۲۷	۷	مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ	جو شخص (قیامت کے دن) کوئی نیکی لیکر آئیگا اُسکو اُس سے بہتر

۱۸	المؤمنون ۱۲۳	۱	قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۚ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۘ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝
	״	۴	اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۙ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝
	النور ۱۲۴	۶	اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ
	״	״	وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝
	״	۹	اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا

ایمان والے مراد کو پہونچ گئے وہ جو اپنی نماز مین دل لگاتے ہین اور وہ جو نکمی باتون کی طرف دھیان نہین کرتے اور وہ جو زکوۃ دیا کرتے ہین اور وہ جو اپنی خواہش کا مقام (شرمگاہ) تھامے رہتے ہین (کسی سے اپنی خواہش پوری نہین کرتے) مگر اپنی بی بیون یا لونڈیون سے اُنپر کوئی الزام نہین پھر جو کوئی ان (دو) کے سوا (اور طرح سے شہوت نکالنا) چاہے تو ایسے ہی لوگ (حد سے) بڑھے ہوئے ہین اور وہ جو اپنی امانتون اور اپنے عہدون کا خیال رکھتے ہین اور وہ جو اپنی نمازون کی پابندی کرتے ہین یہی لوگ وہ ہین جو میراث لینگے فردوس کے وارث ہونگے جو لوگ اپنے مالک کے خوف سے لرزتے رہتے ہین اور جو اپنے مالک کی آیتون پر یقین رکھتے ہین (اُنکے مطلب کو جی سمجھتے ہین) اور جو اپنے مالک کے ساتھ شرک نہین کرتے (کسی کو اُسکا شریک نہین سمجھتے) اور جو اللہ کی راہ مین (اپنا مال) دیتے ہین اور دینے پر اُنکے دل مین ڈر رہتا ہے کہ اُنکو اپنے مالک کے پاس لوٹ کر جانا ہے ایسے ہی لوگ نیک کامون مین جلدی کرتے ہین اور اُن مین آگے بڑھ جاتے ہین

ایماندار لوگ جب (اُن کا جھگڑا) فیصلہ کرنے کے لیے اللہ اور اُسکے رسول کی طرف بلائے جاتے ہین تو بس یہی کہتے ہین ہم نے سُنا اور مان لیا۔

جو لوگ تم مین سے ایمان لائے اور اچھے کام کیے اللہ نے اُنسے وعدہ کیا ہے کہ (ایک ایک دن) اُنکو ضرور ملک مین حکومت دیگا جیسے اُسنے اگلے لوگون کو اُن سے پہلے حکومت دی تھی اور جس دین کو اُنکے لیے پسند کیا ہے وہ اُنکے لیے جما دے گا اور اُنکو جو (دشمنون سے اس وقت) ڈر ہے اُسکے بعد ڈر کے بدل اُنکو امن دیگا وہ مجھ کو پوجتے رہینگے میرے ساتھ کسی کو شریک نہین کرینگے اور جو شخص اسکے بعد کفر کرے تو ایسے ہی لوگ نافرمان ہین

سچے ایماندار وہی ہین جو اللہ اور اُسکے رسول پر ایمان لائے اور جب کسی جمع ہونے کے کام مین پیغمبر کے ساتھ ہوتے ہین تو جب تک اُن سے اجازت نہ لین وہان سے (اُٹھ کر) نہین جاتے بے شک جو لوگ تجھ سے (جاتے وقت) اجازت لیتے ہین وہی اللہ اور اُسکے رسول پر ایمان رکھتے ہین پھر جب

۲۱	السجدہ ۳۲	۲	اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى نُزُلًا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝	جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُنکو (آخرت میں) رہنے کے باغ ملینگے یہ مہمانداری اُنکے (اچھے) کاموں کے بدلے ہوگی
۲۲	الاحزاب ۳۳	۵	اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝	بیشک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایماندار مرد اور ایماندار عورتیں اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور سچ بولنے والے مرد اور سچ بولنے والی عورتیں اور صبر کرنیوالے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور (اللہ تعالیٰ سے) ڈرنے والے مرد اور ڈرنیوالی عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرمگاہ کو (گناہ سے) بچانے والے مرد اور بچانے والی عورتیں اور اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنیوالی عورتیں ان کے لیے اللہ نے (گناہوں کی) بخشش اور بڑا ثواب تیار رکھا ہے
〃	〃	۷	وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝	اور جو لوگ مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں کو بغیر کچھ کیے (بے قصور) ستاتے ہیں تو اُنھوں نے (اپنی گردن پر) جھوٹ اور کھلم کھلا گناہ کا بوجھ لیا
۲۲	السبا ۳۴	۵	وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ۝	اور (لوگو) تمہارے مال اور اولاد (کے زیادہ ہونے) سے تمکو ہماری نزدیکی کا درجہ نہیں مل سکتا البتہ جو کوئی ایمان لائے اور اچھے کام کرے تو ایسے لوگوں کو اُنکے کاموں کا دوہرا ثواب ملیگا اور وہ (بہشت کی) جھروکوں میں امن سے رہیں گے (کوئی فکر نہ ہوگی)
〃	فاطر ۳۵	۱	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝	اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُنکے (گناہوں کی) بخشش ہوگی اور اُنکو بڑا ثواب ملیگا
〃	〃	۴	فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ۝ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ۝	اُن میں کچھ تو گنہگار ہیں اور کچھ بیچ بیچ میں چلنے والے ہیں اور کچھ اللہ تعالیٰ کے حکم سے نیکیوں میں آگے بڑھنے والے ہیں یہی تو خدا کا بڑا فضل ہے (ان لوگوں کے لیے) ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں ان میں داخل ہونگے وہاں اُنکو سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور موتی اور اُن کی پوشاک ریشمی ہوگی (اور یہ لوگ بہشت میں داخل ہوکر) کہینگے شکر اللہ تعالیٰ کا جس نے ہم سے (ہر طرح کا) رنج دفع کردیا بیشک ہمارا مالک (بڑا) بخشنے والا قدردان ہے جس نے اپنے فضل سے ہمکو (ہمیشہ) رہنے کے گھر (جنت) میں لا اتارا ہمکو اس گھر میں نہ کوئی تکلیف پہونچیگی نہ ہمکو اس میں کسی طرح کی تھکن ہوگی
۲۲	یٰس ۳۶	۱	اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ	تو تو اسی شخص کو ڈرا سکتا ہے جو قرآن کی پیروی کرے اور بن دیکھے

		هُم مِّن فَزَعٍ يَوْمَئِذٍ اٰمِنُونَ ۝	ایسے لوگ اُس دن گھبراہٹ سے بے خطر رہین گے (اُنکو گھبراہٹ نہوگی)
۲۰	القصص ۲۸	۷ فَاَمَّا مَن تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَن يَكُونَ مِنَ الْمُفْلِحِينَ ۝	البتہ جس نے (دنیا مین شرک سے) توبہ کی اور ایمان لایا اور اچھے کام کیے اُسکو نجات کی امید رکھنا چاہیئے۔
〃	〃	۹ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِى الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۚ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ۝	یہ آخرت کا گھر اُن لوگون کو ہم دینگے جو دنیا مین بڑائی کرنا نہین چاہتے اور نہ دھند مچانا اور انجام اُنہی کا بھلا ہوگا جو پرہیزگار ہین۔
〃	العنکبوت ۲۹	۱ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِى كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝	اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُنکی برائیان ہم ضرور اُتار دین گے (میٹ دینگے) اور اُنکے اچھے کامون کا بدلہ اچھے سے اچھا دینگے۔
〃	〃	〃 وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِى الصّٰلِحِينَ ۝	اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُنکو ہم ضرور نیکون مین شریک کرین گے۔
۲۱	〃	۶ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِى مِن تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَا ۚ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِينَ ۝ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ۝	اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُنکو ہم بہشت کے بالا خانون (ماڑیون) مین جگہہ دین گے اُنکے تلے نہرین پڑی بہ رہی ہونگی ہمیشہ اُن مین رہین گے (نیک) عمل کرنے والون کا جنہون نے (تکلیف پر) صبر کیا اور اپنے مالک پر بھروسا کیے رہے کیا عمدہ بدلہ ہے
〃	〃	۷ وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۚ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ ۝	اور جن لوگون نے ہمارے لیے کوشش کی (یا جہاد کیا کافرون سے لڑے) ہم اُنکو ضرور اپنے (قرب کے) رستے دکھلائین گے اور بیشک اللہ تعالیٰ
۲۱	الروم ۳۰	۲ فَاَمَّا الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِى رَوْضَةٍ يُحْبَرُونَ ۝	پھر جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے ایک باغ مین اُنکی آؤ بھگت ہوگی۔
〃	لقمٰن ۳۱	۱ اِنَّ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيمِ ۝ خٰلِدِينَ فِيهَا ۖ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝	جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُنکے لیے (بڑے لطف کے (مزے کے) باغ ہین وہ اُنمین ہمیشہ رہین گے (چین اڑائین گے) یہ اللہ تعالیٰ کا پکا وعدہ ہے اور وہ زبردست ہے حکمت والا
〃	〃	۳ وَمَن يُسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُورِ ۝	اور جو شخص خدا تعالیٰ کے سامنے اپنا منہ جھکائے ہے اور وہ نیکی پر ہو تو اُس نے مضبوط کنڈہ تھام لیا اور اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سب کامون کا انجام ہے۔
〃	السجدۃ ۳۲	۲ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِينَ اِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝ تَتَجَافٰى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۖ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُونَ ۝	ہماری آیتون پر تو وہی لوگ ایمان لاتے ہین کہ جب اُنکو وہ آیتین سمجھائی جاتی ہین تو سجدے مین گر پڑتے ہین اور اپنے مالک کی تعریف کے ساتھ خوبی بیان کرتے ہین اور غرور نہین کرتے (راتکو) اُنکی کروٹین بچھونون سے الگ رہتی ہین اپنے مالک کو (اُسکے عذاب سے) ڈرکر اور (اُسکی رحمت کی) امید کرکے پکارتے ہین اور ہمارا دیا کچھہ خرچ کرتے ہین

(باقی اگلے صفحہ کے ساتھ ہے)

۲۳	الزمر ۳۹	۲	وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ	اور جو لوگ شیطان کے پوجنے سے بچے رہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہوئے اُنکے لیے (جنت کی) خوشخبری ہے
〃	〃	〃	لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ وَعْدَ اللّٰهِ ۭ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ۝	البتہ جو لوگ اپنے مالک سے ڈرتے رہے اُن کے لیے (بہشت میں) بالا خانے ہیں اُنکے اوپر اور بالا خانے (درجہ بدرجہ کئی منزلہ جن کے نیچے ندیاں پڑی بہ رہی ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے اللہ تعالیٰ (اپنا) وعدہ خلاف نہیں کرتا۔
۲۴	〃	۴	وَالَّذِيْ جَاۗءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۝ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝	اور جو شخص سچی بات لیکر آیا اور جس نے اُسکو سچا جانا ایسے ہی لوگ پرہیزگار ہیں وہ جو خواہش کرینگے اُنکے مالک کے پاس اُن کو ملیگا نیکوں کا یہی بدلہ ہے (نیک وہ) اس لیے (ہوئے) کہ اُنہوں نے بُرے سے بُرا جو کام کیا اللہ تعالیٰ اُسکو اُنسے اوتار دیگا اور اُن کے اچھے سے اچھے کام کا نیک اُن کو بدلہ میں دے گا۔
〃	〃	۶	وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۚ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْۗءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝	جو لوگ (شرک اور کفر سے) بچے رہے اُنکو کامیابی کے ساتھ اللہ تعالیٰ بچا دیگا اُنکو تکلیف چھو سکیگی بھی نہیں اور نہ وہ رنجیدہ ہونگے
〃	〃	۸	وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاۗءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝	اور جو لوگ (دنیا میں) اپنے مالک سے ڈرتے رہے اُنکو ٹولیاں ٹولیاں بنا کر بہشت کی طرف لے جائینگے جب وہ وہاں پہونچیں گے اور بہشت کے دروازے (پہلے ہی سے) کھلے ہونگے اور وہاں کے داروغہ اُنسے کہینگے سلام علیکم تم تو مزے میں رہے اب بہشت میں جاؤ ہمیشہ وہیں رہو اور بہشتی لوگ یوں کہینگے شکر اُس خدا کا جس نے اپنا وعدہ ہمکو سچ کر دکھایا اور (بہشت کی) زمین کا ہمکو وارث بنایا ہم بہشت میں جہاں چاہیں وہاں ہیں تو (نیک کاموں میں) محنت کرنیوالوں کو کیا
〃	المؤمن ۴۰	۵	وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰۗىِٕكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝	اور جو کوئی مرد یا عورت اچھا کام کرے ایمان کے ساتھ تو ایسے ہی لوگ بہشت میں جائیں گے وہاں بے حساب روزی پائیں گے۔
〃	حٰمٓ السجدۃ ۴۱	۱	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝	بے شک جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُنکو ایسا ہی نیک ملیگا جسکی انتہا نہیں (بیحساب)
〃	〃	۴	اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ نَحْنُ اَوْلِيٰۗؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ	جن لوگوں نے یہ کہا کہ ہمارا مالک اللہ ہے (توحید کا اقرار کیا) پھر (اُسپر) جمے رہے اُنپر (رحمت کے) فرشتے اترینگے (اور کہینگے) تم ڈرو نہیں اور نہ رنج کرو اور جس بہشت کا تم سے وعدہ تھا اُسکی خوشی مناؤ ہم دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے نگہبان تھے اور آخرت میں بھی اور بہشت میں

			بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝	خدا سے ڈری اُسکو بخشش اور اچھے ثواب کی خوشخبری سنا۔
۲۳	۳۷ والصفت	۲	اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ	مگر پروردگار کے خاص (چنے ہوئے) بندے اُنکے لیے رات کی روزی
			رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ۝ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ۝	ہے (طرح طرح کے) میوے اور آرام کے باغوں میں انکی عزت ہو رہی ہے۔
			فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝	آمنے سامنے تختوں پر بیٹھے ہوئے (پانی کی نہر کی طرح) بہتی ہوئی صاف
			يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۝ بَيْضَآءَ	ستھری شراب کا دور اُنپر چل رہا ہوگا پینے والوں کو مزہ دیگا نہ اُس سے چکر
			لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا	آئیگا (سر پھریگا) اور نہ اُس کے پینے سے عقل جائے گی اور اُنکے پاس
			هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝ وَعِنْدَهُمْ	نیچے نگاہ رکھنے والی بڑی آنکھوں والی (حوریں) ہونگی گویا وہ (شتر
			قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ۝ كَاَنَّهُنَّ	مرغ کے) انڈے ہیں جو ڈھانپ کر رکھے گئے ہیں پھر وہ بہشتی لوگ ایک
			بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ۝ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى	دوسرے کی طرف منہ کرکے پوچھا پاچھی کرینگے اُن میں سے ایک
			بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ	کہنے والا کہیگا (دنیا میں) میرا ایک ساتھی تھا (کافر) وہ کہا کرتا تھا
			اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ۝ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ	کیا تو بھی (اسبات کو) مانتا ہے جب ہم مرجائینگے اور مٹی اور ہڈیاں
			الْمُصَدِّقِيْنَ ۝ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا	رہجائینگی تو ہم (پھر دوبارہ زندہ ہوکر) بدلہ پائیں گے وہ بہشتی (اپنے
			وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ۝ قَالَ هَلْ	ساتھ والے بہشتیوں سے یا اللہ تعالیٰ) کہیگا کیا تم اسکو جھانکنا چاہتے ہو
			اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ۝ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ	پھر وہ جھانکیگا تو اپنے ساتھی کو بیچ دوزخ میں (پڑا ہوا) دیکھیگا
			الْجَحِيْمِ ۝ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ۝	وہ (اپنے ساتھی کو وہاں دیکھکر) بول اُٹھیگا قسم خدا کی تو تو مجھے
			وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝	بھی تباہ کرنے ہی کو تھا اور اگر میرے مالک کا مجھ پر احسان نہ ہوتا
			اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ۝ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى	تو میں بھی اُن لوگوں میں ہوتا جو (دوزخ میں) پکڑ ساتھ ہیں کیا ہم
			وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ	(بہشتیوں کا یہ حال نہیں ہے کہ) ایکبار جو مرنا تھا مرچکے اب (کبھی) ہم
			الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ	کو موت نہیں ہے اور نہ ہمکو عذاب ہوگا بیشک یہ تو بڑی کامیابی ہے ایسی چیز
			الْعٰمِلُوْنَ ۝	کے واسطے محنت کرنے والوں کو محنت کرنی چاہیے۔
״	״	״	اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝	مگر جو ان میں (اللہ تعالیٰ کے خالص بندے تھے وہ بچ گئے)
״	۳۸ ص	۴	وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝ جَنّٰتِ	اور پرہیزگاروں کے لیے (آخرت میں بھی) اچھا ٹھکانا ہے ہمیشہ رہنے
			عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ۝ مُتَّكِـِٕيْنَ	کے باغ جنکے دروازے اُنکے لیے کھلے ہیں ان میں تکیے لگائے (بیٹھے
			فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّ	ہونگے وہاں بہت سے میوے منگوائیں گے اور (پینے کے لیے) شراب
			شَرَابٍ ۝ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ	(مزے سے کمائیں پئیں گے) اور انکے پاس نیچے نگاہ والی (شرمگین)
			اَتْرَابٌ ۝ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ	عورتیں ہونگی ایک ہی عمر کی یہ وہ (نعمتیں ہیں جنکا تمسے قیامت کے
			الْحِسَابِ ۝ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ	دن وعدہ کیا جاتا ہے بے شک یہ ہماری دی ہوئی روزی ہوگی
			نَّفَادٍ ۝	جو کبھی ختم نہ ہوگی۔
״	۳۹ الزمر	۲	لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا	جو لوگ اُس دنیا میں اچھا کام کرینگے اُنکے لیے (آخرت میں) اچھا
			حَسَنَةٌ ۭ وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ۭ اِنَّمَا	(بدلہ) ہے اور اللہ تعالیٰ کی زمین کشادہ ہے جو لوگ (بلاؤں پر) صبر
			يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝	کرتے ہیں اُنکو (آخرت میں) اُنکا ثواب بے حساب دیا جائے گا

			اٰمِنِيْنَ ۝ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ	سنگوائیں گے (اور مزے سے کہائیں گے) بس جو ایک بار (دنیا میں) مر چکے
			اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ	اس کے سوا اپر موت (کا مزہ) وہاں نہ چکھینگے اور اللہ تعالی انکو دوزخ کے
			الْجَحِيْمِ ۝ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ	عذاب سے بچائے رکھیگا (اے پیغمبر) یہ تیرے مالک کا فضل (اپر) ہوگا بے
			الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝	شک یہی تو بڑی کامیابی ہے
۲۵	الجاثیہ ۴۵	۴	فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	پھر جو لوگ ایماندار ہیں اور انہوں نے اچھے کام (بھی) کیے انکو تو انکا
			فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ذٰلِكَ	پروردگار اپنی رحمت میں لے لیگا (جنت میں داخل کریگا) یہی تو
			هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝	کھلی کامیابی ہے
۲۶	الاحقاف ۴۶	۲	اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا	بیشک جن لوگوں نے کہا اللہ تعالی ہمارا مالک ہے پھر (اسپر) جمے رہے
			فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ	(شرک نہیں کی) انکو (قیامت کے دن) نہ ڈر ہوگا نہ غم یہی لوگ تو
			اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَاۗءًۢ	بہشت والے ہیں وہ اپنے (نیک) کاموں کے بدلے میں (جو
			بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝	دنیا میں کرتے رہے) ہمیشہ اس میں رہیں گے
〃	〃	〃	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ	یہی لوگ تو وہ ہیں جن کے ہم اچھے کام قبول کرلیں گے اور انکی
			مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ	برائیاں معاف کردینگے بہشت والوں میں سچا وعدہ (پورا
			الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا	ہوگا) جو اُن سے (دنیا میں) کیا جاتا
			يُوْعَدُوْنَ ۝	تھا
۲۶	محمد ۴۷	۱	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا	اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کیے اور جو محمد پر اترا (قرآن
			بِمَا نُزِّلَ عَلٰي مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ	(اسپر بھی) ایمان لائے اور وہ برحق ہے انکے مالک کے پاس سے
			رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝	(اترا ہے) انکے گناہ اللہ تعالی نے بخشدیے اور انکا کام بنا دیا
〃	〃	〃	وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ	اور جو لوگ ایمان والے ہیں وہ اپنے مالک کی ٹھیک رستے پر چلے
			كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝	یوں اللہ تعالی لوگوں کے سمجھانے کے لیے انکے حالات بیان کرتا ہے
〃	〃	۲	اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا	اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے انکو اللہ ایسے باغوں
			الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ	میں لیجائیگا جنکے تلے نہریں پڑی بہ رہی ہیں
۵	النساء ۴	۹	أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُوا	(اے پیمبر) کیا تو نے اُن لوگون کو نہین دیکھا جو (منہ سے) کہتے ہین ہم اُس پر ایمان

۱۰ التوبۃ ۷ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ
۸ و ۹ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ
هُوَ اُذُنٌ ۭ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ
بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ
اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ
لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ
يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا
اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ
نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ۝
يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ
تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ
اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ۝ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ
لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ۭ قُلْ
اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ۝
لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ۭ
اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَاۗىِٕفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ
طَاۗىِٕفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ اَلْمُنٰفِقُوْنَ
وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ
بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ
اَيْدِيَهُمْ ۭ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ۭ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ
الْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ
هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ
مُّقِيْمٌ ۝ كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ
مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۭ فَاسْتَمْتَعُوْا
بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا
اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ
وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْٓا ۭ اُولٰۗىِٕكَ
حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ
وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

اور (اے پیغمبرؐ) ان میں بعضے ایسے ہیں جو زکوٰۃ (کے بانٹنے میں) تجھ پر الزام دھرتے ہیں
اور ان (منافقوں) میں سے بعضے ایسے ہیں جو پیغمبرؐ کی بدی کرتے ہیں
کہتے ہیں وہ تو نرا کان ہے (اے پیغمبرؐ) کہدے کان ہو تو تمہاری بہتری
کا اللہ تعالیٰ پر یقین رکھتا ہے اور مسلمانوں کی بات مان لیتا ہے اور تم میں سے
ایمان دار لوگوں کے لیے وہ رحمت ہے اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے پیغمبرؐ کو ستاتے ہیں
ان کو تکلیف کا عذاب ہوگا (مسلمانو) یہ لوگ تم کو راضی کرنے کے
لیے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں اور اگر ان میں ایمان ہوتا تو اللہ تعالیٰ اور اس
کے رسولؐ کو راضی کرنا زیادہ ضرور تھا کیا ان لوگوں کو یہ معلوم نہیں
کہ جو اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول سے بیر کرے اس کے لیے دوزخ کی آگ (تیار)
ہے ہمیشہ اس میں رہے گا یہ بڑی رسوائی ہے منافق یہ ڈرتے ہیں
(ایسا نہ ہو کہیں) مسلمانوں پر ایسی کوئی سورت اترے جو ان کے دل کی
بات مسلمانوں کو بتلا دے کہدے اچھا ہنسو جس سے تم ڈرتے ہو خدا اس
کو ضرور کھولے گا اور (اے پیغمبرؐ) اگر تو ان (منافقوں) سے پوچھے
(یہ کیا باتیں ہیں) تو کہیں گے ہم تو یونہی گپ شپ کرتے تھے اور دل لگی کہدے
کیا تم اللہ تعالیٰ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنسی ٹھٹھا لگاتے ہو
بہانے مت کرو (باتیں نہ بناؤ) تم ایمان لاکر پھر کافر ہو گئے اگر ہم
میں سے بعضوں کے قصور معاف بھی کر دیں تو بعضوں کو ان کے قصور
وار ہونے کی وجہ سے سزا دیں گے منافق مرد اور منافق عورتیں
سب ایک دوسرے کے چٹے بٹے کہتے ہیں بری بات (کفر اور گناہ) کرو اور
اچھے کام نہ کرو اور مٹھیاں بند کر لیتے ہیں یہ لوگ اللہ کو بھول گئے اللہ
تعالیٰ نے بھی ان پر فضل کرنا چھوڑ دیا بیشک منافق وہی شریر لوگ ہیں
اللہ تعالیٰ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں
کے لیے دوزخ کی آگ کا وعدہ فرمایا ہے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے
یہ (آگ) انکو بس کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان پر لعنت بھی کی اور انکے لیے وہ عذاب
ہے جو ٹلنے والا نہیں (منافقو تم) ان لوگوں کی طرح ہو جو تم سے پہلے
گذر گئے وہ زور میں تم سے زیادہ تھے اور مال اور اولاد (بھی) تم سے زیادہ
رکھتے تھے وہ اپنے حصہ کے موافق مزے اٹھا چکے تم نے بھی اپنے حصہ کا مزہ
اٹھایا جیسے تم سے پہلے لوگوں نے اپنے حصہ کا مزہ اٹھایا اور جیسے
انہوں نے گپ شپ کی تمنے بھی گپ شپ کی یہی وہ لوگ ہیں جنکا
کیا کرایا دنیا اور آخرت (دونوں) میں اکارت ہوا اور یہی وہ لوگ ہیں
جو نقصان میں پڑ گئے۔

			فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ۝ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَاۗءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۡ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَاۗءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَاۗءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝	اگر اللہ تعالے نے تم کو فتح دی (اور لوٹ کا مال ملا) تو کہتے ہین کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے اور جو (کہین) کافرونکی قسمت کھل گئی (انکو کچھ فتح ہو گئی) تو (کافرونسے جاکر یون) کہتے ہین کیا ہم نے تم کو گھیر نہین لیا تھا اور مسلمانونسے نہین بچایا تھا تو (مسلمانو) اللہ تعالہ تم مین (اور منافقونمین) قیامت کے دن فیصلہ کر دیگا اور اللہ تعالہ ہرگز کافرونکو مسلمانونپر غالب نہین کرنیکا منافق سمجھتے ہین کہ وہ) اللہ تعالہ کو فریب دیتے ہین اور (یہ نہین جانتے کہ) اللہ تعالہ انکو فریب دے رہا ہے اور جب نماز کے لیئے کھڑے ہوتے ہین تو الکساتے ہوئے لوگونکو دکھاتے ہین اور اللہ تعالے کی یاد نہین کرتے مگر تھوڑے کفر اور ایمان کے بیچ مین ادہر (ڈانوان ڈول ہین) نہ (پورے) ادہر (مسلمان) نہ (پورے) اُدہر (کافر) اور اللہ تعالہ جس کو گمراہ کرے اُسکے لیئے تو کوئی راہ نہین نکال سکتا (جس سے وہ حق پر پہنچ جائے)۔
۵	النساء	۲۱	اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝	بیشک منافق دوزخ کے سب سے نیچے کے درجے مین رہین گے اور کوئی اُن کا مددگار (وہان) تو نہ پائے گا مگر جن لوگون نے توبہ کی اور اپنی نیتین درست کر لیا اور اللہ تعالہ کو مضبوط تھاما (یعنے اللہ تعالہ پر بھروسا کیا) اور خالص خدا کیلیے عمل کیا (نہ ریا اور دکھانے کو) تو یہ لوگ (سچے) مسلمانونکے ساتھ (بہشت مین) ہونگے اور اللہ تعالہ مسلمانونکو بڑا ثواب دینے والا ہے۔
۶	المائدہ	۸	فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَاۗىِٕرَةٌ ۭ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰي مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۭ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ۝	جن لوگون کے دلونمین (کفر اور نفاق کی) بیماری ہے تو دیکھتا ہے کہ وہ اُن مین دوڑے جاتے ہین کہتے ہین ہم کو ڈر ہے ہمپر گردش نہ آجائے سو اب کوئی دن مین اللہ (مسلمانون کو) فتح دیتا ہے یا اور کوئی کام اپنی طرف سے (کرتا ہے) اُسوقت اپنے جی کی چھپائی ہوئی بات پر پچتائینگے اور مسلمان (مسلمانون سے) کہینگے کیا یہ وہی لوگ ہین جو بڑے زور سے قسمین کہاتے تھے کہ وہ تمہارے ساتھ ہین اُن کے سب کام (جو اچھے بھی کیے تھے) اکارت ہوئے اور نقصان مین آگئے
۱۰	الانفال	۷	اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَاۗءِ دِيْنُهُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝	جب منافق اور جن کے دل مین (شرک کی) بیماری تھی کہنے لگے ان مسلمانون کو اُنکے دین نے دھوکا دیا اور جو کوئی اللہ تعالہ پر بھروسا کرے تو اللہ تعالہ تو زبردست حکمت والا ہے۔
〃	التوبۃ	۷	فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝	تو اے پیغمبر اُنکے مال اور اولاد (کی کثرت) پر تعجب نہ کر اللہ تعالہ اور کچھ نہین یہی چاہتا ہے کہ انکو دنیا کی زندگی مین اُن چیزونکا عذاب لگاوے اور انکی جانین نکلتے وقت وہ کافر رہین۔
〃	〃	〃	وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ۝	اور (یہ منافق) اللہ تعالہ کی قسمین کہاتے ہین کہ بیشک وہ تم ہی مین کے ہین حالانکہ وہ تم مین کے نہین (مسلمان نہین ہین) بلکہ وہ ڈرپوک لوگ ہین۔

يَسْتَبْشِرُونَ ۝ وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم
مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَىٰ رِجْسِهِمْ وَمَاتُوا
وَهُمْ كَافِرُونَ ۝ أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ
فِي كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ
وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُونَ ۝ وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ
سُورَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ هَلْ يَرَاكُم
مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ انصَرَفُوا ۚ صَرَفَ اللَّهُ قُلُوبَهُم
بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ۝

۲۱ الاحزاب ۱۲ ۲ وَإِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم
مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا غُرُورًا ۝
وَإِذْ قَالَت طَّائِفَةٌ مِّنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ
لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوا ۚ وَيَسْتَأْذِنُ
فَرِيقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُولُونَ إِنَّ بُيُوتَنَا
عَوْرَةٌ ۖ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۖ إِن يُرِيدُونَ
إِلَّا فِرَارًا ۝ وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِم مِّنْ أَقْطَارِهَا
ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوا
بِهَا إِلَّا يَسِيرًا ۝ وَلَقَدْ كَانُوا عَاهَدُوا اللَّهَ
مِن قَبْلُ لَا يُوَلُّونَ الْأَدْبَارَ ۚ وَكَانَ
عَهْدُ اللَّهِ مَسْئُولًا ۝

" " فَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنكُمْ وَالْقَائِلِينَ
لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا ۖ وَلَا يَأْتُونَ
الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ
فَإِذَا جَاءَ الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ
إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي يُغْشَىٰ عَلَيْهِ
مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُم
بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ
لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ ۚ وَ
كَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ۝ يَحْسَبُونَ
الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا ۖ وَإِن يَأْتِ
الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي
الْأَعْرَابِ يَسْأَلُونَ عَنْ أَنبَائِكُمْ ۚ

خوشی مناتے ہین اور جن لوگون کے دل مین (نفاق اور کفر کی) بیماری ہے اُن کی گندگی پر اور گندگی بڑھادی اور وہ کفر پر ہی مرے کیا یہ منافق یہ بھی نہین دیکھتے کہ وہ ہر سال ایک دو بار بلا مین پڑجاتے ہین پھر بھی توبہ نہین کرتے اور نہ اُن کو نصیحت ہوتی ہے اور جب کوئی سورت اترتی ہے تو یہ منافق ایک دوسرے کو تکنے لگتے ہین پھر یہ کہکر (دیکھو) تم کو کوئی دیکھتا تو نہین چلدیتے ہین اور اللہ تعالے نے اُن کے دلون کو پھیر دیا ہے کیونکہ وہ بے سمجھ لوگ ہین۔

اور جب منافق اور جن کے دلون مین (کفر اور شک کا) روگ تھا (یون) کہنے لگے اللہ اور اُسکے رسول نے جو ہم سے (اسلام کے غلبہ کا) وعدہ کیا وہ تو نرا دھوکا ہی نکلا اور جب منافقون کا ایک گروہ کہنے لگا مدینے والو اب تم (دشمنون کے مقابل) تھم نہین سکتے تو لوٹ چلو اور اُنمین کا ایک گروہ پیغمبر سے رخصت (گھر جانے کی) اجازت مانگنے لگا وہ کہنے لگے ہمارے گھر کھلے پڑے ہین حالانکہ اُنکے گھر کھلے (بے آڑ) نہ تھے اُنکی تو غرض یہ تھی بس (کسیطرح) بھاگ جائین اور اگر کافرون کی فوجین شہر کے کنارون سے اُنپر گھس پڑین اور وہ اُنسے فساد کرنے کو کہین تو ضرور اُنکے شریک ہوجائین اور اپنے گھرونمین نہ ٹھہرین مگر تھوڑی دیر اور یہ منافق اس سے پہلے اللہ تعالے سے عہد کرچکے تھے کہ ہم (کافرونکے مقابلہ سے) پیٹھ نہین موڑینگے اور اللہ تعالے سے جو عہد اُنھون نے کیا تھا اُسکی پوچھ ہوگی۔

(مسلمانو) تم مین سے جو (منافق لوگونکو جہاد مین شریک ہونے سے) روکتے ہین اللہ اُنکو (خوب) جانتا ہے اور ان لوگونکو (بھی) جو اپنے بھائی بندونسے کہتے ہین (مسلمانونکا ساتھ چھوڑکر) ہمارے پاس چلے آؤ اور لڑائی مین بھی شریک نہین ہوتے مگر کم تمہاری مدد مین بخیلی کرتے ہین پھر جب ڈر کا وقت آتا ہے تو تو دیکھتا ہے وہ تجھکو اس طرح تکتے ہین اُنکی آنکھین (چاروںطرف) گھوم رہی ہین جیسے اس شخص کی جسپر موت کی بیہوشی آلگی پھر جب ڈر جاتا رہتا ہے تو (بڑی لمبی چلتی زبانونسے تمہارا مقابلہ کرتے ہین (لوٹ کے) مال پر مرے جاتے ہین ان لوگونمین ایمان نہین تو اللہ تعالے نے اُنکے نیک کام (اگرچہ ہون ہی) اکارت کر اور اللہ تعالے پر یہ (اکارت کردینا) آسان ہے یہ (ابھی تک یون) سمجھ رہے ہین کہ (کافرونکے) لشکر بھاگے نہین اور اگر وہ پھر آموجود ہون تو یہ آرزو کرین گے کاش وہ گاؤنمین گنوارون کے ساتھ ہوتے حال پوچھتے رہتے (کہ مسلمانون پر کیا گذری

۱۰	التوبۃ ۹	۱۰	يَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوا ۚ وَلَقَدْ قَالُوا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوا بِمَا لَمْ يَنَالُوا ۚ وَمَا نَقَمُوا إِلَّا أَنْ أَغْنَاهُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ مِنْ فَضْلِهِ ۚ فَإِنْ يَتُوبُوا يَكُ خَيْرًا لَهُمْ ۚ وَإِنْ يَتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا أَلِيمًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْأَرْضِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝ وَمِنْهُمْ مَنْ عَاهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ آتَانَا مِنْ فَضْلِهِ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُونَنَّ مِنَ الصَّالِحِينَ ۝ فَلَمَّا آتَاهُمْ مِنْ فَضْلِهِ بَخِلُوا بِهِ وَتَوَلَّوْا وَهُمْ مُعْرِضُونَ ۝ فَأَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِي قُلُوبِهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ يَلْقَوْنَهُ بِمَا أَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوهُ وَبِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۝ أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ وَأَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝ الَّذِينَ يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فِي الصَّدَقَاتِ وَالَّذِينَ لَا يَجِدُونَ إِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُونَ مِنْهُمْ ۙ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۚ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۚ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ ۚ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ۝
۱۰	التوبۃ ۹	۱۱	وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰ أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلَىٰ قَبْرِهِ ۚ إِنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَمَاتُوا وَهُمْ فَاسِقُونَ ۝ وَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَأَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ أَنْ يُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ ۝
۱۱	″	۱۶	وَإِذَا مَا أُنْزِلَتْ سُورَةٌ فَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهِ إِيمَانًا ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَهُمْ

(یہ منافق) اللہ تعالیٰ کی قسمین کہاتے ہین کہ ہمنے یہ بات نہین کہی حالانکہ بلاشک وہ کفر کی بات کہہ چکے اور اسلام لانے کے بعد پھر وہ کافر بن گئے اور ایسی بات چاہی جس کو نہ کر سکے اور یہ لوگ بگڑے کیون اسی پر نا اور تو کوئی بات نہین کہ اللہ تعالیٰ اور اُسکے رسول نے اپنی مہربانی سے انکو مالدار بنا دیا تو (اب یہی) اگر یہ لوگ توبہ کرلین تو اُن کے حق مین بہتر ہوگا اور اگر نہ مانین تو اللہ تعالیٰ انکو دنیا اور آخرت (دونو) مین تکلیف کا عذاب دیگا اور (ساری) زمین پر اُنکا کوئی حمایتی اور مددگار نہ ہوگا اور ان (منافقون) مین بعضے ایسے لوگ ہین جنہون نے اللہ تعالیٰ سے عہد کیا اگر وہ اپنے فضل سے ہم کو دے تو ہم ضرور خیرات کرینگے اور ضرور نیک ہوکر رہین گے پھر جب اللہ تعالیٰ نے اُنکو اپنے فضل سے (روپیہ پیسہ) دیا تو لگے اُس مین بخیلی کرنے اور (اقرار سے) پھر گئے اور اُنہون نے (اپنے عہد کا) خیال تک کیا آخر انجام اسکا یہ ہوا کہ اُسدن تک جب وہ خدا سے ملینگے اللہ تعالیٰ نے اُنکے دلونمین نفاق جما دیا اسلیئے کہ اُنہون نے اللہ سے جو وعدہ کیا تھا اُسکے خلاف کیا اور اسلیئے (بھی) کہ وہ جھوٹ بولتے ہین کیا اُنکو (یہ بھی) معلوم نہین کہ اللہ تعالیٰ اُنکے بھید اُنکی کانا پھوسی (سب) جانتا ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ غیب کی باتون سے بھی خوب واقف ہے جو دل کھولکر خیرات کرنے والے مسلمانونپر اور جو (بیچارے) محنت مزدوری کے سوا کچھ مقدور نہین رکھتے اُنکی خیرات پر آنکھ مارتے ہین (عیب لگاتے ہین) پھر اُن (سب) پر ٹھٹھے مارتے ہین اللہ تعالیٰ نے بھی) اس ٹھٹھے کا اُن کو بدلہ دیا اور اُنکے لیے تکلیف کا عذاب (تیار) ہے تو اُنکے لیے (خدا سے) بخشش مانگے یا نہ مانگے اگر ستر بار (بھی) اُنکے لیے بخشش مانگے تب بھی اللہ تعالیٰ ہرگز اُنکو بخشنے والا نہین یہ اسلیئے کہ اُنہون نے اللہ تعالیٰ اور اُسکے رسول کو نہ مانا اور اللہ تعالیٰ شریر لوگونکو راہ پر نہین لگاتا۔

اور (اے پیغمبر) ان (منافقون) مین سے اگر کوئی مرجائے تو اُس (کے جنازے) پر کبھی نماز نہ پڑھ اور نہ اُس کی قبر پر کھڑا ہو کیونکہ اُن لوگون نے اللہ تعالیٰ اور اُسکے رسول کو نہ مانا اور مرے (بھی تو) نافرمانی کی حالت مین اور اُنکے مال اور اولاد (بہت دیکھ کر اُن) پر تعجب نہ کر اللہ تعالیٰ اور کچھ نہین یہ چاہتا ہے کہ دنیا مین ان چیزونکا عذاب اُنکو لگا دے اور جب اُنکی جان نکلے تو کفر ہی کی حالت مین نکلے۔

اور جب کوئی سورت اترتی ہے تو ان (منافقون) مین سے بعضے یون کہتے ہین تم مین سے کس کے ایمان کو اس سورت نے بڑھا دیا بات یہ ہے کہ جو ایمان والے ہین اُنہی کے ایمان کو اس سورت نے بڑھا دیا اور وہی

أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّىٰ جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ۝ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنكُمْ فِدْيَةٌ وَلَا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ مَأْوَاكُمُ النَّارُ ۖ هِيَ مَوْلَاكُمْ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝

بلا میں ڈالا اور تم تو انتظار کرتے رہتے تھے (دل سے ہمارے خیر خواہ نہ تھے) اور (خدا اور پیغمبر کی طرف سے) تم کو شک ہی رہا اور (واہی تباہی) امیدوں (آرزوؤں) نے تم کو دھوکے میں ڈال کر رکھا یہانتک کہ اللہ کا حکم آن پہونچا (تم خود مر گئے) اور شیطان (نے) تم کو (نہ چھوڑانے کے باب میں) فریب ہی دیتا رہا تو آج کے دن نہ تم سے چھوڑائی میں کچھ لیا جائے گا (فدیہ وغیرہ منظور ہوگا) اور نہ (دوسرے) کافروں سے تم (سب) کا ٹھکانا دوزخ ہے وہی تمہاری رفیق ہے اور کیا برا ٹھکانا ہے۔

۲۸ المجادلة ۵۸ ۲ وَإِذَا جَاءُوكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَيَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ ۚ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا ۖ فَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝

اور جب تیرے پاس آتے ہیں تو (زبان دبا کر) اس طرح سے سلام کرتے ہیں جس طرح اللہ نے تجھ پر سلام نہیں بھیجا اور اپنے دل میں کیا کہتے ہیں (اگر یہ سچے پیغمبر ہیں تو اللہ ہماری بات پر (سلام کہنے پر) ہمکو سزا کیوں نہیں دیتا اُنکی (سزا کے لیے) دوزخ بس کرتی ہے اسی میں گھسیں گے وہ برا ٹھکانا ہے۔

" الحشر ۵۹ ۲ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نَافَقُوا يَقُولُونَ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَئِنْ أُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيعُ فِيكُمْ أَحَدًا أَبَدًا وَإِنْ قُوتِلْتُمْ لَنَنصُرَنَّكُمْ ۖ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ۝ لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ ۖ وَلَئِنْ قُوتِلُوا لَا يَنصُرُونَهُمْ ۖ وَلَئِن نَّصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنصَرُونَ ۝ لَأَنتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِم مِّنَ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ۝ لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعًا إِلَّا فِي قُرًى مُّحَصَّنَةٍ أَوْ مِن وَرَاءِ جُدُرٍ ۚ بَأْسُهُم بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ ۚ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتَّىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ۝

اے پیغمبر کیا تو نے منافقوں پر نظر نہیں ڈالی وہ اپنے بھائیوں اہل کتاب کے کافروں سے کہتے ہیں اگر تم کہیں (اپنے ملک سے) نکالے گئے تو ہم بھی ضرور تمہارے ساتھ نکل کھڑے ہونگے اور تمہارے باب میں تو ہم کبھی کسی کی بات ماننے والے نہیں اور اگر کوئی تم سے لڑا تو ہم ضرور تمہاری مدد کرینگے اور اللہ تعالیٰ گواہ ہے کہ یہ لوگ جھوٹے ہیں اگر اہل کتاب کہیں نکالے جائینگے تو منافق انکے ساتھ (کبھی) نہیں نکلیں گے اور اگر (مسلمانوں کی) اُنسے لڑائی ہوگی تو منافق (کبھی) انکی مدد نہیں کرینگے اور جو مدد (بھی) کی تو کر کام کی) پیٹھ موڑ کر بھاگتے نظر آئیں گے پھر کوئی انکی کمک بھی نہیں کریگا (مسلمانو منافق تو ایسے بے ایمان ہیں کہ) انکے دلوں پر اللہ تعالیٰ سے زیادہ تمہاری دہاک ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ ناسمجھ لوگ ہیں یہودی اور منافق ملکر (بھی) تم سے نہیں لڑ سکتے مگر ان محفوظ بستیوں یا دیواروں کی آڑ میں وہ آپس میں (کٹے مرتے ہیں) خوب لڑتے ہیں تو خیال کرتا ہے وہ ایک دل ہیں حالانکہ انکے دل پھوٹ رہے ہیں کیونکہ ان لوگوں کو عقل نہیں۔

۲۸ المنفقون ۶۳ ۱ إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ قَالُوا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ اللَّهِ ۘ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُ ۘ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَكَاذِبُونَ ۝ اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا فَطُبِعَ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُونَ ۝ وَإِذَا

(اے پیغمبر) منافق جب تیرے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تو (دل سے) اسبات کی گواہی دیتے ہیں کہ تو بیشک اللہ کا پیغمبر ہے اور اللہ جانتا ہے کہ تو بیشک اسکا پیغمبر ہے اور اللہ تعالیٰ گواہ ہے کہ منافق بیشک جھوٹے ہیں ان لوگوں نے اپنی (جھوٹی) قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے اور (اسکی آڑ میں لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے رہتے ہیں بیشک وہ بہت بری کام کر رہے ہیں یہ (ایسے برے کام) اسوجہ سے (کرتے ہیں) کہ وہ (مسلمانوں کو دکھانے کو) ایمان لائے پر (دل میں) کافر رہے تو انکے دلوں پر مہر کر دی گئی اب وہ (اچھی بات ایمان اور اخلاص کی) سمجھنے والے نہیں اور (اے پیغمبر) جب تو

			وَلَوْ كَانُوا فِيكُمْ مَا قَاتَلُوا إِلَّا قَلِيلًا ۝
۲۱	الاحزاب ۳۳	۳	وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ إِنْ شَاءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ
۲۲	〃	۸	لَئِنْ لَمْ يَنْتَهِ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ وَالْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُونَكَ فِيهَا إِلَّا قَلِيلًا ۝ مَلْعُونِينَ ۖ أَيْنَمَا ثُقِفُوا أُخِذُوا وَقُتِّلُوا تَقْتِيلًا ۝ سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ۝
۲۶	محمد ۴۷	۳	وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُورَةٌ ۚ فَإِذَا أُنْزِلَتْ سُورَةٌ مُحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيهَا الْقِتَالُ ۙ رَأَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَأَوْلَىٰ لَهُمْ ۝ طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَعْرُوفٌ ۚ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ ۚ فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ ۝ فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ أَبْصَارَهُمْ ۝
〃	〃	۴	أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ أَنْ لَنْ يُخْرِجَ اللَّهُ أَضْغَانَهُمْ ۝ وَلَوْ نَشَاءُ لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيمَاهُمْ ۚ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِي لَحْنِ الْقَوْلِ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَعْمَالَكُمْ ۝
۲۷	الحدید ۵۷	۲	يَوْمَ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِينَ آمَنُوا انْظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُورِكُمْ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ فَالْتَمِسُوا نُورًا ۚ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُورٍ لَهُ بَابٌ ۚ بَاطِنُهُ فِيهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهُ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ۝ يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُنْ مَعَكُمْ ۖ قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ

اور جو تمہارے ساتھ ہی رہین (اور لڑائی نہین جاتے) تب بھی لڑنے کو نہین مگر تھوڑا
اور منافقونکو چاہیے کہ سزا دے چاہے (جب وہ توبہ کرین) اُنکو معاف کردے
اگر یہ منافق اور جنکے دلونمین کھوٹ ہے اور جھوٹی خبرین مدینے مین
اڑانے والے (بدمعاش اپنی حرکتونسے) باز نہ آئینگے تو ہم تجھ کو
(اے پیغمبر ص) اُنکے پیچھے لگا دینگے پھر وہ مدینے مین تیرے پاس تھوڑے
بھی نہ پائینگے مگر چند روز (ہر طرف سے) اُنپر پھٹکار برسے گی جہان ملینگے
پکڑ لیے جائینگے اور مار کر ٹکڑے کر دیے جائینگے جو لوگ پہلے گذر
چکے ہین ان مین بھی خدا کی چال یہی رہی ہے اور خدا کی چال کو
تو بدلتا ہوا نہ پائے گا۔
اور جو لوگ (سچے) ایماندار ہین وہ کہتے ہین کاش (جہاد کے بارہ مین)
کوئی سورت اترتی پھر جب کوئی پکی سورت (جو منسوخ نہ ہو) اُتر چکے
اور اُسمین جہاد کا حکم ہوتا ہے تو (اے پیغمبر ص) جن لوگونکے دلونمین
(نفاق کی) بیماری ہے وہ تجھ کو ایسا تکنے لگتے ہین جیسے کوئی بیہوشی
مین مرتے وقت تکتا ہے سخت افسوس ہے اُنپر (اُنکو پیغمبر ص کی) اطاعت
کرنا تھی اور اچھی بات کہنا اور جب جہاد فرض ہوا اُسوقت اگر
(خدا کے ساتھ) سچے رہتے تو اُنکے حق مین بہتر ہوتا تو (اے منافقو)
اگر تم (پیغمبر ع کا کہنا) نہ مانو تو تم سے یہی توقع ہے کہ تم (جاہلیت
کے زمانہ کی طرح پھر) ملک مین دھند مچاؤ گے اور ناطے توڑو گے یہی
وہ لوگ ہین جنپر اللہ تعالے نے لعنت کی ہے اور اُنکو بہرا کر دیا ہے
اور اُنکی آنکھونکو اندھا بنا دیا ہے۔
کیا جن لوگونکے دل مین (نفاق کی) بیماری ہے وہ یہ سمجھتے ہین کہ اللہ تعالے اُنکے
کینونکو کبھی نہین کھولیگا اور (اے پیغمبر ص) اگر ہم چاہتے تو ان (منافقون)
کو (اچھی طرح کھولکر) تجھ کو دکھلا دیتے تو اُنکی نشانی سے اُنکو پہچان لیتا اور
تو اُنکو (اُنکی) بات کی ڈھنگ سے ضرور پہچان لیگا اور اللہ تعالے کو تمہارے کام معلوم ہین
جسدن منافق مرد اور منافق عورتین ایماندارونسے کہینگے (ذرا ٹھہرو)
ہمکو آنے دو ہم بھی تمہاری روشنی سے سلگا لین اُنسے کہا جائے گا پیچھے
لوٹ جاؤ (یعنے دنیا مین پھر جاؤ) وہان روشنی ڈھونڈھ لو پھر اسکے بعد ایماندار
اور منافقونکے بیچمین ایک دیوار کی آڑ کر دیجائیگی اس مین ایک دروازہ ہوگا
اسکے اندر کی طرف تو رحمت (بہشت) ہوگی اور اسکے اوپر (جدہر منافق
ہونگے) باہر کی طرف (اسکا) عذاب (جہنم) ہوگا منافق ایماندارونسے
پکار پکار کہینگے کیا (دنیا مین بھائی) ہم تمہارے ساتھ نہ تھے وہ کہینگے البتہ تھے تو سہی مگر تمنے

			ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۝ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّ لٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝	عذاب کر اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم سب کو دونا عذاب ہوگا مگر تم نہیں جانتے اور اگلی امت پچھلی سے کہے گی تم کچھ ہم سے اچھے نہیں رہے اب اپنے کیئے کے بدل عذاب کا مزہ چکھو۔
۸	الاعراف	۵	لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝	انکے لیئے آگ کا بچھونا ہوگا اور اوپر سے آگ کے لحاف (اوڑھینگے) اور ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔
〃	〃	۶	وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَاۗءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۭ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَاۗءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ	اور دوزخی جنتیوں کو پکاریں گے (اور کہیں گے) تھوڑا پانی ہم پر ڈالو یا جو خدا نے تمکو کھانے کو دیا ہے وہ کہیں گے اللہ نے تو جنت کا کھانا پانی کافروں پر حرام کر دیا ہے جنہوں نے اپنے دین کو ہنسی اور کھیل بنا رکھا تھا اور دنیا کی زندگی نے انکو فریب دیا تھا ہم بھی آج انکو بھول جائینگے جیسے وہ اس دن کا (یعنے قیامت کا) آنا بھول گئے اور ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔
۹	〃	۲۲	وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۡ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝	اور ہمنے دوزخ کے لیئے بہت سے جن اور آدمی پیدا کیئے ہین انکے دل ایسے ہین جن سے نہین سمجھتے اور انکی آنکھین ایسی ہین جن سے (ہدایت کا رستہ) نہین دیکھتے اور انکے کان ایسے ہین جن سے (حق بات) نہین سنتے یہ لوگ چارپائے جانورون کی طرح ہین بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہین یہی لوگ غفلت مین پڑے ہوئے ہین۔
〃	الانفال	۲	ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ۝	اب یہ (عذاب) تو چکھو اور (جان لو کہ آخرت مین) کافرونکو دوزخ کا عذاب ہونیوالا ہے۔
〃	〃	۴	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ۝	اور جو کافر ہین وہ (قیامت کو دن) دوزخ کی طرف ہانکے جائینگے۔
۱۰	التوبۃ	۱۱	قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ۭ	کہدے دوزخ کی آگ کی گرمی اس سے (کہین) زیادہ سخت ہے۔
۱۲	ھود	۱۰	وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَــَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝	اور تیرے مالک کا فرمانا پورا ہوا کہ مین دوزخ کو جنون اور آدمیون سب سے ضرور بھر دونگا۔
۱۳	ابراھیم	۳	وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝ مِّنْ وَّرَاۗىِٕهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّاۗءٍ صَدِيْدٍ ۝ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۭ وَمِنْ وَّرَاۗىِٕهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ۝	اور (ایسا ہوا کہ) ہر ایک کہنہ والا ضدی تباہ ہوا (اور آخرت مین) اسکے سامنے جہنم ہے اور (وہان) پیپ کا پانی اسکو پلایا جاویگا جسکے لیکر اسکو پیئے گا اور (پھر بھی) گلے سے اتارنا مشکل ہوگا اور (وہ سختی ہوگی گویا) ہر طرف سے موت اسپر چلی آرہی ہے حالانکہ وہ مر نہیں سکتا اور (اس عذاب کے سوا) اسکے آگے (یا پیچھے) ایک اور سخت عذاب ہے۔
۱۴	الحجر	۳	وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ۭ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ۝	اور ان سب لوگون کے لیئے (جو تیری راہ چلین گے) جہنم کا وعدہ ہے اسکے سات دروازے ہین (یعنے سات طبقے) ہر دروازے کے لیئے ایک فرقہ بٹا ہوا ہے۔

رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ۚ وَاِنْ
يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ۚ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ
مُّسَنَّدَةٌ ۚ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ۚ هُمُ
الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۚ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى
يُؤْفَكُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ
رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ
يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝ سَوَآءٌ
عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۚ
لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ
الْفٰسِقِيْنَ ۝ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا
عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ۚ
وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ
الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ
رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا
الْاَذَلَّ ۚ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

تو ان منافقونکو دیکھتا ہی تو انکی ڈیل ڈول تجھکو بھلے لگتے ہین اور وہ کوئی
بات کرین تو تو انکی بات (اچھی طرح) سنتا ہے وہ (آدمی نہین ہین بلکہ) یا
ہین (دہنیان تائین) جو ٹیکا لگاکر رکہی جائین جہان زور کی کوئی آواز
ہوئی وہ سمجھتے ہین ہم ہی للکارے گئے (اے پیغمبر) بڑے دشمن (تیرے) یہی لوگ
ہین انسے بچا رہ انپر خدا کی مار کدہر بہکے جا رہے ہین اور جب ان (منافقون)
سے کہا جاتا ہی آؤ (پیغمبر کے پاس چلو) اللہ کا پیغمبر تمہارے لیے بخشش کی دعا
کریگا تو اپنے سر پہیر لیتے ہین (جیسے انکو کچہ پرواہ نہین ہی) اور (اے پیغمبر)
تو دیکہتا ہے وہ غرور سے منہ پہیر لیتے ہین (اے پیغمبر) تو انکے لیے بخشش
کی دعا کرے یا نہ کرے دونو انکے واسطے برابر ہین اللہ تعالیٰ کبھی انکو بخشنے
والا نہین کیونکہ اللہ تعالیٰ بدکارونکو راہ پر نہین لاتا ہی (مردود) تو ہین جو
(اپنے لوگون سے) کہتے ہین پیغمبر کے ساتہیون پر (اپنا پیسہ) اس وقت تک
خرچ نہ کرو جب تک وہ تتر بتر نہ ہو جائین ان منافقونکو اتنی سمجہہ نہین کہ
آسمان اور زمین کے خزانے اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار مین ہین کہتے ہین اگر ہم
(اس سفر سے) لوٹ کر مدینہ مین گئے تو عزت والا ذلت والے کو ضرور نکال
باہر کریگا حالانکہ عزت اللہ تعالیٰ ہی کی ہی اور اسکے پیغمبر کی اور مسلمانونکی
(وہی غالب ہونگے) مگر منافق (ان باتونکو) نہین جانتے -

النار ونقمها

باب ۳۱ دوزخ اور اسکی تکلیفونکا بیان

۱ البقرة ۳ فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَ
الْحِجَارَةُ ۚ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝

تو اُس آگ سے بچو جسکے ایندہن آدمی اور پتہر ہین (بجائے لکڑیونکے آدمی
جلین گے) وہ منکرون کے لیے تیار ہے -

۷ الانعام ۳ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ
فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ
بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ
قَبْلُ ۚ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا
عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

اور (اے پیغمبر) اگر تو انکو اسوقت دیکہے جبکہ وہ دوزخ پر ٹہرائے جائینگے
(تو عجب تماشا یا بڑا ہولناک سانحہ دیکہے گا) یہ کہتے ہونگے کاش ہمپر ہم دنیا مین
پہیجدیے جائین اور (اب کی بار) اپنے مالک کی آیتونکو جہٹلائین نہین اور ایماندار
بن جائین (یہ جو آرزو کرینگے وہ بہی ایمان کو سچا سمجہکر سچے دل سے نہین) بلکہ جس
بات کو پہلے وہ چہپاتے تہے وہ انکے سامنے کہل گئی اور اگر (بالفرض) دنیا مین پہر
پہیجدیے جائین تو پہر ویسے ہی کام کرین جن سے منع کیے گئے تہے اور کچہ شک نہین
فرمائے گا تم (سہی) ان امتون کے ساتہ جو تم سے پہلے جن اور آدمیون کی
گذر چکی ہین دوزخ مین جاؤ جب ایک امت دوزخ مین جائیگی تو اپنی بہن پر
لعنت کرے گی یہانتک کہ جب سب کے سب دوزخ مین اکٹہا ہونگے تو انمین کی
پہلی امت اگلی امت کے لیے کہیگی مالک ہمارے انہی لوگونے (یعنے
اگلونے) ہمکو گمراہ کیا تو انکو دوزخ کا

۸ الاعراف ۴ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ
مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِى النَّارِ ۚ كُلَّمَا دَخَلَتْ
اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ۚ حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا
فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ
رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا

تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ۝ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ
رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ۝ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ
مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۝ ثُمَّ
اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ۝ ثُمَّ
اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ۝

جو دوزخ کی تہ مین اوگتا ہی اسکی کلیان ایسی ہین جیسے سانپون کی پھن تو بیشک کافر اُس مین سے کھائین گے اور (اپنے) پیٹ اُس سے بھرین گے پھر اوپر سے کھولتا ہوا پانی ملا کر ان کو (پینے کے لیئے) ملے گا پھر (یہ گرم کھولتا ہوا پانی پیکر) ان کو دوزخ کی طرف لوٹنا ہوگا۔

۲۵ الدخان ۴۴ ۳ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۝ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ۝
كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ۝ كَغَلْيِ
الْحَمِيْمِ ۝ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ
الْجَحِيْمِ ۝ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ
عَذَابِ الْحَمِيْمِ ۝ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ
الْكَرِيْمُ ۝ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ۝

بیشک (آخرت مین) تھوہڑ کا درخت بڑے گنہ گار کا (جیسے ابوجہل تھا) کھانا ہی جیسے پگلا تانبا وہ پیٹون مین ایسا کھولیگا جیسے بہت گرم پانی کھولتا ہی (ہم فرشتون سے کہین گے) پکڑو اسکو اور گھسیٹتے ہوئے دوزخ کے بیچا بیچ اسکو لے جاؤ پھر اسکے سر پر جلتے (پہلتے) پانی کا عذاب برساؤ اور اس سے کہتے جاؤ اس عذاب کا مزہ چکھہ تو عزت والا سردار ہے یہی تو وہ (دوزخ) ہے جس مین تم کو شک تھا۔

۲۶ ق ۵۰ ۳ يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ
هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ۝

جسدن ہم دوزخ سے پوچھین گے کیا تو بھر گئی وہ کہے گی کچھ اور بھی ہے۔

۲۷ الرحمن ۵۵ ۲ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ
يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ۝

(انسے کہا جائیگا اب دیکھا) یہی تو وہ جہنم ہی جسکو (دنیا مین) گنہگار جھٹلاتے تھے وہ آمین اور کھولتے پانی مین چکر مارتے رہین گے۔

۲۹ المعارج ۷۰ ۱ اِنَّهَا لَظٰى ۝ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۝ تَدْعُوْا
مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۝ وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ۝

دوزخ تو دہک رہی ہی وہ سر کی کھلڑی (دھیڑ دیگی) جو کوئی (دنیا مین حق بات سنکر) پیٹھہ دکھائے اور منہ پھیرے اور پیسہ جمع کرکے رکھہ چھوڑے (زکوۃ نہ دی) اسکو

۷۳ المزمل ۷۳ ۱ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا
غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝

کیونکہ ہمارے پاس (انکے پاؤن مین ڈالنے کو) بیڑیان موجود ہین اور (جلانے کو) جہنم اور (کھلانیکو) وہ کھانا جو گلے سے نہ اترے (تھوہڑ غسلین وغیرہ) اور دردناک عذاب

۷۴ المدثر ۷۴ ۱ وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا
جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ
كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَ
لِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّ
الْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۭ

اور ہمنے دوزخ کے داروغہ فرشتے مقرر کیئے ہین اور ہم نے انیس کی گنتی اسلیئے مقرر کی کہ کافر یہ سنکر) گمراہ ہون (اور) اسلیئے کہ کتاب والون (یہود اور نصاری کو) یقین پیدا ہو اور ایمان والونکا ایمان بڑہے اور کتاب والون اور ایمان دارون کو (قرآن کی سچائی مین) کوئی شبہ نہ رہے اور اسلیئے کہ کافر اور جن کے دل مین (نفاق کی) بیماری ہے وہ یون کہین بھلا اس انیس کی گنتی سے اللہ تعالی کی کیا غرض ہے۔

۳ النبا ۷۸ ۱ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝ لِّلطّٰغِيْنَ
مَاٰبًا ۝ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ۝ لَا يَذُوْقُوْنَ
فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ۝ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۝
جَزَآءً وِّفَاقًا ۝ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ
حِسَابًا ۝ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ۝

بیشک دوزخ (کافرونکو) تاک رہی ہی شریرونکا وہی ٹھکانا ہے اس مین قرنون پڑے رہین گے وہان نہ تو ٹھنڈک کا مزہ چکھین گے اور نہ کھولتے پانی اور پیپ کے سوا ان کو کچھ پینے کو ملے گا یہ انکے اعمال کا پورا بدلہ ہے وہ (دنیا مین آخرت کے) حساب کا ڈر نہین رکھتے تھے اور ہماری آیتونکو خوب جھٹلاتے تھے۔

۱۶	طٰہٰ ۲۰	۳	۱۳ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝
۱۸	المؤمنون ۲۳	۶	۱۴ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ۝ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ۝ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۝ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۝ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ۝ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ۝ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝
۱۵	الفرقان ۲۵	۲	۱۵ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا ۝ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ۝ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ۝ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ۝ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ۝
۲۱	السجدة ۳۲	۲	۱۶ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝
۲۳	یٰس ۳۶	۴	۱۷ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝
۲۴	والصّٰفّٰت ۳۷	۲	۱۸ اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ۝ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ۝ اِنَّهَا شَجَرَةٌ

بیشک جو کوئی (مرتے وقت) کافر ہکر اپنے مالک کی سامنے حاضر ہوگا اسکے لیئے دوزخ ہے نہ وہان مریگا اور نہ جیئے گا۔

۱۴ انکے منہ کو آگ جھلستی ہوگی اور وہ اس مین (دوزخ مین) بدشکل بنے ہونگے (انسے کہا جائیگا اللہ تعالہ پوچھیگا) کیا میری آیتین تم کو پڑھکر سنائی نہین جاتی تھین پھر تم انکو جھٹلاتے تھے وہ عرض کرین گے مالک ہمارے ہماری کمبختی ہمپر چڑھ بیٹھی (غالب آئی) اور ہم گمراہ لوگ تھے مالک ہمارے ہم کو (اب کی بار) دوزخ سے نکال دے پھر اگر ہم ایسا کرین تو بیشک ہم قصوروار ہین اللہ تعالہ فرمائیگا دور ہو اسی مین پڑے رہو اور مجھ سے بات نکرو (دیکھو) ہمارے بندون مین سے کچھ لوگ (دنیا مین یون) دعا کرتے تھے مالک ہمارے ہم ایمان لائے ہم کو بخشدے اور ہمپر رحم فرما اور تو سب رحم کرنے والون مین بہتر رحم کرنیوالا ہے تمنے ان لوگون کو مسخرہ بنایا تھا یہانتک کہ اس شغل مین میری یاد بھول گئے تھے اور تم انسے ہنستے رہے آجکے دن (دیکھو کیسا ہوا) انکے صبر کا بدلہ مینے انکو یہ دیا کہ وہ اپنی مراد کو پہونچ گئے اللہ تعالہ فرمائے گا بھلا تم زمین مین کتنے برس رہے ہوگے وہ کہین گے (خداوندا) ہم شاید ایک دن یا ایک دن سے بھی کم رہے ہونگے حساب جاننے والون (فرشتون) سے پوچھیے اللہ تعالہ فرمائیگا (اے پیغمبر تو کہہ) تم بیشک تھوڑی ہی رہے اگر تم جانتے ہوتے

۱۵ جب دوزخ انکو ایک دور مقام سے دیکھیگی تو یہ اُس کا جوش اور خروش سنینگے اور جب دوزخ مین مشکین باندہ کر تنگ جگہہ مین ڈالدیے جائینگے تو وہان موت کو یاد کرین گے (فرشتے انسے کہین گے) آج ایک موت کو نہ پکارو بہت سی موتون کو پکارو (اے پیغمبر) کہدے کیا یہ (دوزخ) اچھی ہے یا ہمیشہ رہنے کی بہشت جس کا وعدہ پرہیزگارونکے لیئے کیا گیا ہے وہی انکا بدلہ اور آخری ٹھکانا ہے جو وہ چاہینگے وہان انکو ملیگا ہمیشہ رہین گے (کبھی فنا نہین) یہہ تیرے مالک پہ مانگا ہوا وعدہ ہے۔

۱۶ اور اگر ہم چاہتے تو ہر شخص کو ہدایت کرتے مگر (روز ازل) جو قول ہم نے فرمایا تھا وہ (ضرور) پورا ہوگا کہ مین دوزخ کو جنون اور آدمیون سے بھر دونگا۔

۱۷ یہ دوزخ وہی ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا آجکے دن اپنے کفر کے بدلے اس مین پڑو۔

۱۸ بھلا یہ مہمانی بہتر ہے یا (کمبخت) تھوہڑ کا درخت ہمنے اس درخت کو کافرون کی آزمایش کے لیئے بنایا ہے وہ ایسا درخت ہے

			وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ۭ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۘ	اور اگر تو اہل کتاب کو ہر ایک نشانی (معجزہ) بتلائے (یا سارے) جہان کی دلیلون سے سمجھائے) تو بھی وہ تیرا قبلہ نہ لین گے او تو بھی اب اُنکا قبلہ لینے والا نہین اور خود اہل کتاب بھی ایکدوسرے کا قبلہ نہین لیتے اور تجکو جو علم (اسد تعالی کی طرف سے) پہونچا اگر اُس کے بعد تو ان کی خواہشون پر چلے تو تیرا شمار بھی ظالمون مین ہوگا۔
۲	البقرۃ ۱۸		وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝	اور ہر ایک دین والے کا ایک قبلہ ہے جدہر وہ منہ کرتا ہے تم (اے مسلمانو) نیکیان کرنین آگے بڑھو تم جہان رہو اللہ تم کو اکٹھا کرے گا بے شک اللہ سب کچھ کر سکتا ہے اور تو جہان سے نکلے (یعنے جہان ہو سفر مین) اپنا منہ مسجد حرام کی طرف کر یہی بات حق ہے تیرے مالک کی طرف سے اور اللہ تعالی تمہارے کامون سے بے خبر نہین ہے (اے پیغمبر ص) تو جہان سے نکلے اپنا منہ مسجد حرام کی طرف کر (مسلمانو) تم جہان ہو (نمازین) اپنا منہ اُس طرف (یعنے مسجد حرام کی طرف) کرو تاکہ لوگونکو تمپر اعتراض کا موقع نہ رہے مگر جو بے انصافی کرتے ہین تو اُنسے مت ڈرو اور مجھ سے ڈرتے رہو اور (دوسری غرض یہ ہے) کہ مین اپنا احسان تمپر پورا کرون اور (تیسری غرض یہ ہے) کہ تم راہ راست پر آجاؤ۔
۲	البقرۃ ۲۲		لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰي حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّاۗىِٕلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَاۗءِ وَالضَّرَّاۗءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝	نیکی یہی نہین کہ (نمازین) اپنا مُنہ پورب کو کرلو یا پچھم کو نیک وہ لوگ ہین جو اللہ تعالی پر ایمان لائے اور پچھلے دن (قیامت پر) اور سب فرشتون پر اور کتاب (یعنے قرآن) پر اور تمام پیغمبرون پر اور اللہ تعالی کی محبت سے اپنا پیسہ ناطہ والون اور یتیمون اور مسکینون اور مسافرون اور مانگنے والونپر اور گردنین چھڑانے مین خرچ کیا اور نماز درستی سے ادا کرتے رہے اور زکوۃ دیتے رہے اور جب (خدا سے یا بندون سے) کوئی اقرار کیا تو اُسکو پورا کیا اور سختی اور تکلیف اور لڑائی مین صبر کیا یہی لوگ (ایمان اور اسلام کے دعوے مین) سچے ہین اور یہی پرہیزگار ہین۔
۸	الاعراف ۳		وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۭ	اور یہ کہ جہان نماز پڑھو اپنے منہ سیدھے کرلو اور نماز کے بعد ہوکر اسکو پکارو۔
〃	〃		يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ	اے بنی آدم ہر مسجد مین جاتے وقت اپنا بناؤ کرلیا کرو

۳۰	الزعت ۷۹	۲	وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ۝	اور دوزخ دیکھنے والون کے سامنے کھول دی جائے گی۔
″	البلد ۹۰	۱	فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝	تو (اے لوگو) ہمنے تم کو (دوزخ کی) دہکتی آگ سے ڈرا دیا۔
″	الهمزة ۱۰۴	۱	كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝	ہرگز ایسا نہین ہوسکتا وہ حطمہ مین ڈالدیا جائے گا اور (اے پیغمبر) تجھکو کیا معلوم حطمہ کیا چیز ہے حطمہ اللہ تعالیٰ کی (بھڑکائی ہوئی) آگ ہے جو (سارے بدن کو کہاکر) دلون تک چڑھ آئے گی وہ آگ انکو گھیرے ہوئے ہے لمبے لمبے ستونون مین بند ہے ہوئے ہین۔

اَلْمَسَاجِدُ وَاسْتِقْبَالُ الْقِبْلَةِ ۳۲

باب ۳۲ مساجد اور قبلہ کا بیان۔

۱	البقرة ۲	۱۴	وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۝ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝	اور اُس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو خدا کی مسجدون مین اُسکا نام لینے سے روکے اور اُن کو اجاڑنا چاہے یہ لوگ خود مسجدون مین نہ آنے پائین گے مگر ڈرتے ڈرتے وہ دنیا مین ذلیل ہونگے اور آخرت مین بڑی مار کھائین گے اور پورب اور پچھم دونو اللہ کے ہین تو جدہر تم منہ کرو ادہر ہی قبلہ ہے بیشک اللہ تعالےٰ گنجائش والا ہے (اُس کی رحمت بہت وسیع اور سب کو شامل ہے) باخبر
۲	″	۱۷	سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝	اب قریب مین بیوقوف لوگ کہین گے مسلمانونکا جو قبلہ پہلے تھا اُس سے پھر جانے کی کیا وجہ ہوئی (اے پیغمبر) کہدے پورب اور پچھم دونو اللہ ہی کے ہین جسکو وہ چاہتا ہے سیدہی راہ پر لگا دیتا ہے۔
″	″	″	وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝	اور (اے پیغمبر) جس قبلہ پر تو پہلے تھا (یعنے کعبہ) ہمنے اسی کو (دوبارہ) مقرر کردیا اس کی غرض یہ تھی کہ ہمکو یہ بات کہلجائے کہ کون پیغمبر کی پیروی کرتا ہے اور کون الٹے پاؤن پھر جاتا ہے اور قبلہ کا بدلنا بھاری (شاق) ہوا مگر انپر جنکو اللہ تعالےٰ نے راہ بتلائی اور اللہ تعالےٰ تمہاری نماز کو بے فائدہ کردے یہ نہین ہوسکتا اللہ تعالےٰ تو لوگون پر بڑی شفقت کرنیوالا مہربان ہے (اے پیغمبر) ہم تیرا منہ بار بار آسمان کی طرف کرنا دیکھ رہے ہین جو قبلہ تو پسند کرتا ہے وہی ہم تجھکو دین گے اب اپنا منہ مسجد حرام (کعبہ) کیطرف پھیرے اور (مسلمانو ..) تم جہان کہین ہو (نماز مین) اسی طرف اپنا منہ کیا کرو بیشک اہل کتاب جانتے ہین کہ کعبہ کی طرف قبلہ ہونا حق ہے اُنکے مالک کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ اُنکے کامون سے بے خبر نہین ہے۔

			وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِ ۗ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝	اور اپنے فضل سے انکو زیادہ عطا فرمائے اور اسکو جسکو چاہتا ہے بے حساب روزی دیتا ہے۔
۲۹	الجن ۷۲	۱	وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَدًا ۝	اور مسجدیں اسہی کی (عبادت کے لیئے) ہیں تو اسکے ساتھ کسی اور کا پوجا نہ کرو۔

فقہ القرآن

الطہارۃ ۳۳

باب ۳۳ طہارت کا بیان۔

۲	البقرۃ ۲	۲۸	وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ ۖ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ ۖ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ يَطْهُرْنَ ۖ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ۝	(اے پیمبر) لوگ تجھ سے حیض کے بابت پوچھتے ہین کہدو وہ گندگی ہے تو حیض کے دنو نمین عورتون سے الگ رہو (انسے صحبت یعنی جماع نہ کرو) اور جب تک پاک نہ ہولین انکے پاس نہ جاؤ (یعنے جماع نہ کرو) پھر جب ستھرائی کرلین تو جدہر سے اللہ نے حکم دیا ہے (یعنے فرج کی طرف سے) اُن پاس آؤ بیشک اللہ کو توبہ کرنیوالونسے محبت ہے اور ستھرائی کرنیوالونسے بھی محبت ہے
۵	النساء ۴	۷	وَلَا جُنُبًا إِلَّا عَابِرِي سَبِيلٍ حَتَّىٰ تَغْتَسِلُوا ۚ وَإِن كُنتُم مَّرْضَىٰ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُورًا ۝	اسی طرح جب نہانے کی حاجت ہو (تو نماز کے پاس نہ جاؤ) مگر راہ چلتے ہوئے یہانتک کہ غسل کرلو اور اگر تم بیمار ہو یا سفر مین ہو یا تم مین سے کوئی پائخانہ سے آئے (یعنے حاجت ضروری سے فارغ ہوکر) یا تمنے عورتونکو چھوا ہو پھر پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو (یا سطح زمین کا جو پاک ہو) اور منہ اور ہاتھونپر مسح کرلو بے شک اللہ تعالے درگذر کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔
۶	المائدۃ ۵	۲	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ۚ وَإِن كُنتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوا ۚ وَإِن كُنتُم مَّرْضَىٰ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُم مِّنْهُ ۚ مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ وَلَٰكِن يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝	مسئلہ ۳ جب تم نماز پڑہنا چاہو (اور بے وضو ہو) تو اپنے منہ دہوؤ اور ہاتھون کو کہنیون تک (دہوؤ یعنے کہنیون سمیت) اور اپنے سر پر مسح کرو اور پانون کو دونون ٹخنون تک (دہوؤ) اور اگر تم کو نہانے کی حاجت ہو تو اچھی طرح پاک ہوجاؤ (یعنے غسل کرلو) اور جو تم بیمار ہو یا سفر مین ہو یا تم مین سے کوئی پائخانہ سے پھر کر آئے یا تم نے عورتون سے صحبت کی ہو اور پانی نہ پاؤ (پانی نہ ملے یا اسکا استعمال نہ کرسکے) تو پاک مٹی کا قصد کرو اور منہ اور ہاتھون پر مسح کرلو اللہ تعالے تم کو تکلیف دینا نہین چاہتا بلکہ تم کو پاک کرنا چاہتا ہے اور اپنا احسان تم پر پورا کرنا اسلیئے کہ تم شکر کرو (اور شکر کا ثواب حاصل کرو)۔

الصلوٰۃ والزکوٰۃ والصدقۃ ۳۴

باب ۳۴ نماز اور زکوٰۃ اور صدقہ کا بیان۔

۱	البقرۃ ۲	۵	وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِينَ ۝ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُو رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ۝	بیشک نماز بھاری ہے مگر انپر جو اللہ تعالے سے ڈرتے ہین جو یہ سمجھتے ہین کہ انکو اپنے مالک سے ملنا ہے اور اسی کی طرف پھر جانا ہے۔

			وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝	اور کھاؤ اور پیو اور اوڑاؤ نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ اڑانیوالوں کو پسند نہیں کرتا۔
۹	الانفال ۸	۴	وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ	حالانکہ وہ لوگوں کو ادب والی مسجد سے روکتے ہیں اور وہ اس ادب والی مسجد کے متولی نہیں ہیں اس مسجد کے متولی وہی ہیں جو پرہیزگار ہوں
۱۰	التوبۃ ۹	۳	مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚ وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰۗىِٕكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝	مشرکوں کا یہ کام نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو آباد کریں حالانکہ اپنا کفر (اپنی زبان سے) خود مانتے ہیں ان لوگوں کا تو کیا کرایا سب اکارت ہوا اور یہ ہمیشہ دوزخ میں رہنے والے ہیں اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کی آبادی انہی لوگوں سے ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ پر اور پچھلے دن پر یقین رکھتے ہیں اور نماز کو درستی سے ادا کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور خدا کے سوا اور کسی سے نہیں ڈرتے تو ایسے لوگوں کو راہ پانے کی امید ہو سکتی ہے۔
ثَاقَلْتُمْ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی ہے اور یہ بے سمجھ لوگ ہیں ۸۷ لیکن پیغمبر اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے ہیں انہوں نے اپنے مال اور جان سے جہاد کیا ہے اور یہی لوگ ہیں جن کے لئے بھلائیاں ہیں اور یہی لوگ ہیں جو مراد پانے والے ہیں ۸۸ اللہ نے ان کے لئے باغ تیار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے یہ بڑی کامیابی ہے ۸۹ اور بدو عذر کرنے والے آئے کہ ان کو رخصت دی جائے اور جو اللہ اور اس کے رسول سے جھوٹ بولتے تھے وہ بیٹھ رہے ان میں سے جنہوں نے کفر کیا ہے ان کو دکھ دینے والا عذاب پہنچے گا ۹۰ ضعیفوں اور بیماروں اور جو لوگ خرچ نہ پائیں ان پر جہاد میں نہ جانے کا کچھ گناہ نہیں جبکہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے خیر خواہ ہوں نیکوکاروں پر الزام کی کوئی راہ نہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۹۱ اور نہ ان پر جو تمہارے پاس آئے کہ تم ان کے لئے سواری کا بندوبست کر دو تو تم نے کہا کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں جس پر تم کو سوار کروں تو وہ غم سے آنسو بہاتے ہوئے لوٹ گئے کہ خرچ نہ پائیں ۹۲ الزام تو ان لوگوں پر ہے جو دولتمند ہیں اور تمہاری رخصت مانگتے ہیں وہ اس بات پر راضی ہیں کہ گھر میں بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ رہیں اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی ہے تو وہ نہیں جانتے ۹۳ جب تم ان کے پاس جاؤ گے تو یہ تم سے عذر کریں گے تم کہنا عذر نہ کرو ہم تمہاری بات نہیں مانیں گے ہمیں خدا نے تمہارے حال سے باخبر کر دیا ہے اور اللہ اور اس کے رسول تمہارے کام دیکھیں گے پھر تم اس کے پاس جو پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے لوٹ کر جاؤ گے تو جو کچھ تم کرتے تھے وہ تم کو بتا دے گا ۹۴ جب تم ان کے پاس جاؤ گے تو تم سے خدا کی قسمیں کھائیں گے کہ تم ان سے درگزر کرو سو تم ان سے درگزر کرو وہ ناپاک ہیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جو کچھ وہ کرتے تھے اس کا بدلہ ۹۵ تم سے قسمیں کھائیں گے کہ تم ان سے خوش ہو جاؤ سو اگر تم ان سے خوش ہو بھی جاؤ تو اللہ تو نافرمان لوگوں سے خوش نہیں ہوتا ۹۶ بدو کفر اور نفاق میں بہت سخت ہیں اور اس لائق ہیں کہ اللہ نے اپنے رسول پر جو احکام نازل فرمائے ہیں ان سے واقف نہ ہوں اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ۹۷ اور بعض بدو جو کچھ خدا کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اس کو جرمانہ سمجھتے ہیں اور تمہارے حق میں زمانے کے الٹ پھیر کے منتظر ہیں برائی کا زمانہ انہی پر الٹ پھیر ہو اور اللہ سنتا جانتا ہے ۹۸ اور بعض بدو اللہ پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس کو خدا کے نزدیک اور پیغمبر کی دعا کا ذریعہ سمجھتے ہیں ہاں ان کا یہ خرچ ان کے لئے ذریعہ قربت ہے اللہ ان کو اپنی رحمت میں داخل کرے گا بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۹۹ اور مہاجرین اور انصار میں سے جن لوگوں نے سبقت کی اور جو نیکوکاری میں ان کے پیرو ہوئے اللہ ان سے خوش ہوا اور وہ اللہ سے خوش ہوئے اور اللہ نے ان کے لئے باغ تیار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے یہ بڑی کامیابی ہے ۱۰۰ اور بدوؤں میں سے جو تمہارے آس پاس رہتے ہیں منافق ہیں اور مدینے کے باشندوں میں سے بھی بعض منافق ہیں جو نفاق پر اڑے ہوئے ہیں تم ان کو نہیں جانتے ہم ان کو جانتے ہیں ہم ان کو دوہری سزا دیں گے پھر بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے ۱۰۱ اور کچھ اور لوگ ہیں جو اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہیں انہوں نے اچھے اور برے کام ملا جلا کر کئے تھے قریب ہے کہ اللہ ان پر مہربانی سے توجہ فرمائے بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۱۰۲ تم ان کے مال میں سے صدقہ لو جس سے تم ان کو پاک کرو اور ان کا تزکیہ کرو اور ان کے حق میں دعا کرو بیشک تمہاری دعا ان کے لئے موجب تسکین ہے اور اللہ سنتا جانتا ہے ۱۰۳ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور صدقات لیتا ہے اور اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے ۱۰۴ اور کہہ دو کہ تم عمل کرتے رہو اللہ تمہارے عملوں کو دیکھے گا اور اس کا رسول اور مومن بھی دیکھیں گے پھر تم اس کے پاس جو پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے لوٹ کر جاؤ گے تو جو کچھ تم کرتے تھے وہ تم کو بتا دے گا ۱۰۵ اور کچھ اور لوگ ہیں جو حکم خدا کے آنے تک ملتوی کئے جاتے ہیں کہ اللہ ان کو عذاب دے یا ان کی توبہ قبول کرے اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ۱۰۶ اور کچھ لوگ ہیں جنہوں نے مسجد بنائی ہے تاکہ نقصان پہنچائیں اور کفر کریں اور مومنوں میں تفرقہ ڈالیں اور اس شخص کے لئے گھات کی جگہ ہو جو پہلے سے اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہے وہ قسمیں کھائیں گے کہ ہمارا مقصد تو بھلائی کے سوا کچھ نہیں اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ جھوٹے ہیں ۱۰۷ تم اس میں کبھی کھڑے نہ ہونا البتہ جس مسجد کی بنیاد پہلے دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے وہ اس لائق ہے کہ تم اس میں کھڑے ہو اس میں ایسے لوگ ہیں جو پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے ۱۰۸ بھلا جس نے اپنی عمارت کی بنیاد خدا کے خوف اور اس کی خوشنودی پر رکھی وہ اچھا ہے یا جس نے اپنی عمارت کی بنیاد کسی کھائی کے کنارے پر جو گرنے والی ہے رکھی پھر وہ اس کو لے کر جہنم کی آگ میں گر پڑی اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا ۱۰۹ یہ عمارت جو انہوں نے بنائی ہمیشہ ان کے دلوں میں خلش پیدا کرتی رہے گی ہاں اگر ان کے دل ہی ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں تو اور بات ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ۱۱۰ بیشک اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور مال اس بدلے میں خرید لئے ہیں کہ ان کو بہشت ملے گی یہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں پھر مارتے بھی ہیں اور مرتے بھی ہیں یہ سچا وعدہ توراۃ اور انجیل اور قرآن میں اللہ کے ذمے ہے اور اللہ سے بڑھ کر کون اپنے وعدے کو پورا کرنے والا ہے تو تم اس سودے پر جو تم نے اس سے کیا ہے خوشیاں مناؤ یہ بڑی کامیابی ہے ۱۱۱ توبہ کرنے والے عبادت کرنے والے حمد کرنے والے روزے رکھنے والے رکوع کرنے والے سجدہ کرنے والے اچھے کام کرنے کا حکم کرنے والے برے کام سے روکنے والے اور اللہ کی حدوں کو نگاہ میں رکھنے والے (مومن بہشت کے مستحق ہیں) اور تم مومنوں کو خوشخبری سنا دو ۱۱۲ پیغمبر اور مومنوں کو جائز نہیں کہ مشرکوں کے لئے بخشش مانگیں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی ہوں جبکہ ان پر ظاہر ہو چکا کہ وہ دوزخی ہیں ۱۱۳ اور ابراہیم کا اپنے باپ کے لئے بخشش مانگنا تو صرف اس وعدے کی وجہ سے تھا جو وہ اس سے کر چکے تھے پھر جب ان پر ظاہر ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو اس سے بیزار ہو گئے بیشک ابراہیم بڑے نرم دل بردبار تھے ۱۱۴ اور اللہ ایسا نہیں کہ کسی قوم کو ہدایت دینے کے بعد گمراہ کر دے جب تک کہ جن باتوں سے بچنا چاہئے ان کو ان سے صاف صاف بتا نہ دے بیشک اللہ ہر چیز سے واقف ہے ۱۱۵ بیشک آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ ہی کی ہے وہی جلاتا اور مارتا ہے اور اللہ کے سوا تمہارا نہ کوئی دوست ہے نہ مددگار ۱۱۶ اللہ نے پیغمبر پر اور مہاجرین اور انصار پر جنہوں نے تنگی کے وقت پیغمبر کا ساتھ دیا مہربانی سے توجہ فرمائی بعد اس کے کہ ان میں سے کچھ لوگوں کے دل کج ہونے کو تھے پھر اللہ نے ان پر مہربانی سے توجہ فرمائی بیشک وہ ان پر شفیق مہربان ہے ۱۱۷ اور تین شخصوں پر بھی جن کا معاملہ ملتوی کیا گیا تھا یہاں تک کہ زمین باوجود اپنی فراخی کے ان پر تنگ ہو گئی اور وہ خود اپنی جانوں سے تنگ آ گئے اور انہوں نے سمجھ لیا کہ اللہ سے پناہ اللہ ہی کی طرف پناہ ہے پھر اللہ نے ان پر مہربانی سے توجہ فرمائی تاکہ وہ توبہ کریں بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے ۱۱۸ اے ایمان والو اللہ سے ڈرتے رہو اور سچے لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ ۱۱۹ مدینے کے باشندوں اور ان کے آس پاس کے بدوؤں کو لائق نہیں کہ پیغمبر خدا سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو ان کی جانوں سے عزیز سمجھیں یہ اس لئے کہ خدا کی راہ میں جو تشنگی اور تکان اور بھوک ان کو پہنچتی ہے اور جو قدم وہ کافروں کی خفگی کا باعث ہونے کو اٹھاتے ہیں اور دشمن سے جو کچھ چھینتے ہیں اس کے بدلے ان کے لئے نیک عمل لکھا جاتا ہے بیشک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا ۱۲۰ اور وہ جو کچھ خرچ کرتے ہیں خواہ تھوڑا خواہ بہت اور جو میدان طے کرتے ہیں سب ان کے لئے لکھا جاتا ہے تاکہ اللہ ان کو ان کے اعمال کا بہتر بدلہ دے ۱۲۱ اور مومنوں کو لائق نہیں کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوں تو ایسا کیوں نہ ہو کہ ہر جماعت میں سے کچھ لوگ نکل کھڑے ہوں تاکہ دین کی سمجھ حاصل کریں اور جب اپنی قوم کے لوگ ان کے پاس واپس آئیں تو ان کو ڈر سنائیں تاکہ وہ حذر کریں ۱۲۲ اے ایمان والو جو کافر تمہارے آس پاس رہتے ہیں ان سے لڑو اور چاہئے کہ وہ تم میں سختی پائیں اور جان رکھو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے ۱۲۳ اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو ان میں سے بعض (منافق مسلمانوں سے) کہتے ہیں کہ اس سورت نے تم میں سے کس کا ایمان زیادہ کیا ہے تو جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کا ایمان تو اس سورت نے زیادہ کیا ہے اور وہ خوش ہو رہے ہیں ۱۲۴ اور جن کے دلوں میں مرض ہے ان کی تو اس سورت نے ان کی ناپاکی پر ناپاکی اور بڑھا دی اور وہ کافر ہی مرے ۱۲۵ کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہر سال ایک دو بار آزمائش میں ڈالے جاتے ہیں پھر بھی نہ توبہ کرتے ہیں نہ نصیحت پکڑتے ہیں ۱۲۶ اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں کہ کوئی تم کو دیکھ تو نہیں رہا پھر چپکے سے نکل جاتے ہیں اللہ نے ان کے دلوں کو پھیر دیا ہے کیونکہ یہ بے سمجھ لوگ ہیں ۱۲۷ تمہارے پاس تم میں سے ایک پیغمبر آئے ہیں جن کو تمہاری تکلیف بہت گراں معلوم ہوتی ہے جو تمہاری بہبودی کے بڑے خواہاں ہیں مومنوں پر بڑے شفیق مہربان ہیں ۱۲۸ پھر اگر یہ لوگ روگردانی کریں تو تم کہہ دو کہ مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسا کیا ہے اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے ۱۲۹

یونس ۱۰

الٓرٰ یہ دانا اللہ کی کتاب کی آیتیں ہیں ۱ کیا لوگوں کو اس بات پر تعجب ہے کہ ہم نے ان میں سے ایک شخص پر وحی بھیجی کہ لوگوں کو ڈر سناؤ اور جو ایمان لائے ہیں ان کو خوشخبری دو کہ ان کے لئے ان کے پروردگار کے ہاں سچا مرتبہ ہے کافر کہنے لگے کہ یہ شخص تو صریح جادوگر ہے ۲ بیشک تمہارا پروردگار اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا وہ ہر کام کا انتظام کرتا ہے کوئی اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر سفارش کرنے والا نہیں یہ اللہ تمہارا پروردگار ہے تو اسی کی عبادت کرو پھر کیا تم سمجھتے نہیں ۳ تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اللہ کا سچا وعدہ ہے بیشک وہی خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ پیدا کرے گا تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو انصاف کے ساتھ بدلہ دے اور جو کافر ہوئے ان کے لئے کھولتا ہوا پانی اور دکھ دینے والا عذاب ہے ان کے کفر کے سبب ۴ وہی ہے جس نے سورج کو روشن اور چاند کو منور بنایا اور اس کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور حساب معلوم کرو اللہ نے یہ سب کچھ تدبیر سے پیدا کیا ہے وہ سمجھنے والے لوگوں کے لئے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے ۵ بیشک رات اور دن کے آنے جانے میں اور جو کچھ اللہ نے آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا ہے اس میں پرہیزگار لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں ۶ بیشک جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے اور دنیا کی زندگی پر خوش ہو بیٹھے ہیں اور اسی پر مطمئن ہیں اور جو ہماری نشانیوں سے غافل ہیں ۷ ان کا ٹھکانا ان کے اعمال کے سبب دوزخ ہے ۸ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کا پروردگار ان کے ایمان کے سبب ان کو سیدھے رستے چلائے گا نعمت کے باغوں میں ان کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی ۹ ان کا دعویٰ وہاں یہ ہوگا کہ اے اللہ تو پاک ہے اور ان کی ملاقات کا تحفہ سلام ہوگا اور ان کا آخری دعویٰ یہ ہوگا کہ سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہان کا پروردگار ہے ۱۰ اگر اللہ لوگوں کے ساتھ برائی کرنے میں جلدی کرتا جیسا کہ وہ بھلائی حاصل کرنے میں جلدی کرتے ہیں تو ان کی مدت عمر پوری کر دی جاتی سو جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے ہم ان کو ان کی سرکشی میں بھٹکتے رہنے دیتے ہیں ۱۱ اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں کروٹ کروٹ اور بیٹھے اور کھڑے پکارتا ہے پھر جب ہم اس کی تکلیف دور کر دیتے ہیں تو ایسا ہو جاتا ہے کہ گویا کسی تکلیف کے پہنچنے پر جو اس کو پہنچی تھی ہمیں پکارا ہی نہیں اسی طرح حد سے نکل جانے والوں کو ان کے اعمال آراستہ کر دکھائے گئے ہیں ۱۲ اور تم سے پہلے بہت سے لوگوں کو جب انہوں نے ظلم کئے اور پیغمبر ان کے پاس نشانیاں لے کر آئے اور وہ ایمان نہ لائے تو ہم نے ہلاک کر دیا ہم گنہگار لوگوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ۱۳ پھر ہم نے ان کے بعد تم کو ملک میں جانشین کیا تاکہ دیکھیں تم کیسے کام کرتے ہو ۱۴ اور جب ان کو ہماری کھلی کھلی آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے وہ کہتے ہیں کہ اس کے سوا کوئی اور قرآن لاؤ یا اس میں کچھ ردوبدل کرو تو کہہ دو کہ مجھ کو یہ اختیار نہیں کہ اپنی طرف سے اس میں ردوبدل کر دوں میں تو صرف اس وحی کی جو میرے پاس بھیجی جاتی ہے پیروی کرتا ہوں اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو بڑے سخت دن کے عذاب کا خوف ہے ۱۵ کہہ دو کہ اگر اللہ چاہتا تو میں تم کو یہ قرآن پڑھ کر نہ سناتا اور نہ وہ تم کو اس سے واقف کرتا اس سے پہلے میں تمہارے درمیان ایک عمر رہ چکا ہوں کیا تم سمجھتے نہیں ۱۶ تو اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ افترا کرے یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے بیشک گنہگار لوگ فلاح نہیں پائیں گے ۱۷ اور یہ لوگ اللہ کے سوا ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو نہ ان کو نقصان پہنچا سکیں نہ فائدہ اور کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں کہہ دو کہ کیا تم اللہ کو ایسی چیز کی خبر دیتے ہو جو نہ آسمانوں میں معلوم ہوتی ہے نہ زمین میں وہ پاک ہے اور جو لوگ اس کے ساتھ شریک بناتے ہیں ان سے برتر ہے ۱۸ اور لوگ پہلے ایک ہی طریقہ کے تھے پھر اختلاف کرنے لگے اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ٹھہر چکی ہوتی تو جس امر میں وہ اختلاف کرتے ہیں اس کا فیصلہ کر دیا جاتا ۱۹ اور یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتری تو کہہ دو کہ غیب کی خبر تو صرف اللہ ہی کو ہے تو تم منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظروں میں ہوں ۲۰ اور جب ہم لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد جو ان کو پہنچی تھی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ ہماری آیتوں کے بارے میں تدبیریں کرنے لگتے ہیں کہہ دو کہ اللہ تدبیر کرنے میں جلدی کرتا ہے بیشک ہمارے فرشتے تمہاری تدبیروں کو لکھ رہے ہیں ۲۱ وہی تو ہے جو تم کو جنگل اور دریا میں چلاتا ہے یہاں تک کہ جب تم کشتی میں ہوتے ہو اور وہ کشتیاں لوگوں کو لے کر موافق ہوا سے چلتی ہیں اور وہ اس سے خوش ہوتے ہیں تو ان پر تند ہوا آتی ہے اور ہر طرف سے موجیں ان میں آنے لگتی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ ان میں گھر گئے تو اللہ سے خالص اعتقاد کر کے دعا کرتے ہیں کہ اگر تو ہم کو اس سے بچا لے تو ہم ضرور شکر گزار ہوں گے ۲۲ پھر جب اللہ ان کو بچا لیتا ہے تو وہ ناحق زمین میں سرکشی کرنے لگتے ہیں اے لوگو تمہاری سرکشی تمہارے ہی اوپر (پڑتی) ہے دنیا کی زندگی کے فائدے اٹھا لو پھر ہمارے پاس تمہیں لوٹ کر آنا ہے تو جو کچھ تم کرتے تھے ہم تم کو بتا دیں گے ۲۳ دنیا کی زندگی کی مثال تو ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا تو اس سے زمین کی روئیدگی جو آدمی اور چوپائے کھاتے ہیں خوب گھنی ہو کر نکلی یہاں تک کہ جب زمین نے اپنی رونق حاصل کر لی اور آراستہ ہو گئی اور اس کے مالک سمجھے کہ ہم کو اس پر قابو حاصل ہے تو رات کو یا دن کو ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے اس کو ایسا کر دیا کہ گویا کل وہاں کچھ تھا ہی نہیں اسی طرح ہم سوچنے والے لوگوں کے لئے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں ۲۴ اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے سیدھا رستہ دکھاتا ہے ۲۵ جن لوگوں نے نیکوکاری کی ان کے لئے بہتر بدلہ ہے اور اس سے بھی زیادہ اور ان کے چہروں پر نہ سیاہی چھائے گی نہ ذلت یہ لوگ بہشت میں جانے والے ہیں اور ہمیشہ اس میں رہیں گے ۲۶ اور جنہوں نے برائیاں کمائیں ان کو برائی کے برابر برائی ملے گی اور ان پر ذلت چھائی ہوگی ان کو اللہ سے بچانے والا کوئی نہیں ان کے چہرے ایسے ہوں گے جیسے ان پر رات کے اندھیرے کے ٹکڑے اوڑھا دیئے گئے ہیں یہ لوگ دوزخ میں جانے والے ہیں اور ہمیشہ اس میں رہیں گے ۲۷ اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر جنہوں نے شرک کیا ہے ان سے کہیں گے کہ تم اور تمہارے شریک اپنی اپنی جگہ ٹھہرے رہو پھر ہم ان میں جدائی ڈال دیں گے اور ان کے شریک کہیں گے کہ تم ہماری عبادت نہیں کرتے تھے ۲۸ تو ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ کافی ہے ہم تو تمہاری عبادت سے بالکل بے خبر تھے ۲۹ وہاں ہر شخص اپنے اپنے کئے کو جانچ لے گا اور سب اللہ کی طرف جو ان کا سچا مالک ہے لوٹائے جائیں گے اور جو افترا پردازیاں وہ کرتے تھے سب ان سے جاتی رہیں گی ۳۰ کہہ دو کہ تم کو آسمان اور زمین سے روزی کون دیتا ہے یا کانوں اور آنکھوں پر کس کا اختیار ہے اور جاندار کو بے جان سے کون نکالتا ہے اور بے جان کو جاندار سے کون نکالتا ہے اور کون سارے کاموں کا انتظام کرتا ہے وہ جواب میں کہیں گے کہ اللہ تو کہو پھر تم (اس کی نافرمانی سے) ڈرتے نہیں ۳۱ تو یہ اللہ تمہارا سچا پروردگار ہے تو سچ کے بعد گمراہی کے سوا کیا رہ گیا پھر تم کدھر پھرے جاتے ہو ۳۲ اسی طرح جو نافرمان ہیں ان پر تمہارے پروردگار کی بات ثابت ہو چکی ہے کہ یہ ایمان نہیں لائیں گے ۳۳ کہہ دو کہ تمہارے شریکوں میں کوئی ہے جو خلقت کو پہلی بار پیدا کرے پھر اس کو دوبارہ پیدا کرے کہہ دو کہ اللہ ہی خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ پیدا کرے گا تو تم کدھر الٹے جاتے ہو ۳۴ کہہ دو کہ تمہارے شریکوں میں کوئی ہے جو حق کی راہ دکھائے کہہ دو کہ اللہ ہی حق کی راہ دکھاتا ہے تو جو حق کی راہ دکھاتا ہے وہ اس لائق ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یا وہ جو راہ نہ پائے جب تک اور لوگ اس کو راہ پر نہ لگائیں تو تم کو کیا ہو گیا ہے تم کیسے فیصلے کرتے ہو ۳۵ اور ان میں سے اکثر لوگ محض ظن کی پیروی کرتے ہیں اور ظن یقین کے مقابلے میں کچھ کام نہیں آتا بیشک اللہ ان کاموں سے جو لوگ کرتے ہیں خبردار ہے ۳۶ اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا کوئی اور اس کو بنا لائے بلکہ جو کتابیں اس سے پہلے کی ہیں یہ ان کی تصدیق کرنے والا ہے اور ان کتابوں کی تفصیل ہے اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ پروردگار عالم کی طرف سے ہے ۳۷ کیا یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اس کو اپنی طرف سے بنا لیا ہے کہہ دو کہ اگر تم سچے ہو تو تم بھی ایک سورت بنا لاؤ اور اللہ کے سوا جس کو بلا سکو بلا لو ۳۸ بلکہ جس چیز کو انہوں نے علم کے احاطہ میں نہیں لیا اور جس کا انجام ابھی ان کو نہیں پہنچا اسی کو جھٹلا دیا اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے جھٹلایا تھا تو دیکھ لو کہ ظالموں کا انجام کیسا ہوا ۳۹ اور ان میں سے بعض لوگ ایسے ہیں جو اس پر ایمان لائیں گے اور بعض ایسے ہیں جو ایمان نہیں لائیں گے اور تمہارا پروردگار مفسدوں کو خوب جانتا ہے ۴۰ اور اگر یہ تم کو جھٹلائیں تو کہہ دو کہ میرا کام میرے لئے اور تمہارا کام تمہارے لئے تم میرے کام سے علیحدہ ہو اور میں تمہارے کام سے علیحدہ ہوں ۴۱ اور ان میں سے بعض لوگ ایسے ہیں جو تمہاری طرف کان لگاتے ہیں تو کیا تم بہروں کو سنا سکتے ہو اگرچہ وہ سمجھتے نہ ہوں ۴۲ اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جو تمہاری طرف دیکھتے ہیں تو کیا تم اندھوں کو راہ دکھا سکتے ہو اگرچہ وہ دیکھتے نہ ہوں ۴۳ بیشک اللہ لوگوں پر ذرا بھی ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ اپنے اوپر آپ ظلم کرتے ہیں ۴۴ اور جس دن اللہ ان کو جمع کرے گا (تو ایسا معلوم ہوگا) کہ گویا دن کی ایک گھڑی سے زیادہ دنیا میں نہیں رہے تھے وہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچانیں گے جو لوگ اللہ کے روبرو حاضر ہونے کو جھوٹ سمجھتے تھے بیشک خسارے میں رہے اور راہ یاب نہ ہوئے ۴۵ اور اگر ہم تم کو ان کاموں میں سے جن کا ان سے وعدہ کرتے ہیں کچھ دکھا دیں یا تم کو دنیا سے اٹھا لیں تو بہرحال ان کو ہمارے پاس آنا ہے پھر اللہ ان کاموں پر جو یہ کرتے ہیں گواہ ہے ۴۶ اور ہر امت کے لئے پیغمبر ہے تو جب ان کا پیغمبر آ چکتا ہے تو ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا ۴۷ اور یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ کہ یہ وعدہ کب پورا ہوگا ۴۸ کہہ دو کہ میں اپنے نفع و نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے ہر امت کے لئے ایک وقت مقرر ہے جب ان کا وقت آ پہنچتا ہے تو نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹ سکتے ہیں نہ آگے بڑھ سکتے ہیں ۴۹ کہہ دو کہ بھلا دیکھو تو اگر اللہ کا عذاب رات کو یا دن کو تم پر آ پڑے تو گنہگار لوگ اس میں کون سی چیز کو جلد مانگیں گے ۵۰ کیا جب وہ واقع ہو چکے گا تو اس پر ایمان لائے گا اب (ایمان لاتے ہو) حالانکہ تم اس کو جلد مانگتے تھے ۵۱ پھر ظالموں سے کہا جائے گا کہ ہمیشہ کے عذاب کا مزہ چکھو جو کچھ تم کرتے تھے اس کا تم کو بدلہ ملتا ہے ۵۲ اور وہ تم سے پوچھتے ہیں کہ کیا یہ سچ ہے کہہ دو کہ ہاں میرے پروردگار کی قسم یہ سچ ہے اور تم (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے ۵۳ اور اگر ہر شخص کے پاس جو گناہ کی راہ اختیار کرتا ہے روئے زمین کی سب چیزیں ہوں تو وہ (عذاب سے بچنے کے لئے) ان کو دے ڈالے اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو دل میں پشیمان ہوں گے اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا ۵۴ سن رکھو کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے سن رکھو کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۵۵ وہی جلاتا اور مارتا ہے اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے ۵۶ لوگو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماری کی شفا اور مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت آ چکی ہے ۵۷ کہہ دو کہ (یہ) اللہ کا فضل اور اس کی مہربانی ہے اس پر لوگوں کو خوش ہونا چاہئے یہ اس سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں ۵۸ کہہ دو کہ بھلا دیکھو تو جو روزی اللہ نے تمہارے لئے اتاری تھی تم نے اس میں سے کچھ حرام اور کچھ حلال بنا لیا کہہ دو کہ کیا اللہ نے تم کو اجازت دی تھی یا تم اللہ پر افترا کرتے ہو ۵۹ اور جو لوگ اللہ پر جھوٹ افترا کرتے ہیں قیامت کے دن ان کا کیا خیال ہے بیشک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے ۶۰ اور تم جس حال میں ہوتے ہو اور قرآن میں سے جو کچھ پڑھتے ہو اور لوگو تم جو کام کرتے ہو ہم تم پر گواہ ہوتے ہیں جب تم اس میں مشغول ہوتے ہو اور تمہارے پروردگار سے ذرہ بھر کوئی چیز نہ زمین میں غائب ہے نہ آسمان میں اور نہ ذرہ سے چھوٹی نہ بڑی مگر کتاب روشن میں لکھی ہوئی ہے ۶۱ سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہے اور نہ وہ غمناک ہوں گے ۶۲ یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے ۶۳ ان کے لئے دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی خوشخبری ہے اللہ کی باتوں میں کچھ تبدیلی نہیں ہو سکتی یہ بڑی کامیابی ہے ۶۴ اور ان کی باتیں تم کو رنجیدہ نہ کریں سب عزت اللہ ہی کے لئے ہے وہ سننے والا جاننے والا ہے ۶۵ سن رکھو کہ جو لوگ آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سب اللہ کے ہیں اور جو لوگ اللہ کے سوا (اس کے) شریکوں کی پیروی کرتے ہیں وہ کسی چیز کی پیروی نہیں کرتے وہ صرف اٹکل پر چلتے ہیں اور صرف اٹکلیں دوڑاتے ہیں ۶۶ وہی تو ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ اس میں آرام کرو اور دن کو روشن بنایا بیشک اس میں سننے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں ۶۷ وہ کہتے ہیں کہ اللہ نے بیٹا بنایا ہے وہ پاک ہے وہ بے نیاز ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے تمہارے پاس اس کی کوئی سند نہیں کیا تم اللہ کے بارے میں ایسی بات کہتے ہو جو تم نہیں جانتے ۶۸ کہہ دو کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ افترا کرتے ہیں وہ فلاح نہیں پائیں گے ۶۹ دنیا میں (چند روز) فائدہ اٹھا لیں پھر ہمارے پاس ان کو لوٹ کر آنا ہے پھر ہم ان کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے ان کے کفر کے سبب ۷۰ اور ان کو نوح کا حال پڑھ کر سناؤ جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ اے قوم اگر میرا تمہارے درمیان رہنا اور اللہ کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کرنا تم کو گراں معلوم ہوتا ہے تو میرا بھروسا اللہ ہی پر ہے تو تم اپنے شریکوں کو ساتھ لے کر اپنے کام پر پختہ ہو جاؤ پھر تمہارا کام تم پر پوشیدہ نہ رہے پھر میرے حق میں جو کرنا ہے کر گزرو اور مجھ کو مہلت نہ دو ۷۱ پھر اگر تم روگردانی کرو تو میں نے تم سے کوئی صلہ نہیں مانگا میرا صلہ تو اللہ کے ذمے ہے اور مجھ کو حکم ہوا ہے کہ فرمانبرداروں میں رہوں ۷۲ پھر انہوں نے ان کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو اور جو ان کے ساتھ کشتی میں تھے بچا لیا اور ان کو جانشین کیا اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو غرق کر دیا تو دیکھ لو کہ جن لوگوں کو ڈر سنایا گیا تھا ان کا انجام کیسا ہوا ۷۳ پھر نوح کے بعد ہم ن

		خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝	بیشک ہمیشہ ان باغوں میں رہینگے بیشک اللہ تعالیٰ کے پاس (بہت) بڑا ثواب (موجود) ہے۔
۱	التوبۃ ۹	۲۴ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ِۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝	(اے پیغمبر ان مسلمانوں سے) کہدے اگر تمہارے باپ دادا بیٹے پوتے (نواسے) بھائی بی بیان کنبے والے اور جو مال تمنے کمائے ہین اور جس سوداگری کے خراب ہوجانے سے ڈرتے ہو اور جن مکانوں کو تم پسند کرتے ہو تم کو اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول اور اسکی راہ مین جہاد کرنے سے زیادہ عزیز ہین تو جب تک اللہ تعالیٰ اپنا حکم بھیجے پڑے رہو اور اللہ تعالیٰ گناہگاروں کو راہ پر نہین لگاتا اللہ تعالیٰ تو بہت سے معرکون میں تمہاری مدد کرچکا ہے اور حنین کے دن (بھی) جب تم اپنے بہت ہونے پر اترا گئے تھے پھر تمہارا بہت ہونا تمہارے کچھ کام نہ آیا اور زمین اتنی بڑی (لمبی چوڑی) ہوتے ساتھے تم پر تنگ ہوگئی پھر تم پیٹھ موڑ کر بھاگے پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر اور مسلمانوں پر اپنی تسلی اتاری اور ایسے لشکرون (فرشتون) کو اتارا جنکو تم نے نہین دیکھا اور کافرونکو عذاب کیا (اُن کو مارا) اور کافرون کی یہی سزا ہے پھر اس کے بعد جس کو اللہ تعالیٰ چاہے گا توبہ کی توفیق دے گا (وہ مسلمان ہوجائے گا) اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔
"	"	۲۹ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝	کتاب والے (یہود اور نصاریٰ) جو اللہ پر ایمان نہین رکھتے اور نہ پچھلے دن پر اور نہ جو اللہ اور اسکے رسول نے حرام کیا اس کو حرام جانتے ہین اور سچے دین کو نہین مانتے (اسلام کو قبول نہین کرتے) اُنسے لڑو یہان تک کہ ذلیل ہوکر اپنے ہاتھ سے جزیہ دین۔
"	"	۳۶ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ ۭ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَاۗفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَاۗفَّةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝	جس دن اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین بنائے (تبھی سے) اللہ تعالیٰ کے نزدیک اسکی کتاب مین (یا اسکے حکم سے) مہینونکی گنتی بارہ مہینے ٹھہر گئی اُن مین چار ادب کے مہینے ہین یہی سیدھا دین ہے تو ان (ادب کے مہینون) مین اپنی جانون پر ظلم نہ کرو اور مشرکون سے سب لڑکر لڑو جیسے وہ تمسے لڑکر لڑتے ہین اور یہ جان لو کہ اللہ تعالیٰ (کی مدد) پرہیزگارون کے ساتھ ہے۔
۱۰	التوبۃ ۹	۳۷ اِنَّمَا النَّسِيْۗءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ ۣ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا	مہینہ کا سرکا دینا اور زیادہ کفر ہے کافر اس کی وجہ سے گمراہ ہوتے ہین ایک سال تو اس مہینہ مین لڑنا حلال کرلیتے ہین اور ایک سال اس مین لڑنا حرام جانتے ہین انکا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے جو چار مہینے حرام

التوبة ۹

اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ۝	میرے ساتھ ہو کر کسی دشمن سے نہ لڑنا تم تو پہلی ہی بار بیٹھ رہنا پسند
وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ	کر چکے تو اب بھی بیٹھنے والیوں کے ساتھ (گھر میں) بیٹھے رہو۔
جَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ	اور (اے پیغمبر ص) جب کوئی (قرآن کی) سورت اتری ہے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان
مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ۝	لاؤ اور اسکے رسول کے ساتھ ہو کر جہاد کرو تو انمیں جو مقدور والے ہیں
رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى	تجھ سے اجازت مانگتے ہیں اور کہتے ہیں ہمکو (یہیں) چھوڑ دے ہم بیٹھ رہنے والوں
قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ	کے ساتھ رہیں گے انکو یہی پسند آیا کہ گھر بیٹھنے والیوں (عورتوں) کے ساتھ (بیٹھے
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ	رہیں اور انکے دلوں پر مہر ہو گئی تو وہ (کچھ) نہیں سمجھتے لیکن پیغمبر اور جو
وَاَنْفُسِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۚ وَ	لوگ اسکے ساتھ ایمان والے ہیں انہوں نے (تو) اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے مال
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ	اور جان سے جہاد کیا یہی لوگ ہیں جنکو بھلائیاں ملینگی اور وہی مراد
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ	کو پہونچینگے اللہ تعالیٰ نے انکے لیئے باغ تیار رکھے ہیں جنکے تلے نہریں
فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ	پڑی بہہ رہی ہیں وہ ہمیشہ اُن میں رہینگے یہی بڑی کامیابی ہے
مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ	اور گاؤں والے (بہی حیلہ غفار) عذر کرتے ہوئے آئے کہ انکو اجازت
كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ	ملجائے اور جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول سے جھوٹ بولا وہ
كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ	بیٹھ رہے ان میں جو کافر ہیں انکو دکھ کی مار پڑے گی جو لوگ
وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ	کمزور ہیں انپر کوئی گناہ نہیں اور نہ بیمار وں پر اور نہ ان پر جن کو خرچ
مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ	نہیں ملتا جب وہ اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول ص کے خیر خواہ ہوں
مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ	(ایسے) نیک لوگوں پر کوئی الزام نہیں اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان
رَّحِيْمٌ ۝ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ	ہے اور نہ اُن لوگوں پر کچھ گناہ ہے جو تیرے پاس اسلیئے آتے
قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَّ	ہیں کہ تو انکو سواری دے جب تو کہتا ہے میرے پاس تو سواری
اَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا	نہیں جسپر میں تمکو چڑہا دوں تو خرچ نہ ملنے کے غم میں وہ آنکھوں
مَا يُنْفِقُوْنَ ۝ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ	سے آنسو بہتے ہوئے لوٹ جاتے ہیں الزام تو انہی لوگوں پر ہے جو
يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ	مالدار ہو کر پہر تجھ سے اجازت چاہتے ہیں ان لوگوں نے (گھر)
يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	بیٹھنے والیوں (عورتوں) کے ساتھ رہنا پسند کیا اور اللہ تعالیٰ نے
فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا	انکے دلوں پر مہر کر دی وہ (کچھ) نہیں جانتے (مسلمانو) جب تم (جہاد
رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ۭ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ	سے) لوٹ کر ان (منافقوں) کے پاس آؤ گے تو یہ تم سے بہانے
لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ۭ وَسَيَرَى	بنائینگے اے پیغمبر ص کہدے بہانے مت بناؤ ہم تمہاری بات
اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ	کبھی نہیں ماننے کے ہم کو تمہارے احوال اللہ تعالیٰ بتا چکا ہے اور آگے چلکر اللہ
الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝	اور اسکا رسول ص (دونو) تمہارے کام دیکھینگے پہر (آخر) تم اُس (خدا تم کی)
سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ	طرف لوٹائے جاؤ گے جو چھپا اور کہلا جانتا ہے وہ تمکو جتلائیگا جو تم (دنیا
لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ اِنَّهُمْ رِجْسٌ	میں) کیا کرتے تھے (مسلمانو) اب کوئی دنیں جب تم انکے پاس لوٹ جاؤ گے
	تو تمسے اللہ کی قسمیں کہائینگے تاکہ تم اُن سے درگذر کرو پہر تو تم انسے درگذر

لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَا
اَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ
سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝
لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ
الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ
كٰرِهُوْنَ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ
وَلَا تَفْتِنِّيْ ۚ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ
جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ اِنْ تُصِبْكَ
حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ
يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا
وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ۝ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ
اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ
اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۚ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ
اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ
اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۚ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ
مُّتَرَبِّصُوْنَ ۝

۱۰ التوبہ ۹ ۷ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ۭ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ
وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ۝ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً
اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْٓا اِلَيْهِ
وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ۝

〃 〃 ۱۰ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ
وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ

〃 〃 ۱۱ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ
اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ
وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا
فِي الْحَرِّ ۭ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ۭ لَوْ كَانُوْا
يَفْقَهُوْنَ ۝ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا
كَثِيْرًا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ فَاِنْ
رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَاۗىِٕفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ
لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ

اگر یہ لوگ تمہارے ساتھ نکلتے بھی تو تمہارے ہی لشکر مین خرابی بڑھاتے
اور فساد کی نیت سے تم مین اِدھر اُدھر گھوڑے دوڑاتے پھرتے اور (مشکل یہ ہے کہ) تم
مین ایسے لوگ بھی ہین جو ان کی باتین سن لیتے اور اللہ تعالیٰ شریر لوگون کو خوب
جانتا ہے (اے پیغمبر) یہ لوگ تو پہلے ہی فساد کرانا چاہتے تھے اور کئی کاموں مین
انہون نے تمہارا نقصان کیا یہانتک کہ خدا کا (سچا) وعدہ آن پہونچا اور اللہ کا حکم
بالا ہوا اور وہ ناخوش ہی رہے اور ان (منافقون) مین وہ شخص بھی ہے جو
کہتا ہے مجھے اجازت دیجیے اور گناہ مین نہ ڈالیے سنو یہ تو گناہ مین گر پڑے
اور بیشک جہنم کافرونکو گھیرے ہوئے ہے اگر (اتفاق سے) تمہکو کوئی بھلائی پہونچے
تو ان (منافقون) کو برا لگتا ہے اور اگر تمہکو کوئی مصیبت پیش آئے تو کہتے
لگتے ہین ہمنے تو اپنا سبیتا کر لیا تھا اور خوشیان مناتے (اپنے گھر ونکو) لوٹ
جاتے ہین (اے پیغمبر) کہدے ہمکو کوئی مصیبت پیش نہین آسکتی مگر جو اللہ نے ہمارے
قسمت مین لکھدی ہے وہی ہمارا مالک ہے اور مسلمانونکو اسی پر بھروسا
کرنا چاہیے (اے پیغمبر) کہدے تم ہمارے لیے دو بھلائیون مین سے ایک
بھلائی کے سوا اور کسی بات کا انتظار نہین کر سکتے اور ہم تو تمہارے لیے اس
تعالیٰ کی طرف سے تم پر کوئی عذاب بھیجے یا ہمارے ہاتھون سے تمہکو عذاب کرے قتل ہو
قید ہو، تو انتظار کرتے رہو ہم بھی تمہارے ساتھ
انتظار کر رہے ہین۔

اور (یہ منافق) اللہ تعالیٰ کی قسمین کھاتے ہین کہ بیشک وہ تم ہی
مین کے ہین حالانکہ وہ تم مین کے نہین (مسلمان نہین ہین) بلکہ وہ
ڈرپوک لوگ ہین اگر کہین بچاؤ کے جگہہ یا غار یا سرنگ پالین تو سبھی
توڑا کر ادھر دوڑ پڑین۔

اے پیغمبر کافرونسے اور منافقونسے جہاد کرو اور انپر سختی کرو اور انکا ٹھکانا
جہنم ہے اور وہ بری جگہہ جانے والے ہین۔

جو لوگ (منافق) پیچھے چھوڑ دیے گئے وہ اللہ کے رسول کو چھوڑ کر
پیچھے رہنے سے بہت خوش ہوئے اور انہون نے اللہ تعالیٰ کی راہ مین اپنی
جان و مال سے جہاد کرنا برا سمجھا اور کہنے لگے ایسی (سخت) گرمی مین
(گھر سے) مت نکلو کہدے دوزخ کی آگ کی گرمی اس سے (کہین) زیادہ
سخت ہے کاش انلوگونکو (اتنی) سمجھہ ہوتی (بیشمار دنیا مین) تھوڑا سا ہنسین لین
(آخرت مین) ان کاموں کے بدلے جو دنیا مین کرتے رہے بہت روئین گے
تو اگر اللہ تعالیٰ تمہکو لوٹا کر ان (منافقون) مین کے ایک گروہ کی طرف لیجائے
پھر وہ تم سے نکلنے کی اجازت چاہین تو (انسے) کہدے تم میرے ساتھ کبھی

۱۴	النحل ۱۶	۶	وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۭ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝	اور جن لوگون نے (کافرون کا) ظلم اٹھانے کے بعد اللہ تعالیٰ کی راہ مین اپنا ملک چھوڑا انکو ہم دنیا مین اچھا ٹھکانا دین گے اور آخرت مین جو بدلہ (ملنے والا) ہے وہ تو (کہین) بڑھکر ہے کاش یہ کافر (اس بات کو) جانتے ہوتے (یا اپنا ملک چھوڑنیوالے وہ لوگ ہین) جنہون نے صبر کیا اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہین
〃	〃	۸	وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَاۗبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَاۗءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝	اور اگر اللہ تعالیٰ لوگون کو انکی نافرمانیون پر (جلد) پکڑ لیا کرے تو روے زمین پر ایک جاندار باقی نہ چھوڑے مگر وہ انکو ایک ٹھہرے ہوئے وعدے تک مہلت دیتا ہے جب انکا وعدہ آن پہونچتا ہے تو ایک گھڑی آگے یا پیچھے نہین ہو سکتے۔
〃	〃	۱۴	ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝	پھر جن لوگون نے آفت مین پڑنے کے بعد (مشرکون کی ایذائین اٹھانے کے بعد) ہجرت کی پھر جہاد کیا اور (تکلیفون پر) صبر کیا تو تیرا مالک ان (امتحانون) کے بعد (ضرور) بخشنے والا ہے رحمت کرنیوالا۔
۱۷	الانبیاء ۲۱	۳	وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَاْىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ۝ كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ	اور ہمنے تجھ سے پہلے کسی آدمی کے لیے (دنیا مین) ہمیشہ جینا نہین رکھا بھلا (انسے پوچھنا چاہیے) اگر تو مر جائے تو کیا یہ ہمیشہ (زندہ) رہین گے ہر ایک (مخلوق) جاندار موت (کا مزہ) چکھے گا۔
〃	الحج ۲۲	۶	اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰي نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُۨ ۝ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۭ	اب جن (مسلمانونسے کافر) لڑتے ہین انکو بھی (لڑنے کی) اجازت ہے کیونکہ یہ مظلوم ہو رہا ہے اور بیشک اللہ تعالیٰ انکی مدد کرنے پر قادر ہے جو اپنے ملک سے (مکہ سے) یہ کہنے پر کہ ہمارا مالک اللہ ہے اور کوئی بات نہین (نہ کسی کا خون کیا نہ ڈاکہ مارا) ناحق نکالے گئے۔
〃	〃	۸	وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۝	اور جن لوگون نے اللہ تعالیٰ کی راہ مین ہجرت کی (وطن چھوڑا) پھر وہ (اسی ہجرت کے زمانہ مین) مارے گئے یا (اپنی موت سے) مر گئے (ہر حال مین) اللہ تعالیٰ انکو اچھی روزی دیگا اور بے شک خدا تعالیٰ ہی سب سے اچھی روزی دینے والون مین بہتر روزی دینے والا ہے وہ ضرور انکو ایسی جگہ لیجائے گا جسکو وہ پسند کرینگے اور بیشک اللہ (سب) جانتا ہے (سب سے) حلم والا ہے
۱۸	النور ۲۴	۷	وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَىِٕنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ۭ	اور (اے پیغمبر) ان منافقون نے اللہ تعالیٰ کی پکی قسمین کہائین کہ اگر تو انکو حکم کرے تو وہ جہاد کے لیے ضرور نکلین گے۔
۲۰	العنکبوت ۲۹	۱	مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاۗءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝	جسکو اللہ تعالیٰ سے ملنے کی امید ہے (اسکو چاہیئے کہ طیاری کرے) کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جو وقت (عذاب ثواب کا) مقرر کیا ہے وہ ضرور آنیوالا ہے اور اللہ تعالیٰ (سب کچھ) سنتا جانتا ہے اور جو کوئی (نیک کاموں مین) محنت اٹھاتا ہے وہ اپنے خود کے فائدے کے لیے اٹھاتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ
۲۱	الاحزاب ۳۳	۲	اِذْ جَاۗءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ	جب یہ کافر تمہارے اوپر کی طرف اور تمہارے نیچے کی طرف سے آن پہونچے اور جب آنکھین (ڈر کے مارے) پتھرا گئین اور کلیجے حلق تک

وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ
يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا
عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝
١١ التوبة ١٣ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ
وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۖ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝
وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ
وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝
" ١٤ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ
وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۭ يُقَاتِلُوْنَ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۣ وَعْدًا
عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَ
الْقُرْاٰنِ ۭ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ
فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ۭ
وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝
" ١٥-١٢٠ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ
الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا
بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ
ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ
وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ
بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ
الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً
وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ
لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَمَا
كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَاۗفَّةً ۭ فَلَوْلَا نَفَرَ
مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَاۗىِٕفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ
وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ
يَحْذَرُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا
الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ
غِلْظَةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

اور جو وہ (دنیا میں) کرتے تھے اسکے بدلے انکا ٹھکانا دوزخ ہے تمہارے سامنے یہ لوگ قسمیں کھائینگے کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ سو اگر تم ان سے راضی بھی ہو جاؤ تو اللہ تو (ان) شریر (بدکار) لوگوں سے راضی نہیں ہو سکتا اور کہدے تم (اچھے یا برے) عمل کیے جاتے رہو اللہ تعالیٰ اور اسکا رسول اور مسلمان تمہارے عمل دیکھینگے اور تم (خود) قریب میں اس خدا کیطرف لوٹائے جاؤگے جو چھپا اور کھلا (سب) جانتا ہے وہ تم کو جو تم کرتے تھے جتلا دیگا اور کچھ لوگ ایسے ہیں جنکا معاملہ اللہ تعالیٰ کے حکم پر ڈھیل میں ہے اللہ انکو عذاب کرے یا معاف کرے اور اللہ تعالیٰ جاننے والا ہے حکمت والا بیشک اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے انکی جان اور مال کو مول لیا ہے اس کے بدلے انکو بہشت ملے گی وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتے ہیں پھر (کافروں کو) مارتے ہیں اور مارے جاتے ہیں اللہ کا یہ وعدہ پکا ہے اس نے ذمہ لیا ہے توریت اور انجیل اور قرآن میں اور اللہ تعالیٰ سے بڑھکر کون اپنے قول کا پورا کرنے والا ہے تو (مسلمانو) یہ جو سودا تم نے کیا ہے اس کی خوشی مناؤ اور یہی تو بڑی کامیابی ہے

مدینہ والوں کو اور جو انکے گرداگرد گاؤں والے رہتے ہیں یہ مناسب نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر کو چھوڑ کر پیچھے رہ جائیں اور اسکے جان کی فکر نہ کرکے اپنی جان بچانے کی فکر میں پڑ جائیں اسلیئے کہ ان لوگوں کو خدا کی راہ میں پیاس یا تکلیف یا بھوک ہو یا اس مقام پر چلیں جس سے کافر خفا ہوں دشمن کو کچھ بھی نقصان پہونچائیں ہر ہر کے بدلے انکا نیک عمل (خدا کے پاس) لکھ لیا جاتا ہے بیشک اللہ تعالیٰ نیکوں کی محنت برباد نہیں کرتا اور (اسیطرح) جو کچھ (اللہ تعالیٰ کی راہ میں) خرچ کریں تھوڑا ہو یا بہت جو میدان چلیں ان کے لیے لکھا جاتا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ انکے کاموں کا بہت اچھا بدلہ انکو دے اور یہ بھی مناسب نہیں کہ (ہر لڑائی میں) سب کے سب مسلمان نکل کھڑے ہوں ایسا کیوں نہیں کرتے کہ ہر فرقے میں سے کچھ لوگ نکلیں تاکہ وہ دین کی سمجھ حاصل کریں اور جب ان کی قوم کے لوگ (لڑائی سے) لوٹ کر آویں تو انکو سنا دیں اسلیئے کہ وہ بچے رہیں۔ مسلمانو تم (پہلے) آس پاس کے کافروں سے لڑو اور ایسا کرو کہ کافر لوگ تمکو تمہاری سختی (بہادری) معلوم ہو اور یہ سمجھ لو کہ اللہ (کی مدد) پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔

۲۶	الفتح	۱	إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۝ وَيَنصُرَكَ اللَّهُ نَصْرًا عَزِيزًا ۝
″	″	۱-۲	إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ ۚ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَىٰ نَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا أَمْوَالُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۚ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۚ بَلْ كَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۝ بَلْ ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَنقَلِبَ الرَّسُولُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَىٰ أَهْلِيهِمْ أَبَدًا وَزُيِّنَ ذَٰلِكَ فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۖ وَكُنتُمْ قَوْمًا بُورًا ۝
″	″	۱۵-۱۶	سَيَقُولُ الْمُخَلَّفُونَ إِذَا انطَلَقْتُمْ إِلَىٰ مَغَانِمَ لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ ۖ يُرِيدُونَ أَن يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللَّهِ ۚ قُل لَّن تَتَّبِعُونَا كَذَٰلِكُمْ قَالَ اللَّهُ مِن قَبْلُ ۖ فَسَيَقُولُونَ بَلْ تَحْسُدُونَنَا ۚ بَلْ كَانُوا لَا يَفْقَهُونَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ قُل لِّلْمُخَلَّفِينَ مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ۖ فَإِن تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْرًا حَسَنًا ۖ وَإِن تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُم مِّن قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝ لَّيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ ۗ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا

(اے پیغمبر) ہم نے تمہیں صریح فتح دی ہے (یعنی حدیبیہ کی صلح کیا ہے) ہمنے تجھ کو کھلم کھلا فتح دی فتح اسلیئے کہ (تو اسکا شکر کرے اور) اللہ تیرے اگلے اور پچھلے گناہ بخشے اور اپنا احسان تجھپر پورا کرے اور تجھ کو (دین کے) سیدھے رستے پر جمائے رکھے اور تیری پوری (زبردست) مدد کرے۔

بیشک جو لوگ تجھ سے اے پیغمبر (حدیبیہ میں) بیعت کر رہے ہیں وہ (گویا) خدا سے بیعت کر رہے ہیں اللہ تم کا ہاتھ انکے ہاتھوں کے اوپر ہے پھر جو کوئی (اپنا اقرار) توڑے وہ اقرار توڑ کر اپنا آپ نقصان کریگا اور جو کوئی اس اقرار کو پورا کرے جو اسنے اللہ تم کے ساتھ باندھا اسکو اللہ تم (بہت) نیک (ثواب) دیگا (اے پیغمبر) اب وہ گاؤں والے جو (اس سفر میں) پیچھے رہگئے یہ بہانہ کرینگے ہم اپنے مال اور عیال بچوں میں پھنس گئے (تیرے ساتھ نہ جاسکے) تو ہمارا گناہ (اللہ تم سے) بخشوا دے اپنی زبانوں سے وہ باتیں کرتے ہیں جو انکے دلوں میں نہیں ہیں کہدے (اس بہانے سے کیا فائدہ) بھلا اگر اللہ تم تم کو کوئی فائدہ پہونچانا چاہے یا کچھ نقصان دینا چاہے تو اسکے مقابلے میں تمہارے لیے کسی کا کچھ چل سکتا ہے نہیں اللہ تم کو تمہارے (سب) کاموں کی خبر ہے بات یہ ہے تم یہ سمجھے کہ پیغمبر اور مسلمان ہرگز اپنے گھروں کو کبھی لوٹ کر آنے والے نہیں اور یہ بات تمہارے دلوں میں کھب گئی اور تم نے برا گمان کرنے اور ایسے (مسلمانو) اب جب تم لوٹ (کا مال) لینے کے لیے (خیبر کو) جانے لگو گے تو یہ (گنوار) لوگ جو (حدیبیہ سے) پیچھے رہ گئے تھے کہیں گے ہم کو بھی اپنے ساتھ چلنے دو وہ اللہ تم کی بات بدلنا چاہتے ہیں (ان گنواروں سے) کہدے تم ہرگز ہمارے ساتھ مت چلو اللہ تم نے پہلے ہی ایسا فرما دیا ہے (کہ یہ لوٹ خاص ہمارا حصہ ہے) اب یوں کہیں گے تم ہم سے جلتے ہو بات یہ ہے کہ انکی سمجھ ہی کم ہے (اے پیغمبر) ان پیچھے رہجانے والے گنواروں سے کہدے اب وہ وقت قریب ہے جب تم ایسے لوگوں سے لڑنے کے لیے بلائے جاؤ گے جو بڑے لڑنیوالے ہیں یا تو تم کو (انسے) لڑنا ہوگا یا وہ بے لڑے مسلمان ہو جائینگے اسوقت اگر تم (اللہ تم کا کہنا مان لوگے تو تم کو اچھا نیگ (ثواب) دیگا اور اگر اسوقت بھی تم پھر گئے (جہاد سے بیٹھ رہے) جیسے پہلے (حدیبیہ جاتے وقت) پھر چکے تو تمکو تکلیف کا عذاب دیگا اندھے پر (جہاد کی) تکلیف نہیں اور نہ لنگڑے پر تکلیف ہے اور نہ بیمار پر تکلیف ہے اور جو کوئی اللہ تم اور اسکے رسول کا کہنا مانے تو اللہ تم اسکو ایسے باغوں میں لیجا یگا جنکے تلے نہریں بہ رہی

		اِلَّا مَغْرُوْرًا ۝	
۲۱	الاحزاب ۳۳	۲ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝	
//	//	۳ وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ۝ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۫ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۝	
//	//	۴ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ۚ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۝ وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ۝ وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝	
۳۶	محمد ۴۷	۱ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۫ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ۗ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝	
//	//	۲ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ الآیۃ۔	

اور گئے اور اسد تعالیٰ سے تم طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔

۲ اے محمد (ان سے) کہدے اگر تم مرنے یا مارے جانے سے بھاگو تو یہ بھاگنا کچھ تم کو فائدہ نہ دیگا اور (بالفرض) بچ گئے تو) کچھ نہیں تھوڑا سا (دنیا کا) مزہ اور اوٹھا لوگے۔

۳ اور جب (سچے) مسلمانوں نے (کافروں کی) فوجوں کو دیکھا تو گھبرائے تو نہیں (بلکہ) کہنے لگے یہ تو وہی ہے جسکا اسد تعالیٰ اور اسکے رسول نے ہمسے وعدہ کیا تھا اور اسد تعالیٰ اور اسکا رسول سچا ہے اور (اس واقعہ نے) انکے ایمان اور تابعداری کو اور بڑھا دیا ان ہی مسلمانوں میں کچھ مرد تو ایسے ہیں جنہوں نے اسد تعالیٰ سے جو اقرار کیا تھا اسمیں سچے اترے انمیں سے بعضے تو اپنا کام پورا کر چکے اور بعضے (ابھی) راہ دیکھ رہے ہیں اور ان لوگوں نے اپنی بات میں کچھ رد و بدل نہیں کیا۔

۴ تاکہ اسد تعالیٰ سچوں کو انکے سچ کا بدلہ دے اور منافقوں کو چاہے تو عذاب دے یا انپر مہربانی سے توجہ فرمائے بیشک اسد تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اسد تعالیٰ نے کافروں کو غصے میں بھرے ہوئے (خالی) پھیر دیا انکو کچھ فائدہ نہ ملا اور (ادہر) اسد تعالیٰ نے مسلمانوں کے لیے لڑنیکی نوبت ہی نہیں آنے دی اور اسد زور والا زبردست ہے اور اہل کتاب (بنی قریظہ کے یہودیوں) کو جنہوں نے (عہد شکنی کرکے) مشرکوں کی مدد کی تھی انکے قلعوں سے اوتار لایا اور انکے دلوں میں (تمہاری) دہاک بٹھا دی تم انمیں سے بعضوں کو قتل کرنے لگے اور بعضوں (عورتوں اور بچوں) کو قید اور اسد تعالیٰ نے تمکو انکی زمین اور انکے گھروں اور انکے مالوں کا وارث کر دیا اور اس ملک کا جہاں تم نے (ابھی تک) قدم ہی نہیں رکھا اور اسد تعالیٰ سب کچھ کر سکتا ہے۔

۱ مسلمانو) جب تم (لڑائی میں) کافروں سے بھڑ جاؤ انکی گردنیں اڑاؤ جب خوب ان کو قتل کر چکو (انکا زور بالکل ٹوٹ جائے) تو اب انکی مشکیں کس لو (انکو قید کر لو) اسکے بعد یا احسان رکھکر مفت چھوڑ دو یا کچھ بدلہ لیکر یہانتک کہ (لڑائی موقوف ہو) دشمن ہتھیار رکھدیں یہ (تمہارا) حکم ہے اور اگر اسد تعالیٰ چاہتا تو (بغیر تمہارے لڑے) کافروں سے بدلے لیتا مگر اسکو یہ منظور ہے کہ تمکو ایک دوسرے سے (لڑا کر) جانچے اور جو لوگ اسد تعالیٰ کی راہ میں (جہاد میں) مارے گئے انکے (نیک) کام اسد تعالیٰ ہرگز اکارت نہیں کریگا بلکہ انکو راہ پر لگا دیگا اور انکا کام بنا دیگا اور انکو بہشت میں لیجائے گا جو انکو بتا دیگا مسلمانو اگر تم اسد (کے دین) کی مدد کرو گے تو اسد تعالیٰ بھی تمہاری مدد کریگا اور (لڑائی میں) تمہارے پیر جمائیگا جب کوئی پکی سورت (جو منسوخ نہ ہوا) اترتی ہے اور اس میں جہاد کا حکم ہوتا ہے۔

مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ
لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ
وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۭ
وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْـَٔـلُوْا
مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔـلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ۭ ذٰلِكُمْ
حُكْمُ اللّٰهِ ۭ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
حَكِيْمٌ ۝ وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ
اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ
ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ۭ
وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝

(درحقیقت) ایماندار ہین تو اُن کو کافرون کی طرف مت لوٹاؤ ایسی (مسلمان) عورتین کافرونکے لیے حلال نہین ہوسکتین کافر ایسی (مسلمان) عورتون کے لیے حلال ہوسکتے ہین اور کافرون نے جو اُن عورتون پر خرچ کیا ہو (مہر) وہ انکو دیدو اور اگر تم (اے مسلمانو) ایسی عورتون کو مہر ادا کرو تو اُن سے نکاح کرلینے مین تم پر کوئی گناہ نہین اور کافر (مشرک) عورتون سے علاقہ مت رکھو اور تمنے جو اُنپر (مہر) خرچ کیا ہو وہ کافرون سے مانگ لو اور اُنھون نے جو خرچ کیا ہو وہ تم سے مانگ لین یہ اللہ کا یہی حکم ہے جو حکم وہ تم کو دیتا ہے اور اللہ خوب جانتا ہے حکم والا اور تمہاری کوئی عورت (اسلام سے پھر کر) کافرون مین جا ملے پھر تم (ان کافرون کو) سزا دو (اُنکا کچھ مال لوٹو) تو جن مسلمانون کی عورتین (مرتد ہوکر) چلی گئی ہین اُنکا جتنا خرچ (اُن عورتون پر) ہوا تھا وہ انکو ادا کرو اور اللہ سے جسکو تم مانتے ہو ڈرتے رہو

۲۸	الصف ۶۱	۱	اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝
″	″	۱	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰي تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
″	التحریم ۶۶	۲	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

(اور حقیقت) ایماندار ہین تو اُن کو کافرون کی طرف مت لوٹاؤ ایسی (مسلمان) عورتین کافرونکے لیے حلال نہین ہوسکتین کافر ایسی (مسلمان) عورتون کے لیے حلال ہوسکتے ہین اور کافرون نے جو اُن عورتون پر خرچ کیا ہو (مہر) وہ انکو دیدو اور اگر تم (اے مسلمانو) ایسی عورتون کو مہر ادا کرو تو اُن سے نکاح کرلینے مین تم پر کوئی گناہ نہین اور کافر (مشرک) عورتون سے علاقہ مت رکھو اور تمنے جو اُنپر (مہر) خرچ کیا ہو وہ کافرون سے مانگ لو اور اُنھون نے جو خرچ کیا ہو وہ تم سے مانگ لین یہ اللہ کا یہی حکم ہے جو حکم وہ تم کو دیتا ہے اور اللہ خوب جانتا ہے حکم والا اور تمہاری کوئی عورت (اسلام سے پھر کر) کافرون مین جا ملے پھر تم (ان کافرون کو) سزا دو (اُنکا کچھ مال لوٹو) تو جن مسلمانون کی عورتین (مرتد ہوکر) چلی گئی ہین اُنکا جتنا خرچ (اُن عورتون پر) ہوا تھا وہ انکو ادا کرو اور اللہ سے جسکو تم مانتے ہو ڈرتے رہو

اللہ تعالیٰ اُن لوگون کو چاہتا ہے جو اُسکی راہ مین اسطرح صف باندھ کر (مضبوطی سے) لڑتے ہین جیسے سیسہ پلائی ہوئی دیوار۔

لوٹ جانا ہے ہم کو تو امید ہے کہ ہمارا مالک ہمارے گناہ بخشدیگا کیونکہ
ہم (سب سے) پہلے ایمان لائے اور ہمنے (ایکبات کے) جب فرعون نے
کسی طرح نہ مانا) موسےٰ کو حکم دیا میرے بندوں کو لیکر راتورات (مصر سے)
نکل جا کیونکہ (دشمن) تمہارا پیچھا کرینگے تو فرعون نے (فوج جمع کرنیکے
لیے) شہروں مین نقیب بھیجے (اور کہا) یہ بنی اسرائیل تھوڑی سی جماعت
ہین اور انہوں نے ہم کو غصہ دلایا ہے اور ہم سب (کیل کانٹے سے) مستعد ہیں
آخر ہمنے انکو (مصر کے) باغون اور چشمون سے اور خزانون سے اور عزت کے
محلون سے نکالا اس طرح ہمنے انکو نکالا اور یہ سب چیزین بنی اسرائیل کو
دلائین تو (ہوا یہ کہ) فرعون کے لوگون نے سورج نکلتے بنی اسرائیل کو جالیا
جب دونو جتھے (آپس مین نزدیک ہوئے کہ ایک دوسرے کو دیکھنے لگے اس وقت موسےٰ کے
ساتھی کہنے لگے اب تو ہم پکڑے گئے موسیٰ نے کہا واہ یہ نہین ہوسکتا میرا
مالک میرے ساتھ ہے وہ ضرور کوئی صورت مجھ کو بتلائیگا اُسی وقت ہمنے
موسیٰ کو وحی بھیجی کہ اپنی لاٹھی سمندر پر مار (موسیٰ نے ماری تو) وہ
پھٹ گیا اور (پانی کا) ہر ٹکڑا ایک بڑے پہاڑ کی طرح بن گیا اور وہان ہم
دوسرون کو بھی (یعنے فرعون اور اسکی قوم والون کو) نزدیک لے آئے اور ہمنے
موسیٰ اور اسکے ساتھیون کو تو بچا لیا پھر دوسرے لوگون (یعنے فرعون اور اسکے لشکر)
کو ڈبو دیا اس واقعہ مین خدا کی قدرت کی نشانی ہے اور فرعون کے اکثر ایماندار نہ تھے
(وہ وقت یاد کر) جب موسیٰ نے مدین مین دس برس نوکری کرنیکے بعد اپنی بی بی سے کہا
(اور مصر کو چلے) آگ سی معلوم ہوئی ہے (مین جاتا ہون) وہان سے اب (راستہ کی خبر)

إِنَّ فَرْعَوْنَ وَقَوْمَهُ عَلَىٰ كَبَّتْ فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُولَا
يُقْتُلُونِ ۝ قَالَ كَلَّا ۖ فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا ۖ إِنَّا
مَعَكُم مُّسْتَمِعُونَ ۝ فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُولَا
إِنَّا رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أَنْ أَرْسِلْ مَعَنَا
بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ قَالَ أَلَمْ نُرَبِّكَ فِينَا وَلِيدًا
وَلَبِثْتَ فِينَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِينَ ۝
وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِي فَعَلْتَ وَأَنتَ
مِنَ الْكَافِرِينَ ۝ قَالَ فَعَلْتُهَا إِذًا وَأَنَا مِنَ
الضَّالِّينَ ۝ فَفَرَرْتُ مِنكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ
فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُكْمًا وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝
وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ أَنْ عَبَّدتَّ
بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ
الْعَالَمِينَ ۝ قَالَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ
وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِن كُنتُم مُّوقِنِينَ ۝ قَالَ لِمَنْ
حَوْلَهُ أَلَا تَسْتَمِعُونَ ۝ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ
آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ۝ قَالَ إِنَّ رَسُولَكُمُ الَّذِي
أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ لَمَجْنُونٌ ۝ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ
الْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ ۝ قَالَ
لَئِنِ اتَّخَذْتَ إِلَٰهًا غَيْرِي لَأَجْعَلَنَّكَ
مِنَ الْمَسْجُونِينَ ۝ قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ
مُّبِينٍ ۝ قَالَ فَأْتِ بِهِ إِن كُنتَ مِنَ
الصَّادِقِينَ ۝ فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ
مُّبِينٌ ۝ وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ ۝
قَالَ لِلْمَلَإِ حَوْلَهُ إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ عَلِيمٌ ۝
يُرِيدُ أَن يُخْرِجَكُم مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِ ۖ فَمَاذَا
تَأْمُرُونَ ۝ قَالُوا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَابْعَثْ
فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ ۝ يَأْتُوكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ
عَلِيمٍ ۝ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ۝
وَقِيلَ لِلنَّاسِ هَلْ أَنتُم مُّجْتَمِعُونَ ۝ لَعَلَّنَا
نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ إِن كَانُوا هُمُ الْغَالِبِينَ ۝

کہ (بنی اسرائیل) پیغمبر بھیجو اور ہم سے ایک قصور بھی کیا ہے تو میں ڈرتا
ہوں کہیں وہ مجھ کو (اس خون کے بدلے) مار ڈالیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا
ہرگز نہیں تو تم دونو میری نشانیاں لیکر جاؤ ہم خود تمہارے ساتھ (جو
گفتگو ہوگی مجھکو) سن رہے ہیں اور دونو فرعون کے پاس پہونچو اور
کہو ہم اُسکے بھیجے ہوئے ہیں جو سارے جہان کا مالک ہے (ہم اسلیئے
آئے ہیں) کہ بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ روانہ کردے (اور آئندہ مت
ستا) فرعون نے کہا (موسیٰ) تو تو وہی ہے نا جسکو ہمنے بچپنا پالا پوسا
اور تو اپنی عمر کے کئی برس ہم میں رہ چکا ہے اور تو نے ایک حرکت
بھی کی تھی جو کی اور تو ناشکروں میں سے ہے موسےٰ نے کہا میں
(بے شک) وہ حرکت کی تھی مگر جب میں نادان تھا پھر جب میں تم سے
ڈرا تو میں تمہارے پاس سے بھاگ نکلا (تو) پھر میرے مالک نے مجھ کو سمجھ
عنایت فرمائی اور پیغمبروں میں مجھ کو شریک کیا اور کیا یہی احسان ہے جو
تو مجھپر جتاتا ہے کہ تو نے (ساری) بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے فرعون نے
کہا (یہ تو ہوا اب یہ بتا) سارے جہان کا مالک کیا ہے موسےٰ نے کہا وہی
جو آسمان اور زمین اور جو اُن دونو کے بیچ میں ہے اُنکا مالک اگر تم یقین لاؤ فرعون
اپنے گرد پیش والوں سے کہنے لگا سنتے ہو موسےٰ نے (پھر یوں) کہا تمہارا
مالک اور تمہارے باپ دادوں کا مالک فرعون نے (غصے ہوکر) کہا (صاحبو)
تمہارا پیغمبر جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے پاگل ہے موسےٰ نے کہا پورب
اور پچھم اور جو اُن دونو کے بیچ میں ہے اُنکا مالک اگر تم کو عقل ہے فرعون
نے کہا (دیکھ موسےٰ) اگر تو نے میرے سوا اور کسی کو خدا مانا تو ضرور میں تجھے
قید کردونگا موسےٰ نے کہا اور جو میں تجھ کو ایک کھلی دلیل بتلاؤں
فرعون نے کہا اچھا بتلا وہ دلیل کیا ہے اگر تو سچا ہے اُسی وقت
موسےٰ نے اپنی لاٹھی ڈالدی ایک ہی یکایک وہ کھلا اژدہا بن گئی اور ہاتھ
جگر بیان یا بغل میں دیکر) باہر نکالا تو ایک ہی یکا دیکھنے والوں کو سفید
(چٹا) معلوم ہوا (اب) فرعون اپنے سرداروں سے جو اُسکے گرد پیش تھے
(کہنے) کہنے لگا یہ ایک کامل جادوگر ہے اپنے فن کا (استاد) اسکا مطلب ہے
کہ تم کو اپنے جادو کے زور سے تمہارے ملک سے نکال باہر کرے تو اب کیا صلاح دیتے
ہو (انہوں نے) صلاح دی ہے) اُسکو اور اُسکے بھائی کو (ذرا) ڈھیل دو اور شہروں
میں نقیب بھیجدو (وہ) ہر ایک استاد جادوگر کو تمہارے پاس لے آئیں (آخر دن جب
میلہ کا آیا جادوگر اکٹھے کئے گئے اور لوگوں کو بلوا بھیجا کیا تم (استاد) تماشا
دیکھنے جو جادوگر [illegible]

لِنَظُنَّا أَوْ نَجْعَلَ لَهُ وَلَدًا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوسَىٰ فَارِغًا إِنْ كَادَتْ
لَتُبْدِي بِهِ لَوْلَا أَنْ رَبَطْنَا عَلَىٰ قَلْبِهَا لِتَكُونَ
مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَقَالَتْ لِأُخْتِهِ قُصِّيهِ ۖ فَبَصُرَتْ بِهِ عَنْ جُنُبٍ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝
وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ
هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ أَهْلِ بَيْتٍ يَكْفُلُونَهُ
لَكُمْ وَهُمْ لَهُ نَاصِحُونَ ۝ فَرَدَدْنَاهُ إِلَىٰ
أُمِّهِ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ أَنَّ
وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝
وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَاسْتَوَىٰ آتَيْنَاهُ حُكْمًا
وَعِلْمًا ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝ وَدَخَلَ
الْمَدِينَةَ عَلَىٰ حِينِ غَفْلَةٍ مِنْ أَهْلِهَا
فَوَجَدَ فِيهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ هَٰذَا
مِنْ شِيعَتِهِ وَهَٰذَا مِنْ عَدُوِّهِ ۖ
فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِي مِنْ شِيعَتِهِ عَلَى
الَّذِي مِنْ عَدُوِّهِ فَوَكَزَهُ مُوسَىٰ فَقَضَىٰ
عَلَيْهِ ۖ قَالَ هَٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ ۖ إِنَّهُ
عَدُوٌّ مُضِلٌّ مُبِينٌ ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي
ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَغَفَرَ لَهُ ۚ إِنَّهُ
هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ قَالَ رَبِّ بِمَا أَنْعَمْتَ
عَلَيَّ فَلَنْ أَكُونَ ظَهِيرًا لِلْمُجْرِمِينَ ۝
فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفًا يَتَرَقَّبُ
فَإِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهُ بِالْأَمْسِ
يَسْتَصْرِخُهُ ۚ قَالَ لَهُ مُوسَىٰ إِنَّكَ
لَغَوِيٌّ مُبِينٌ ۝ فَلَمَّا أَنْ أَرَادَ أَنْ
يَبْطِشَ بِالَّذِي هُوَ عَدُوٌّ لَهُمَا قَالَ
يَا مُوسَىٰ أَتُرِيدُ أَنْ تَقْتُلَنِي كَمَا قَتَلْتَ
نَفْسًا بِالْأَمْسِ ۖ إِنْ تُرِيدُ إِلَّا أَنْ تَكُونَ
جَبَّارًا فِي الْأَرْضِ وَمَا تُرِيدُ أَنْ تَكُونَ
مِنَ الْمُصْلِحِينَ ۝ وَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَقْصَا

ہمارا کام آسان ہو جائے لیے مبارک ہو ہم اسکو پیغمبر بنانے والے اور ان لوگوں کو انجام
کی خبر نہ تھی اور موسیٰ کی ماں کا دل (صبر سے) خالی ہو گیا وہ تو قریب تھی
موسیٰ کا حال کھول دیتی اگر ہم نے اسکا دل (صبر سے) مضبوط کر دیا ہوتا
کے لیے اسکے دل پر گرہ نہ باندھ دی ہوتی اور اسندوق کو دریا میں ڈالتے
وقت) موسیٰ کی ماں نے موسیٰ کی بہن (مریم) سے کہا اسکے پیچھے پیچھے جاؤ کیا
وہ بہکر کہاں جاتا ہے) وہ اجنبی (کوری) بنکر اسکو دیکھتی رہی اور فرعون
کے لوگوں کو یہ خبر نہ تھی اور ہمنے تو پہلے سے (یہ تدبیر کر رکھی تھی) موسیٰ کو
(سوا اپنی ماں کے) دوسرے دودھ (گویا) حرام کر دیے تھے تو موسیٰ کی بہن (یہ حال
دیکھکر) کہنے لگی میں تم کو ایک گھر والے بتاؤں جو اس بچے کو (اچھی طرح)
تمہارے لیے پالیں گے اور وہ بچے کی بھلائی چاہیں گے پھر ہمنے موسیٰ کو اسکی ماں
کے پاس پہونچا دیا اسلیے کہ اسکی آنکھ (اپنے بیٹے کو دیکھکر) ٹھنڈی ہو اور اسکو
(اپنے بچے کی جدائی کا) رنج نہ رہے اور وہ یہ سمجھے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے
(دنیا میں) اکثر لوگ یہ نہیں جانتے اور جب موسیٰ ..... اپنی جوانی
پر آیا اور ہوش سنبھالا (چالیس برس کا ہوا) تو ہمنے اسکو حکمت اور سمجھ عنایت
فرمائی اور نیکوں کو ہم (انکی نیکی کا) ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں اور (ایسا ہوا) کہ (ایک
دن) موسیٰ جب شہر والے بے خبر تھے شہر میں گیا دیکھا تو وہاں دو آدمی لڑ رہے
ہیں ایک تو اسکی قوم (بنی اسرائیل) کا تھا اور دوسرا اسکے دشمن (گروہ میں کا
(قبطی) پھر جو موسیٰ کا ہم قوم تھا اسنے اس شخص کے مقابلے پر جو موسیٰ کے دشمن
گروہ میں تھا موسیٰ سے مدد چاہی موسیٰ نے اسکو (قبطی کو) ایک مکا مارا (گھونسہ لگایا)
اور اسکا کام تمام کر دیا کہنے لگا یہ تو شیطانی حرکت ہوئی بیشک شیطان
(آدمی کا) کھلم کھلا دشمن ہے موسیٰ نے دعا کی مالک میرے میں نے اپنی جان پر ستم
کیا تو یہ قصور معاف کر دے پھر مالک نے اسکا قصور معاف کر دیا بیشک وہ بخشنے
والا مہربان ہے موسیٰ نے عرض کیا مالک میرے تو نے جو مجھ پر احسان کیا (کہ میرا
قصور بخشدیا) تو آیندہ میں کبھی مجرموں کی مدد نہ کرونگا صبح کو ڈرتے
انتظار کی حالت میں شہر میں گیا دیکھا تو وہی شخص جس نے کل موسیٰ سے مدد مانگی
تھی (پھر) اسکی دہائی دے رہا ہے موسیٰ نے کہا تو کھلا بدمعاش ہے جب دیکھو
لڑتا پھرتا ہے جو اُن دونوں کا دشمن تھا (یعنی اس دوسرے قبطی پر) تو بولا
اسرائیل کا شخص کہنے لگا موسیٰ کیا تو نے کل جیسے ایک شخص کو مار ڈالا مجھکو
بھی چاہتا ہے مار ڈالے (معلوم ہوتا ہے) بس تو یہی چاہتا ہے کہ ملک میں
زور زبردستی (مار دھاڑ) کرتا پھرے اور تو بھلا آدمی بنکر رہنا نہیں
چاہتا اور ایک شخص شہر کے پرلے سرے سے دوڑتا آیا

لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ ۝ فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ
أَنْ بُورِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ
اللَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ يَا مُوسَىٰ إِنَّهُ أَنَا اللَّهُ
الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ وَأَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَلَمَّا
رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ وَلَّىٰ مُدْبِرًا وَلَمْ
يُعَقِّبْ ۚ يَا مُوسَىٰ لَا تَخَفْ إِنِّي لَا يَخَافُ
لَدَيَّ الْمُرْسَلُونَ ۝ إِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ
حُسْنًا بَعْدَ سُوءٍ فَإِنِّي غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَ
أَدْخِلْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ
مِنْ غَيْرِ سُوءٍ ۖ فِي تِسْعِ آيَاتٍ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ
وَقَوْمِهِ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ۝ فَلَمَّا
جَاءَتْهُمْ آيَاتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوا هَٰذَا سِحْرٌ
مُبِينٌ ۝ وَجَحَدُوا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا أَنْفُسُهُمْ
ظُلْمًا وَعُلُوًّا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الْمُفْسِدِينَ ۝

۲۰ القصص ۲۸ — ۱۰ — ۲۰۱۰ — ۲۰۱۰ — ۲۰۱۰

تَتْلُوا عَلَيْكَ مِنْ نَبَإِ مُوسَىٰ وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ
لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ إِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْأَرْضِ
وَجَعَلَ أَهْلَهَا شِيَعًا يَسْتَضْعِفُ طَائِفَةً
مِنْهُمْ يُذَبِّحُ أَبْنَاءَهُمْ وَيَسْتَحْيِي نِسَاءَهُمْ ۚ إِنَّهُ
كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ۝ وَنُرِيدُ أَنْ نَمُنَّ عَلَى
الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا فِي الْأَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً
وَنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِينَ ۝ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ
وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا مِنْهُمْ
مَا كَانُوا يَحْذَرُونَ ۝ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ أُمِّ مُوسَىٰ
أَنْ أَرْضِعِيهِ ۖ فَإِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَأَلْقِيهِ
فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِي وَلَا تَحْزَنِي ۖ إِنَّا رَادُّوهُ
إِلَيْكِ وَجَاعِلُوهُ مِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝ فَالْتَقَطَهُ
آلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُونَ لَهُمْ عَدُوًّا وَحَزَنًا ۗ
إِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا كَانُوا
خَاطِئِينَ ۝ وَقَالَتِ امْرَأَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ
عَيْنٍ لِي وَلَكَ ۖ لَا تَقْتُلُوهُ عَسَىٰ أَنْ

تاپنے کے لیے تمہارے پاس لاتا ہوں جب اس آگ کے پاس پہونچا تو اسکو
آواز آئی مبارک ہے وہ جو آگ میں ہے اور جو اسکے گرد ہیں اور اللہ کی
ذات پاک ہے جو سارے جہان کا مالک ہے اے موسیٰ (یہ آگ نہیں ہے)
میں اللہ ہوں زبردست حکمت والا اور اپنی لاٹھی (نیچے) ڈالدے (موسیٰ
نے لاٹھی ڈالدی) جب دیکھا کہ وہ سانپ کی طرح پھنپھنا رہی ہے (پل ہی بھر
تو پیٹھ موڑ کر بھاگا اور پیچھے پھر کر (بھی) نہ دیکھا (اللہ نے فرمایا) موسےٰ
ڈر نہیں میرے پاس وہ کہ پیغمبر نہیں ڈرا کرتے مگر جس پیغمبر نے کوئی قصور کیا
(یعنے صغیرہ گناہ) پھر برائی کے بعد بدلکر بھلائی کی تو میں بخشنے والا
مہربان ہوں اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان کے اندر لیجا (پھر نکال) وہ سفید
(نورانی) ہوکر بے روک نکلے گا (یہ) نو نشانیوں میں سے ہیں جو تجھ کو دیکر
فرعون اور اسکی قوم کی طرف (بھیجا جاتا ہے) کیونکہ وہ نافرمان لوگ
ہیں پھر جب انکے پاس ہماری صاف صاف نشانیاں آئیں تو کہنے
لگے یہ تو کھلا جادو ہے اور انکے دلوں میں تو اُن نشانیوں کا یقین
آگیا (کہ وہ حق ہیں خدا کی طرف سے ہیں) پھر (زبان سے) سیکڑی (ادھر ادھر کی)
باتیں انکار کرتے رہے پھر (اے پیغمبر) دیکھ لے ان فسادیوں کا انجام کیسا (خراب
(اے پیغمبر) ہم ایماندار لوگوں کے (فائدے کے) لیے تجھکو موسیٰ اور فرعون کا سچا قصہ سناتے
ہیں فرعون (جو مصر کا بادشاہ تھا) ملک میں بڑھ چڑھ رہا تھا (بڑا مغرور ہوگیا تھا)
اسنے وہاں کے لوگوں کے (الگ الگ) جتھے کر دیے تھے (انمیں سے ایک جتھہ (بنی اسرائیل) کو
کمزور سمجھ کر) یہ ظلم اٹھا رہا تھا کہ انکے بیٹوں کو کاٹ ڈالتا اور بیٹیوں کو زندہ چھوڑ
دیتا بیشک وہ (بڑا) فسادی تھا (فرعون کا تو یہ خیال تھا) اور ہم یہ چاہتے
تھے کہ جو لوگ ملک میں کمزور ہیں (بنی اسرائیل) اُنپر احسان کریں اور انکو
سردار بنائیں اور انہی کو (بادشاہت کا) وارث بنائیں اور انہی کو
ملک میں جمائیں اور فرعون اور (اسکے وزیر) ہامان اور انکی فوجوں
کو بنی اسرائیل (کے ہاتھوں) سے وہ بات دکھلائیں جسکا انکو ڈر
تھا اور (جب) موسیٰ کی ماں (یوخابد) کو وحی بھیجی تو اسکو دودھ پلاتی رہ
پھر جب تجھ کو اسپر ڈر پیدا ہو کہ فرعون کو خبر ہو جائیگی تو (ایک صندوق
میں بند کرکے اسکو دریا (نیل) میں) ڈالدے اور ڈر نہیں (نہ) رنج کر ہم (عنقریب)
اسکو پھر تیرے پاس لے آئینگے اور اسکو پیغمبر بنائینگے (موسیٰ کی ماں نے انکو
صندوق میں رکھکر دریا میں ڈالدیا) تو فرعون کے گھر والوں نے اسکو اوٹھا لیا
(انکو خبر نہ تھی) کہ وہ (آگے چلکر) انکا دشمن اور غمخوار ہوگا بیشک فرعون
اور ہامان اور انکے لشکر (اسکے) خطاوار تھے اور فرعون کی جورو (آسیہ

اللہ رب العلمین ۝ وان الق عصاک
فلما راٰھا تھتز کانھا جان ولی مدبرا
ولم یعقب یموسی اقبل ولا تخف
انک من الامنین ۝ اسلک یدک فی
جیبک تخرج بیضاء من غیر سوء واضمم
الیک جناحک من الرھب فذنک
برھانن من ربک الی فرعون وملائہ
انھم کانوا قوما فسقین ۝ قال رب
انی قتلت منھم نفسا فاخاف ان یقتلون
واخی ھرون ھو افصح منی لسانا فارسلہ
معی ردءا یصدقنی انی اخاف ان یکذبون
قال سنشد عضدک باخیک ونجعل
لکما سلطانا فلا یصلون الیکما بایتنا
انتما ومن اتبعکما الغلبون ۝ فلما جاءھم
موسی بایتنا بینت قالوا ما ھذا الا
سحر مفتری وما سمعنا بھذا فی ابائنا
الاولین ۝ وقال موسی ربی اعلم بمن
جاء بالھدی من عندہ ومن تکون
لہ عاقبۃ الدار انہ لا یفلح الظلمون
وقال فرعون یایھا الملا ما علمت
لکم من الہ غیری فاوقد لی یھامن علی
الطین فاجعل لی صرحا لعلی اطلع
الی الہ موسی وانی لاظنہ من الکذبین
واستکبر ھو وجنودہ فی الارض بغیر
الحق وظنوا انھم الینا لا یرجعون ۝ فاخذنہ
وجنودہ فنبذنھم فی الیم فانظر
کیف کان عاقبۃ الظلمین ۝ وجعلنھم
ائمۃ یدعون الی النار ویوم القیمۃ
لا ینصرون ۝ واتبعنھم فی ھذہ الدنیا
لعنۃ ویوم القیمۃ ھم من المقبوحین ۝
ولقد اتینا موسی الکتب من بعد

اللہ ہوں سارے جہان کا مالک اللہ (یہ بھی آواز آئی) اپنی لاٹھی ادھر
پر ڈال دے (موسیٰ نے ڈال دی) جب دیکھا وہ سانپ کی طرح پھنپھنا رہا ہے
تو پیٹھ موڑ کر بھاگا اور پیچھے پھر کر بھی نہ دیکھا (پھر آواز آئی) موسیٰ آگے آ
اور ڈر نہیں تجھ کو کوئی صدمہ نہیں پہونچنے کا) اپنا ہاتھ اپنے
گریبان میں ڈال وہ سفید (نورانی) ہو کر نکلے گا بن روگ کوئی عارضہ
نہ ہوگا) اور ڈر دور ہونے کو لیئے اپنا بازو اپنی طرف سکیڑ لے یہ دو نشان
ہیں تیرے مالک کی طرف سے فرعون اور اسکے درباریوں کے پاس بھیجنے کے
لیئے (تجھ کو ملیں) بیشک وہ نافرمان لوگ ہیں موسیٰ نے عرض کیا
مالک میرے ہاتھ سے ان میں کا ایک آدمی مارا گیا ہے تو مجھ کو ڈر لگتا ہے
کہیں وہ مجھکو (اسکے بدل) مار نہ ڈالیں اور بھائی میرا ہارون اسکی زبان
مجھ سے زیادہ صاف ہے تو اسکو میرے ساتھ بھیج (اسکو بھی پیغمبر بنا دے)
وہ میرا مددگار رہکر میری بات سچ کرتا رہے گا کیونکہ مجھکو ڈر ہے (اگر میں
اکیلا جاؤنگا) وہ مجھکو جھٹلائیں گے اللہ نے فرمایا (اچھا) ہم تیرے
بازو کو تیرے بھائی سے زور دینگے (اسکو تیرا قوت بازو بنائیں گے) اور
تم دونوں کو (دشمنوں کے مقابلہ میں) جیت سکھینگے وہ تم کو نقصان نہ پہنچا
سکینگے (جاؤ خوش ہو جاؤ) ہماری نشانیوں کے سبب سے تم اور تمہارے
ساتھی ہی غالب رہینگے پھر جب موسیٰ ہماری کھلی نشانیاں لیکر
انکے پاس پہونچا تو کہنے لگے یہ تو بس جادو ہی جو بنا لیا گیا ہے (خدا
کی طرف سے نہیں ہے) اور ہمنے تو اپنے اگلے باپ دادا کے وقت سے یہ نہیں سنا اور موسیٰ
نے یہ جواب دیا کہ میرا مالک خوب جانتا ہے کون اسکے پاس سے ہدایت لیکر آیا ہے
اور کسکا انجام بخیر ہوگا کیونکہ ظالم نیچ نہیں رہتے اور فرعون نے (اپنے درباریوں سے)
کہا اے سردارو مجھے تو معلوم نہیں کہ میرے سوا کوئی تمہارا خدا ہو تو (سنا)
ہامان تو (ایسا کر) پکا والگا) میرے لیئے مٹی (کی اینٹیں) پکوا اور ایک محل
میرے لیے تیار کر (زمین سے) سر چڑھ کر) تو شاید موسیٰ کے خدا کو جھانک لوں اصل
میں تو سمجھتا ہوں موسیٰ جھوٹا ہے اور فرعون اور اسکے لشکر والے ناحق ملک
میں غرور کرنے لگے اور سمجھے کہ انکو ہمارے پاس لوٹ کر آنا نہیں آخر ہمنے انکو
اور اسکے لشکر والوں کو پکڑا پھر انہیں دریا میں پھینک دیا تو (اے پیغمبر)
دیکھ تو سہی ظالم لوگوں کا انجام کیسا (خراب) ہوا اور (دنیا میں) ہمنے
انکو سردار بنایا جو (لوگوں کو) دوزخ کی طرف بلاتے تھے اور قیامت کے
دن بھی کوئی مدد نہ کریگا اور ہمنے اس دنیا میں پیچھے انکا نام لگا دیا
اور قیامت کے دن وہ بدتر ہونگے (کالے منہ والے)

الَّذِيْنَ يَسْعٰى قَالَ مُوْسٰى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ
بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ
فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ
مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ
مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ
السَّبِيْلِ ۝ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ
عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۝ وَوَجَدَ
مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۝ قَالَ
مَا خَطْبُكُمَا ۝ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ
الرِّعَآءُ ۝ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ۝ فَسَقٰى لَهُمَا
ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ
اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا
تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۝ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ
لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ۝ فَلَمَّا جَآءَهٗ
وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۝ قَالَ لَا تَخَفْ ۝ نَجَوْتَ
مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قَالَتْ
اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۝ اِنَّ خَيْرَ مَنِ
اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ۝ قَالَ اِنِّيْٓ
اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ
عَلٰٓى اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۝ فَاِنْ اَتْمَمْتَ
عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۝ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ
عَلَيْكَ ۝ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ
قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۝ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ
قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۝ وَاللّٰهُ عَلٰى
مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ۝ فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ
وَسَارَ بِاَهْلِهٖٓ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ
نَارًا ۝ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ
نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ
النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ
مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ
الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ يّٰمُوْسٰٓى اِنِّيْٓ اَنَا

اور موسےٰ سے کہنے لگا درباروالے تیرے مارڈالنے کا مشورہ کررہے ہین تو
(جلد کے واسطے) شہر سے نکل جا مین تیرا بھلا چاہتا ہون یہ سنتے ہی موسےٰ
شہر سے نکل بھاگا (قدم قدم پر) سوچتا ہوا دعا کرنے لگا مالک میرے مجھکو
ان ظالم لوگون سے بچا دے اور جب موسےٰ نے مدین کا رخ کیا تو کہنے
لگا مجھ کو امید ہے کہ میرا مالک مجھ کو سیدھا رستہ دکھلائیگا
(اور مین امن کے ساتھ مدین پہونچ جاؤنگا) اور جب موسیٰ مدین کے کنوئین پر
پہونچا وہان لوگون کی ایک بھیڑ دیکھی (اپنے جانورون کو) پانی پلا رہے
ہین اور دو عورتون کو دیکھا جو لوگون سے الگ رُکی رہی ہین موسےٰ نے
(اُن عورتون سے) کہا تم کیا کر رہی ہو (پانی کیون نہین پلاتین) وہ کہنے
لگین ہم اس وقت تک پانی نہین پلاتی جب تک سب چرواہے پانی پلاکر
لوٹ جائین اور ہمارا باپ بوڑھا پھوس ہے موسیٰ نے اُنکے جانورون کو پانی
پلایا پھر ایک طرف (درخت کی) سایہ مین ہٹ گیا اور دعا کرنے لگا آہی (اس
وقت) جو کوئی نعمت تو مجھپر اُتاری مین اُسکا محتاج ہون (کیا دیکھتے ہین
اور دو عورتون مین سے ایک شرماتی چلی آرہی ہے اُسنے (موسیٰ سے) کہا میرے
باپ نے تجھکو بلایا ہے تو نے جو ہماری (بکریون) کو ہمپر رحم کرکے پانی پلایا اُسکی
مزدوری دینے کو جب موسےٰ اُسکے پاس پہونچا اور سارا قصہ اُسکو کہہ سنایا تو وہ
بولا اب کچھ ڈر نہین (یہان فرعون کی حکومت نہین) تو ظالم لوگون سے
بچ گیا اُن دو نو عورتون مین سے ایک کہنے لگی (جو موسیٰ کو لیکر آئی تھی) باوا اسکو
نوکر رکھ بہتر نوکر جو تو رکھنا چاہے وہی ہے جو زور دار امانت دار ہو شعیبؑ نے
کہا (اے موسیٰ مین یہ چاہتا ہون کہ ان دو نو مین سے ایک بیٹی مین سے ایک کو
تجھسے اس (مہر) پر بیاہ دون کہ تو آٹھ برس تک میری خدمت کیا کرے
پھر اگر تو دس برس پورے کردے تو یہ تیرا احسان ہے (کچھ میرا زور نہین) اور
مین تجھ کو تکلیف دینا نہین چاہتا انشاء اللہ تو دیکھے گا مین کیسا بھلا
آدمی ہون موسےٰ نے کہا اچھا) یہی میرا تیرا قرار ہے ان دو نو مدتون سے
جو مین پوری کردون تو مجھپر کچھ زیادتی نہین ہو سکتی اور جو ہم کہتے ہین
اللہ اُسکا گواہ ہے (کوئی اپنے قول سے پھرتے نہین) پھر جب موسےٰ نے
(خدمت کی) مدت پوری کی (دس برس گذر گئے) اور اپنی بی بی کو لے
کر (مصر کیطرف) چلا تو طور (پہاڑ) کی طرف سے آگ دیکھی اپنی بی بی سے
کہنے لگا تم (یہین) ٹھیرو مجھے آگ دکھائی دیتی ہے (مین جاتا ہون)
شاید وہان پہونچکر رستے کی خبر تم تک لاؤن یا (خبر رستہ کا پتہ نہ لگے تو) آگ کی
ایک چنگاری لے آؤن تم تاپو (اور گرمی حاصل کرو) جب موسیٰ آگ پاس پہونچا

عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ۚ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ
الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ
قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَ
قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ
اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا
يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ۝ فَخَسَفْنَا بِهٖ
وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۫ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ
يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ
مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ۝ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا
مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ
اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ
وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا
لَخَسَفَ بِنَا ۚ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝
وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۫ وَلَقَدْ
جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا
فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ۚ فَكُلًّا
اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا
عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ
الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ
وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ
لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ
مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ
اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ
بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ۭ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا
يُوْقِنُوْنَ ۝
وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
مِنْ صَيَاصِيْهِمْ
وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ۭ فَالَّذِيْنَ
اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ

اور گناہگاروں سے انکے گناہ پوچھے نہ جائینگے آخر (ایک روز
ایسا ہوا) قارون اپنا جلوس لیکر اپنے لوگوں میں نکلا جو لوگ دنیا کی
زندگی چاہتے تھے (ایمان والوں میں سے یا کافر) کہنے لگے کاش ہم کو
بھی یہ سامان ملتا جو قارون کو ملا ہے (بیشک) وہ بڑا صاحب نصیب ہے
(قسمت والا) اور جنکو (خدا کے پاس سے) علم ملا تھا وہ (ان آرزو کرنیوالوں
سے) کہنے لگے ارے کمبختو اللہ کے پاس جو ایماندار نیک کام کرنیوالوں کو
ثواب ملیگا وہ اس سے (کہیں) بہتر ہے (وہ باقی ہے فانی) اور یہ ثواب
انہی کو ملیگا جو (دنیا کی تنگی اور مصیبت پر) صبر کرتے ہیں پھر ہمنے (خود)
قارون اور اسکے گھر کو (خزانوں سمیت) زمین میں دھنسا دیا اور کوئی
گروہ ایسا نہ تھا جو خدا کے مقابلہ میں اسکی مدد کرتا اور نہ آپ اپنی
مدد کرسکا اور ایسا ہوا کہ صبح کو (دوسرے روز) جو لوگ ابھی کل اسکا سا
(مالدار) ہونا چاہتے تھے یوں کہنے لگے ہائے افسوس (ہمنے بھی کیا آرزو
کی تھی) اللہ تو اپنے جس بندے کو چاہتا ہے فراخت سے روزی دیتا ہے اور جسکو
چاہتا ہے تنگی سے دیتا ہے اگر اللہ کا ہم پر احسان نہ ہوتا تو (قارون کی طرح)
اور قارون اور فرعون اور ہامان (کو بھی ہمنے برباد کیا) اور انکے
پاس موسے کھلی نشانیاں لے کر آیا پر وہ ملک میں اکڑتے ہی رہے
(اللہ تعالے کو نہ مانا) اور ہمسے (بچکر) آگے نہ جاسکے تو ہمنے (ان لوگوں میں
جنکا ذکر اوپر ہوا) ہر ایک کو اسکے قصور کی سزا میں پکڑ لیا انمیں سے بعضوں پر
تو ہمنے پتھراؤ کیا (لوط کی قوم پر) اور بعضوں کو چنگھاڑ نے آدبایا (ثمود
اور مدین والوں کو) اور بعضوں کو ہمنے زمین میں دھنسا دیا (قارون اور
اسکے ساتھیوں کو) اور بعضوں کو ہمنے (پانی میں) ڈبو دیا اور (بات یہ ہے کہ)
اللہ تعالے ایسے (کیوں) ظلم کرنے لگا تھا کہ ناحق انکو برباد کرتا) مگر وہ خود اپنی جانوں پر
اور ہم موسے کو کتاب (تورات شریف) دے چکے ہیں تو (اے پیغمبر)
تو اسکے ملنے میں شک نہ کر اور ہمنے تورات کو بنی اسرائیل کے لیے ہدایت کیا
اور جب بنی اسرائیل کے لوگوں نے (کافروں کی ایذا دہی پر) صبر
کیا تو ہمنے انکو (دین کا) پیشوا بنایا وہ ہمارے حکم سے (ایمان کا) رستہ
بتلاتے تھے اور ہماری آیتوں کا یقین رکھتے تھے۔
اور اہل کتاب (بنی قریظہ کے یہودیوں) کو جنہوں نے عہد شکنی
کرکے) مشرکوں کی مدد کی تھی انکو قلعوں سے اوتار لایا۔
اور (اے پیغمبر جیسے ہم نے اگلے پیغمبروں پر کتابیں اتاریں) اسی طرح
تجھ پر بھی ہمنے کتاب بھیجی پھر جن لوگوں کو ہمنے کتاب دی تھی وہ تجھ پر

		اٰتَيْنَا الْكِتٰبَ الْاُولٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَ	کئی امتوں کو اُس سے پہلے تباہ کر چکے تھے یہ کتاب لوگوں کو راہ سوجھانے
		هُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَمَا	والی اور ہدایت اور رحمت تھی اسلیئے (دی گئی تھی) کہ وہ نصیحت لیں اور
		كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى	(اے پیغمبر) جب ہمنے موسےٰ کا قصہ چکایا (اُسکو پیغمبر بنایا) تو (طور پہاڑ
		الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ وَلٰكِنَّآ	کے) پچھم طرف (جہاں ہمنے موسےٰ سے باتیں کیں) موجود نہ تھا اور نہ تو (اُس وقت)
		اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ	اپنی آنکھ سے) دیکھا اور بات یہ ہے کہ ہمنے (موسےٰ کے بعد کئی) امتیں پیدا کیں
		وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا	اور بہت سی مدتیں گذر گئیں اور تو مدین والوں میں نہیں رہتا تھا جیسے موسیٰ
		عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝ وَمَا كُنْتَ	رہتا تھا) کہ اُنکو ہماری آیتیں پڑھکر سناتا (اُنسے سیکھ لیتا) بلکہ ہمکو یہ منظور
		بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً	تھا کہ تجھکو پیغمبر بناکر بھیجیں اور جب ہمنے (موسےٰ کو) آواز دی تھی اُسوقت
		مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ	بھی تو طور پہاڑ کی (ایک طرف) موجود نہ تھا لیکن تیرے مالک کی مہربانی ہے
		مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝	(کہ تجھکو پیغمبر بناکر بھیجا) اسلیے کہ تو (عرب کے) اُن لوگوں کو (خدا کے عذاب سے)
۲۰ القصص	۶	اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ	جن لوگوں کو ہمنے پہلے کتاب دی تھی وہ قرآن پر بھی ایمان لاتے
		بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا	ہیں اور جب اُنکو قرآن (پڑھکر) سنایا جاتا ہے تو کہتے ہیں کچھ شک
		اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ	نہیں یہ ہمارے مالک کی طرف سے (اُترا) ہے ہم تو (اُسکے اترنے سے
		قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ	پہلے ہی (اللہ تعالےٰ کے) تابعدار تھے اُن لوگوں کو اُنکی مضبوطی کے بدل
		مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ	دوہرا ثواب دیا جائیگا اور یہ لوگ بُرائی کو بھلائی سے دفع کرتے
		السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَ	ہیں اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہیں اور جب کوئی لغو بات (جیسے
		اِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا	مشرکوں کی گالی گلوچ) سنتے ہیں تو انجان ہو جاتے ہیں اور کہتے ہیں
		لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۖ	(اچھا بھائی تم جانو) ہمارے کیے ہمارے سامنے آئینگے اور تمہارے کیے
		لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ۝	تمہارے سامنے (اچھا بھائی) سلام ہم جاہلوں کو مُنہ نہیں لگاتے
۲۰	۷ ۸	اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى	قارون موسےٰ کی قوم (بنی اسرائیل) میں سے تھا) پھر لگا اُنپر بڑائی
		عَلَيْهِمْ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ	کرنے (یا ظلم کرنے) اور ہمنے اُسکو (دولت کے) اتنے خزانے دیے
		مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ	تھے کہ اچھے کئی زبردست (پٹھے کٹے) آدمیوں کو اُسکی کنجیاں اٹھانا
		اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا	مشکل ہوتا ایک بار اُسکی قوم والوں نے اُس سے کہا (اتنا) مت اترا
		يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۝ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ	کیونکہ اترانے والوں کو اللہ تعالےٰ پسند نہیں کرتا اور اللہ تعالےٰ نے جو تجھے
		الدَّارَ الْاٰخِرَةَ ۖ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ	دولت دی ہے اُسمیں سے پچھلے گھر (آخرت) کا سامان کر (خیرات دے) اور
		الدُّنْيَا ۚ وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ	دنیا میں جو تیرا حصہ ہے اُسکو مت بھول اور جیسے اللہ تعالےٰ نے تجھپر احسان
		وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا	کیا ہے تو بھی (اللہ تعالےٰ کے بندوں کے ساتھ) احسان کر اور ملک میں دنگا
		يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ	مت مچا کیونکہ اللہ تعالےٰ دنگا مچانے والوں کو پسند نہیں کرتا قارون نے
		عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ۭ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ	جواب دیا کہ یہ مجھے جو پیسہ ملا ہے اپنے عقل کے زور سے کمایا ہے کیا اُسکو یہ نہیں
		قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ	معلوم ہوا کہ اُس سے پہلے اللہ تعالےٰ نے ایسی قوموں کو تباہ کر دیا جو اُس سے
		هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ۭ وَلَا	زیادہ بوتا اور اُس سے زیادہ پونجی رکھتی تھیں اور

قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ أُرِيكُمْ إِلَّا مَآ أَرَىٰ وَمَآ أَهْدِيكُمْ إِلَّا سَبِيلَ الرَّشَادِ ۝ وَقَالَ
الَّذِيٓ ءَامَنَ يَٰقَوْمِ إِنِّيٓ أَخَافُ عَلَيْكُم مِّثْلَ
يَوْمِ ٱلْأَحْزَابِ ۝ مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَٱلَّذِينَ مِنۢ بَعْدِهِمْ ۗ وَمَا ٱللَّهُ
يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ۝ وَيَٰقَوْمِ إِنِّيٓ أَخَافُ
عَلَيْكُمْ يَوْمَ ٱلتَّنَادِ ۝ يَوْمَ تُوَلُّونَ مُدْبِرِينَ ۖ
مَا لَكُم مِّنَ ٱللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ ۗ وَمَن يُضْلِلِ
ٱللَّهُ فَمَا لَهُۥ مِنْ هَادٍ ۝ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ
يُوسُفُ مِن قَبْلُ بِٱلْبَيِّنَٰتِ فَمَا زِلْتُمْ
فِى شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُم بِهِۦ ۖ حَتَّىٰٓ إِذَا هَلَكَ
قُلْتُمْ لَن يَبْعَثَ ٱللَّهُ مِنۢ بَعْدِهِۦ رَسُولًا ۗ
كَذَٰلِكَ يُضِلُّ ٱللَّهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ
مُّرْتَابٌ ۝ ٱلَّذِينَ يُجَٰدِلُونَ فِىٓ ءَايَٰتِ
ٱللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَٰنٍ أَتَىٰهُمْ ۖ كَبُرَ مَقْتًا عِندَ
ٱللَّهِ وَعِندَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا ۚ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ
ٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ۝ وَقَالَ
فِرْعَوْنُ يَٰهَٰمَٰنُ ٱبْنِ لِى صَرْحًا لَّعَلِّىٓ أَبْلُغُ
ٱلْأَسْبَٰبَ ۝ أَسْبَٰبَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ فَأَطَّلِعَ
إِلَىٰٓ إِلَٰهِ مُوسَىٰ وَإِنِّى لَأَظُنُّهُۥ كَٰذِبًا ۚ
وَكَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوٓءُ عَمَلِهِۦ وَ
صُدَّ عَنِ ٱلسَّبِيلِ ۚ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ
إِلَّا فِى تَبَابٍ ۝ وَقَالَ ٱلَّذِىٓ ءَامَنَ يَٰقَوْمِ
ٱتَّبِعُونِ أَهْدِكُمْ سَبِيلَ ٱلرَّشَادِ ۝ يَٰقَوْمِ
إِنَّمَا هَٰذِهِ ٱلْحَيَوٰةُ ٱلدُّنْيَا مَتَٰعٌ ۖ وَإِنَّ
ٱلْءَاخِرَةَ هِىَ دَارُ ٱلْقَرَارِ ۝ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً
فَلَا يُجْزَىٰٓ إِلَّا مِثْلَهَا ۖ وَمَنْ عَمِلَ صَٰلِحًا
مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُو۟لَٰٓئِكَ
يَدْخُلُونَ ٱلْجَنَّةَ يُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ
حِسَابٍ ۝ وَيَٰقَوْمِ مَا لِىٓ أَدْعُوكُمْ إِلَى
ٱلنَّجَوٰةِ وَتَدْعُونَنِىٓ إِلَى ٱلنَّارِ ۝ تَدْعُونَنِى

(فرعون کہنے لگا) (دیکھو) میں تو تم کو وہی (بات) سمجھاتا ہوں جو میں
(مناسب) سمجھتا ہوں (موسیٰ کو قتل کرو) اور میں تم کو وہی راہ بتلاتا ہوں
جس میں (تمہاری) بہتری ہے اور وہ شخص جو (دل میں) ایمان لا چکا تھا
(پھر) بولا بھائیو میں ڈرتا ہوں (کہیں) تم کو اگلی امتوں کا سا برا
دن (نصیب نہ ہو) جیسے نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور اُنکے بعد
والوں کا حال ہوا اور اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنا نہیں چاہتا اور بھائیو میں
ڈرتا ہوں تانک پکار (قیامت) کے دن تمہارا کیا حال ہوگا جس دن
تم پیٹھ موڑ کر (حشر کے میدان سے) بھاگو گے اللہ (کے عذاب) سے
کوئی تمہارا بچانے والا نہ ہوگا اور جسکو اللہ تعالیٰ بہکا دے اُسکو کوئی
راہ پر نہیں لا سکتا اور تمہارے پاس (موسےٰ سے) پہلے یوسف پیغمبر
نشانیاں لیکر آچکا ہے پھر وہ جو تمہارے پاس لے کر آیا تھا (دین کی باتیں)
اُسمیں تم شک ہی کرتے رہے جب وہ مر گیا تو تم کہنے لگے کہ اب اُسکے بعد
اللہ تعالیٰ کوئی پیغمبر ہرگز نہیں بھیجے گا جو لوگ حد سے بڑھ گئے ہیں اور
شک میں پڑے ہیں اُنکو اللہ تعالیٰ اسی طرح بہکا دیتا ہے اُنکے پاس
کوئی سند تو نہیں آئی اور خدا تعالیٰ کی آیتوں میں جھگڑتے نکالتے ہیں اللہ تعالیٰ
کے نزدیک اور ایمان والوں کے نزدیک یہ جھگڑنا بہت برا ہے ہیں جو کوئی غرور والا (اور) سرکش ہے
اللہ تعالیٰ اُسکے دل پر اسیطرح مہر لگا دیتا ہے اور فرعون نے (اپنے وزیر) ہامان
سے کہا ہامان تو میرے لیے ایک اونچا محل بنا شاید میں ان رستوں
تک جا پہونچوں جو آسمان کے رستے ہیں پھر موسےٰ کے خدا کو جھانک کر
دیکھوں اور میں تو اُسکو جھوٹا سمجھتا ہوں اور اسیطرح فرعون
کو اُسکے برے کام بھلے کر دکھائے گئے تھے اور (سیدھی) راہ (توحید)
سے وہ روک دیا گیا تھا اور فرعون کا داؤں خراب ہونے ہی والا
تھا اور وہ شخص جو (دل میں) ایماندار تھا کہنے لگا) بھائیو میرے
کہنے پر چلو میں تم کو ٹھیک رستہ بتلاؤں گا بھائیو یہ دنیا کی
زندگی (چند روز کا) مزہ ہے اور ہمیشہ رہنے کا گھر تو آخرت ہے جو کوئی برا کام کریگا اُس کو
ویسا ہی بدلہ ملے گا اور جو کوئی مرد یا عورت اچھا کام کرے
ایمان کے ساتھ تو ایسے ہی لوگ بہشت میں جائینگے وہاں
بے حساب روزی پائینگے اور بھائیو تعجب ہے کہ (یہ کیا بات ہے)
میں تو تم کو (دوزخ کی آگ سے) چھڑانا چاہتا ہوں اور تم مجھ کو
دوزخ کی طرف بلا رہے ہو تم مجھے اس
لیے بلاتے ہو

			هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ۝	اور ان (کفر والوں سے کفر کرنوں) میں کوئی بھی ایمان لاتے ہیں اور ہماری آیتوں کو وہی نہیں مانتے جو (ان اہل کتاب اور مشرکوں میں) ہیں
۲۲	الاحزاب ۳۳	۹	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ۭ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ۝	مسلمانو تم اُن لوگوں کی طرح مت ہو جنہوں نے موسیٰ کو ستایا پھر اللہ نے انکو اُس (عیب) سے جو وہ کہتے تھے پاک کر دکھایا اور اللہ کے نزدیک موسےٰ عزت والا تھا۔
۲۳	والصّٰفّٰت ۳۷	۴	وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۚ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ۝ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝	اور ہم موسےٰ اور ہارون پر بھی (انکو پیغمبری دیکر) احسان کر چکے ہیں اور انکو اور انکی قوم (بنی اسرائیل) کو ہم نے بڑی سختی سے بچا لیا اور ہم نے انکی مدد کی تو (یا تو وہ مغلوب ہوتے) پھر وہی غالب ہو کر رہے اور ہم نے اُن دونو کو کھلی کتاب دی اور ہم نے اُن دونو کو سیدھے رستے پر لگایا اور اُن دونو کا ذکر خیر پچھلے لوگوں میں ہم نے باقی رکھا (سب کہتے ہیں) سلام ہو موسےٰ اور ہارون پر ہم نیکوں کو بیشک ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں (جیسے موسیٰ اور ہارون کو دیا) بیشک وہ دونو ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے
۲۴	المؤمن ۴۰	۴ ۵ ۶	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَاۗءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَاۗءَهُمْ ۭ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّىْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝ وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَاۗءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ۝ يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۡ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَاۗءَنَا ۭ	اور ہم تو موسےٰ کو اپنی نشانیاں اور کھلی دلیل (توریت شریف) دیکر فرعون اور ہامان اور قارون کی طرف بھیج چکے ہیں اُنہوں نے (موسیٰ کو) جھوٹا جادوگر بتلایا جب موسیٰ ہمارے یہاں سے سچا دین لیکر اُنکے پاس پہونچا تو وہ کہنے لگے جو لوگ موسیٰ کے ساتھ ایمان لائے ہیں اُنکے بیٹوں کو تو مار ڈالو اور جو عورت ذات ہوں اُنکو جینا چھوڑ دو اور (یہ نہ سمجھے کہ کافروں کا کوئی داؤں ہو بٹ پڑیگا (غلط ہوگا) اور (جب) فرعون (کی ایک نہ چلی تو) کہنے لگا مجھے چھوڑو میں موسیٰ کو قتل کروں اور موسیٰ اپنے مالک کو پکارے مجھ کو یہ اندیشہ ہے کہیں موسیٰ تمہارے دین کو بدل دے یا ملک میں کوئی فساد کھڑا کر دے اور موسےٰ نے (جب فرعون کی یہ دھمکی سنی تو) کہا میں تو ہر مغرور سے جسکو حساب کے دن کا یقین نہیں اپنے مالک اور تمہارے (سچے) مالک کی پناہ لیتا ہوں اور فرعون کے رشتہ داروں میں ایک مرد ایماندار تھا (لیکن ظاہر میں فرعون سے) اپنا ایمان چھپاتا تھا یوں کہنے لگا (بھلا یہ کونسا انصاف ہے) تم ایک شخص کو (اتنی بات پر) قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا مالک خدا ہے حالانکہ وہ تمہارے مالک کی طرف سے تمہارے پاس نشانیاں بھی لیکر آیا ہے اور اگر بالفرض وہ جھوٹا ہو تو اُسکے جھوٹ کا وبال اُسی پر پڑیگا اور اگر (کہیں) وہ سچا ہو تو پھر تو وہ جس (عذاب) کا تم سے وعدہ کرتا ہے اُسمیں سے کچھ نہ کچھ تو تمپر (ضرور) آن پڑیگا بیشک جسکے لچھن (حد سے بڑھ جانیوالا) جھوٹا ہوتا ہے اللہ اسکو کبھی راہ پر نہیں لاتا بھائیو آج تو تمہارا راج ہے اور ملک میں تم غالب ہو (تمہارا ہی بول بالا ہے) لیکن (کل کو)

			مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ۝ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ۝ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ۝	برابر بات نہیں کر سکتا (اُنکی زبان میں لکنت تھی کہیں) بہتر ہوتا (اگر وہ سچ مچ خدا کا بھیجا ہوا ہوتا) تو اُسپر سونے کے کنگن (آسمان سے) کیوں نہیں ڈالے گئے یا خیر فرشتوں کو تو اکٹھا ہو کر اُسکے ساتھ آنا تھا آخر فرعون نے (ایسی ایسی باتیں بنا کر) اپنی قوم کو پھسلا لیا (اُلو بنا لیا) اُنہوں نے اُسکا کہنا مان لیا (موسیٰ کا کہنا نہ سُنا) بیشک وہ نافرمان (شریر) لوگ تھے جب اُنہوں نے ہم کو غصہ دلایا تو ہمنے اُن سے بدلہ لیا اُن سب کو (سمندر میں) ڈبو دیا اور ہمنے اُنکو گئے گذرے کر دیا اور پچھلوں کے لیے عبرت بنا دیا
۲۵	الدخان ۴۴	۱و۲	وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۝ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّىْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاِنِّىْ عُذْتُ بِرَبِّىْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ۝ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِىْ فَاعْتَزِلُوْنِ ۝ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ۝ فَاَسْرِ بِعِبَادِىْ لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۝ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۭ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ۝ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۝ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ ۤ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۝ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاۗءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ۝ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ۝ مِنْ فِرْعَوْنَ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰي عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ۝	اور ان (عرب کے کافروں) سے پہلے ہم فرعون کی قوم والوں کو جانچ چکے ہیں اور اُنکے پاس عزت والا پیغمبر (موسےٰ) آچکا ہے (اُسنے کہا) اللہ تعالیٰ کے بندوں کو میرے حوالے کر دو میں (خدا کا) بھیجا ہوا اعتبار کی تمہارے پاس آیا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے مت اینٹھو (شرارت نہ کرو) میں تم کو ایک کھلی دلیل تبلاتا ہوں اور تم مجھپر پتھراؤ کرو اس سے میں اپنے مالک اور تمہارے مالک کی پناہ مانگتا ہوں اور اگر تم میرا کہنا نہیں مانتے تو (خیر) مجھ سے الگ ہو آخر موسےٰ نے اپنے مالک سے دعا کی (اپنے دل کی) یہ لوگ (بڑے) شریر لوگ ہیں (ہمنے موسیٰ سے کہدیا) تو راتوں رات میرے بندوں کو لے کر چلدے کیونکہ (فرعون کے لوگ) تمہارا پیچھا کرینگے (تو تم آگے بڑھ جاؤ) اور سمندر کو تھما ہوا چھوڑ دے کیونکہ یہ (فرعون کے لوگ کتنے ہی باغ اور چشمے اور کھیت اور عمدہ مکانات اور آرام کے سامان جن میں مزے اڑاتے تھے چھوڑ مرے اسطرح (ہمنے انکو نکالا) اور دوسرے لوگوں کو اس (سب سامان) کا وارث کر دیا اور اُنپر نہ آسمان رویا نہ زمین روئی اور نہ اُنکو (ذرا بھی) مہلت ملی اور ہم بنی اسرائیل کو فرعون کے ذلت دینے والے عذاب سے نجات دے چکے ہیں بے شک وہ اینٹھو (مغرور) حد سے بڑھا ہوا تھا اور ہم نے بنی اسرائیل کو اُنکے زمانے میں) جان بوجھکر سارے جہان کے لوگوں پر بزرگی دی تھی اور ہم نے اُنکو ایسی نشانیاں دی تھیں جن میں کھلا ہوا احسان تھا۔
۲۵	الجاثیہ ۴۵	۲	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا	اور ہم بنی اسرائیل کو کتاب (توریت شریف) اور حکمت اور نبوت دے چکے ہیں اور ہمنے اُنکے کھانے کو عمدہ عمدہ چیزیں دیں اور (اپنے زمانے میں) اُنکو سارے جہان کے لوگوں پر بزرگی دی اور دین کی باتیں کھولکر اُن سے بیان کر دیں اُنہوں نے (جن باتوں کو) جان بوجھ کر

			كَافِرٌ بِاللّٰهِ وَأُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۚ وَأَنَا أَدْعُوْكُمْ إِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ۝ لَا جَرَمَ أَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْ إِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْآخِرَةِ وَأَنَّ مَرَدَّنَا إِلَى اللّٰهِ وَأَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ أَصْحٰبُ النَّارِ ۝ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَا أَقُوْلُ لَكُمْ ۚ وَأُفَوِّضُ أَمْرِيْ إِلَى اللّٰهِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ۝ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ۝ النَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۚ أَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ ۝	کہ میں اللہ کا انکار کروں اور جسکو میں نہیں جانتا اُسکو خدا کا شریک بناؤں اور میں تم کو اُس خدا کی طرف بلاتا ہوں جو زبردست ہے بڑی بخشش کا ہے بیشک تم جسکی طرف مجھ کو بلاتے ہو (جھوٹے معبود) کی طرف) وہ نہ دنیا میں (کسی کو) بلا سکتا ہے اور نہ آخرت میں اور بے شک ہم کو (مرکر پیچھے) اللہ کے پاس لوٹکر جانا ہے اور بے شک جو لوگ حد سے بڑھ گئے ہیں وہ دوزخی ہیں خیر اب جو میں تم سے کہہ رہا ہوں آگے چلکر اُسکو یاد کروگے اور میں تو اپنا معاملہ خدا کی سپرد کرتا ہوں بیشک وہ (اپنے) بندوں کو دیکھ رہا ہے آخر اللہ نے اُس ایماندار شخص کو تو اُنکے بری مکروں سے بچا لیا اور فرعون والوں پر بُرا عذاب الٹ پڑا (ڈوبے تو سمندر میں لیکن) صبح اور شام اُنکو (دوزخ کی) آگ دکھلائی جاتی ہے اور جسدن قیامت برپا ہوگی۔ فرعون والوں کو سخت سے سخت عذاب میں لے جاؤ۔
۲۴	المؤمن ۴۰	۶	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَأَوْرَثْنَا بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ۝ هُدًى وَّذِكْرٰى لِأُولِي الْأَلْبَابِ ۝	اور ہم موسےٰ کو راہ دکھانے والی (کتاب) دے چکے ہیں اور بنی اسرائیل کو کتاب (تورت شریف) کا جو عقلمندوں کے لیئے ہدایت اور نصیحت ہے وارث کر چکے ہیں
۲۵	حٰمٓ السجدۃ ۴۱	۶	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ۝	اور ہم تو (اس قرآن سے پہلے) موسےٰ کو کتاب دے چکے ہیں پھر اُسمیں اختلاف ہوا اور اگر تیرا مالک ایک بات نہ فرما چکا ہوتا تو (اب تک کب کا) اُنکا فیصلہ ہو چکا ہوتا (سب تباہ ہو جاتے) اور اُسمیں کوئی شبہ نہیں کہ اُنکو قرآن میں
۲۵	الزخرف ۴۳	۵	وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ إِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَإِيْهٖ فَقَالَ إِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ إِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ۝ وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ إِلَّا هِيَ أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا ۖ وَأَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ وَقَالُوْا يٰٓأَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۖ إِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ۝ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ۝ وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ أَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْأَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ أَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ أَمْ أَنَا خَيْرٌ	اور ہم تو موسےٰ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اُسکے سرداروں کی طرف بھیج چکے ہیں تو موسےٰ نے کہا میں اُسکا بھیجا ہوا ہوں جو سارے جہان کا مالک ہے جب موسےٰ ہماری نشانیاں لے کر اُنکے پاس پہونچا دیکھا تو وہ ہنسی میں اڑاتے ہیں اور ہم اُنکو جو نشانی دکھلاتے تھے وہ پہلی نشانی سے (جسکو وہ دیکھ چکے تھے) بڑھکر ہوتی اور ہمنے اُنکو عذاب میں (یہی) گانٹھا اسلیئے کہ وہ (اپنے کفر سے) باز آئیں اور (جب اُنپر عذاب آتا تو) کہتے او جادوگر تیرے مالک نے جس طرح تجھ سے وعدہ کیا ہے ہمارے لیے دعا کر (اگر عذاب اٹھ جائیگا تو) ہم بے شک راہ پر آجائینگے پھر جب ہم اُنپر سے عذاب اٹھا لیتے تو وہ اُسی وقت اپنا اقرار توڑ ڈالتے اور فرعون نے اپنے لوگوں میں یہ منادی کرائی بھائیو کیا مصر کا بادشاہ میں نہیں ہوں اور (تم دیکھتے ہو) نہریں میرے محل کے تلے بہ رہی ہیں کیا تم کو سوجھتا نہیں میں اُس شخص سے (موسےٰ سے) جو ذلیل آدمی ہے

		بالواد المقدس طوی ۝ اذهب الی فرعون انه طغی ۝ فقل هل لک الی ان تزکی ۝ واهدیک الی ربک فتخشی ۝ فاریه الایة الکبری ۝ فکذب وعصی ۝ ثم ادبر یسعی ۝ فحشر فنادی ۝ فقال انا ربکم الاعلی ۝ فاخذه الله نکال الاخرة والاولی ۝ ان فی ذلک لعبرة لمن یخشی ۝	طوی کے میدان میں آواز دی (اے موسیٰ) فرعون کے پاس جا اس نے بہت سر اٹھایا کہہ اُس سے کہہ کیا تو یہ چاہتا ہے کہ سنور جائے اور میں تجھکو تیرے مالک (کی توحید) کا رستہ بتلاؤں پھر تو اُس سے ڈرنے لگے موسیٰ گیا اور جاکر فرعون کو سمجھایا موسے ع نے اُس کو بڑی نشانی بھی دکھلائی لیکن اُسنے (موسے ع کو جھٹلایا اور نہ مانا پھر منہ پھیر کر لگا فساد کی کوشش کرنے اور (لوگوں) کو جمع کر کے اُنسے پکار کر کہنے لگا میں تمہارا سب سے بڑا خدا ہوں آخر اللہ نے اُسکو آخرت اور دنیا دونو کے عذاب میں دھر پکڑا بیشک جو شخص خدا سے ڈرتا ہے وہ اس قصہ سے نصیحت لیگا۔
۳۰ البروج ۸۵	۱۷	هل اتاک حدیث الجنود ۝ فرعون وثمود ۝	اے پیغمبر ص تجھکو کیا اگلی (کافر) فوجوں فرعون اور ثمود کا قصہ پہونچا ہے
″ الاعلیٰ ۸۷	۱۸	ان هذا لفی الصحف الاولی ۝ صحف ابراهیم وموسی ۝	یہ مضمون اگلی (آسمانی) کتابوں میں یعنے ابراہیم ع اور موسیٰ ع کے صحیفوں میں (بھی) موجود ہے۔
″ الفجر ۸۹	۱۰	وفرعون ذی الاوتاد ۝ الذین طغوا فی البلاد ۝ فاکثروا فیها الفساد ۝ فصب علیهم ربک سوط عذاب ۝	اور فرعون کے ساتھ (کیا کیا) جو میخوں والا تھا (فوجوں اور لشکروں والا) ان لوگوں نے (دنیا کے) شہروں میں سر اٹھا رکھا تھا اور انمیں بہت فساد پھیلا رکھا تھا آخر (اے پیغمبر ص) تیرے مالک نے اُنپر عذاب کا کوڑا پھٹکارا
″ البینة ۹۸	۱	ومافرق الذین اوتوا الکتب الا من بعد ما جاءتهم البینة ۝	اور کتاب والے جو پھوٹ گئے (کوئی اس پیغمبر ص پر ایمان لائے کوئی نہ لائے) تو یہ پھوٹ اُنہوں نے دلیل پہونچ جانیکے بعد (ضد اور حسد سے)

قصة اسرائیل یعقوب ۶۰

باب ۶۰ حضرت یعقوب ع کا قصہ

۱ البقرة ۲	۱۶	ام کنتم شهداء اذ حضر یعقوب الموت ۝ اذ قال لبنیه ما تعبدون من بعدی ۝ قالوا نعبد الهک واله ابائک ابراهیم واسمعیل واسحق الها واحدا ۝ ونحن له مسلمون ۝	بھلا (یہودیو) کیا تم اُسوقت موجود تھے جب یعقوب ع مرنے لگے جب اُنہوں نے اپنے بیٹوں سے کہا تم میرے بعد کس کو پوجو گے اُنہوں نے کہا ہم تیرے اور تیرے باپ دادوں ابراہیم ع اور اسمعیل ع اور اسحق ع کے خدا کو پوجینگے ایک ہی خدا ہے اور ہم اُسکے فرمانبردار ہیں۔

قصة عیسی و مریم و زکریا ویحیی و الرد علی النصاری

باب ۶۱ حضرت عیسیٰ ع اور مریم ع اور زکریا ع اور یحییٰ ع کا ذکر اور نصاریٰ کا رد۔

۱ البقرة ۲	۱۱	واتینا عیسی ابن مریم البینت وایدنه بروح القدس ۝	اور عیسے بن مریم ع کو کھلی نشانیاں دیں اور اُس کو ہم نے روح القدس سے مدد دی۔
۳ ″	۲۳	واتینا عیسی ابن مریم البینت وایدنه بروح القدس ۝	اور ہم نے مریم ع کے بیٹے عیسے ع کو کھلی کھلی نشانیاں دیں اور روح القدس (جبرئیل ع) سے اُسکی مدد کی۔

			إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝	اسکے بعد آپس کی ضد سے اختلاف کیا (اے پیغمبر) تیرا مالک قیامت کے دن جن باتوں مین وہ اختلاف کرتے رہے اُن کا فیصلہ کرے گا۔
۲۶	الاحقاف ۴۶	۲	وَمِنْ قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَىٰ إِمَامًا وَرَحْمَةً ۚ	حالانکہ قرآن سے پہلے موسیٰ ع کی کتاب اتر چکی ہے جو پیروی کی لائق اور رحمت تھی
〃	〃	۴	إِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا أُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوسَىٰ	ہم نے ایک کتاب سنکر آئے ہین جو موسےٰ ع کے بعد اتری ہے۔
۲۷	الذریٰت ۵۱	۲	وَفِي مُوسَىٰ إِذْ أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ۝ فَتَوَلَّىٰ بِرُكْنِهِ وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ ۝ فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيمٌ ۝	اور موسیٰ (پیغمبر) مین (بھی ہمنے اپنی قدرت کی نشانی چھوڑی) جب ہمنے اسکو کھلا ہوا معجزہ دیکر فرعون کی طرف بھیجا اُسنے اپنے لشکر سمیت منہ پھیر لیا (موسےٰ ع کا کہنا نہ سنا) اور کہنے لگا موسےٰ جادوگر ہے یا باؤلا ہے آخر ہمنے اُسکو اُسکے لشکر سمیت دھر پکڑا اور سمندر مین پھینک مارا اور وہ تھا
〃	القمر ۵۴	۳	وَلَقَدْ جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ۝ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كُلِّهَا فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُقْتَدِرٍ ۝	اور فرعون والون پاس ہی ڈرانے والے (پیغمبر) آچکے انہون نے ہماری سب نشانیونکو جھٹلایا آخر ہمنے انکو اُسطرح سے دھر پکڑا جیسے کوئی زبردست طاقت والا (ایک کمزور
〃	الحدید ۵۷	۴	لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَلَّا يَقْدِرُونَ عَلَىٰ شَيْءٍ مِنْ فَضْلِ اللَّهِ وَأَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝	اسلئے کہ کتاب والے (جو ایمان نہین لائے) یہ سمجھ لین کہ اللہ تعالیٰ کے فضل پر اُنکی کچھ نہین چلتی اور فضل اللہ تعالےٰ ہی کے ہاتھ مین ہے وہ جس کو چاہتا ہے سرافراز فرماتا ہے اور اللہ تعالےٰ بڑے فضل والا ہے۔
۲۸	الصف ۶۱	۱	وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ لِمَ تُؤْذُونَنِي وَقَدْ تَعْلَمُونَ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ ۝ فَلَمَّا زَاغُوا أَزَاغَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ ۚ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ۝	اور (اے پیغمبر) ان لوگونکو وہ وقت یاد دلا جب موسےٰ نے اپنی قوم کے لوگون سے کہا یا میو تم مجھکو کیون ستاتے ہو حالانکہ تمکو یقین ہو چکا ہے کہ مین اللہ تعالےٰ کا بھیجا ہوا تمہارے پاس آیا ہون پھر جب وہ لوگ (موسےٰ کی قوم والے) ٹیڑھی چال چلے اللہ نے بھی اُنکے دلونکو ٹیڑھا کر دیا اور اللہ تعالےٰ بدکارونکو راہ پر نہین لگاتا
〃	الجمعۃ ۶۲	۱	قُلْ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ هَادُوا إِنْ زَعَمْتُمْ أَنَّكُمْ أَوْلِيَاءُ لِلَّهِ مِنْ دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝	(اے پیغمبر یہودیون سے) کہدے یہودیو تم جیسے سمجھتے ہو کہ سب لوگون کو چھوڑ کر ہم ہی اللہ تعالےٰ کے چہیتے (پیارے) ہین اگر تم سچے ہو تو بھلا موت کی تو آرزو کرو اور یہ لوگ (یہودی) اپنے اُن (برے) کاموں کی وجہ سے جو وہ کر چکے ہین کبھی موت کی آرزو کرنے والے نہین اور اللہ تعالےٰ گناہگارونکو خوب جانتا ہے۔
۲۹	الحاقۃ ۶۹	۱	وَجَاءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهُ وَالْمُؤْتَفِكَاتُ بِالْخَاطِئَةِ ۝ فَعَصَوْا رَسُولَ رَبِّهِمْ فَأَخَذَهُمْ أَخْذَةً رَابِيَةً ۝	اور فرعون اور اُس سے پہلے کے لوگ اور الٹی ہوئی بستیون والون (لوط ع کی قوم) نے گناہ کئے اور اپنے مالک کے پیغمبر ع کا کہنا نہ سنا آخر اُسنے انکو بھی سخت پکڑا۔
〃	مزمل ۷۳		إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا ۝ فَعَصَىٰ فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنَاهُ أَخْذًا وَبِيلًا ۝	(لوگو) جیسا پیغمبر ع ہمنے فرعون کی طرف بھیجا تھا ویسا ہی تمہارے پاس بھی ایک پیغمبر (یعنے حضرت محمد ﷺ کو) بھیجا ہے جو قیامت کے دن) تمپر گواہی دیگا تو فرعون نے اپنے پیغمبر ع کا کہنا نہ مانا آخر ہمنے اُسکو بڑے وبال مین دھر پکڑا
	النّٰزعٰت ۷۹	۱	هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَىٰ ۝ إِذْ نَادَاهُ رَبُّهُ	(اے پیغمبر) کیا تو نے موسےٰ ع کا قصہ سنا جب اُسکو اُسکے مالک نے

		اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ	(اے پیغمبر وہ وقت یاد کر) جب فرشتون نے کہا اے مریم اللہ تجھکو اپنے ایک
		بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ	کلمہ کی خوشخبری دیتا ہے اُسکا نام مسیح ہوگا عیسےٰ بن مریم دنیا اور آخرت
		وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝	مین بڑی مرتبے والا اور مقرب بندون مین سے اور (دودھ پیتے مین) ماں کی
		وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ	گود مین (یا جھولے مین) اور بڑا ہوکر لوگون سے بات کریگا اور نیک بندون
		الصّٰلِحِيْنَ ۝ قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ	مین سے ہوگا مریم نے عرض کیا مالک میرا بچہ کیسے ہوگا مجھکو تو کسی مرد نے
		وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ۝ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ	ہاتھ تک نہین لگایا فرمایا اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے وہ جب
		مَا يَشَآءُ ۝ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ	کسی کام کا حکم دیتا ہے تو فرما دیتا ہے ہوجا وہ ہوجاتا ہے اور اللہ اسکو
		لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ	لکھنا (یا سمانی کتابین) اور حکمت (عقل وفہم) اور توریت اور انجیل سکھلا
		وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝ وَرَسُوْلًا اِلٰى	دیگا وہ بنی اسرائیل کیطرف (اللہ کا) رسول ہوگا مین تمہارے پاس تمہارے
		بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ	پروردگار کیطرف سے نشانی لیکر آیا ہون مین مٹی کا ایک پتلہ چڑیا کی شکل پر
		مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ	بناتا ہون پھر اسپر پھونک مارتا ہون وہ خدا کی قدرت سے اڑنے لگتا
		كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًا	ہے اور اللہ کے حکم سے مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو بھلا چنگا کر دیتا ہون
مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ
مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ۭ

ظالموں کے مقدمین مجھ سے مت بول وہ ضرور ڈوبین گے اور وہ (یعنے نوح ع) کشتی بنانے لگا اور جب اُسپر اُس کی قوم کا ایک گروہ گذرتا تو اُس سے ٹھٹہا کرتا نوح ع نے (اُن سے) کہا اگر تم ہمپر (آج) ٹھٹہے مارتے (تو مارلو کل) ہم تمپر ٹھٹہے مارینگے جیسے تم ٹھٹہے مارتے ہو اب قریب مین تم کو معلوم ہوجائیگا کس پر رسوائی کا عذاب (دنیا مین) آتا ہے اور ہمیشہ کا عذاب کسپر اترتا ہی یہانتک کہ جب ہمارا حکم آن پہونچا۔ اور تنور نے جوش مارا ہمنے کہدیا ہر قسم کے (جانور) دو دو جوڑا (ایک نر ایک ماده) اور اپنے گھر والون کو ان کے سوا جن کے لیئے (ہلاکت کا) حکم ہوچکا اور ایمانداروں کو (اپنے ساتھ) کشتی مین سوار کرلے اور تھوڑے ہی سے آدمی اُسپر ایمان لائے تھے اور نوح ع نے کہا کشتی چلتے وقت اور ٹھہرتے وقت اللہ کا نام لیکر اُسمین سوار ہوجاؤ بیشک میرا مالک بخشنے والا مہربان ہے اور وہ (کشتی) پہاڑون کی سی موجون مین اُنکو لیئے ہوئے جارہی تھی اور نوح ع نے اپنے بیٹے (کنعان) کو آواز دی وہ کشتی سے الگ تھا بیٹا ہمارے ساتھ سوار ہوجا اور کافرونکے ساتھ مت رہ وہ کہنے لگا مین ابھی کسی پہاڑ پر پہونچا ہون جو پانی سے مجھ کو بچالیگا نوح ع نے کہا آج اللہ تعالے کے عذاب سے کوئی بچا نہین سکتا مگر جسپر اللہ تعالے ہی رحم کرے (وہ ہی بچ سکتا ہی) اور موج دونون کے بیچ مین آن پڑی اور وہ بھی اُنمین شریک ہوا جو ڈبو دیے گئے اور حکم دیا گیا اے زمین اپنا پانی چوس لے اور اے آسمان کہل جا (برسنا موقوف کر) اور پانی اتر گیا اور کام پورا ہوگیا اور کشتی جودی (پہاڑ) پر جاکر ٹہری اور حکم ہوا کہ بے انصاف لوگ دھتکارے گئے اور نوح ع نے اپنے مالک کو پکارا اور کہا مالک (آخر) میرا بیٹا میرے ہی گھر والون مین ہی اور تیرا وعدہ بیشک سچا ہے اور سب حاکمون مین تو بڑا حاکم ہے اللہ تعالے نے فرمایا اے نوح وہ تیرے گھر والونمین سے نہین ہی اُسکے کرتوت اچھے نہین پھر جو بات تجھ کو معلوم نہین وہ مجھ سے مت مانگ مین تجھ کو نادانونمین شریک ہونے سے ڈراتا ہون نوح ع نے عرض کیا مالک مین ایسی بات پوچھنے سے جس کی حقیقت مین نہین جانتا تیری پناہ مانگتا ہون اور اگر تو مجھ کو نہ بخشے اور مجھپر رحم نہ کرے تو مین تباہ ہوجاؤن گا کہا گیا اے نوح ہماری طرف سے سلامتی کے ساتھ (کشتی سے) اتر اور تجھ پر اور تیرے ساتھ والون سے جو گروہ پیدا ہونگے اُنپر برکتون کے ساتھ

ذُو الْاَوْتَادِ ۝ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ
لْئَيْكَةِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الْاَحْزَابُ ۝ اِنْ كُلٌّ اِلَّا
كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۝

۲۴ المؤمن ۴۰ ۱ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْ
بَعْدِهِمْ ۠ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ بِرَسُوْلِهِمْ
لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا
بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۡ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝

۲۵ الشوری ۴۲ ۲ شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا
وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ
اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا
الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ

۲۷ الذریت ۵۱ ۲ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝

" النجم ۵۳ ۳ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا
هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ۝

" القمر ۵۴ ۱ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا
وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ۝ فَدَعَا رَبَّهٗٓ
اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ
السَّمَاۗءِ بِمَاۗءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ
عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَاۗءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝
وَحَمَلْنٰهُ عَلٰي ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝
تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَاۗءً لِّمَنْ كَانَ
كُفِرَ ۝ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝
فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝

۲۹ الحاقة ۶۹ ۱ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَاۗءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي
الْجَارِيَةِ ۝ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّ
تَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝

۲۹ نوح ۷۱ ۱-۲ اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ
قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ
مُّبِيْنٌ ۝ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ
وَاَطِيْعُوْنِ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

جو میخوں والا تھا اور ثمود نے اور لوط کی قوم والوں نے اور بن
کے رہنے والوں نے (پیغمبروں کو) جھٹلایا یہی وہ جتھے ہیں (جنہوں نے
شکست پائی) ان سب نے پیغمبروں کو جھٹلایا آخر (دیکھ لو) میرا عذاب کیسا ثابت ہوا۔

ان (مکہ کے) کافروں سے پہلے نوح کی قوم نے اور ان کے بعد اور قوموں نے
(یہی اپنے پیغمبروں کو) جھٹلایا اور ہر ایک قوم نے اپنے پیغمبر کو پکڑ لینا
(مار ڈالنا) چاہا اور سچے دین کو مٹانے کے لیے جھوٹے جھگڑے
نکالے آخر میں نے انکو دھر پکڑا تو میری سزا کیسی (سخت) ہوئی۔

(لوگو) اس خدا نے تمہارے لیے وہ دین ٹھہرایا جس دین پر نوح
(پیغمبر ع) کو چلنے کا حکم دیا اور جس دین کا حکم ہم نے تجھ کو (اے محمد ص)
دیا اور جس دین کا ہم نے ابراہیم ع اور موسے ع اور عیسے ع (پیغمبروں کو)
حکم دیا دین کو قائم رکھو اور اس میں پھوٹ نہ ڈالو۔

اور (عاد ثمود سے) پہلے ہم نوح کی قوم کو (تباہ کر چکے ہیں) بیشک وہ نافرمان لوگ تھے۔
اور ان سے پہلے نوح ع کی قوم والونکو بھی بیشک وہ بڑے ظالم
اور بڑے شریر تھے۔

انسے پہلے نوح ع کی قوم والون نے ہمارے بندے (نوح ع) کو جھٹلایا
اور کہنے لگے یہ باولا ہے اور اسکو ڈانٹا آخر اسنے اپنے مالک کو پکارا میں
(انکے ہاتھ سے) عاجز ہوں اب تو ہی (میرا) بدلہ لے ہمنے (اسکی دعا
پر) آسمان کے دہانے کھولدیے سو سلاب کا پانی برسنے لگا اور
(ادھر) زمین کے سوتے بہا دیے تو دونو پانی ایک کام کے لیے ملگئے
جو ٹھہر چکا تھا اور ہمنے نوح کو اس (کشتی) پر سوار کر لیا جو (لکڑی کے) تختوں
اور کیلون سے بنی تھی وہ ہماری آنکھونکے سامنے (پانی پر) تیر رہی
تھی یہ بدلہ تھا اس شخص کا جسکی انہون نے ناقدری کی اور ہمنے اس واقعہ کو ایک
نشانی بنا چھوڑی تو ہے کوئی نصیحت لینے والا دیکھو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا
(ہمنے نوح ع کے زمانہ میں) جب پانی حد سے بڑھ گیا تمکو کشتی میں
سوار کر لیا اسلیئے کہ اس واقعہ کو تمہارے لیے یادگار بنائیں
اور جو کان اسکو یاد رکھنے کے قابل ہے وہ یاد رکھے۔

ہمنے نوح ع کو اسکی قوم کی طرف بھیجا (اسکو حکم دیا) اپنی قوم کو ڈرا
اس سے پہلے کہ انپر تکلیف کا عذاب آن پہونچے نوح ع نے (اپنی
قوم سے) کہا بھائیو میں تم کو (اللہ کے عذاب سے) کھلم کھلا ڈرانیوالا ہوں
یہ کہ تم اللہ تعالی کو پوجو اور اس سے ڈرتے رہو اور میرا کہا مانو (ایسا کرو گے
تو) وہ تمہارے کچھ گناہ بخشدیگا (جو تمنے کفر کی حالت میں کیے)

			لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝	کے لیئے تکلیف کا عذاب طیار کر رکھا ہے۔
۱۹	الشعراء ۲۶	۶	كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ نِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَا اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ۝ قَالَ وَمَا عِلْمِيْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰى رَبِّيْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ۝ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝	پیغمبرون کو جھٹلایا جب اُنکی بھائی نوح ع نے اُنسے کہا کیا تم (خدا سے) نہین ڈرتے مین تمہارا سچا (امانتدار) پیغمبر ہون تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور مین تم سے اس نصیحت کرنے کی کوئی نیگ (اجرت مزدوری) نہین مانگتا میرا نیگ تو بس اُسی پر ہے جو سارے جہان کا مالک ہے تو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میرا کہا مانو وہ کہنے لگے کیا ہم تیری بات مان لین اور تیرے ساتھ والے تو رزالے ہین نوح ع نے کہا مین کیا جانون وہ کیا پیشہ کرتے ہین ان باتون کا حساب میرا مالک ہی لیگا کاش تم کو اتنی سمجھ ہوتی اور یہ نہین ہوسکتا کہ ایماندارونکو مین دھتا بتلاؤن مین تو کھلم کھلا (صاف صاف) ڈرانیوالا ہون وہ کہنے لگے نوح اگر تو ایسی باتون سے باز نہ آئیگا تو بیشک ہم پتھرونسے تجھکو مار ڈالین گے (آخر مجبور ہوکر) نوح ع نے دعا کی مالک میرے میری قوم نے مجھ کو جھٹلایا تو میرا انکا اچھی طرح فیصلہ کردے اور مجھکو اور میرے ساتھ والے ایمانداروں کو بچالے تب ہم نے نوح ع اور اُسکے ساتھیونکو بھری ہوئی کشتی مین (بیٹھا کر دوبنے سے) بچالیا اس کے بعد باقی لوگونکو (جو کافر تھے) ڈبو دیا بیشک اس واقعہ مین (حق تعالیٰ کی قدرت کی) نشانی ہے اور نوح ع کی قوم کے لوگ اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تیرا مالک زبردست ہے رحم والا۔
۲۰	العنکبوت ۲۹	۲	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ۭ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝	اور ہم نے نوح ع کو اُس کی قوم کیطرف بھیج چکے ہین وہ پچاس کم ہزار برس تک اُنمین رہا (اُنکو سمجھایا کیا لیکن اُنھون نے نہ مانا) آخر طوفان نے اُنکو آدبایا اور وہ (خود) قصوروار تھے اور ہمنے نوح ع کو بچا دیا اور جو (اُسکے ساتھ) کشتی مین سوار تھے اور ہم نے اُس کشتی کو سارے جہان کے لیئے ایک نشانی بنایا۔
۲۳	والصّٰفّٰت ۳۷	۳	وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ۝ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰي نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ۝	اور نوح ع بھی ہم کو پکار چکا ہے اور ہم خوب فریاد سننے والے ہین اور ہمنے اسکو اور اُسکے گھر والونکو بڑی مصیبت سے بچا لیا اور ہم نے (دنیا مین) نوح ع کی اولاد کو ہی باقی رکھا اور اُسکا ذکر خیر ہم نے پچھلے لوگونمین قائم رکھا سارے جہان والے یہی کہتے ہین نوح ع پر سلام ہم نیکون کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہین (جیسے نوح ع کو دیا) بیشک وہ ہمارے ایمان دار بندون مین سے تھا پھر دوسرونکو (جو کافر تھے) ہمنے ڈبو دیا۔
″	ص ۳۸	۱	كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ	ان (کافرونسے) پہلے نوح ع کی قوم والون نے اور عاد نے اور فرعون نے

وَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ
وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا
وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَلَا
تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ۝

اولاد ہوگی وہ بھی بدکار سخت ناشکری ہوگی مالک میرے مجھ کو بخشدے اور میرے ماں باپ کو اور جو کوئی ایمان لاکر میرے گھر میں آئے اسکو اور (تمام) ایماندار مرد اور ایماندار عورتوں کو اور ظالموں (مشرکوں) کی تباہی (روز بروز) بڑھاتا جا۔

قصۃ ھود علیہ السلام

باب ۶۵ حضرت ہود ؑ کے حالات اور قوم عاد کا بیان

۸ الاعراف ۹ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ
اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ
اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا
لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ
بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ
الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا
لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ۝ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَاۗءَكُمْ
ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰي رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ۭ
وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاۗءَ مِنْۢ بَعْدِ
قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ
فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝
قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ
مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ
اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ قَدْ وَقَعَ
عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ۭ
اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَاۗءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ
وَاٰبَاۗؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ
فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝
فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ
قَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا
كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝

اور ہمنے عاد کی قوم کیطرف ہود کو بھیجا اُسنے کہا بھائیو اللہ کو پوجو اُسکے سوا کوئی تمہارا سچا معبود نہیں کیا تم (اسکے عذاب سے) نہیں ڈرتے اُسکی قوم کے سردار جو کافر تھے کہنے لگے ہم تو بے شبہ سمجھتے ہیں تو احمق ہے اور ہم بیشک خیال کرتے ہیں کہ تو جھوٹا ہے ہود نے کہا بھائیو میں احمق نہیں ہوں البتہ اُسکا بھیجا ہوا ہوں جو سارے جہان کا مالک ہے میں تمکو اپنے مالک کے پیام پہونچاتا ہوں اور میں تمہارا خیر خواہ ایماندار (دوست) ہوں کیا تمکو اس بات پر تعجب ہوا کہ تمہارے مالک کا ارشاد تم ہی میں سے ایک مرد کی زبان پر تم کو پہونچا اسلیئے کہ وہ تم کو (اسکے عذاب سے) ڈرائے اور تم یاد کرو جب نوح ؑ کی قوم کے بعد تم کو (انکا) جانشین کیا اور بدن کا پہلا سے بھی تمکو زیادہ دیا تو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد کرو تاکہ تمہارا بھلا ہو انہوں نے کہا کیا تو اسلیئے ہمارے پاس آیا کہ ہم اکیلے ایک خدا کو پوجنے لگیں اور ہمارے باپ جن کو پوجتے تھے انکو چھوڑ بیٹھیں اچھا اگر تو سچا ہے تو جس (عذاب) سے ہم کو ڈراتا ہے وہ لیکے آ ہود نے کہا تمہارے مالک کا عذاب اور غصہ تو تم پر ہو چکا کیا تم مجھ سے ان ناموں میں جھگڑتے ہو جو تمنے اور تمہارے باپ دادوں نے گھڑ لیئے ہیں اللہ تعالیٰ نے انکی کوئی سند نہیں اتاری بھلا تو ٹھہرے رہو میں بھی تمہارے ساتھ ٹھیرا ہوں آخر ہمنے ہود کو اور اُس کے ساتھ (ایمان) والوں کو اپنی مہربانی سے بچا لیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا اُن کی جڑ (یا بیخ پھاڑی) کاٹ دی اور وہ (کبھی) ایمان لانے والے نہ تھے۔

۱۲ ھود ۱۱ ۵ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ
اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اِنْ
اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ

اور عاد کیطرف ہمنے ہود ؑ کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا اُسنے کہا بھائیو اللہ ہی کو پوجو اُسکے سوا کوئی تمہارا (سچا) خدا نہیں ہے تم کچھ نہیں مگر جھوٹ باندھتے ہو بھائیو میں تم سے کوئی

وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ إِنَّ أَجَلَ
اللَّهِ إِذَا جَاءَ لَا يُؤَخَّرُ ۖ لَوْ كُنتُمْ
تَعْلَمُونَ ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي دَعَوْتُ
قَوْمِي لَيْلًا وَنَهَارًا ۝ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَائِي
إِلَّا فِرَارًا ۝ وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ
جَعَلُوا أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا
ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا
اسْتِكْبَارًا ۝ ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۝
ثُمَّ إِنِّي أَعْلَنتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ
إِسْرَارًا ۝ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ
إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ۝ يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُم
مِّدْرَارًا ۝ وَيُمْدِدْكُم بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَ
يَجْعَل لَّكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَل لَّكُمْ أَنْهَارًا ۝
مَّا لَكُمْ لَا تَرْجُونَ لِلَّهِ وَقَارًا ۝ وَقَدْ خَلَقَكُمْ
أَطْوَارًا ۝ أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللَّهُ سَبْعَ
سَمَاوَاتٍ طِبَاقًا ۝ وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ
نُورًا وَجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝ وَاللَّهُ
أَنبَتَكُم مِّنَ الْأَرْضِ نَبَاتًا ۝ ثُمَّ
يُعِيدُكُمْ فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ۝ وَ
اللَّهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ۝ لِّتَسْلُكُوا
مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝ قَالَ نُوحٌ رَّبِّ
إِنَّهُمْ عَصَوْنِي وَاتَّبَعُوا مَن لَّمْ يَزِدْهُ
مَالُهُ وَوَلَدُهُ إِلَّا خَسَارًا ۝ وَمَكَرُوا مَكْرًا
كُبَّارًا ۝ وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ وَلَا
تَذَرُنَّ وَدًّا وَلَا سُوَاعًا ۝ وَلَا يَغُوثَ
وَيَعُوقَ وَنَسْرًا ۝ وَقَدْ أَضَلُّوا كَثِيرًا ۝ وَ
لَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ إِلَّا ضَلَالًا ۝ مِّمَّا خَطِيئَاتِهِمْ
أُغْرِقُوا فَأُدْخِلُوا نَارًا ۝ فَلَمْ يَجِدُوا لَهُم
مِّن دُونِ اللَّهِ أَنصَارًا ۝ وَقَالَ نُوحٌ رَّبِّ
لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا ۝
إِنَّكَ إِن تَذَرْهُمْ يُضِلُّوا عِبَادَكَ وَلَا

اور تم کو مقرر وعدے تک (موت تک) مہلت دیگا (آرام سے زندگی گذارو گے)
کیونکہ خدا کا وعدہ (عذاب) جب آن پہونچتا ہی وہ (کسی کے) ٹالے
ٹل نہیں سکتا کاش تم یہ بات سمجھتے ہوتے نوح ؑ نے دعا کی مالک میرے
میں نے اپنی قوم کو رات دن (ایمان کی طرف) بلایا پھر میرے بلانے سے وہ اور
زیادہ بھاگنے لگے اور ہر بار جب میں انکو (ایمان کی طرف) بلایا اسلیئے کہ تو
انکے گناہ بخشے تو انہوں نے (میری بات نہ سننے کو) اپنے کانو میں
انگلیاں ٹھونس لیں اور (میرا چہرہ نہ دکھائی دینے کو) انہوں نے اپنے
کپڑے اوڑھ لیئے اور (اپنی) ہٹ پر قائم رہے اور بہت غرور ی ہوگئے
پھر میں نے انکو (آواز سے) پکار کر بلایا پھر (کبھی) انکو کھلم کھلا سمجھایا اور
(کبھی) چپ چھپا کر میں نے یہ کہا اپنے مالک سے بخشش مانگو بیشک وہ بڑا
بخشنے والا ہی آسمان سے موسلا دھار مینہ تم پر برسائے گا اور تمہارے
مال اور اولاد میں بہتی کریگا اور تم کو باغ دیگا اور نہریں سرافراز
کریگا تم کو کیا ہوگیا تم خدا کی عظمت سے نہیں ڈرتے حالانکہ اسنے
تم کو طرح طرح پر پیدا کیا کیا تم نہیں دیکھتے اللہ تعالیٰ نے سات آسمان
تہ بر تہ (ایک کے اوپر ایک) بنائے ہیں اور انمیں چاند کو روشنی
کے لیئے اور سورج کو (جلتا ہوا) چراغ بنایا اور اللہ تعالیٰ نے تم کو
زمین سے اگایا پھر اسی میں تم کو لوٹا کر لیجائے گا (خاک ہوجاؤ گے)
اور (قیامت کے دن اسی زمین سے) تم کو نکال کھڑا کریگا اور اللہ ہی
نے زمین کو تمہارے لیئے بچھونا بنایا اسلیئے کہ اسکے کھلے رستو میں
(جدہر چاہو) چلو پھرو (جب اسپر بھی نوح ؑ کی قوم نے نہ مانا تو) نوح ؑ
نے دعا کی مالک میرے وہ میرا کہنا نہیں مانتے اور ان لوگونکی سنتے ہیں
جنکے مال اور اولاد نے انکو (فائدہ تو نہ دیا) الٹا نقصان پہونچایا
اور انہوں نے (میرے ساتھ) بڑا داؤں کیا اور (آپسمیں ایکدوسرے سے)
کہنے لگے اپنے دیوتاؤں کو نہ چھوڑنا اور نہ ود اور نہ سواع اور نہ یغوث
اور یعوق اور نسر کو اور ان لوگون (رئیسون یا رئیسون) نے بہتیرو ں
کو گمراہ کر ڈالا اور پروردگار ایسا کر کہ یہ ظالم اور زیادہ گمراہ ہوں
(آخر) اپنے گناہونکی وجہ سے نوح ؑ کی قوم والے ڈبو دیئے گئے پھر
آگ میں ڈالے گئے اور خدا کے سوا انکو کوئی مدد کرنیوالا نہ ملا (جو خدا
کے عذاب سے انکو بچائے) اور نوح ؑ نے (یہ بھی بد) دعا کی مالک
میرے زمین پر ان کافرونمیں سے ایک چلنیوالا (یا بسنے والا) بھی نہ چھوڑ
کیونکہ اگر تو انکو چھوڑ دیگا تو تیرے بندونکو بہکائینگے اور انکی جو

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ۝ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ۝ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ۝ وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ۝ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

اور میں تم سے اس (نصیحت کرنے) پر کوئی نیگ نہیں مانگتا میرا نیگ تو بس اسی پر ہے جو سارے جہان کا مالک ہے کیا تم ہر ٹیلے (یا نالے) پر ایک مکان بنا کر کھیل کرتے ہو اور ایسی عمارتیں بناتے ہو گویا تم (دنیا میں) ہمیشہ رہو گے اور جب تم (کسی پر) ہاتھ ڈالتے ہو تو بے رحمی کے ساتھ ہاتھ ڈالتے ہو تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور اس خدا سے ڈرو جس نے تم کو وہ نعمتیں دیں جو تم کو معلوم ہیں تم کو چوپائے جانور عنایت کیے اور بیٹے اور باغ اور چشمے مجھے ڈر ہے کہیں تم کو بڑے دن کا عذاب نہ ہو وہ کہنے لگے تو ہم کو نصیحت کرے یا نہ کرے ہم کو تو سب برابر ہے یہ تو اگلے لوگوں کا طرز ہے اور کچھ نہیں اور عذاب ہم پر نہیں آئیگا آخر انہوں نے ہود ؑ کو جھٹلایا پھر ہم نے (اس کی سزا میں) اُن کو تباہ کر ڈالا بیشک اس میں (ہود ؑ کے قصے میں) نشانی ہے اور اُن میں اکثر لوگ ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تیرا مالک زبردست ہے رحم والا۔

۲۰ ۲۹ العنکبوت ۴ وَعَادًا وَّثَمُوْدَا وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۡ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ۝

اور عاد اور ثمود (کی قوموں) کو بھی ہم نے تباہ کیا) اور اُنکے (اجڑے) گھر (اب تک تم کو (شام کے رستے میں) دکھائی دیتے ہیں اور شیطان نے (کیا کیا) اُنکے (برے) کاموں کو اُنہیں اچھا کر دکھایا اور (اس فریب سے) انکو (سچی توحید کی) راہ سے روک دیا اور وہ (اچھے خاصے) ہوشیار لوگ تھے۔

۲۴ ۴۱ حٰمٓ السجدۃ ۲ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ۝ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ قَالُوْا لَوْ شَاۗءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۭ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۭ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝

پھر اگر (اللہ تعالیٰ کی اتنی نشانیاں بتانے پر بھی) وہ (کافر) (دھیان نہ کریں (تو اُنسے) کہدے میں تم کو اس کڑاکے (عذاب) سے ڈراتا ہوں جیسا کڑاکا عاد اور ثمود پر آیا جب اُنکے آگے اور اُنکے پیچھے سے اُن کے پاس پیغمبر آئے (اور انکو سمجھایا) کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو مت پوجو انہوں نے جواب دیا اگر ہمارا مالک (کسی کو اپنی طرف سے) بھیجنا چاہتا تو فرشتوں کو اتارتا خیر ہم تو جو تم دیکر بھیجے گئے ہو اسکو نہیں مانتے تو عاد نے تو یہ کیا کہ ناحق ملک میں لگے شیخی کرنے اور کہنے لگے بل بوتے میں ہمسے بڑھکر کون ہے کیا انکو یہ نہ سوجھا کہ جس اللہ تعالیٰ نے انکو پیدا کیا وہ بل بوتے میں اُنسے (کہیں) بڑھکر ہے اور وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے رہے آخر ہم نے اُنپر کئی منحوس دنوں میں زور کی آندھی چلائی اسلیئے کہ ہم دنیا کی زندگی میں انکو ذلت کا عذاب چکھائیں اور بے شک آخرت کا عذاب تو زیادہ ذلت کا ہے اور (وہاں) انکو مدد بھی نہیں ملنے کی۔

عَلَيْهِ أَجْرًا ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى الَّذِي
فَطَرَنِي ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ وَيَا قَوْمِ اسْتَغْفِرُوا
رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَاءَ
عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا وَيَزِدْكُمْ قُوَّةً إِلَىٰ قُوَّتِكُمْ
وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِينَ ۝ قَالُوا يَا هُودُ مَا
جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَمَا نَحْنُ بِتَارِكِي آلِهَتِنَا
عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ ۝
إِنْ نَقُولُ إِلَّا اعْتَرَاكَ بَعْضُ آلِهَتِنَا
بِسُوءٍ ۗ قَالَ إِنِّي أُشْهِدُ اللَّهَ وَاشْهَدُوا
أَنِّي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ ۝ مِنْ دُونِهِ
فَكِيدُونِي جَمِيعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُونِ ۝
إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ رَبِّي وَرَبِّكُمْ ۚ مَا
مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ۚ إِنَّ
رَبِّي عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝ فَإِنْ تَوَلَّوْا
فَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ مَا أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَيْكُمْ ۚ
وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّي قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۖ وَلَا تَضُرُّونَهُ
شَيْئًا ۚ إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ۝ وَ
لَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُودًا وَالَّذِينَ
آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِنَّا ۖ وَنَجَّيْنَاهُمْ
مِنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ۝ وَتِلْكَ عَادٌ ۖ
جَحَدُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهُ
وَاتَّبَعُوا أَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ۝ وَأُتْبِعُوا
فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ
أَلَا إِنَّ عَادًا كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا
لِعَادٍ قَوْمِ هُودٍ ۝

۱۹ الفرقان ۲۵ ۴ وَعَادًا وَثَمُودَ وَأَصْحَابَ الرَّسِّ وَقُرُونًا
بَيْنَ ذَٰلِكَ كَثِيرًا ۝ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ
الْأَمْثَالَ ۖ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيرًا ۝

ز الشعراء ۲۶ ۷ كَذَّبَتْ عَادٌ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُمْ
أَخُوهُمْ هُودٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ
أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝

مزدوری نہیں مانگتا میری مزدوری تو اُسی (خدا) پر ہے جس نے
مجھ کو پیدا کیا کیا تم کو عقل نہیں اور اے بھائیو اپنے مالک سے بخشش
چاہو پھر اُسکی درگاہ میں توبہ کرو وہ تم پر آسمان کے دھارے چھوڑ
دیگا اور تمہارے زور پر اور زیادہ زور دیگا اور مشرک بنکر نہ
مت پھرو وہ لگے کہنے اے ہود تو کوئی نشانی ہمارے پاس نہیں
لایا اور ہم تو تیرے کہنے سے اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں
اور نہ ہم تیری بات ماننے والے ہم تو بس یہی کہتے ہیں کہ ہمارے
کسی معبود کی تجھ پر مار پڑ گئی ہے ہود ع نے جواب دیا میں اللہ کو گواہ
کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ خدا کے سوا جن کو تم خدا کا شریک
سمجھتے ہو میں اُنسے بیزار ہوں تو تم سب ملکر میری فکر کرو اور مجھ کو
دم نہ لینے دو میں تو اللہ پر بھروسا کرتا ہوں جو میرا مالک ہے اور
تمہارا (بھی) مالک ہے کوئی جاندار ایسا نہیں جسکی پیشانی (چوٹی)
اُسکے ہاتھ میں نہ ہو بیشک میرا مالک سیدھے رستے پر ہے پھر اگر
تم پھرے رہو (تو پھرے رہو) میں نے تو تمکو وہ حکم پہونچا دیا جو میں
دیکر بھیجا گیا تھا اور میرا مالک ایک دوسری قوم کو تمہاری جگہ قائم
کریگا اور تم اُسکا کچھ بھی بگاڑ نہ سکو گے بیشک میرا مالک ہر چیز کا
نگہبان ہے اور جب ہمارا عذاب آن پہونچا تو ہمنے ہود اور اُسکے ساتھ
کے ایمان والوں کو اپنی مہربانی سے بچا دیا اور سخت عذاب سے
اُن کو چھڑا دیا اور یہ عاد کے لوگ ہیں جنہوں نے اپنی مالک کی تو
آیتوں کا انکار کیا اور اُسکے پیغمبروں کی نافرمانی کی اور ہر ایک
ظالم سرکش کا کہا مان لیا اور اس دنیا میں پھٹکار اُن کے
پیچھے لگ گئی اور قیامت کے دن بھی سن لو
عاد نے اپنے مالک کو نہ مانا سن لو
عاد جو ہود کی قوم والے تھے
دھتکارے گئے۔

اور اسیطرح ہم نے عاد اور ثمود اور کنوئیں والوں کو اور اُنکے بیچ میں
اور بہت قوموں کو (تباہ کر دیا) اور ہمنے ہر ایک قوم کو مثالیں بیان
کرکے سمجھایا (لیکن وہ نہ سمجھی) اور ہمنے سب کو کہیا کر ستیاناس کر دیا۔

عاد کی قوم نے (بھی) پیغمبروں کو جھٹلایا جب اُنکے بھائی ہود ع
نے اُن سے کہا کیا تم (خدا سے) نہیں ڈرتے میں تمہارا سچا
(امانتدار) پیغمبر ہوں تو اللہ تعالے سے ڈرو اور میرا کہا مانو

۳۰	الفجر ۸۹	۱	اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝	کیا تو نے اس بات پر نظر نہین کی کہ تیرے مالک نے عاد ارم کے لوگون کے ساتھ کیا کیا جو بڑے قد آور تھے انکے برابر (دنیا کے) شہرون مین کوئی نہین پیدا ہوا۔

قصہ صالح علیہ السلام

باب ۶۶ حضرت صالح ع کے حالات اور قوم ثمود کا بیان۔

۸	الاعراف ۷	۱۰	وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْۗءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاۗءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ۝	اور ہمنے ثمود کی قوم کیطرف صالح کو بھیجا اُسنے کہا بھائیو اللہ تعالیٰ کو پوجو اُسکے سوا کوئی تمہارا سچا معبود نہین ہی تمہارے پاس تو ایک نشانی (یہی) تمہارے مالک کیطرف سے آچکی یہ خدا کی اونٹنی تمہارے لیے ایک نشانی ہی تو اسکو چھوڑ پھرنے دو اللہ تعالیٰ کی زمین مین کھاتی رہی (چھوتی رہی) اور برائی سے اسکو ہاتھ نہ لگاؤ پھر دکھ کا عذاب تمکو آن پکڑے اور یاد کرو جب تم کو عاد کے بعد (انکا) جانشین بنایا اور تم کو زمین مین بسایا تم اسکی نرم مٹی سے (انیٹین بناکر) محل کھڑے کرتے ہو اور پہاڑونکو تراش کر گھر بناتے ہو تو اللہ تعالیٰ کی نعمتونکو یاد کرو اور ملک مین دھندمچاؤ صالح ع کی قوم مین جو سردار متکبر تھے وہ ان لوگون سے جو غریبون مین ایمان لائے تھے پوچھنے لگے کیا تم کو معلوم ہی کہ صالح ع اپنے پروردگار کا بھیجا ہوا ہی انہون نے کہا بیشک صالح ع جو دیکر بھیجا گیا ہی ہمکو تو اسپر یقین ہی وہ متکبر کہنے لگے ہم تو جسپر تم ایمان لائے ہو اُسکو نہین مانتے آخر انہون نے اونٹنی کاٹ ڈالی اور اپنے پروردگار کے حکم کو نہ مانا اور کہنے لگے صالح اگر تو پیغمبر ہی تو وہ (عذاب) ہم پر لیکر آ جس کا ہم کو ڈراوا دکھاتا تھا پھر زلزلے (بھونچال) نے (نیچے سے) آدبایا صبح کو اپنے گھرمین اوندھے (مرے) پڑے رہے تو صالح ع نے اُن سے منہ پھیر لیا اور کہنے لگا بھائیو مینے تو تمکو اپنے مالک کا پیغام پہونچا دیا اور تمہاری خیر خواہی کی لیکن تم خیر خواہون کو پسند نہین کرتے۔
۱۲	ھود ۱۱	۶	وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ۝ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ ۭ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا وَاِنَّنَا	اور ثمود کی (قوم کی) طرف ہمنے انکے بھائی صالح (پیغمبر ع) کو بھیجا اُسنے کہا بھائیو اللہ تعالیٰ کو پوجو اُسکے سوا تمہارا کوئی سچا خدا نہین ہی اُسنے تم کو زمین سے نکالا اور زمین مین تم کو بسایا تو اُس کی بخشش چاہو پھر اُسکی درگاہ مین توبہ کرو بیشک میرا مالک نزدیک ہی (سب کی سنتا ہی) دعا قبول کرتا ہی کہنے لگے صالح تو تو اس سے پہلے ہونہار سمجھا جاتا تھا بھلا تو ہم کو اُن چیزون کی پوجنے سے منع کرتا ہی جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے آئے اور ہم تو

۲۶	الاحقاف ۴۶	۳	وَاذْكُرْ أَخَا عَادٍ ۭ إِذْ أَنذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ ۖ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَأْفِكَنَا عَنْ آلِهَتِنَا ۖ فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ قَالَ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِندَ اللَّهِ ۖ وَأُبَلِّغُكُم مَّا أُرْسِلْتُ بِهِ وَلَٰكِنِّي أَرَاكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُونَ ۝ فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هَٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۚ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُم بِهِ ۖ رِيحٌ فِيهَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ بِأَمْرِ رَبِّهَا فَأَصْبَحُوا لَا يُرَىٰ إِلَّا مَسَاكِنُهُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ ۝ وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِن مَّكَّنَّاكُمْ فِيهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَأَبْصَارًا وَأَفْئِدَةً فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَا أَبْصَارُهُمْ وَلَا أَفْئِدَتُهُم مِّن شَيْءٍ إِذْ كَانُوا يَجْحَدُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝	اور (اے پیغمبر ؐ) عاد کے بھائی (ہود) کو یاد کر جب اسنے اپنی قوم کو احقاف میں ڈرایا اور اس سے پہلے اور اسکے بعد کئی ڈرانیوالے پیغمبر گذر چکے (اسنے کہا) اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہ پوجو میں ڈراتا ہون تمکو (کہین) بڑے دن کا عذاب نہ ہو انہون نے (جواب مین) کہا کیا تو اس لیئے ہمارے پاس آیا ہی کہ ہمکو ہمارے دیوتاؤن سے پھیر دے اگر تو سچا ہی تو جس (عذاب) کا ہمسے وعدہ کرتا ہی وہ ہمپر لے آ ہود ؑ نے کہا (عذاب) کا علم تو اللہ ہی کو ہی اور مین تو جو پیغام دیکر بھیجا گیا وہ تم کو پہونچائے دیتا ہون مگر مین دیکھتا ہون تم لوگ جہالت کر رہی ہو (آخر) انپر عذاب آن پہونچا جب انہون نے ایک ابر دیکھا جو انکے میدانون پر امنڈا آرہا تھا تو کہنے لگے یہ ابر ہمپر برستا معلوم ہوتا ہے بلکہ یہ وہ (عذاب) ہی جسکی تم جلدی مچا رہی ہو آندہی ہی جسمین تکلیف کا عذاب ہی یہ آندہی اپنے مالک کے حکم سے ہر چیز کو برباد کر دیگی پھر (ایسا ہی ہوا) وہ لوگ ایسے (تباہ) ہو گئے کہ انکے گھرونکے سوا اور کچھ نظر ہی نہین آتا تھا ہم گناہگارونکو ایسے ہی سزا دیتے ہین اور ہم نے عاد کے لوگونکو وہ مقدور دیا تھا جو تم کو (اے مکہ کے کافرو) نہین دیا اور ہم نے انکو کان اور آنکھین اور دل (سب) دیے تھے لیکن چونکہ وہ اللہ کی آیتونکا انکار کرتے تھے تو انکے کان اور آنکھین اور دل کچھ انکے کام نہ آئے اور جس (عذاب) کا وہ ٹھٹھا اوڑاتے تھے وہی انپر
۲۷	الذّٰریٰت ۵۱	۲	وَفِي عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ الْعَقِيمَ ۝ مَا تَذَرُ مِن شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيمِ ۝	اور عاد کی قوم مین (بھی) نشانی ہی جب انپر بربادکرنے والی آندہی بھیجی جس چیز پر وہ آندہی پہونچتی اُسکو (باقی) نہ چھوڑتی (ہر) چرمرکر ڈالتی۔
〃	النجم ۵۳	۳	وَأَنَّهُ أَهْلَكَ عَادًا الْأُولَىٰ ۝	اور یہ کہ اُسی نے پہلے عاد کی قوم کو تباہ کیا۔
〃	القمر ۵۴	۱	كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۝ تَنزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنقَعِرٍ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝	عاد کی قوم والون نے بھی (پیغمبر ؑ کو) جھٹلایا پھر میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا (سخت) ہوا ہمنے انپر کرکرائی ٹھنڈی آندہی ایسے منحوس دن مین بھیجی جسکی نحوست (انکے مرنیتک) قائم رہی وہ آندہی لوگونکو اس طرح (اکھیڑ کر) پھینکتی گویا وہ اکھڑے ہوئے کھجور کے درختونکی جڑین ہین تو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا (سخت) ہوا۔
۲۹	الحاقۃ ۶۹	۱	وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُومًا ۖ فَتَرَى الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعَىٰ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ فَهَلْ تَرَىٰ لَهُم مِّن بَاقِيَةٍ ۝	اور عاد بہت ٹھنڈے زناٹے کی آندہی سے تباہ کیے گئے برابر سات راتین اور آٹھ دن (یہ ستارتین اور آٹھ منحوس دن) انپر ہوا چلائی تو (اگر اسوقت ہوتا تو) دیکھتا وہ لوگ اس آندہی مین اس طرح مرے ہوئے پڑے تھے جیسے کھجور کے کھوکھل ٹھنڈ (ہوتے) پھر تو دیکھتا ہی انمین سے

فَأْتِ بِآيَةٍ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝
قَالَ هَٰذِهِ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ
شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ۝ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ
فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ فَعَقَرُوهَا
فَأَصْبَحُوا نَادِمِينَ ۝ فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ
إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم
مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝
وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا
أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ فَإِذَا هُمْ فَرِيقَانِ يَخْتَصِمُونَ ۝
قَالَ يَا قَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُونَ بِالسَّيِّئَةِ
قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۖ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُونَ اللَّهَ
لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَ
بِمَن مَّعَكَ ۚ قَالَ طَائِرُكُمْ عِندَ اللَّهِ بَلْ
أَنتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُونَ ۝ وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ
تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَ
لَا يُصْلِحُونَ ۝ قَالُوا تَقَاسَمُوا بِاللَّهِ
لَنُبَيِّتَنَّهُ وَأَهْلَهُ ثُمَّ لَنَقُولَنَّ لِوَلِيِّهِ مَا
شَهِدْنَا مَهْلِكَ أَهْلِهِ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝
وَمَكَرُوا مَكْرًا وَمَكَرْنَا مَكْرًا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝
فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۖ أَنَّا
دَمَّرْنَاهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ فَتِلْكَ
بُيُوتُهُمْ خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوا ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ
لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ وَأَنجَيْنَا الَّذِينَ
آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ۝

وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنَاهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمَىٰ
عَلَى الْهُدَىٰ فَأَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ
الْهُونِ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ وَنَجَّيْنَا
الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ۝

وَفِي ثَمُودَ إِذْ قِيلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوا حَتَّىٰ
حِينٍ ۝ فَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ فَأَخَذَتْهُمُ
الصَّاعِقَةُ وَهُمْ يَنظُرُونَ ۝ فَمَا اسْتَطَاعُوا

اگر سچا ہی تو کوئی نشانی بتلا جس سے ہم جانین کہ تو سچا پیغمبر ہی) صالح نے کہا (لو) یہ اونٹنی (خدا تعالیٰ کی بڑی نشانی) ہی ایک دن (بستی کا) پانی پیگی ایک دن تمہارا مقرر ہی تم پیو (اور اپنے جانورونکو پلاؤ) اور (دیکھو خیال رکھو) کہین اسکو ستانا نہین پھر بڑے دن کا عذاب تمکو آلیوے آخر انہون نے (نہ مانا) اونٹنی کو زخمی کیا پھر شرمندہ ہوئے پھر عذاب انکو آلیوے بیشک اس واقعہ مین (خدا کی قدرت کی) نشانی ہی اور صالح ع کی قوم کے لوگ اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تیرا مالک زبردست ہے اور رحم کرنیوالا ہی اور ہم نے ثمود کی قوم کیطرف صالح ع کو بھیجا تھا کہ (اللہ تعالیٰ کو پوجو پھر وہ یکایک (صالح ع کی سمجھاتے ہی) دو گروہ ہوکر جھگڑنے لگے صالح ع نے (جھٹلانیوالے گروہ سے) کہا بھائیو تم بھلائی سے پہلے برائی کی کیون جلدی مچاتے ہو تم اللہ سے بخشش کیون نہین مانگتے کہ تمپر رحم ہو (اور عذاب سے بچو) کہنے لگے ہمنے تو تجھ کو اور تیرے ساتھ والونکو منحوس قدم پایا صالح ع نے کہا (نحوست وخوست واہیات ہی) تمہاری بری قسمت اللہ تعالیٰ کے اختیار مین ہی بات یہ ہی کہ (اللہ تعالیٰ کیطرف سے) تم لوگون کو آزمایش ہو رہی ہی اور اس شہر مین نو آدمی ایسے تھے جو ملک مین فساد مچاتے تھے اور سنوارنے کی نیت نہ رکھتے تھے انہون نے کہا (آؤ جی) سب ملکر اللہ تعالیٰ کی قسم کہاؤ ہم رات کو صالح ع اور اسکے گھر والونپر چھاپہ مارینگے (شبخون کرینگے) پھر (جب دریافت ہوگی تو) اسکے وارث سے کہدینگے ہم تو صالح ع کے گھر والے جب مار دیگئے اسوقت موجود ہی نہ تھے اور ہم سچ کہتے ہین اور انہون نے ایک داؤن کیا اور ہمنے بھی ایک داؤن کیا اور انکو (ہمارا داؤن) معلوم ہی نہ تھا پھر (اے پیغمبر ہم) دیکھہ (انکے داؤن کا کیا انجام ہوا ہمنے ان (نو) کو اور انکی قوم کو سب کو تباہ کر دیا تو یہ انکے گھر ہین جو انکے گناہ کی وجہ سے خالی (ویران) پڑے ہین بیشک اس (واقعہ) مین جاننے والون کے لیے (خدا کی قدرت کی) نشانی ہی اور جو لوگ ایمان لائے اور (خدا سے) ڈرتے تھے انکو ہم نے بچا دیا۔

اور ثمود کو ہمنے راہ بتلا دی لیکن انہون نے سیدھا رستہ چھوڑ کر گمراہی پسند کی آخر انکے (بری) کاموں کی وجہ سے ذلت کی مہلک عذاب نے انکو پکڑ لیا اور جو لوگ ایماندار اور پرہیزگار رہتے اُن کو ہم نے بچا دیا۔

اور ثمود کی قوم مین (بھی نشانی چھوڑی ہی) جب انہون نے اونٹنی کو زخمی کیا اور انکو کہدیا گیا ایک وقت تک مزے کا مزہ اٹھا لو (یعنے تین دن تک) غرض انہون نے اپنے مالک کے حکم سے سرتابی کی آخر بجلی نے انکو دبوچ لیا پھر (عذاب آیا

لَغَيْرُ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ۝ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ۝ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ۝ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ۝

وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝ وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ۝ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ۝ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ ۝ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۝ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا

اس رستی میں شک ہی جدہر تو بلاتا ہی اسپر دل نہیں جمتا صالح ع نے کہا بھائیو بتلاؤ تو سہی اگر مجھکو میرے مالک کی طرف سے ایک کھلی سند ملگئی ہو اور اسنے مجھ کو اپنی مہربانی سے سرفراز کیا ہو پھر میں اُسکی نافرمانی کروں تو مجھ کو خدا سے کون بچائے گا تو تم سے یہی فائدہ ہی کہ مجھ کو اور نقصان دینا چاہتے ہو اور بھائیو یہ خدا کی اونٹنی تمہارے لیے ایک نشانی ہی تو اسکو چھٹا رہنے دو وہ اللہ کی زمین میں چرتی پھرے اور اس کو دست ستاؤ نہیں تو جلدی سی تم کو عذاب آلگے گا آخر انہوں نے اُس اونٹنی کو زخمی کیا تب صالح ع نے کہا تین دن اور اپنے گھر میں چین کرلو یہ وہ وعدہ ہی (خدا کا) جو جھوٹا نہیں ہوسکتا پھر جب ہمارا عذاب آن پہونچا تو ہمنے صالح ع اور اُسکے ساتھ کے ایماندار لوگوں کو اپنی مہربانی سی بچا دیا اور اُسدن کی رسوائی سی (اُن کو محفوظ رکھا) بیشک تیرا مالک (بڑی) قت والا ہی زبردست اور (جو تہے دن ظالموں کو چنگھاڑ (زور کی چیخ) نے دبالیا تو اپنے گھروں میں (مرکر) اوندہے پڑے رہگئے (اور ایسے مرمٹے) گویا وہاں بسے ہی نہ تہے سن لو ثمود کے لوگوں نے اپنے مالک کو نہ مانا سن لو ثمود کے لوگ راندے گئے۔

اور (اسیطرح) حجر کے رہنے والے بہی پیغمبروں کو جھٹلا چکے ہیں اور ہمنے انکو اپنی نشانیاں دین پہر بہی انہوں نے اُنمیں کچھ خیال نہ کیا اور وہ پہاڑوں کو تراش کر ایسے گھر بناتے تہے جنمیں انکو ڈر نہ رہتا آخر صبح کیوقت انکو چنگھاڑ نے آدبایا پھر جو کچھ وہ کرتے تہے (یعنے مضبوط گھر کہیتی مال دولت وغیرہ) کچھ انکے کام نہ آیا۔

ثمود کی قوم نے (بہی) پیغمبروں کو جھٹلایا جب انکے بہائی صالح ع نے انسے کہا کیا تم (خدا تعالے سے) نہیں ڈرتے میں تمہارا سچا پیغمبر (امانتدار) ہوں تو اللہ تعالے سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور میں اس (نصیحت کرنے) پر تم سے کچھ نیگ نہیں چاہتا میرا نیگ تو بس اُسی پر ہی جو سارے جہان کا مالک ہی کیا تم (یہ سمجھتے ہو کہ) جو (چیزیں) یہاں (دنیا میں) ہیں باغ اور چشمے اور کہیت اور کہجور کے درخت جنکے گابہ نازک اُنمیں (ہمیشہ) چین سی چہوڑ دیے جاؤگے اور فرغت سی پہاڑوں میں تم اترکر گہر بناتے رہوگے تو اللہ تعالے سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور جو لوگ حد سے بڑہ گئے ہیں ملک میں دہند مچاتے ہیں اور سنوارتے نہیں انکا کہنا مت سنو وہ کہنے لگے (صالح) تجہہ پر کسی نے جادو کردیا ہے تو ہماری طرح ایک آدمی ہے اور کچھ نہیں

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا ۚ إِنَّا دَمَّرْنَاهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِينَ ۝
تو دیکھ لے پیغمبر (ہم) دیکھ گنہگاروں کا انجام کیا ہوا۔

۷ وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَقَالَ هَٰذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ ۝ وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ إِلَيْهِ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوا يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ ۚ قَالَ يَا قَوْمِ هَٰؤُلَاءِ بَنَاتِي هُنَّ أَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَلَا تُخْزُونِ فِي ضَيْفِي ۖ أَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ ۝ قَالُوا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنْ حَقٍّ وَإِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيدُ ۝ قَالَ لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ ۝ قَالُوا يَا لُوطُ إِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَصِلُوا إِلَيْكَ فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا امْرَأَتَكَ ۖ إِنَّهُ مُصِيبُهَا مَا أَصَابَهُمْ ۚ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ۚ أَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيبٍ ۝ فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِنْ سِجِّيلٍ ۝ مَنْضُودٍ ۝ مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ۖ وَمَا هِيَ مِنَ الظَّالِمِينَ بِبَعِيدٍ ۝

اور جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لوط کے پاس پہونچے تو اُسکو (انکا آنا) ناگوار گذرا اور دل مین رک گیا اور کہنے لگا یہ تو بڑا سخت دن ہے اور اُسکے قوم کے لوگ اُسکے پاس دوڑتے آئے اور وہ پہلے ہی سے برے کام کیا کرتے تھے لوط نے کہا بھائیو میری بیٹیان موجود ہین وہ تمہارے لیے پاکیزہ ہین تو خدا سے ڈرو اور میرے مہمانون مین مجھکو ذلیل نہ کرو کیا تم مین کوئی ایک بھی بھلا آدمی نہین وہ (مردود) کہنے لگے تو تو جانتا ہی ہم کو تیری بیٹیونکی کوئی خواہش نہین ہی اور تو جانتا ہی ہم جو کرنا چاہتے ہین لوط نے کہا کاش اگر مجھ کو کچھ زور ہوتا یا کسی زبردست کنبے کا آسرا ہوتا کہنے لگے لوط ہم تیرے مالک کے بھیجے ہوئے (فرشتے) ہین وہ ہرگز تیرے پاس تک پہنچ سکینگے تو اپنے گھر کے لوگونکو لیکر کچھ رات رہے چلدے اور تم مین سے کوئی پیچھے مڑکر نہ دیکھے اگر تیری جورو اُسکو بھی وہی عذاب ہوگا جو ان لوگونکو ہوگا ان کی ہلاکت کا وعدہ صبح کو ہے کیا صبح نزدیک نہین ہے پھر جب ہمارا عذاب آن پہونچا ہم نے اُس کے اوپر کا حصہ تلے ڈالا اور ہم نے اُس پر کھڑ کے پتھر کے تہ بر تہ تیرے مالک کے پاس بنے ہوئے برسائے اور ایسے پتھر برسنا ظالمون سے دور نہین ہین۔

۸ وَلَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَىٰ قَالُوا سَلَامًا ۖ قَالَ سَلَامٌ ۖ فَمَا لَبِثَ أَنْ جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ ۝ فَلَمَّا رَأَىٰ أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً ۚ قَالُوا لَا تَخَفْ إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمِ لُوطٍ ۝ وَامْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحَاقَ وَمِنْ وَرَاءِ إِسْحَاقَ يَعْقُوبَ ۝ قَالَتْ يَا وَيْلَتَىٰ أَأَلِدُ وَأَنَا عَجُوزٌ وَهَٰذَا بَعْلِي شَيْخًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيبٌ ۝ قَالُوا أَتَعْجَبِينَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ ۖ رَحْمَتُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ ۚ إِنَّهُ حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۝ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الرَّوْعُ وَجَاءَتْهُ الْبُشْرَىٰ يُجَادِلُنَا فِي قَوْمِ لُوطٍ ۝ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ مُنِيبٌ ۝ يَا إِبْرَاهِيمُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا ۖ إِنَّهُ قَدْ جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ وَإِنَّهُمْ آتِيهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُودٍ ۝

۱۴ الحجر ۵

پھر جب بھیجے ہوئے (فرشتے) لوط کے خاندان کے پاس آئے لوط نے کہا تم تو بیگانے ہو وہ کہنے لگے بلکہ جس (عذاب) مین یہ لوگ شک کرتے تھے ہم وہی (عذاب) لیکر آئے ہین اور ہم سچ ہونیوالی بات لیکر تیرے پاس آئے ہین اور ہم سچے ہین تو کچھ رات رہے اپنے گھر والونکو لیکر (یہان سے) چلدے اور تو سب کے پیچھے چلیو اور تم مین سے کوئی (پیچھے) مڑکر نہ دیکھے اور جہان تم کو حکم ہے وہین (سیدھے) چلے جاؤ اور ہم نے لوط کو اس بات کا فیصلہ کہدیا کہ صبح کو ان لوگون کی جڑ بنیاد کٹ جائے گی اور شہر (سدوم) والے لوگ خوشیان مناتے آئے (اور بدفعلی کا قصد کیا) لوط نے کہا یہ میرے مہمان ہین تو مجھ کو رسوا نہ کرو اور خدا سے ڈرو مجھ کو بےعزت نہ کرو وہ کہنے لگے کیا ہم تجھ کو جہان کے لوگون سے منع نہین کر چکے ہین لوط نے کہا اگر تم کو ایسا ہی کرنا ہے تو یہہ

			مِنْ دِيَارِهِمْ وَمَا كَانُوا مُسْتَوْرِينَ ۝	(بچا کے گئے کیا) نہ (ہمارے) عذاب کو روک سکے۔
۲۷	النجم ۵۳	۳	وَثَمُودَ فَمَا أَبْقَىٰ ۝	اور ثمود کو بھی اور ... ان دونوں میں سے کسی کو بھی) باقی نہ رکھا۔
″	القمر ۵۴	۲	كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِالنُّذُرِ ۝ فَقَالُوا أَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهُ ۝ إِنَّا إِذًا لَّفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ۝ أَأُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِن بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ ۝ سَيَعْلَمُونَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْأَشِرُ ۝ إِنَّا مُرْسِلُو النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ۝ وَنَبِّئْهُمْ أَنَّ الْمَاءَ قِسْمَةٌ بَيْنَهُمْ ۖ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ۝ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ فَعَقَرَ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ۝	ثمود نے ڈرانیوالوں کو جھٹلایا کہنے لگے کیا ہم اپنے ہی میں سے ایک اکیلے آدمی کے کہنے پر چلیں ایسا کریں تو ہم گمراہ اور پاگل ٹھہرے (تعجب کی بات یہی) ہم (سب ہوتے سوائے) ایک اسی پر وحی اتری ہمیں بات یہ ہے وہ جھوٹا ہی لپاٹیا ہے (ہمنے صالح ؑ سے کہا) کل کو معلوم ہو جائیگا کون جھوٹا لپاٹیا ہے (انہوں نے جیسے قریش کی اسطرح) ہم انکے آزمانے کو اونٹنی بھیجیں گے تو بھی کوٹکتا رہ اور (انکے ستانے پر) صبر کیے رہ اور انکو جتلا دے کہ پانی انمیں (اور اونٹنی میں) بٹ گیا ہے ہر کوئی اپنے وقت پر پانی لینے آئے انہوں نے کیا کیا اپنے ساتھی (قدار) کو بلایا اسنے (تلوار کا) ہاتھ چلایا اور (اونٹنی کو) ہنسی کر ڈالا آخر میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا (آیا تھا) نکلا ہمنے انپر ایک چیخ کا عذاب بھیجا (حضرت جبرئیل ؑ کی چیخ کار) وہ روندی ہوئی باڑہ کیطرح (پیوند ہو کر) رہ گئے۔
۲۵	الحاقة ۶۹	۱	فَأَمَّا ثَمُودُ فَأُهْلِكُوا بِالطَّاغِيَةِ ۝	پھر ثمود تو ایک چنگاڑ (یا زلزلے) سے کھپائے گئے۔
۳۰	البروج ۸۵	۱	هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ۝ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ ۝	(اے پیغمبر ص) تجھکو کیا لگے (کافر) فوجوں فرعون اور ثمود کا قصہ پہونچا ہے
″	الفجر ۸۹	۱	وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝	اور ثمود کے ساتھ (کیا کیا) جنہوں نے وادی القری میں پہاڑ کو تراشا تھا
″	الشمس ۹۱	۱	كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا ۝ إِذِ انبَعَثَ أَشْقَاهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ نَاقَةَ اللَّهِ وَسُقْيَاهَا ۝ فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا ۝ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُم بِذَنبِهِمْ فَسَوَّاهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبَاهَا ۝	ثمود کی قوم والوں نے اپنی شرارت سے (پیغمبر صالح ؑ کو) جھٹلایا جب انمیں بڑا بدبخت شخص اٹھ کھڑا ہوا پھر اللہ تعالیٰ کے پیغمبر (صالح ؑ) نے انسے کہا اللہ تعالیٰ کی اونٹنی کو چھوڑ دو اور اسکو اپنی باری میں پانی پینے دو لیکن انہوں نے پیغمبر ؑ کو جھٹلایا اور اونٹنی کو مار ڈالا آخر انکے مالک نے انکے گناہ پر انکو الٹ مارا پھر انکو پورا غارت کر دیا اور اسکو ڈر نہیں انکا جو انجام ہوا۔

قصہ ۶۷ لوط علیہ السلام

باب ۶۷ حضرت لوط ؑ کے حالات اور موتفکات کا بیان

۸	الاعراف ۷	۱۰	وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُم بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِّنَ الْعَالَمِينَ ۝ إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّن دُونِ النِّسَاءِ ۚ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُونَ ۝ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا أَخْرِجُوهُم مِّن قَرْيَتِكُمْ ۖ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ ۝ فَأَنجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ ۝ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَرًا	اور (اے پیغمبر ص) لوط ؑ کو یاد کر جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کیا تم وہ بیشرمی کا کام کرتے ہو جو تم سے پہلے سارے جہان میں کسی نے نہیں کیا بیشک تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے اپنی خواہش بیہمانہ کو لگا کرتے ہو بلکہ تم اجانور سے بھی) بڑھ گئے ہو اور اس کی قوم نے بس یہی جواب دیا کہنے لگے لوط اور اسکے لوگوں کو اپنی بستی سے باہر نکالو یہ لوگ پاکیزہ (اور مقدس) بننا چاہتے ہیں پھر ہم نے لوط ؑ اور اس کے گھر والوں کو بچا لیا صرف اسکی بی بی رہنے والوں میں رہ گئی اور ہم نے اون پر پتھراؤ کیا پتھراؤ

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ۝ فَمَا كَانَ جَوَابَ
قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ
مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ۝
فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنٰهَا
مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ
مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝

سچ یہ ہے کہ تم بڑے بے وقوف ہو پھر اُسکی قوم نے کچھ جواب دیا بجز یہ
کہنے لگے لوط ع کے گھر والونکو اپنی بستی سے نکال باہر کرو کیونکہ وہ لوگ
پاکیزہ (اور مقدس) بننا چاہتے ہین آخر ہمنے لوط ع اور اُسکے گھر والونکو
(عذاب سے) بچالیا مگر اُس کی بی بی جسکے حصے مین ہم نے رہجانا رکھدیا
تہا اور اُسکی قوم پر ہمنے پتھرونکا برساؤ کیا تو اُنلوگونکا برساؤ جو
(عذاب سے) ڈرائے گئے تہے کیا برا برساؤ تہا۔

۲۰	العنکبوت ۲۹	۳	وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ
الْفَاحِشَةَ ۖ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ
الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَ
تَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ
الْمُنْكَرَ ۭ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ
قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ
الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى
الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ۝
″	″	۴	وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ
وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَ
لَا تَحْزَنْ ۡ اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا
امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ اِنَّا
مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا
مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝ وَلَقَدْ
تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝
۲۳	والصّٰفّٰت ۳۷	۴	وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَ
اَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ۝ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ۝
ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ۝ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ
عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ۝ وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝
۲۷	النجم ۵۳	۳	وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ۝ فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ۝
″	القمر ۵۴	۲	كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۭ بِالنُّذُرِ ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَا
عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ۭ نَجَّيْنٰهُمْ
بِسَحَرٍ ۝ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ۭ كَذٰلِكَ
نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ۝ وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ
بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ۝

اور لوط ع (کو بھی بھیجا) جب اُنہنے اپنی قوم والون سے کہا تم تو ایسی
بے شرمی کا کام کرتے ہو جو تم سے پہلے سارے جہان مین کسی نے نہین کیا
(لواطت اور لونڈی بازی) کیا تم (عورتونکو چھوڑکر) مردونسے صحبت
کرتے ہو اور رستہ لوٹتے ہو (مسافرونکو ستاتے ہو) اور اپنی مجلس مین
برا کام کرتے ہو پھر اُسکی قوم نے (ان باتونکا) کوئی جواب نہین دیا
بھی کہنے لگے اگر تو سچا ہے تو اسہ تم کا عذاب ہمپر لے آ لوط ع
نے (عاجز ہوکر) دعا کی یا میرے خدا ان فسادی لوگونپر میری
مدد کر (انکو تباہ اور برباد کر یہ ماننے والے نہین)۔

اور جب ہمارے فرشتے لوط ع کے پاس پہونچے تو وہ اُن (کے آنے)
سے ناخوش ہوا اور اُسکا دل تنگ ہوگیا اور فرشتے کہنے لگے تو ڈر
نہین اور رنج نہ کر ہم تجھکو اور تیرے گھر والون کو (عذاب سے) بچاوینگے
البتہ تیری جورو رہنے والونمین شریک ہی (وہ عذاب مین مبتلا ہوگی)
ہم اس بستی والون پر اُن کے بُرے کامون کی سزا مین آسمان سے
عذاب اتارین گے (پتھر برسائین گے) اور ہمنے عقلمند لوگون کے لیئے
اس بستی مین سے ایک کھلا نشان چھوڑ دیا ہے۔

اور لوط بیشک پیغمبرون مین سے تہا جب ہم نے اُسکو اور اُسکے
گھر والے سب کو (عذاب سے) بچا دیا مگر ایک بڑہیا (لوط ع کی بی بی)
جو رہجانیوالونمین (رہگئی) تہی پھر دوسرے (سب) لوگونکو ہمنے تباہ کردیا
اور تم تو صبح کو اور (کبھی) رات کو اُنپر سے گذرتے رہتے ہو کیا تم کو عقل نہین

اور لوط ع کی بستیون (موتفکہ) کو بھی) اُسی نے الٹ مارا پھر اُنپر جو تباہی آنی تہی وہ آئی

لوط کی قوم والون نے بھی ڈرانیوالون (پیغمبرون) کو جھٹلایا ہمنے
پتھراؤ کیا مگر لوط ع کے لوگونپر (جو ایماندار رہتے) احسان کرکے ہمنے
صبح سویرے ہی اُنکو (وہانسے نکالکر) بچا دیا جو ہمارا شکر کرتے ہین ہم انکو ایسا ہی بدلہ دیتے ہین اور لوط ع نے (عذاب آنے سے
پہلے ہی) انکو ہماری پکڑ سے ڈرایا تہا مگر وہ ڈرانے مین لگے شک کرنے اور

۹۱ الشمس	۱	وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝	۱۷ سورج کی اور اُسکی روشنی (دھوپ) کی قسم اور چاند کی قسم جب سورج کے پیچھے نکلے اور دن کی قسم جب وہ سورج کو روشن کرے اور رات کی قسم جب وہ سورج کو ڈھانپ لے اور آسمان کی قسم اور اُسکی جسنے اُسکو بنایا اور زمین کی قسم اور اُسکی جسنے اُسکو بچھایا اور (آدمی کی) جان کی اور جسنے اُسکو بنایا اُسکی پھر اُسکی بری اور اچھی دونو باتین اُسکو بتلادین۔
۹۲ اللیل	۱	وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝	۱۸ رات کی قسم جب وہ چھا جائے اور دن کی قسم جب وہ روشن ہو جائے اور اُس (خدا) کی قسم جسنے نر اور مادہ بنائے۔
۹۳ الضحیٰ	۱	وَالضُّحٰى ۝ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝	۱۹ چاشت کے وقت کی قسم اور رات کی قسم جب ڈھانپ لے۔
۹۵ التین	۱	وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝	۲۰ قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی اور طور سینین (پہاڑ) کی اور اس امن والے شہر (مکہ کی)۔
۱۰۰ العدیٰت	۱	وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝	۲۱ قسم ہے (غازیونکی) دوڑنے والے گھوڑون کی جو دوڑنے مین آواز نکالتے ہین پھر ٹاپ مار کر پتھرون سے چنگاڑیان اڑاتے ہین پھر صبحی صبح (دشمن پر) چھاپا مارتے ہین پھر اُس وقت گرد اڑاتے ہین پھر (دشمنونکی) فوج مین گھس جاتے ہین۔
۱۰۳ والعصر	۱	وَالْعَصْرِ ۝	۲۲ عصر کے (وقت کی) قسم۔

الامثال ۹۸

باب ۹۸ کہاوتون اور مثلون کا بیان

۲ البقرة	۲	مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۝ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ	۱ اُنکی کہاوت (مثل) اُس شخص کی سی ہے جسنے (اندھیری رات مین جنگل مین رات کو) آگ سلگائی جب اُس آگ نے اُسکے چاروں طرف روشنی پھیلائی (اور راہ دکھلائی) تو

۱۳	الرعد	۲	أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ ۝
۱۳	ابراہیم	۳	مَّثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ لَّا يَقْدِرُونَ مِمَّا كَسَبُوا عَلَىٰ شَيْءٍ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ۝
〃	〃	۴	أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ ۝ تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِن فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِن قَرَارٍ
۱۴	النحل	۷	لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ وَلِلَّهِ الْمَثَلُ الْأَعْلَىٰ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ
〃	〃	۱۰	فَلَا تَضْرِبُوا لِلَّهِ الْأَمْثَالَ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوكًا لَّا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَمَن رَّزَقْنَاهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَجَهْرًا هَلْ يَسْتَوُونَ ۖ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَهُوَ كَلٌّ عَلَىٰ مَوْلَاهُ أَيْنَمَا يُوَجِّههُّ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ هَلْ يَسْتَوِي هُوَ وَمَن

اسی نے آسمان سے پانی برسایا پھر اپنے اپنے اندازہ کے موافق نالے بہ نکلے پھر پولا ہوا جھاگ پانی کے ریلے نے (پانی کے) اوپر اوپر اٹھا لیا اور جن چیزوں کو زیور یا اور سامان بنانے کے لیے آگ میں تپاتے ہیں اُن میں بھی پانی کی جھاگ کی طرح پھین (کھوٹ) نکلتا ہے اللہ تعالیٰ حق اور باطل کی مثال بیان فرماتا ہے تو پھین (جھاگ باطل کی طرح ہے) وہ سوکھ کر مٹ جاتا ہے اور جو لوگوں کے کام آتا ہے وہ زمین میں قائم رہتا ہے اللہ (لوگوں کو سمجھانے کے لیے) ایسی مثالیں بیان فرماتا ہے۔

جن لوگوں نے اپنے مالک (خدا) کو نہ مانا اُنکے اعمال کا حال اُس راکھ کی طرح ہے جسپر آندھی کے دن زور کی ہوا چلے وہ جو انہوں نے (دنیا میں) کیا اُسمیں سے کچھ (آخرت میں) نہ پائیں گے یہی پرلے سرے کی تباہی ہے۔

(اے پیغمبر) کیا تو نے اسپر خیال نہیں کیا اللہ نے کلمہ طیبہ (اچھی بات) کی مثال کیسی بیان کی ایک پاکیزہ درخت سی جس کی جڑ مضبوط ہے اور شاخیں آسمان میں (یعنے اوپر کی طرف) اپنے مالک کے حکم سے ہر موسم پر میوہ دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ لوگوں سے مثالیں اسلیے بیان کرتا ہے کہ وہ سوچیں سمجھیں اور کلمہ خبیثہ کی (ناپاک گندی بات شرک اور کفر کی) مثال اُس پلید درخت کی سی ہے جو زمین کے اوپر ہی اوپر سے اوکھاڑ لیا جاتا ہے اُس کا جماؤ ہی نہیں۔

جو لوگ آخرت کا یقین نہیں رکھتے انہی کو ایسی بُری باتیں سجتی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی تو وہ صفت ہے جو سب سے عمدہ اور درجہ بدرجہ ہے

تو اللہ کے لیے (دنیا والوں کی طرح) مثالیں نہ بیان کرو اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے اللہ تعالیٰ ایک مثال بیان کرتا ہے ایک شخص غلام ہے دوسرے (بندے) کی ملک جو کسی بات کا اختیار نہیں رکھتا اور ایک شخص وہ ہے جسکو ہمنے اپنے پاس سے اچھی دولت دے رکھی ہے وہ چھپا کر اور کھلے اُسمیں سے خرچ کرتا رہتا ہے کیا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں سب تعریف اللہ کی ہے لیکن (بات یہ ہے) اُن میں اکثر لوگ (ان باتوں کو) نہیں جانتے اور اللہ ایک اور (مثال) بیان فرماتا ہے دو مردوں میں ایک اُن میں گونگا ہے جو کچھ بھی ہوتا ہے وہ (غلام ہے) کچھ نہیں کر سکتا اپنے مالک پر بوجھ ہے جہاں کہیں اسے بھیجتا ہے کوئی کام بنا کر نہیں لاتا کیا یہ شخص

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ
مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ
كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ
اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ
فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ اَيَوَدُّ
اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ
وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ
لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ
الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۠ فَاَصَابَهَآ
اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ
يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝

اور جو لوگ خدا تعالیٰ کی رضامندی چاہنے کو دلوں میں ایمان کی کہہ
اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں انکی مثال ایک باغ کی سی ہے جو
ایک ٹیلے پر معہ لیعنے بلند زمین پر) واقع ہو زور کا مینہ پڑا تو دونا
میوہ پیدا ہوا اگر زور کا مینہ نہ پڑا تو پھوار اور اللہ تعالیٰ تمہارے
کاموں کو دیکھ رہا ہے کیا تم میں سے کوئی بھی یہ بات پسند
کرے گا کہ اسکا ایک باغ ہو کھجور اور انگور کا اسکے نیچے نہریں
بہ رہی ہوں اور ہر طرح کے میوے اسکو میسر ہوں اور بڈھا
ہو گیا ہو اسکے چھوٹے چھوٹے بال بچے ہوں (یا نا توان بچے
اور عورتیں) ایک دم اس باغ کو آگ بگولا ماری اور باغ جل جائے
اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنے آئین تم سے بیان کرتا ہے اس لیئے
کہ تم غور کرو۔

۴	۱۲	مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝
۹	۲۲	فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ سَآءَ مَثَلًا ۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۝
یونس	۳	اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝
ہود	۳	مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝

یہ لوگ (یعنے کافر) دنیا کی اس زندگی میں جو خرچ کرتے ہیں
اسکے تلف ہونے کی مثال ایسی ہے جیسے ہوا جسمیں پالا ہو
(یعنے سردی) وہاں لوگوں (بدکاروں) کی کھیت پر چلی جنہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا
اور اسکو (یعنے سارے کھیت کو) غارت کر دی اور اللہ تعالیٰ نے اُنپر ظلم نہیں کیا وہ اپنے اوپر آپ ظلم کیا

تو اسکی مثال کتے کی طرح ہے اگر تو اسکو ڈانٹ کر نکالے تب بھی
زبان لٹکائے رہے یا اگر اسکو چھوڑ دے تب بھی زبان لٹکائے رہے
یہی مثال ہے اُن لوگوں کی جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو
(اے پیغمبر) یہہ قصے انکو سناؤ تاکہ وہ سوچیں جن لوگوں نے
ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور (اُس جھٹلانے سے) اپنا ہی بگاڑ کرتے
رہے اُن کی مثال بُری ہے

دنیا کی زندگی کی مثال ایسی ہے جیسے ہمنے آسمان سے پانی برسایا
پھر زمین کا سبزہ اسکی وجہ سے (خوب) گھنا ہوا نکلا کچھ آدمیوں کے
کھانے کا کچھ جانوروں کا یہاں تک کہ جب زمین نے اپنا بنگار
پورا کر لیا اور وہاں کے رہنے والے سمجھے کہ اب کیا ہی لے ڈالا
(ایک ہی بار) رات یا دن کو ہمارا عذاب اُسپر آن پہونچا ہم نے
کاٹ کر اسکو ایسا کر دیا جیسے کل وہاں کھیت ہی نہ تھا ایسے ہی
ہم سوچنے والوں کے لیئے اپنی آیتیں کھول کر
بیان کرتے ہیں۔

دونو فریقوں کی مثال ایسی ہے جیسے اندھے بہرے اور
دیکھنے سننے کی کیا دونو کا حال ایسا ہو کیا تم غور نہیں کرتے

			وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ۝ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ۝
۱۵	الکہف ۱۸	۶	وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝
۱۷	الحج ۲۲	۱۰	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۭ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـــًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۭ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ۝ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝
۱۸	النور ۲۴	۵	اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۭ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ۭ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْۗءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝
〃	〃	〃	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۢ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَاۗءً ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـــًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۭ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۭ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝

اور خدا کے سوا اُسکو کوئی لوگ ایسے نہیں ملے جو اُسکی (اس گاڑھے وقت میں) مدد کرتے اور نہ وہ آپ (اپنے لیئے) کچھہ کرسکا ایسے وقت پر سچے خدا ہی کی حکومت چلتی ہی (اور کسی سے کچھہ نہیں ہوسکتا) اُسکا ۱۵ اور (ان کافروں سے) دنیا کی زندگی کی ایک مثال بیان کر (دنیا کی زندگی اس) پانی کیطرح ہی جسکو ہمنے آسمان سے برسایا پھر اُسکی وجہ سے زمین کا سبزہ (خوب) گھن گیلا (اچھی طرح زور سے بڑھا گنجان ہوکر) پھر (چند ہی روز میں) سوکھا چورا ہوگیا جسے ہوائیں اڑاتی پھرتی ہیں اور اللہ سب کچھہ کرسکتا ہے ۱۶ لوگو (تمہارے سمجھانے کے لیئے) ایک مثال بیان کی جاتی ہے دل لگاکر سنو جن کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو وہ ہرگز ایک مکھی نہیں بنا سکتے گو اسکے (بنانے کے) لیئے (سب کے سب) اکٹھا ہوجائیں اور (خیر بنانا تو کجا) اگر کبھی اُنسے اوچک لے (چھین کر چلدی) تو (پھر) اُس سے وہ چیز چھڑا نہیں سکتے (وہ ہاتھہ کہاں آتی ہے) چاہنے والا اور جس سے چاہتے ہیں دونو بودی (کمزور) ان مشرکوں نے اللہ کا مرتبہ جیسا کرنا چاہیئے ویسا مرتبہ نہیں کیا بیشک اللہ تو طاقت والا زبردست ہے ۱۷ اللہ تعالہ آسمان اور زمین کا نور ہے اُسکے نور کی مثال ایسی ہی جیسے ایک طاق ہو طاق میں چراغ (روشن) ہو چراغ ایک شیشے میں ہو شیشہ (ایسا صاف ہی) گویا چمکتا ہوا (موتی کی طرح) تارا ہے وہ چراغ ایک مبارک درخت زیتون (کے تیل) سے سلگایا جاتا ہی جسکا رخ نہ پورب کی طرف ہے (کہ شام کو اُسپر دھوپ آئی) نہ پچھم کی طرف اُسکا تیل (چونکہ بہت صاف ہے تو) قریب ہے کہ آگ چھوائی بغیر (آپ ہی آپ) سلگ پڑے (غرض ایک نور نہیں بلکہ) نور علے نور ہی اور اللہ تعالہ جسکو چاہتا ہی اپنا نور بتلاتا ہی اور اللہ تعالہ لوگونکے (سمجھانیکے) لیئے مثالیں بیان کرتا ہی ۱۸ اور کافرونکے (نیک) اعمال (جیسے خیرات وغیرہ) اس چمکتے ریتے کی طرح ہیں جو چٹیل میدان میں ہو پیاسا (جنگل میں دور سے) اسکو پانی سمجھتا ہی جب اُسکے پاس آتا ہے تو اُسے کچھہ بھی نہیں پاتا اور وہ دیکھتا ہی تو کیا) خدا تعالہ کو اپنے پاس پاتا ہے وہ اُسکا حساب پورا چکا دیتا ہی اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے یا (اُنکے اعمال) گہرے سمندر کے اندھیرون کی طرح ہیں جسکو ایک موج نے ڈھانک رکھا ہی اُسکے اوپر ایک اور موج ہی اُسکے اوپر بادل (غرض) کئی اندھیرے ہیں ایک کے اوپر ایک اگر کوئی اپنا ہاتھہ نکالے (تو اسقدر اندھیرا ہے کہ) اُسکو دیکھہ نہ سکے اور جسے اللہ تعالہ (اپنی ہدایت کی) روشنی نہ دی اُسکو روشنی کہاں ملے گی

يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً
مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ
مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا
اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا
يَصْنَعُوْنَ ۝

(اور اے پیغمبر) ان لوگون سے اُن دو آدمیون کی نقل بیان کرو
اُن مین سے ایک کو ہمنے انگور کے دو باغ دیے تھے اور دونون کے گرد
کھجور کے درخت تھے اور بیچ مین کھیتی دونو باغون نے (خوب)
اپنا میوہ دیا اور میوے مین کوئی کمی نہین ہوئی اور باغون کے
بیچ مین ہمنے ایک نہر بھی بہادی اور اُسکے پاس پھل بھی تھے
اب اپنے ساتھی سے (دوسرے بھائی سے) جو مومن تھا) بات کرتے کرتے
بول اٹھا مین مال و دولت اور عزت و آبرو کے جتھے مین تجھسے کہیں
بڑھکر ہون اور (بھائی کے ہاتھہ مین) ہاتھہ دیکر اپنے باغ مین گیا
(وہان پہنچے اور اترانے کے لیئے) کہنے لگا مین نہین سمجھتا کہ یہ باغ کبھی
ویران ہوگا اور مین نہین سمجھتا کہ قیامت آئیگی اور (خیر بالفرض)
اگر (آئی) مجھ کو اپنے مالک کے پاس پھر جانا پڑا تو وہان لوٹکر اس سے بھی
بہتر (جائداد) پاؤنگا اُسکا ساتھی (مومن) باتین کرتے کرتے اُس سے
کہنے لگا (یہ کیا بکتا ہی) کیا تو اُس خدا (کی قدرت) سے منکر ہوگیا
جسنے تجھ کو مٹی سے بنایا پھر نطفہ سے (یعنی کی ایک بوند سے) پھر پورا مرد
تجھ کو کردیا لیکن مین تو یہی کہتا ہون وہی (ایک) اللہ میرا مالک
ہی اور مین اپنے مالک کے ساتھہ کسی کو شریک نہین بناتا اور جب تو اپنے باغ
مین آیا تو نے یون کیون نہ کہا جو اللہ چاہی وہ ہوتا ہی جو کچھہ اختیار سے
وہ اُسی کا ہے اگر تو (اس وجہ سے) غرور کرتا ہی کہ) مجھہ کو مال اور اولاد مین
اپنے سے کم سمجھتا ہی تو عجب نہین میرا مالک تیرے باغ سے بہتر باغ مجھکو دے
اور تیرے باغ پر آسمان سے کوئی بلا (یا آگ) بھیجے پھر وہ چٹیل میدان
بنجائے یا اُسکا پانی نیچے اتر جائے اور تو کسی طرح اُسکو نہ پاسکے
(پھر پانی ایسا نہ آسکے اور سارا) تباہ ہوگیا پھر اُسنے جو (پیسہ)
باغ مین خرچ کیا تھا اُسپر دو ہاتھہ ملنے لگا اور باغ کا یہ حال تھا
کہ چھتریون پر گرا پڑا تھا اور وہ (باغ کا مالک) کہتا جاتا تھا ہائے افسوس
کاش مین اپنے مالک کے ساتھہ کسی کو شریک نہ کرتا

وَاَحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ
اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا
وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ۝

(اصل) محسن اُسی کو کہتے ہین جو سیدھی راہ پر ہو اور آپ بھی سیدھا ہو
(اصل) ایک بستی کی مثال بیان کی (جو اہل مکہ ہے) وہان کے لوگ
(ہر طرح) امن اور اطمینان سے تھے ہر طرف سے اُنکی روزی فراغت کے
ساتھہ چلی آتی تھی پھر اُنہون نے خدا کی نعمتون کی ناشکری کی تو
اللہ نے اُنکے کامون کی سزا مین اُن کو بھوک اور خوف
کے لباس کا مزہ چکھایا۔

۲	الجمعۃ ۶۲	۱	مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝
	التحریم ۶۶	۲	ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ۭ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ۝

۲	الجمعۃ ۶۲	۱	جن لوگون کو توریت دی گئی (یعنے یہودی) اور اُنھون نے اُسپر عمل نہین کیا اُنکی مثال گدہے کی سی ہے جسپر کتابین لدی ہون جن لوگون نے اللہ تعالے کی آیتون کو جھٹلایا اُنکی (ایسی ہی) بری مثال ہے اور اللہ تعالے بے انصاف لوگون (بدکارون کو) راہ پر نہین لگاتا۔
	التحریم ۶۶	۲	کافرون (کو سمجھانے) کے لیے اللہ تعالے نوح ؑ کی بی بی اور لوط ؑ کی بی بی کی مثال بیان کرتا ہے یہ دونو (عورتین) ہمارے دو نیک بندون کے نکاح مین تھین (یعنے نوح ؑ اور لوط ؑ کے) پھر اُن دونو نے اپنے خاوندون سے چوری کی تو اُنکے خاوند خدا کے سامنے کچھ اُنکے کام نہ آئے (حالانکہ وہ پیغمبر تھے) اور اُن دونو عورتون کے لیے یہ حکم ہوا کہ دوزخ مین جانیوالون کے ساتھ تم بھی دوزخ مین جاؤ اور ایمانداروں کی (تسلی کے لیے اللہ تعالے نے فرعون کی بی بی کی مثال دی جب اُسنے یون دعا کی مالک میرے لیے بہشت مین ایک مکان بنا اور مجھ کو فرعون اور اُسکے برے کامون سے بچائے رکھ اور ظالم لوگون سے نجات دے اور (ایمانداروں کی تسلی کے لیے اللہ تعالے نے مریم ؑ کی (مثال دی) جو عمران کی بیٹی تھی اُسنے اپنی عصمت بچائے رکھی (کسی مرد سے آلودہ نہین ہوئی) پھر ہمنے اپنی (بنائی ہوئی) روح اُسمین پھونک دی اور اُسنے اپنے مالک کی کلامون اور کتابون کو سچ مانا اور وہ (ہمارے) فرمانبردار بندون مین تھی

ذِكْرُ اَبِيْ لَهَبٍ ۹۹

باب ۹۹ ابولہب کا حال

۳۰	اللھب ۱۱۱	۱	تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۭ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۭ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

ابولہب کے دونو ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ (خود بھی) ہلاک ہوا اُسکا مال اور اُسکی کمائی کچھ کام نہ آئی وہ عنقریب شعلہ مارتی ہوئی آگ مین داخل ہوگا اور اُسکی جورو بھی (ام جمیل ابوسفیان کی بہن) جو لکڑیان اوٹھائے پھرتی ہے اُسکی گردن مین چھال کی رسی ہے

اَلْمَوْتُ ۱۰۰

باب ۱۰۰ موت کا بیان

۴	ال عمران ۳	۱۵	وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ۭ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۭ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ۝
″	″	۱۹	كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ فَمَنْ زُحْزِحَ

اور کوئی شخص مر نہین سکتا جب تک خدا کا حکم نہ ہو اُسنے لکھ رکھا ہے مقرر وقت پر اور جو کوئی دنیا مین (اپنے نیک اعمال کا) بدلہ چاہے تو ہم اُسی مین سے اُسکو دینگے اور جو کوئی آخرت کا ثواب چاہے تو اُسکو اُسی مین سے دینگے اور شکر کرنے والون کو ہم جلد بدلہ دینگے ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے اور قیامت ہی کے دن تم کو پوری پوری (تمہارے اعمال کے) بدلے دیے جائینگے پھر جو شخص دوزخ سے

۲۱	العنکبوت	۴	مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝	۲۱ جن لوگون نے خدا کے سوا اور سے (دیوتا) سرپرست بنا رکھے ہین انکی مثال مکڑی کی ہے وہ بھی (اپنے نزدیک) ایک (مضبوط) گھر بناتی ہے حالانکہ سب گھرون مین بودے سے بودا مکڑی کا گھر ہے کاش یہ لوگ سمجھتے ہوتے
〃	〃	〃	وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ۝	۲۲ اور ہم یہہ مثالین لوگون کے (سمجھانے کے) لیے بیان کرتے ہین اور جو علم والے ہین وہی انکو سمجھتے ہین۔
۲۱	الروم	۴	ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ۭ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝	۲۳ اللہ تعالیٰ تمہارے (سمجھانے کے) لیے خود تمہاری ایک مثال بیان فرماتا ہے (وہ یہہ ہے) تمہارے جو غلام لونڈی ہین کیا وہ (اُس مال و دولت مین تمہارے شریک ہین جو ہمنے تم کو دیا ہے تم (اور وہ) انمین برابر ہو تم اُنسے اپنے (برابر والے) لوگونکی طرح ڈرتے ہو جو لوگ عقل رکھتے ہین ہم اُنکے (سمجھنے کے) لیے اپنی آیتین یون کھول کر بیان کرتے ہین۔
۲۳	الزمر	۳	ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝	۲۴ اللہ تعالیٰ ایک مثال بیان کرتا ہے ایک شخص (غلام) ہے انمین کئی جھگڑالو ساجھی ہین اور ایک (دوسرا) شخص (غلام) ہے جو پورا ایک ہی شخص کا ہے کیا یہہ دونو غلامون کا حال برابر ہو سکتا ہے شکر خدا کا مگر ان مین اکثر لوگ نادان ہین۔
۲۶	الفتح	۴	وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۡ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰي سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۭ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝	۲۵ اور جو لوگ اُسکے ساتھ ہین (یعنے صحابہؓ) وہ کافرون پر سخت ہین آپس مین رحم دل ہین تو اُنکو دیکھتا ہے (کبھی) رکوع کر رہے ہین (کبھی) سجدہ کر رہے ہین اللہ تعالیٰ کے فضل اور اُسکی رضامندی کے فکر مین رہتے ہین اُنکی نشانیان اُنکے منہ پر ہین یعنے سجدے کی نشانی یہہ تو اُنکا حال تورات شریف مین بیان ہوا ہے اور انجیل شریف مین اُنکی مثال ایک کھیتی کی سی بیان کی گئی ہے جس نے (زمین سے) اپنی سوئی نکالی (سوا لکھہ یا پٹھا) پھر اُسکو زور دار کیا وہ موٹی ہو گئی اب اپنی نال پر سیدھی کھڑی ہو گئی کسانون کو بھلی لگنے لگی (اللہ نے یہہ اسلیئے (کیا) کہ کافر انکو دیکھہ کر جلین اُن لوگونمین جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُنسے اللہ تعالیٰ نے بخشش
۲۷	الحدید	۳	كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ۭ	۲۶ اُنکی مثال ایک مینہ کی سی ہے جسکی پیداوار نے کسانون (کنبیون) کو خوش کر دیا پھر (چند ہی روز مین کوئی آفت آتی ہے) وہ سوکھہ جاتا ہے تو دیکھتا ہے وہ پیلا
۲۸	الحشر	۲	كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّنْكَ اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝	۲۷ اُن منافقونکی مثال شیطان کی سی ہے وہ آدمی سے کہتا ہے کافر بنجا جب وہ کافر بنجاتا ہے اور کوئی سخت وقت آتا ہے) تو کہتا ہے (مجھسے کیا مطلب) مین تجھسے الگ ہون مین اللہ (کے غضب سے) ڈرتا ہون جو سارے جہان کا مالک ہے پھر اُن دونو کا انجام یہہ ہوا کہ دونو ہمیشہ کے لیے دوزخ مین پڑے اور بدکاروں کی یہی سزا ہے

		وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ۝	اُنکے منہ اور پیٹھ پر مار لگائینگے اُس وقت اُنکا کیا حال ہوگا
۲۶	ق	۲ وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيدُ ۝	اور موت کی بیہوشی سب حقیقت کہولدیگی (اُس وقت اُس سے کہا جائیگا) یہی تو وہ ہی (یعنے موت) جس سے تو (ڈر کر) بھاگتا پھرتا تھا
۲۷	الواقعة ۵۶	۲ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ ۝ عَلَىٰ أَنْ نُبَدِّلَ أَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝	(پھر بنا لیکے بعد) ہم ہی نے تم مین (ہر ایک کی) موت کا وقت ٹھہرا دیا اور ہم اُس سے عاجز نہین ہین کہ تمہاری طرح بدلکر دوسرے (لوگ) پیدا کرین اور تم کو ایسی جگہ انہا کھڑا کرین جس کو تم نہین جانتے
۲۸	الجمعة ۶۲	۱ قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِي تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيكُمْ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝	(اے پیغمبر) ان لوگون سے) کہدی تم جس موت سے بہاگتے ہو وہ تو ضرور تمپر آنیوالی ہے پھر تم کو اُس (خدا) کے پاس لوٹکر جانا ہی جو چھپی اور کھلی (سب) باتین جانتا ہے وہ تمہارے کام جو تم (دنیا مین) کرتے رہے (اُنکا بدلہ دیکر) تم کو جتلا دے گا۔
۲۸	المنفقون ۶۳	۲ وَلَنْ يُؤَخِّرَ اللَّهُ نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا	حالانکہ اللہ کسی کو مہلت دینے والا نہین جب اُسکی موت آن پہنچے
۲۹	ملوح ۷۱	۱ إِنَّ أَجَلَ اللَّهِ إِذَا جَاءَ لَا يُؤَخَّرُ	کیونکہ خدا کا وعدہ (عذاب) جب آن پہنچتا ہے (کسی کے ٹالے) ٹل نہین سکتا
۳۰	النصر ۱۱۰	۱ إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللَّهِ وَالْفَتْحُ وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللَّهِ أَفْوَاجًا فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۝	(اے پیغمبر) جب خدا کی مدد آن پہونچی اور (مکہ) فتح (ہوگیا) اور تو نے (لوگونکو) دیکھ لیا اللہ کے دین (یعنے اسلام) مین جوق جوق (جھنڈ جھنڈ) داخل ہو رہے ہین تو تعریف کے ساتھ اپنے مالک کی پاکی بیان کر اور اُس سے بخشش مانگ بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے
۵	النسآء ۴	۱۱ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِي بُرُوجٍ مُشَيَّدَةٍ ۝	تم جہان رہو موت تم کو پکڑ لے گی گو کیسے ہی مضبوط قلعون مین رہو۔

اَلْمُتَفَرِّقَاتُ ۱۰۱

باب ۱۰۱ متفرق باتین

۲	البقرة ۲	۲۵ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللَّهَ عَلَىٰ مَا فِي قَلْبِهِ وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ ۝ وَإِذَا تَوَلَّىٰ سَعَىٰ فِي الْأَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُ اتَّقِ اللَّهَ أَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْإِثْمِ فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝	بعضا آدمی ایسا ہے جسکی باتین تجھکو دنیا کی زندگی مین بھلی لگتی ہین (وہ بار بار) اپنے دل کی سچائی پر اللہ تعالیٰ کو گواہ کرتا ہے حقیقت مین وہ سخت جھگڑالو ہے جب لوٹکر جاتا ہے تو زمین مین فساد مچانے کی (فساد پھیلانے کی) کوشش کرتا ہے اور کھیتیان اور جانین برباد کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہین کرتا اور جب اُس سے کہو (اری) خدا سے ڈر تو شیخی مین آکر اور گناہ کرتا ہے ایسے شخص کے لیے جہنم بس ہے اور وہ بے شک برا مقام ہے۔
۵	النسآء ۴	۵ إِنْ تَجْتَنِبُوا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُدْخَلًا كَرِيمًا ۝	اگر تم بڑے گناہون سے بچتے رہوگے جو تم کو منع (کیے گئے ہین) تو ہم (تمہارے چھوٹے) گناہ تم پر سے اوتار دینگے اور تم کو عزت کی جگہ (بہشت) مین لے جائینگے۔

			عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝	ہٹایا گیا اور جنت مین اُسکو لیگئے اُسنے مراد پائی اور دنیا کی زندگی تو دغا کی پونجی ہے اور کچھہ نہین۔
۷	الانعام ۶	۸	حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ۝	یہان تک کہ جب تم مین سے کسی کی موت آتی ہی تو ہمارے فرشتے اُسکی جان اٹھا لیتے ہین اور وہ حکم مین کوتاہی نہین کرتے
۷	〃	۱۱	وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝	کاش تو ان ظالمونکو اُس وقت دیکھی جب موت کی سختیون (سکرات) مین پڑی ہون اور فرشتے اپنے ہاتھہ پھیلائے (کہہ رہے ہون) اپنی جانین نکالو آج تم کو سزا ملے گی ذلت کا عذاب ہوگا اسلیئے کہ تم خدا پر جھوٹ بولتے تھے اور تم اُس کی آیتون پر اکڑ جاتے تھے۔
۸	الاعراف ۷	۴	وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝	اور ہر گروہ کی ایک (مقرر) مدت ہی جب اُنکی مدت آگئی تو ایک گھڑی نہ پیچھے رہ سکتے ہین نہ آگے بڑھ سکتے ہین۔
۱۱	یونس ۱۰	۵	لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝	ہر قوم کی ایک میعاد (مقرر) ہے جب اُن کا وقت آگیا تو ایک گھڑی آگے پیچھے نہین ہو سکتے۔
۱۸	المؤمنون ۲۳	۱	ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۝	پھر اس (سب) کے بعد تم کو مرنا ضرور ہے۔
〃	〃	۶	حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ۝ لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ۭ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ۭ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝	یہان تک کہ جب اُن مین سے کوئی مرنے لگے گا تو (اُسوقت ڈر کر) دعا کریگا اے مالک مجھہ کو پھر (دنیا مین) لوٹا دے شاید مین جس (دنیا) کو چھوڑ آیا ہون اب (پھر وہان جاکر) اُسمین اچھے کام کرون ہرگز نہین یہ کہان ہو سکتا یہ ایک بات ہی جو وہ کہیگا اور اُنکے مرے پیچھے ایک وقت ہے جسدن تک
۲۱	العنکبوت ۲۹	۶	كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝	ہر جاندار کو (ایکنہ ایک دن) موت کا مزہ چکھنا ہے پھر تم (سب) کو ہمارے پاس لوٹکر آنا ہی (اور اپنے اعمال کا جواب دینا)
〃	السجدۃ ۳۲	۱	قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝	کہدے (تمہارا بدن تو خاک مین ہتا ہی مگر) تمہاری جان موت کا وہ فرشتہ سمیٹ لیتا ہی جو تمپر تعینات ہے پھر تم کو اپنے مالک کے پاس جانا ہے
〃	الاحزاب ۳۳	۳	قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ الآية	کہدے اگر تم مرنے یا ماری جانے سے بھاگو تو یہ بھاگنا کچھہ تم کو فائدہ نہ دے گا
۲۴	الزمر ۳۹	۳	اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝	(اے پیغمبر) بے شک (ایک دن) تو مرنیوالا ہی اور وہ بھی (ایکدن)
〃	〃	۵	اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝	اللہ تعالیٰ جانون کو مرتے وقت (اپنے پاس) اٹھا لیتا ہی اور جو جو نہین مرے انکو سوتے وقت (اٹھا لیتا ہے) پھر جنپر موت کا حکم لگا چکا اُنکو تو (اپنے پاس) رکھہ چھوڑتا ہے اور باقی جانونکو جنپر موت کا حکم نہین لگا) ایک ٹھہرے ہوئے وعدے (موت) تک چھوڑ دیتا ہی بیشک اسمین غور کرنے والونکے لیے نشانیان ہین۔
۲۶	محمد ۴۷	۳	فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ	جب فرشتے انکی جانین نکالتے وقت

دوبارہ زندہ ہونے (دوبارہ جینے) کے بیان مین

صحیح بخاری با اسناد و با اعراب مع ترجمہ اردو بین السطور و فوائد مفیدہ برحاشیہ مسمی بہ تیسیر الباری شرح اردو صحیح بخاری

للہ الحمد ہر ان چیز کہ خاطر میخواست ✤ آخر آمد زپس پردہ تقدیر پدید ✤ ہرچند حدیث شریف کی کتابیں باترجمہ چھپتی رہتی ہیں مگر صحیح بخاری شریف ان اوصاف کے ساتھ ابتک طبع نہس ہوئی تھی۔ حالانکہ یہ کتاب اس پایہ کی تھی جسکو صحت کے رو سے اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح البخاری کا خطاب باجماع امت حاصل ہے اور جامعیت ابواب و مسائل کے لحاظ سے بھی الجامع الصحیح المسند الی رسول اللہ اسکا لقب ہے۔ اور اسکے ترجمہ کو ہاتھ ڈالنا ہر کسیکا کام بھی نہ تھا۔ کیونکہ اسکے ہر ہر اسناد میں علم حدیث کے غواص بھرے پڑے ہیں اور تراجم الابواب ایسے لطیف استنباط پر مشتمل ہیں کہ ہزاروں علما مطابقت ترجمہ باحادیث و آیات میں سرگردان ہیں سو اللہ تعالی جزای خیر دی مولوی وحید الزمان صاحب سلمہ کو جنہوں نے اس کتاب کی کما ینبغی خدمت کی اور اس کتاب دقائق مآب کی ایسی واضح و مطلب خیز شرح لکھی کہ لوہے کو موم کر دیا اور اسکی تبلیغ عام کرنے کی غرض سے خاکسار شیخ احمد پسر شیخ محی الدین مرحوم مالک مطبع احمدی لاہور نے اسکی طبع و اشاعت کا بیڑہ اٹھایا سو اللہ کا شکر ہے کہ یہ کتاب ایسے نرالے ڈھنگ سے مطبع احمدی لاہور میں چھپ گئی ہے کہ ناظرین کو اسکو مطالعہ سے نور بصیرت و سرور سیرت حاصل ہوتے ہیں کتاب کا متن جلی خوشخط اعراب نہایت صحیح ہر سر سطر کے نیچے اس سطر کا ترجمہ بامحاورہ حاشیہ پر ضروری فوائد عربی سطریں حناشدہ ہر ہر پارہ علیحدہ لوح وٹائیٹل کے کامل تیس پارہ چھپکر تیار ہو چکے ہیں نمونہ قلم و خوشخطی دکھانے کو سطور ذیل میں درج ہیں کامل کتاب کی قیمت ۳۰ علاوہ محصولڈاک ہر ہر پارہ علیحدہ بھی بقیمت ۱۲ فی پارہ علاوہ محصولڈاک ملکتا ہے خاکسار شیخ احمد ولد شیخ محی الدین مرحوم تاجر کتب لاہور

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُمِّ سَلَمَةَ مَنْ هٰذَا أَوْ كَمَا قَالَ قَالَتْ هٰذَا دِحْيَةُ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بی بی ام سلمہ رضہ سے کہا (ہم جانتے ہوا یہ کون ہے انہوں نے کہا) دحیہ کلبی ہیں (اور کون)

فَلَمَّا قَامَ قَالَتْ وَاللّٰهِ مَا حَسِبْتُهُ إِلَّا إِيَّاهُ حَتّٰى سَمِعْتُ خُطْبَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بی بی ام سلمہ کہتی ہیں جب تک آنحضرت (مسجد میں جانے کے لیے) کھڑے ہوئے میں یہی سمجھتی رہی کہ وہ دحیہ تھے یہانتک کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ سنا

نوٹ جو صاحب کامل بخاری بکمیت خریدفرمائیں انسے میں روپیہ لیجاوینگے

بے نظیر بمثیل مشکوۃ المصابیح مترجم اردو ترجمہ بین السطور بحواشی جدیدہ و مفیدہ سطور حناشدہ

اس کتاب باصواب کے اوصاف بیان کرنے کی کوئی ضرورت نہیں کون شخص ہے جو اس مبارک کتاب کو نہیں جانتا کونسا ملک ہے جہاں یہ کتاب داخل درس نہیں چونکہ گردش دوران سے ملک ہندوستان کے عام لوگ علم عربی سے بے بہرہ رہتے جاتے ہیں اسلیے اس کتاب کو اردو ترجمہ کے ساتھ طبع کرایا گیا ہے متن عربی خوشخط جلی قلم۔ با اعراب بین السطور ترجمہ لفظی حاشیہ پر ضروری فوائد سطور صحیح بخاری کی طرح رنگین اب اس کتاب کے مطالب سمجھنے کے لیے استاد کی بھی چنداں ضرورت نہیں رہی ہر اردو خوان مطلب سمجھ سکتا ہے۔ کیونکہ جو جو باتیں استاد طلب تھیں سب حواشی میں حل کر دی گئی ہیں اور خریداروں کی سہولت کے لیے آٹھ جلدوں میں تقسیم کر کے شائع کی ہے فی جلد رعایتی قیمت ۸ ہر ایک جلد علیحدہ بھی مل سکتی ہے۔ حالانکہ محض عربی کتاب بے ترجمہ معرا چار روپے سے کم نہیں ملتی یہ اس سے چوگنی کتاب معرب مترجم چار روپے میں کامل مل جاتی ہے ناظرین احمدی مطبع لاہور سے جلد منگالیں اور اس رعایت کو غنیمت سمجھیں۔

الملتمس شیخ احمد ولد شیخ محی الدین مرحوم تاجر کتب لاہور

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ إِنَّ مِنْ أَشَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَالِمٌ

روایت ہے ابو درداء سے کہا بدترین لوگوں کا نزدیک اللہ کے مرتبہ میں دن قیامت کے وہ عالم ہے

لَا يَنْتَفِعُ بِعِلْمِهِ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَعَنْ زِيَادِ بْنِ حُدَيْرٍ قَالَ قَالَ لِي عُمَرُ هَلْ تَعْرِفُ

کہ نفع نہیں اٹھاتا اس علم سے اپنے کے روایت کی یہ دارمی نے اور روایت ہے زیاد بن حدیر سے کہا کہا زیاد سے مجھ سے عمر نے کیا تو جانتا ہے؟

۹	الانفال ۸	۴	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ	مسلمانو اگر تم اللہ سے ڈرتے رہوگے تو اللہ تمہاری چھٹکارے کی صورت نکالدیگا اور تمہارے گناہ تمپر سے اتار دیگا اور تم کو بخشدے گا اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔
۱۹	الشعراء ۲۶	۱۱	وَالشُّعَرَاۗءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ۝ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ۭ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ	اور شاعر خود گمراہ ہوتے ہین اور انکی پیروی وہی کرتے ہین جو گمراہ ہون کیا تونے نہین دیکھا وہ (مضمون کے) ہر میدان مین سرمارتے پھرتے ہین اور (زبان سے) کہتے ہین جو کرتے نہین مگر جو (شاعر) ایمان لائے اور اچھے کام کیے اور اللہ تعالیٰ کی یاد بہت کی اور اُنپر ظلم ہونے کے بعد اُنہون نے بدلہ لیا اور جن لوگون نے ظلم کیا (شاعر ہون یا اور کوئی) اُنکو اب (عنقریب) معلوم ہوجائیگا وہ کہان لوٹکر جائینگے
۲۰	القصص ۲۸	۹	اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَاۗدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَاۗءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	(اے پیغمبر) جس نے تجھپر قرآن اوتارا وہ تجھ کو پھر اُسی جگھہ لے جائیگا جہان سے تو آیا کہدے میرا مالک خوب جانتا ہے کون ہدایت کی بات لایا ہے (یعنے قرآن) اور کون کھلی گمراہی مین ہے۔
۲۱	الروم ۳۰	۱	الٓمّٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ۝ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ۭ	نصاریٰ عرب کے قرب مین (یعنے شام یا اردن مین) دب گئے (یا رسیون نے دبا دیا) اور وہ دبے پیچھے اب چند سال مین غالب ہونگے۔
۲۶	الذٰریٰت ۵۱	۱	اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۝ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۝	تمہاری ایک بات نہین ہے پیغمبر کی بات ماننے سے وہی باز رہتا ہے جو (روز اول) باز رکھا گیا۔
۳۰	الیل ۹۲	۱	اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝	بے شک تم لوگون کی کوششین جدا جدا ہین۔
۳۰	الانشراح ۹۴	۱	فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝	تنگی کے ساتھہ آسانی لگی ہوئی ہے بے شک تنگی کے ساتھہ آسانی لگی ہوئی ہے۔
۳۰	القریش ۱۰۶	۱	لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاۗءِ وَالصَّيْفِ ۝	(اللہ تعالیٰ نے اصحاب الفیل کو جو ہلاک کیا تو) اسلیئے کہ قریش کے لوگون کو جاڑے اور گرمی کے سفر کی چاٹ لگادی چاٹ۔
۱۵	بنی اسرائیل ۱۷	۶	وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ	اور جو دکھاوا ہمنے تجھ کو دکھلایا وہ صرف اس لیئے کہ لوگون کی جانچ ہو۔

بسمہ

مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا

اور خوابوں کی تعبیر تجھ کو سکھلاویگا ف۱ اور جسطرح اُس نے اپنا احسان تیرے دو دادوں ابراہیمؑ اور اسحاقؑ پر اگلے زمانہ میں پورا کیا

عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ لَقَدْ كَانَ

(اُنکو پیغمبری عطا فرمائی) ایسے ہی وہ اپنا احسان تجھ پر اور یعقوبؑ کی اولاد پر پورا کریگا ف۲ بیشک تیرا مالک خوب جانتا ہے ف۳ حکمت والا ہے ف۴ بیشک

فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى

یوسفؑ اور اُسکے بھائیوں میں ف۵ نشانیاں ہیں پوچھنے والوں کیلئے ف۶ جب یوسفؑ کے بھائیوں نے ف۷ کہا یوسفؑ اور اُسکے بھائی (بنیامین) کو ہمارا

نوٹ اس قرآن مجید کا تحقیقی تفسیر مولوی حمید الزمان صاحب نے بلا کسی معاوضہ کے امر تسر والوں کو دیا تھا اُنہوں نے طبع خیر کا کام بند کر دیا میں نے ملازمت کی ہے اور اسکا تحقیقی نوٹ بند کر دیا ہے بندہ نے اسکا تحقیقی تفسیر بارہ سو روپیہ خرچ کر کے شائع کیلئے لیا ہے بغیر اجازت کے

ف۱ یعنی ہوا اللہ تعالیٰ کو تعبیر کا علم اپنا ہی ہے تھا کہ اُن کی تعبیر کبھی غلط نہیں ہوتی ف۲ یعنی جیسا اگلی کتابوں کی تفسیر سکھلا دیگا ف۳ تجھ کو بھی پیغمبری کی تفسیر سکھلا دیگا ف۴ تیرے بعد بھی اسرائیل میں سے پیغمبر ہوتے رہے ف۵ صفت ہے پیغمبروں کی جو سفر ازی کے لائق ف۶ یعنی بندوں میں سے ہر ایک غرض ف۷ یعنی یوسفؑ کے بھائی جو بھی پیغمبر ہوئے ف۸ حدیث والے کا بیٹا غرض والے کا بھی پیغمبر ان کے باپ یعقوبؑ بھی ف۹ یعنی یوسفؑ ان کے پوتا اور اسحاقؑ بھی پیغمبر ان کے دادا ابراہیمؑ بھی پیغمبر ف۱۰ اللہ شرف کی نشانیاں ہیں ف۱۱ یعنی اُنکے قصہ میں ف۱۲ قدرت کی نشانیاں ہیں ف۱۳ جو پوچھتے ہیں کہ کیا ہے یوسفؑ کا قصہ مجھ سے کہو ف۱۴ علیہ السلام کا قصہ کہتے ہیں کہ کچھ بات ایسی بتلاؤ جو ہم نہ جانتے ہوں

ف۱ یعنی اگر وہ بیان نہ کریں تو ہم سے کوئی نہ پوچھے ف۲ یعنی پیغمبر نہیں ہیں ف۳ ابراہیمؑ کے پوتے یعقوبؑ کی اور یوسفؑ کا ف۴ یعنی یوسفؑ کے بھائی ف۵ یعنی یوسفؑ اور بنیامین ف۶ یعنی پوچھنے والوں کیلئے ف۷ یعنی جس وقت پوچھا ف۸ یعنی یوسفؑ اور اسکے بھائی بنیامین کو ہمارے باپ یعقوبؑ بہت پیارے ہیں

ف۱ یعنی ہم جوان ہیں اور یہ بوڑھے ہیں ف۲ یعنی ہم کو بہت کچھ دیتے ہیں ف۳ یعنی ہم کو کچھ نہیں دیتے ف۴ یعنی ہم کو کچھ نہیں دیتے ف۵ یعنی ہم کو کچھ نہیں دیتے ف۶ یعنی ہم کو کچھ نہیں دیتے ف۷ یعنی ہم کو کچھ نہیں دیتے

نئی طرز کی سولہ خوبیوں والی تمام دنیا میں منفرد حمائل شریف ترجمہ اردو سلیس جسکے حواشی میں تفسیر بالاحادیث و الآثار پر اقتصار کیا گیا ہے نہایت ارزاں قیمت سے خریدفرمائیں

عاشقان دین کلام ربانی کو شائع ہو کہ مطبع احمدی لاہور نے اپنے فرائض منصبی کی تعلیم کی مدمیں سے بعد طبع ۱۴ الکتب بعد کتاب اللہ صحیح البخاری مترجم و صحیح مسلم و دیگر تمام کتب صحاح ستہ مترجم و متنی و تفسیر ترجمان القرآن مصنفہ نواب صدیق حسن خانصاحب بفضل الٰہی ترقی کے زینہ پر قدم رکھا ہے خدمت رسول مقبول کی تکمیل کے بعد خالق مقبول پر کرم بہت چست کرکے سولہ خوبیوں والی حمائل طبع کی ہے جسکی مثل پہلے کہیں نہیں ہوگی سولہ خوبیاں سند رجہ ذیل موجود ہیں (۱) متن قرآن کی سطریں رنگین (۲) ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا بین السطور لکھا گیا ہے جو نہایت سلیس و مطلب خیز ہے جس سے کم لیاقت شخص بھی اسکے سمجھنے پر قادر ہو سکتا ہے (۳) حاشیہ پر فوائد موضح القرآن مولانا شاہ عبدالقادر صاحب بالاستقصار دیئے گئے ہیں (۴) انکے علاوہ اور مضامین ضروریہ اہل سنت کی تفاسیر معتبرہ سے مثل تفسیر حافظ ابن جریر و تفسیر حافظ عماد الدین ابن کثیر و فتح البیان و تفسیر خازن و کتب حدیث سے مثل صحیح بخاری و فتح الباری وغیرہ کتب صحاح و غیرہ و احادیث سے منتخب کیے گئے ہیں (۵) تقطیع ایسی متوسط رکھی گئی ہے کہ سفر و حضر دونوں میں کام آسکے نہ بہت بڑی تقطیع رکھی گئی کہ گلان ہو نیکی وجہ سے آدمی کو سفر میں اٹھانا دشوار ہو نہ ایسی چھوٹی کہ عمر رسیدہ حضرت بغیر عینک کے تلاوت نہ کرسکیں (۶) خوشخطی و صفائی طبع و صحت کا خاص اہتمام کیا گیا ہے چنانچہ خوشخطی اور تقطیع کا ثبوت پشت نمونہ سے ملاحظہ فرمائیں (۷) اول ہی فہرست مضامین حواشی بھی لگا دیگئی ہے جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ حواشی میں کون کون سے مسائل کون کون سے صفحہ میں بیان کیے گئے ہیں (۸) اول میں فہرست مضامین قرآن مجید اضافہ کی گئی ہے جس سے حضرات واعظین و مناظرین کو ہر باب کے عنوان کے مطابق جتنی آیتیں قرآن مجید میں اپنے اپنے موقع پر متفرق آئی ہیں بوقت استدلال اپنے مدعا کے نکالنے میں کافی مدد مل سکتی ہے (۹) ۱۱۴ اسم اللہ جواول سورتوں میں سب علیحدہ علیحدہ لکھنا میں لکھی گئی ہیں جو ایک سے ایک نہیں ملتی (۱۰) ہر منزل جہاں سے شروع ہوتی ہے وہ صفحہ بیل بوٹوں سے سجایا گیا ہے تاکہ ہر ایک دیکھتے ہی معلوم ہو جائے کہ ہر ایک منزل یہاں ختم ہوئی اور دوسری منزل شروع ہو گئی (۱۱) ہر پارہ پشت ورق کے صفحہ پر ختم ہوتا ہے اور دوسرے ورق کے ابتدائی صفحے سے دوسرا پارہ شروع ہوتا ہے جو صاحب چاہیں تیسوں پارے علیحدہ علیحدہ بھی کرسکتے ہیں (۱۲) آخر میں رسالہ فضائل القرآن بھی لگایا ہے جس میں قرآن مجید پڑھنے اور یاد کرنے اور عمل کرنے کی خوبیاں لکھی گئی ہیں (۱۳) رسالہ لغات القرآن آخر میں بڑھایا گیا ہے جس میں فرہنگ کے طور پر الفاظ مشکلہ کے معنے لکھے گئے ہیں تاکہ جو شخص لغات القرآن یاد کرلے اس کو ترجمہ قرآن مجید سہولت سے سمجھ میں آجاوے اور بغیر قرآن مجید کے عربی بولنے اور سمجھنے کی طاقت ہو جاوے (۱۴) رموز اوقاف کا نقشہ اخیر میں اضافہ کیا گیا ہے چونکہ تلاوت قرآن مجید میں وقف و وصل کا لحاظ ضروری ہے اور وقف کے محل پر وقف نہ کرنے سے فہم معانی میں خلل آتا ہے اسلیئے یہ مضمون بھی فن تفسیر میں داخل ہے (۱۵) کیفیت نزول وحی اور جائے نزول کا بیان بھی ساتھ لگا دیا گیا ہے (۱۶) حضرت رسول کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی مختصر سوانح عمری بھی ساتھ لگا دیگئی ہے یہ حمائل ایک ہزار چھبیس ۱۰۲۶ صفحہ پر ختم ہوئی ہے جو صرف ۴ ہر منافع پر فروخت کیجاتی ہے باوجود ان تمام اور انکے علاوہ عمدہ خوبیوں کے قیمت بلا جلد کی ہمیشہ کے دو روپیہ اور مجلد چرمی مع ہیبی اتقری دو روپیہ بارہ آنے (عہ) مقرر کیگئی ہے تاکہ ہر امیر و غریب اس خلاصہ تفاسیر معتبرہ سے محروم نہ رہے جو صاحب چاہیں مجلد طلب فرماویں اور جو صاحب چاہیں بلا جلد طلب فرمائیں اگر بارہ آنہ سے زیادہ کی جلد کرانی منظور ہو تو فرمایش آنے پر حسب خواہش جلد بندی کرائی جائے گی۔

نوٹ جو صاحب آٹھ جلد حمائل شریف مجلد یکبارگی طلب فرمائیں انکو ایک جلد حمائل شریف مجلد بلا قیمت دیجاویگی اور جو صاحب آٹھ جلد حمائل شریف بلا جلد یکبارگی طلب فرمائیں انکو ایک جلد حمائل شریف بلا جلد بلا قیمت دیجاویگی۔ محصول ڈاک بذمہ خریدار ہے

خاکسار شیخ احمد اللہ شیخ محمد الدین تاجر کتب مالک مطبع احمدی لاہور بازار کشمیری

الم ۱ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۲
وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا
اور کہا ہم نے اے آدم رہ تو اور جورو تیری ف بہشت میں ف اور کھاؤ تم اس میں سے
رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ
بافراغت جہاں چاہو اور مت نزدیک جاؤ اس درخت کے ف پس ہو جاؤ گے
الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا
ظالموں سے ف پس ڈگا یا انکو شیطان نے اس سے ف پس نکالدیا ان دونوں کو اس چیز
فِيْهِ ۪ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ
سے کہ تھے وہ اسکے اور کہا ہم نے اترو بعضے تمہارے واسطے بعض کے دشمن ہیں اور واسطے تمہارے
فِى الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۝ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ
زمین کے ٹھکانا ہے اور فائدہ ہے ایک وقت تک پس سیکھ لیں آدم نے
رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۚ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝
پروردگار اپنے سے کچھ باتیں پس پھر آیا اوپر اس کے تحقیق وہی ہے پھر آنے والا مہربان
قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى
کہا ہم نے اترو اس سے سب پس اگر آوے تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت
فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَ
پس جو کوئی پیروی کرے ہدایت میری کی پس نہیں ڈر اوپر انکے اور نہ وہ غم کھاویں گے اور
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ
جو لوگ کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو یہ لوگ رہنے والے آگ کے ہیں
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْ
وہ ہمیشہ اسکے میں رہیں گے اے بیٹو یعقوب کے یاد کرو نعمت میری جو

نمونہ

قرآن مجید مترجم اردو مع کامل تفسیر وحیدی

ترجمہ جدید سلیس اردو با محاورہ و برحاشیہ کامل تفسیر وحیدی مصنفہ مولانا مولوی وحید الزمان صاحب الخاطب بنواب فارق جنگ بہادر سابق

مجرد اصلاحوں میں سے کسی شخص کو اسمیں کلام نہیں کہ فلاح و صلاح دارین کا کفیل کلام خالق جلیل ہے۔ قرآن پاک ہی ایک ایسی کتاب ہے جسکے ساتھ تمسک کرنیوالا کبھی گمراہ نہیں ہوتا اور اُسکے غیر سے ہدایت طلب کرنیوالا کبھی راہ راست پر نہیں آسکتا۔ اور اس حبل اللہ متین کا اعتصام اسطرح ہو سکتا ہے کہ نظم قرآنی کو مع تجوید و تلفظ حاصل کرو اور اُسکے معانی کو حسب مراد ربانی فہم کر کے مطابق طاقت بشریہ عمل میں لانے کی کوشش کرو۔ اسی لیے علماء ربانیین نے اپنے اپنے زمانہ کی ضرورت کے مطابق تفاسیر متراجم جدیدہ لکھکر شائع کیے۔ گردش دوران و انقلاب زمان کی تاثیر جدید نے ہمارے وقت میں ملک ہندوستان میں یہ جدت دکھلائی کہ بعض بے عمل اور بعض بے علم صرف اردو زبانی کی بدولت مفسر حقانی و مترجم کلام ربانی بن بیٹھے اور خود ستائیاں کرنے لگے۔ لہذا بر طبق پیشگوئی خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام کہ اس ہمارے علم کے حامل آئندہ لوگوں میں سے ایسے عادل ہوتے رہینگے جو حد سے بڑھنے والوں کی تحریف اور جاہلوں کی تاویل کو باطل کرینگے اور کما قال صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مولانا مولوی **وحید الزمان** صاحب حیدرآبادی جو اسم با مسمی ہیں اور آپنے نام کیطرح یکتائے زمان ہیں۔ خدا تعالیٰ کی رحمت تامہ نے خلقت عامہ کی مصلحت کیلیے اُنکو اس خدمت کیلیے خاص کیا اور آپ کو اس پیشگوئی کا مصداق بنایا۔ مولانا کا مترجم لاثانی ہونا تو پہلے سے مانی ہوئی بات ہے آپ نے کتب صحاح ستہ کے ایسے عمدہ تراجم لکھکر شائع کرائے کہ بلاد قریبہ سے لیکر اطراف بعیدہ تک تمام لوگ کیا علماء کیا عوام کالانعام کیطرح بڑے شوق سے لے گئے اور ان تراجم کی عمدگی دیکھکر موافق سے لیکر مخالف تک سب آپ کا لوہا مان گئے۔ علی الخصوص آپکے سلسلہ تصنیف میں سے اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح البخاری کا ترجمہ موسومہ تیسیر الباری تو ایسی بے نظیر کتاب واقع ہوئی ہے کہ اہل اسلام کے اختلاف مذاہبہم تو بجائے خود آریہ اور عیسائیوں نے بھی اس کتاب کو بڑے شوق سے خریدا۔ عرصہ ہوا یہ کتاب مطبع احمدی لاہور میں مولانا کی اجازت سے چھپ چکی ہے۔ آدم برسر مطلب غرض مولانا نے اُن عالمان بے عمل اور مترجمان بے علم کی تحریفات و تاویلات کا بُرا اثر مٹانے کے لیے ترجمہ کلام اللہ شستہ سلیس اُردو زبان میں لکھا اور تفسیر وحیدی تصنیف فرمائی۔ اس ترجمہ و تفسیر کی باطنی خوبیوں اور معنوی کمالات کے اظہار و شمار میں جسقدر مبالغہ کیا جاوے اور تعریف و توصیف کو جسقدر بڑھایا جاوے ممکن نہیں کہ اُسکے واقعی کمالات کا عشر عشیر بھی بیان ہو سکے لہذا تفصیل سے اعراض کر کے اجمالاً اس فقرہ پر اکتفا کیا جاتا ہے کہ تفسیر اُس عالم باعمل نے تمام تفاسیر اہلسنت کا لب لباب اور روح تفاسیر سلف و خلف کا (اردو میں) نکالکر مرتب کی ہے۔ رہی اُسکے صوری کمالات و ظاہری خوبیاں جنکا اہتمام آپکے مطبع احمدی لاہور نے طبع جدید میں کیا ہے وہ یہ ہیں (۱) متن قرآن مجید نہایت خوشخط بقلم جلی لکھوایا گیا ہے (۲) سطریں رنگین کی گئیں (۳) بین السطور سلیس اردو ترجمہ مطلب خیز با محاورہ لکھا گیا (۴) کامل تفسیر وحیدی حاشیہ پر آخر قلم سے لکھوائی گئی (۵) اول میں فہرست مضامین کلام اللہ لگائی گئی (۶) فہرست مضامین تفسیر وحیدی بھی اول میں اضافہ کی گئی جس سے مضامین کتاب اللہ و مضامین تفسیر کا علم اجمالی حاصل ہو سکتا ہے اور اس علم اجمالی سے عام لوگوں کو بھی فائدہ ہے مگر خاصکر حضرات واعظین و مبلغین کو اسکی اشد ضرورت رہتی ہے اور فہرست مضامین سے اُنکو کافی امداد مل سکتی ہے کہ بروقت استشہاد و استدلال فوراً اپنے مدعا کی آیت یا مسئلہ نکال سکتے ہیں۔ (۷) کاغذ عمدہ لگایا گیا ہے (۸) چھاپہ کی صفائی کا اعلیٰ انتظام کیا گیا ہے (۹) ۱۱۴ بسم اللہ جو اوائل سورتوں میں ہیں سب علیحدہ علیحدہ سطر میں لکھی گئی ہیں جو ایک سے ایک نہیں ملتی (۱۰) ہر منزل جہاں سے شروع ہوتی ہے وہ صفحہ بیل بوٹوں سے سجایا گیا ہے تاکہ ہر ایک کو دیکھتے ہی معلوم ہو جائے کہ ہر ایک منزل یہاں ختم ہوئی اور دوسری منزل شروع ہو گئی (۱۱) ہر پارہ پشت ورق کے صفحہ پر ختم ہوتا ہے اور دوسرے ورق کے ابتدائی صفحے سے دوسرا پارہ شروع ہوتا ہے جو صاحب چاہیں تیسوں پارے علیحدہ علیحدہ بھی کر سکتے ہیں (۱۲) آخر میں رسالہ فضائل القرآن لگایا گیا ہے جسمیں قرآن مجید پڑھنے اور یاد کرنے اور عمل کرنے کی خوبیاں لکھی گئی ہیں (۱۳) رسالہ لغات القرآن آخر میں لگایا گیا ہے جسمیں فرہنگ کے طور پر الفاظ مشکلہ کے معنے لکھے گئے ہیں تاکہ جو شخص لغات القرآن یاد کرے اُسکو ترجمہ قرآن مجید سہولت سے سمجھ میں آجاوے اور قرآن کے سوا بھی عربی بولنے اور سمجھنے کی طاقت ہو جاوے (۱۴) رموز اوقاف کا نقشہ اخیر میں اضافہ کیا گیا ہے چونکہ تلاوت قرآن مجید میں وقف اور وصل کا لحاظ ضروری ہے اور وقف کے محل پر وقف نہ کرنیسے فہم معانی میں خلل آتا ہے اسلیے یہ مضمون بھی فن تفسیر میں داخل ہے (۱۵) کیفیت نزول وحی اور جائے نزول وحی کا بیان بھی آخر لگایا گیا ہے (۱۶) حضرت رسول کریم کی مختصر سوانح عمری بھی ساتھ لگا دی گئی ہے (۱۷) ہر آیت کے دائرہ کے اندر ایک ہندسہ لگایا گیا ہے جس سے سورت کی آیتوں کی جسمیں نمبر کی یہ آیت ہے معلوم ہو جائے (۱۸) اخیر میں ایک نقشہ مخارج حروف کا لگایا گیا ہے جس سے حروف کی نسبت علوم ہو سکتا ہے کہ یہ حرف زبان کو فلاں مقام میں لگانے سے نکلتا ہے

باوجود ان تمام اور انکے علاوہ اور صدہا خوبیوں کے قیمت بلا جلد کی صرف پہلے رکھی گئی ہے اور جلد چونکہ مختلف قسم کی بنتی ہے قیمت مختلف رکھی گئی ہے تاکہ ہر شخص اپنی پسند کی جلد بندھوا لے اور کوئی قرآن مجید سے محروم نہ رہے نوٹ یہ بھی قرآن مجید ہے جو اس سے پہلے کئی دفعہ چھپکر شائع ہو چکا ہے اور بارہا ترجمہ و تفسیر کی تصحیح و تنقیح کر کے مطبع احمدی لاہور میں طبع ہوا ہے

ناشر و طابع: خاکسار شیخ احمد ولد شیخ محمد الدین صاحب مالک مطبع احمدی واقع لاہور